fusty, a. پھپھوندی لگا ہُوا ؛ بوسیدہ ؛ بدبودار ؛ پُسماندا ؛ دقیانوسی ؛ قدیم وضع کا ؛ قدامت پرست ۔

futhark, futhorc, futhork, n. رونی حروفِ تہجّی۔ دیکھیے : rune ۔

futile, a. بے مصرف ؛ بے اثر ؛ بے کار ؛ بے ثمر ؛ سبک ؛ ناکام ؛ ناکارہ ؛ ادنیٰ ؛ مہمل ، حقیر ؛ عبث ؛ پوچ ؛ لچر ؛ بے معنی ۔

futilitarian, a., n. قنوطی ؛ عبث پرست ؛ اس عقیدے کا حامی کہ تمام انسانی مقاصد اور امیدیں عبث ہیں ؛ یاس پرست ؛ یبوست زدہ ۔

futility, n. بے حاصلی ؛ بے ثمری کی کیفیت ؛ عبثیّت ؛ بے اہمیّتی ؛ کوشش ، عمل یا واقعہ جس سے کچھ حاصل نہ ہو۔

future, a. مستقبل ؛ عاقبت ؛ آگے آنے والے وقت کا یا حال کے بعد کا ؛ آخرت ۔ (گرامر) فعل کی زمانی حالت جو آنے والے وقت کو ظاہر کرے۔ (اسم) آنے والا وقت ؛ جو موجود ہو گا یا آئندہ پیش آئے گا ؛ وہ حالت یا کیفیت جو ابھی نہ آئی ہو ؛ عموماً بہتر اور خوشحال مستقبل (جیسے : to have a future in business) ۔ (گرامر) فعل مستقبل ؛ آئندہ زمانے کو ظاہر کرنے والا فعل ۔

futureless, a. جس کا کوئی روشن مستقبل نہ ہو ؛ جسے کل پر کوئی بہتر توقع نہ ہو۔

future perfect, n. (گرامر) مستقبلِ تام ؛ فعل کا وہ صیغہ جو اس بات کی دلالت کرتا ہو کہ فلاں کام یا حالت کی تکمیل مستقبل کے فلاں وقت میں ہو گی ۔ اس کی علامت will have اور shall have ہے جن کے بعد فعل کی تیسری صورت آتی ہے ۔

futures, n. وہ اجناس یا ذخائر جو اس بنا پر خریدے یا بیچے گئے ہوں کہ ان کا بھگتان یا لین دین آگے چل کر یا مستقبل میں کسی تاریخ کو کیا جائے گا۔

futurism, n. مستقبلیت ؛ فنونِ لطیفہ میں ایک تحریکْ جو پہلی جنگِ عظیم سے پہلے شروع ہوئی تھی جس کے زیر اثر میکانکی دور کی فعالیت ، رفتار کی تیزی و تندی اور قُوّت کا نقشہ اتارتے ہوئے روایتی اسالیب اظہار کو ٹھکرا دیا گیا تھا ۔

futuristic, a. مُستقبلی یا مستقبلیّتی ۔

futurity, n. فردائیت ؛ کل کی صلاحیت ، حالت یا کیفیت ؛ آنے والی نسلیں (مجموعی طور پر) ؛ کل ہونے والا واقعہ یا حادثہ ۔

futurity race, n. وہ گھُڑ دوڑ جس میں عموماً دو سال کی عمر کے گھوڑے دوڑ سے بہت پہلے ہی شامل کر لیے جاتے ہیں اور کبھی کبھی تو پیدا ہونے پر یا اس سے بھی پہلے ؛ کوئی دوڑ جس میں مقابلے میں حصّہ لینے والوں کو وقت اور تاریخ کے تعیّن سے بہت پہلے چُن لیا جاتا ہے ۔

fuze, n. دیکھیے : fuse ۔

fuzee, n. دیکھیے : Fusee ۔

fuzz, n. رُواں ؛ ڈھیلا ڈھالا ؛ ہلکا ریشے دار یا روئیں دار مواد ؛ ایسے مواد کا لیپ یا پرت ۔ (عوامی) پولیس مین یا کوئی اور قانون نافذ کرنے والا افسر ؛ سپاہی ؛ سنتری ؛ پولیس (مجموعی طور پر) ۔ (فعل لازم) ''فز'' بنانا یا فز سے خود کو ڈھانپ لینا ؛ فزدار بننا ۔ (فعل متعدی) روئیں سے ڈھانپ دینا ؛ روئیں دار بنانا ؛ غیر واضح یا مبہم بنا دینا (بعد میں کبھی کبھی up لگاتے ہیں) ۔

fuzzy, a. روئیں سے ڈھکا ہوا ؛ روئیں یا ریشے کا سا ؛ غیر واضح ؛ مبہم ؛ دھندلا ۔

fyce, n. دیکھیے : Feist ۔

fyke, n. مچھلیاں پکڑنے کا بستہ نُما جال ۔

fylfot, n. دیکھیے : swastika ۔

G

G, g, n. انگریزی حروفِ تہجّی کا ساتواں حرف ؛ اس کی دو آوازیں ہیں ، ایک سخت ''گ'' کی جیسے good اور دوسری نرم ''ج'' جیسے gem ؛ اس حرف کی تحریر ؛ کوئی ایسی آواز جو اس حرف کے ذریعے پیش کی جائے ؛ حرف G کی شکل کی کوئی شے ۔ [بڑے G سے] (موسیقی) سبتک کا پانچواں غالب سُر (پا) نیز اس سُر کا پیمانہ یا کلید ۔

G, (برق) ایصالیت ؛ (gauss) گاؤس کا مخفف ۔ (نفسیات) ذہانت کا عمومی جزو ۔

g, (طبیعیات) کششِ ثقل ؛ ثقلی اسراع ، جس کے ساتھ کوئی جسم خلا میں زمین کی جانب گرتا ہے ، یہ اکائی ۳۲ فٹ فی سیکنڈ فی سیکنڈ/۹٫۸ میٹر فی سیکنڈ فی سیکنڈ ہے ۔ (اعشاری نظام میں) ایک یا کئی گرام ۔

gab, v.i. (بول چال) تیزی طراری سے بولنا ؛ یاوہ گوئی کرنا ؛ بیہودہ بکنا ۔ (اسم) (بولِ چال) گپ شپ ؛ بَک بَک ؛ گفتگو ؛ بکواس ۔

gabber, n. یاوہ گو ؛ گپّی ؛ بکواسی ۔

gab, n. (میکانیات) ہُک ؛ خصوصاً ایسی سلاخ پر لگا ہوا ہُک جو کسی خارج المرکز کی حرکت کو منتقل کرے ۔

gabardine, gaberdine, n. گیبرڈین : سُوت ، ریان یا اُون کا گھنا بُنا ہُوا کپڑا جس پر آڑی باریک دھاریاں ہوں ؛ گیبرڈین سے بنا ہُوا لباس ۔

gabble, v.t., v.i. اُونچا اور تیزی سے یا بے معنی بولنا ؛ بَک بَک کرنا ؛ جلدی جلدی غیر مربُوط آوازیں نکالنا ؛ بے تکے پن سے بولنا ؛ بکواس کرنا ؛ بُڑبُڑانا ۔ (اسم) بے معنی بلند اور تیز گفتار ؛ غیر مربوط تیز تیز آوازیں ، جیسے پرندوں کی ۔

gabbler, n. یاوہ گو ؛ باتونی ؛ جلد جلد بولنے والا ؛ تیز بے معنی بولنے والا ۔

gabbro, n. (ارضیات) گیبرو ؛ فلسپاری چٹان ؛ دانہ دار آتشی چٹانوں کے گروہ میں سے کوئی ایک چٹان ۔

gabby, a. (بول چال) یاوہ گوئی سے بھرپور ؛ بکّی ؛ باتُونی ۔

gabfest, n. (بول چال) گپ میلہ ؛ ایک غیر رسمی اجتماع جس میں لوگ دیر تک بیٹھے گپ شپ لگائیں ؛ چوکڑی ۔

gable, n. (فنِ تعمیر) پاکھا ؛ پکھوا ؛ عمارت کا وہ حصّہ جو کینٹے دار تکونی ڈھلوان چھت کے نیچے ہو، عموماً دو رُخی ڈھلوان چھت کا بالائی تکونا حصّہ ؛ کینٹا ؛ کینٹے دار چھت کے مماثل

پھیلاؤ ؛ گیبل یا کینٹے کے مماثل عمارتی ڈھانچا یا آرایش ۔ (فعل متعدی) گیبل یا چھوٹے گیبلوں سے تعمیر کرنا۔ (فعل لازم) گیبل ہونا ؛ گیبل کی شکل کا ہونا یا کینٹے پر ختم ہونا ۔

gable roof, n. (فنِ تعمیر) پاکھی چھت ؛ گیبلی چھت ایک کینٹے دار چھت جس کے دونوں سرے گیبل پر ختم ہوں

gablet, n. (فنِ تعمیر) پاکھچہ ؛ گیبلچہ ؛ ایک چھوٹا گیبل یا گیبل نُما آرایش ۔

gable window, n. (فنِ تعمیر) پاکھی کھڑکی ؛ گیبلی کھڑکی ؛ گیبل میں یا گیبل کے نیچے کوئی کھڑکی ؛ ایسی کھڑکی جس کے اُوپر کا حصّہ گیبل نما ہو۔

gaboon, gaboon mahogany, n. گیبونی ؛ گابون ؛ ایک افریقی درخت اکومیا کلے نینا (Aucoumea Klaineana) یا اس کی سُرخی مائل بُھوری لکڑی جو بیشتر فرنیچر سازی میں استعمال ہوتی ہے ؛ گیبون مہاگنی ۔

gaby, n. (برطانوی ، بول چال) بیوقوف شخص ؛ گھامڑ ؛ پھوہڑ ؛ ابلہ ؛ نادان ؛ کودن ۔

gad, n. سلاخ یا تکلا ؛ مویشیوں کو ہانکنے والی تیز نوک چھڑی ؛ لوہے یا فولاد کا پچّر یا ڈلا ؛ کان کُنوں کے استعمال کا فانہ نُما نوک دار آلہ ؛ کدال ؛ کدالی ۔ (فعل متعدی) فانے یا کُدال سے کھرچنا یا کھودنا ؛ کسی شے پر کُدال استعمال کرنا ۔

gad, v.i. (عموماً about کے ساتھ مستعمل) برزہ گردی کرنا ؛ مارے مارے پھرنا ؛ آوارہ گردی کرنا ؛ بے مطلب پھرنا ؛ بے روک ٹوک پھرنا ۔ (اسم) آوارہ گردی ۔

gadder, n. آوارہ گرد ؛ خُدائی خوار ؛ برزہ گرد وغیرہ ۔

gaddingly, adv. برزہ گردی سے ۔

gad, Gad, n., interj. (بول چال) بَخُدا (اکثر قسم کے طور پر مستعمل ہے) ۔

gadabout, n. آوارہ گرد ؛ ایسا شخص جو بلا مقصد گھومنے یا بیکاری کے باعث بے چین بھٹکتا پھرے ؛ مارا مارا پھرنے والا ؛ برزہ گرد ۔ (صفت) بے کار یا غیر سنجیدہ سماجی حرکتوں کا متوالا ؛ ہرجائی ۔

gadfly, n. بڑ مکّھی ؛ ٹیبانی (Tebanidae) جنس کی ایک بڑی مکّھی جیسے گُھڑ مکّھی جو پالتو جانوروں کو ستاتی یا کاٹتی رہتی ہے۔ (مجازاً) پریشان کُن شخص جو مستقل دُوسروں کے لیے دردِ سر بنا رہے ؛ چم چچڑ۔

gadget, n. کَل پُرزے ؛ کوئی چھوٹی کَل یا ایسا پُرزہ جس کا نام یا تفصیل معلوم نہ ہو؛ چال ؛ تدبیر ؛ کوئی نرالی ترکیب یا ساخت ، دلچسپ شے یا ادنیٰ چیز۔

Gadhelic, n., a. دیکھیے : Goidelic ۔

gadoid, a. گیڈائیڈ ، کاڈ مچھلی کے مشابہ ؛ کاڈ نُما ؛ نرم مہیبر والی مچھلیوں کاڈ ، ہیڈک ، ہیک اورپولک سے ملتی جلتی گیڈی نسل (Gadidea) کی (مچھلی) ۔ (اسم) گیڈی مچھلی ۔

gadolinite, n. گڈولینائٹ : ایک سلیکیٹ معدن جو گڈولینیئم سمیت کئی نادر خاکی ارضی /زمینی عناصر کا ماخذ ہے ۔

gadolinium, n. (کیمیا) گڈولینیئم : نادر خاکی عناصر کے سلسلہ کا ایک دھاتی عنصر جو خصوصاً کم حرارت کے درجوں میں اعلیٰ مقناطیسی خواص کا حامل ہوتا ہے ۔

gadroon, godroon, n. خَیّارہ ، خط کشی یا آرایشی غابہ کاری خصوصاً بیضوی شکل کی جو چاندی کی اشیا پر کی جاتی ہے ۔ (فنِ تعمیر) کوئی آرایشی گولا جو محدّب کھدائی یا دندانے دار بناوٹ کا حامل ہو ۔

gadwall, n. گیڈوال ؛ بڑ بطخ ؛ شُمالی امریکا کے معتدل علاقوں کے تازہ پانیوں میں پائی جانے والی خاکستری بُھورے رنگ کی بڑی خوردنی بطخ ۔

Gaelic, n. گیلِک ؛ آئرلینڈ اور اسکاٹ لینڈ کے کوہستانی علاقوں کی دو کلٹی بولیوں ، آئرستانی گیلک یا اسکاٹی گیلک میں سے کوئی ایک ۔ (صفت) گیلوں خصوصاً اسکاٹش کوہستانیوں سے متعلق یا اُن کا ؛ کلٹی زبان کی گوڈیلک ذیلی شاخوں کا یا ان سے متعلق ۔

Gael, n. گیل بولنے والا آئرلینڈ یا اسکاٹ لینڈ کا کلٹی ، خصوصاً اسکاٹ لینڈ کا کوہستانی ۔

gaff, n. ماہی سیخک ، بڑی مچھلی شکار کرنے کا دستے والا برچھا ؛ ایک کانٹے دار ماہی برچھا ؛ اصیل مرغ کے لیے دھاتی مہمیز ۔ (جہازرانی) لٹھ ؛ موٹی بلّی جس کا ایک سرا اگلے اور دُوسرا پچھلے بادبان پر رکھا رہتا ہے ؛ جہاز کا جھنڈا لہرانے کے لیے مستعمل بلّی ؛ قصاب کا ہُک/آنکڑا ؛ ٹیلیفون کے لائن مین کا کھمبے پر چڑھنے کا ہُک ؛ ایک شعبدہ؛ کوئی فراڈ ۔ (عوامی) ابتلا یا گالی ، جو مشکل سے برداشت ہو (جیسے :to stand the gaff) ۔ (برطانوی ، عوامی) ادنیٰ درجے کی تفریح گاہ ۔ (فعل متعدی) ماہی سیخک کے ذریعہ شکار کرنا/پھنسانا یا زمین پر لانا ۔ (عوامی) فریب دینا ۔ (برطانوی ، عوامی) شرط بدنا؛ خصوصاً معمولی قسم کی جیسے سِکّہ اُچھال کر ۔

blow the gaff, (برطانوی ، عوامی) راز فاش کرنا ؛ سازش افشا کرنا ؛ دوسروں کی جاسُوسی کرنا ؛ بھانڈا پھوڑنا ۔

gaffe, n. معاشرتی فاش غلطی ؛ اخلاقی لغزش ؛ بے تُکی بات ۔

gaffer, n. بُڈھا گنوار (عموماً طنزاً یا مزاحاً کہا جاتا ہے) ۔ (برطانوی) مزدوروں کا فورمین ؛ اوورسیر ؛ ماہر آبگینہ ساز ۔

gaff topsail, n. (جہازرانی) گیف کے اُوپر لگا ہوا ہلکا بادبان ۔

gag, v.t. مُنہ میں کپڑا وغیرہ ٹھونس کر خاموش کر دینا ؛ حُکماً خاموش کر دینا ؛ آزادئ تقریر سلب کرنا یا بحث کو محدود کر دینا ؛ کھلا رکھنا جیسے عمل جرّاحی کے دوران مُنہ میں آلہ ڈال کر جبڑے کھلے رکھنا ؛ قے کا باعث بننا ؛ روک کر راستہ بند کرنا ۔ (عوامی) (کبھی کبھی up کے ساتھ) اسٹیج ڈرامے کے دوران اداکار کی طرف سے مزاحیہ جملوں کا خود شامل کر لینا ۔ (فعل لازم) جی متلانا ؛ مُنہ بند ہو جانا ۔ (عوامی) مذاق کا یا جُگت کا ہونا ۔

gag, n. زبان بندی ؛ دہن بند ؛ چھینکا ؛ فک گیر ؛ مُنہ بند کرنے کے لیے مُنہ میں ٹھونسی گئی کوئی چیز ؛ عمل جرّاحی میں مُنہ کے جبڑے کُھلے رکھنے کا اوزار ؛ (پارلیمنٹ میں) بحث پر پابندی یا زبان بندی ، جو آزادئ تقریر کو سلب یا محدود کرے ۔ (عوامی) مذاق ، پاکھنڈ ، جُملہ یا کہانی جو مزاح یا ہنسی پیدا کرے جیسے کامیڈین کردار ؛ جھانسا یا چال جیسے عملی مذاق ۔

gagman, n. جُملہ باز ؛ پھبتی کسنے والا ؛

مزاح نگار ، جُگت باز۔

gaga, a. (عوامی) سادہ لوح؛ احمق؛ پُر حماقت؛ سٹھیایا ہُوا۔

gage, n. شئ مرہونہ؛ شئ مکفولہ؛ جو شے ضمانت کے طور پر رکھوا دی جائے (کسی کام کی تکمیل کے لیے)؛ کفالت؛ ضمانت؛ رہن؛ حلف؛ سوگند؛ مبارزت طلبی کی علامت مثلاً دستانہ وغیرہ جو پھینکا جائے۔

gage, n., v.t. دیکھیے : Gauge

gage, n. آلوچے کی مختلف اقسام جیسے ، سبز آلوچہ ، سُنہری آلوچہ وغیرہ میں سے کوئی ایک۔

gaggle, v.i. بطخ وغیرہ کی طرح کَرکَرانا؛ کُٹ کُٹ کرنا۔ (اسم) بطخوں کا غول؛ کوئی گروہ یا جُھنڈ۔

gag rule, gag law, n. حُکم زباں بندی؛ ایسا قاعدہ/اصول یا قانون جو رائے کے اظہار یا بحث پر رکاوٹ ہو ، جیسے کسی فکری ادارے میں۔

gahnite, n. گہنایٹ : ایک سیاہ رنگ کا معدن جو ایلومینم اور جست کا مُرکّب ہے۔

gaiety, gayety, n. خُوش دِلی؛ خُوش طبعی یا شگفتہ مزاجی کی کیفیت؛ زندہ دِلی؛ رنگ رلیاں؛ عیش و عشرت؛ بناؤ؛ سنگار؛ آراستگی؛ زیب و زینت۔

gaillardia, blanket-flower, n. گُل نمدا : گیلارڈیا ، شمالی امریکا میں پائی جانے والی جنس گیلارڈیا کا کوئی پودا ، جس کی کئی انواع خوشنما سنہری ، سُرخ ، ارغوانی یا مختلف النوع دھاریوں والے پھُولوں کے باعث اگائی جاتی ہیں۔

gaily, gayly, adv. زندہ دِلی سے؛ شوخی یا شادمانی سے؛ بھڑک داری یا تصنّع سے۔

gain, v.t. نفع کمانا یا فائدہ حاصل کرنا خصوصاً کوشش سے؛ کامیابی پانا؛ مقابلے میں فتح پانا؛ پُہنچنا جیسے منزل تک؛ توڑ لینا؛ (عموماً over کے ساتھ) اپنی طرف کر لینا ، دوستی یا دوسرے مقاصد کے لیے؛ اپنا ہم خیال بنا لینا؛ آمدنی میں اضافہ یا ترقی کرنا (جیسے : to gain five pounds) ۔ (فعل لازم) نفع ہونا؛ فائدہ ہونا؛ بہتر ہونا؛ ترقی پانا۔

gain on, gain upon, موردِ عنایات بن جانا؛ تقرُّب حاصل کرنا۔

gainable, a. قابلِ حصول۔

gain, n. منفعت؛ یافت؛ افزونی؛ نفع یا فائدہ؛ بڑھوتری یا ترقی؛ منافع۔ (برقیات) افزایش؛ بیشی؛ ترسیلی سگنل کی طاقت میں اضافہ جیسے ایمپلی فائر میں ، عموماً ڈیسی بل میں ناپا جاتا ہے۔

gain, mortise, n. (نجّاری) سال؛ جھری ، دندانہ یا سُوراخ جیسے عمارتی لکڑی میں مماثل شکل اور حجم کی چُول ٹھونکنے کے لیے۔

gainer, full gainer, n. فائدہ اُٹھانے والا؛ کامیاب ہونے والا؛ جیتنے والا؛ حاصل کرنے والا؛ بہرہ مند؛ بہرہ یاب؛ مستفید۔ (غوطہ خوری) اِستادہ یا بھاگتے ہوئے سامنے کی جانب غوطہ لگانا جس میں غوطہ خور ہوا میں پیچھے کی جانب قلابازی کھائے۔

gainful, a. مُفید؛ سُودمند؛ فائدہ مند؛ پُرمنفعت؛ نفع بخش۔

gainless, a. بے سُود؛ غیر فائدہ مند؛ لاحاصل۔

gainlessness, n. لاحاصلی؛ بیکاریت؛ غیر منافع بخشی؛ بے مصرفی۔

gainsay, v.t. تردید کرنا؛ انکار کرنا؛ جھگڑا کرنا۔ (اسم) تردید۔

gainsayer, n. جھگڑالو؛ تردید کرنے والا۔

gainst, n. مخالف؛ against کا مخفّف۔

gait, n. روش؛ چال؛ طرزِ خرام؛ چلنے کا انداز؛ گھوڑے کی چالوں ، پویہ ، قدم ، دُلکی وغیرہ میں سے کوئی ایک؛ کُوچ۔ (فعل متعدی) سدھانا ، جیسے گھوڑے کو مختلف چالوں میں۔

gaited, a. کسی مخصوص چال کا حامل؛ مرکّب الفاظ میں مستعمل (جیسے : slow-gaited)۔

gaiter, n. ساق پوش؛ گیٹس؛ ٹخنے ، پاؤں کے اوپر کے حصّے اور بعض اوقات پنڈلی تک کو ڈھانپنے والا کپڑا یا چمڑا (جُوتے کے اوپر پہننے کے لیے)؛ کپڑے یا چمڑے کا جوتا جس کے کناروں پر الاسٹک لگی ہو؛ جوتے کے لیے کپڑے کا غلاف۔

gal, n. (عوامی) لڑکی؛ محبوبہ۔

gal, n. (طبیعیات) گال : ۱۰۰۰ ملی گال یا ایک سینٹی میٹر فی سیکنڈ فی سیکنڈ کے برابر پیمایش کی اکائی ، جو اسراع کی پیمایش خصوصاً کششِ ثقل کی پیمایش کے لیے مستعمل ہے۔

gala, a. تہوار یا جشن سے متعلّق؛ جشنی؛ جشن منانے کے لیے موزوں۔ (اسم) عوامی تہوار؛ جشن۔

galactic, a. (فلکیات) کہکشانی؛ کہکشاں سے متعلق۔ (طب) شِیری؛ دُودھ کے بہاؤ میں اضافہ کُنندہ۔

galactose, n. گلیکٹوز؛ شیرینی جو قندِ شیر یا لیکٹوز سے حاصل ہوتی ہے۔

galah, n. کاکاٹو؛ کلغی دار طوطا؛ آسٹریلیا کا روزی کپیلا (roseicapilla) کاکاٹو جو گندم کی فصل کو تباہ کرتا ہے۔

galantine, n. گلنتینی طعام؛ بچھڑے ، مرغے یا دوسرے جانور کا گوشت جس کی ہڈّیاں نکال کر اور مسالا بھر کر ابالا جائے اور اُس کی اپنی رُب کے ساتھ ٹھنڈا کھایا جائے۔

Galatian, a. گلاشی؛ قدیم ایشیائے کُوچک کے اندرونی علاقے گلاشیا یا اس کے باسیوں سے متعلّق۔ (اسم) گلاشیا کا باشندہ یا شہری۔ (جمع) عہدنامۂ جدید کا صحیفہ جس کا خطاب گلاشیا کے ابتدائی عیسائی کلیسا سے ہے۔

galavant, v.i. دیکھیے : Gallivant

galax, n. گیلکس؛ جنوب مشرقی امریکا کی ایک سدا بہار جھاڑی گیلکس اَفِیلا (Galax aphylla) جس کے پتّے گُلفروش بکثرت استعمال کرتے ہیں۔

galaxy, n. کہکشاں؛ آکاش گنگا؛ ستاروں کے سلسلوں میں سے کوئی ایک جو کششِ ثقل کے باعث باہم یکجا ہیں اور دوسرے ایسے نظاموں سے بہت زیادہ فاصلوں پر ہیں جیسے ہماری کہکشاں؛ چیدہ اشخاص یا اشیا کا مجموعہ۔

galbanum, n. بارزد؛ بریجا ، مخصوص بُو والی ایک قسم کی لاکھ جو بعض ایشیائی پودوں سے حاصل کی جاتی ہے

اور دوائیوں نیز دُھونی دینے میں استعمال ہوتی ہے ۔

gale, n. (موسمیات) طُوفان ؛ جَھکڑ ؛ تیز ہوا (خصوصاً ۳۲ اور ۶۳ میل فی گھنٹہ کے درمیان رفتار رکھنے والی) ۔ (مجازاً) شور یا شور زا دورہ یا ہیجان (جیسے ہنسی کا دورہ یا طویل قہقہہ) ۔

gale, n. (نباتیات) حِناء دلدل ۔ (برطانوی) کرایہ یا لگان کی میعادی ادائیگی ۔

galena, galenite, n. گلینا ؛ کچّا سیسہ ؛ ایک معدن لیڈ سلفائیڈ ، سیسے کا ایک اہم کچدھات جس کا سیسے کی مانند خاکستری رنگ ، دھاتی چمک اور کامل مکعبی شگاف ہوتا ہے ۔

Galilean, a. گلیلائی ؛ اطالوی ماہر طبیعیات و فلکیات گلیلیو کا ، اُس سے متعلق یا اُس کا ایجاد کردہ ۔

galimatias, n. پراگندہ گُفتگو ؛ لایعنی گفتگو ؛ بَڑ ؛ بکواس ؛ ہرزہ سرائی ۔

galiot, galliot, n. گیلی اَٹ ؛ چھوٹا ، تیزرو ، چپوؤں اور بادبانوں کے ساتھ چلنے والا جہاز ؛دو مستولوں والا ولندیزی مال بردار جہاز ۔

galipot, gallipot, n. مرتبان ؛ رال ؛ صنوبر کی قسم کے درختوں میں سے نکلا ہوا ایک قسم کا تارپین ؛ بروزہ ۔

gall, n. بہت تلخ شے ؛ تلخی (مزاج کی) ؛ کینہ ؛ عداوت ؛ صفرا ؛ پِتّے کی رطوبت خصوصاً جانور کے ؛ تند مزاجی ؛ بُغض ؛ ڈھٹائی/دیدہ دلیری ۔

gall, n. خراش یا زخم خصوصاً رگڑ کے باعث گھوڑے کی جلد پر ؛ ورم ؛ آبلہ ؛ کُھجانے سے پڑا ہوا زخم ؛ ناک میں دم کرنے والی شے ؛ جُھلاّہٹ یا کوفت کی کیفیت ۔ (فعل متعدی) رگڑنے سے زخم کر لینا ؛ کُھجلانا ؛ کھال کھینچنا ؛ چِھیلنا ؛ کُھرچنا ؛ ناک میں دم کرنا ؛ جھنجھلاہٹ پیدا کرنا ؛ تنگ کرنا ؛ دِق کرنا (جیسے : The umpires' decision galled the player) ۔ (فعل لازم) دق ہونا ؛ جھلاّنا وغیرہ ۔

gall, n. مازُو ؛ ماجو (پھل) ؛ بعض طفیلیوں ، کیڑوں ، بکٹیریا ، فنجائی ، وائرس ، ضربات یا کیمکلز کے ذریعے پودوں پر پیدا شدہ ماجو یا سبزیوں میں غیر معمولی افزایش ۔

gallant, a. بہادر ، جواں مرد یا شجاع (جیسے : a gallant soldier) ؛ عورتوں کے ساتھ شایستہ اور خلیق ؛ عاشق مزاج ؛ حُسن پرست ؛ دل پھینک ؛ شاندار یا نفیس ؛ عُمدہ (جیسے :a gallant vessel) ؛ خُوش لباس یا نمایشی ۔ (اسم) خُوش مزاج جوانمرد ؛ خوش پوشاک ؛ بانکا ؛ رنگیلا ؛ عورتوں سے بانکپن سے پیش آنے والا ؛ عاشق ؛ منگیتر ؛ حوصلہ مند آدمی ؛ باجُرأت شخص ۔ (فعل متعدی) رِجھانا ؛ محبت ، لگاوٹ یا عشق بازی کرنا ؛ خاتون کے ساتھ چلنا ۔ (فعل لازم) شادی کا خواستگار یا عاشق ہونا ۔

gallantry, n. بہادُری ؛ شُجاعت ؛ دلیری ؛ جواں مردی؛ خُوش پوشـاکـی ؛ خُوش مزاجی ؛ عاشق مزاجی ؛ نازبـرداری ؛ نیاز ؛ عاشقی ؛ عاشقانہ کلام یا طرز عمل ؛ خوش منظری ۔

gall bladder, n. (تشریح الاعضا) مرارہ ، پِتّا ؛ زَہرہ ؛ ایک چھوٹی ناشپاتی کی شکل کی جِھلّی نُما تھیلی جو صفرا کو جگر سے حاصل کر کے جمع کرتی ہے ۔

galleon, n. گیلیون ؛ ایک بڑا بادبانی جہاز جسے ہسپانوی ماضی میں جنگ اور تجارت کے لیے استعمال کرتے تھے ۔

gallery, n. راہداری ؛ گیلری ؛ دالان ؛ برآمدہ ؛ شہ نشین ؛ غُلام گردش ؛ نگارخانہ ؛ طویل چھتی ہوئی راہداری ؛ لمبی چھتی ہوئی سیرگـاہ یا غلام گردش (جیسے : an aquarium gallery) ؛ مخصوص اہمیت کا برآمدہ مثلاً آرایش اور تعمیراتی ڈیزائن والا ؛ پورچ نُما رقبہ ، تنگ راستہ یا بڑا کمرہ جو عوامی اشیا کی نمایش یا فروخت کے لیے مثلاً آرٹ اور نوادرات کی فروخت کے لیے استعمال ہو ؛ ہسپانوی فنّ تعمیر کے مطابق دیوار کے ساتھ ساتھ اندر یا باہر اُٹھا ہوا پلیٹ فارم یا راہداری ؛ اندرونی دیوار سے باہر نکلا ہُوا چبوترہ یا بالکونی جس میں حاضرین کے لیے نشستیں ہوں جیسے اوپیرا یا متحرّک فلم کی نمایش گاہ میں ہوتی ہیں ؛ تھیئٹر میں سب سے اُونچی نشست ؛ گیلری میں بیٹھنے والے لوگ ؛ ادنیٰ طبقے کے حاضرین یا ناظرین ؛ ٹینس یا دُوسرے کھیل کے تماشائی ۔ (کان کنی) سُرنگ ؛ زیر زمین راستہ ۔ (جہازرانی) قدیم بادبانی جہاز کے عقب پر بڑھا ہُوا پلیٹ فارم ۔

play to the gallery, نمایشی انداز اختیار کرنا ؛ عام لوگوں کی تحسین حاصل کرنے کی کوشش کرنا ؛ ابلہ فریبی سے کام لینا ۔

galleta, n. گیلیٹا ؛ ہلاریا (Hilaria) جنس کی دوامی گھاس جو جنوب مغربی امریکا اور میکسیکو میں‌کاشت کی جاتی ہے، اس سے جانوروں کے لیے خُشک بھوسا بنتا ہے ۔

galley, n. گیلی ؛ قدیم بحری جہاز جو کبھی چپوؤں اور کبھی بادبانوں سے چلایا جاتا تھا ؛ بڑی چپوؤں والی کشتی ؛ جہاز کا باوُرچی خانہ ۔ (طباعت) ایک طویل تنگ دھاتی ٹرے جس پر سیسے کے حُروف سطروار جمائے جاتے ہیں ؛ چھاپے کے حُروف بٹھانے کا تختہ ؛ گیلی پروف ۔

galley proof, n. (طباعت) گیلی پروف ؛ گیلی پر ٹائپ کے وہ پروف جو سِلپ کی شکل میں ہوں اور ان پر صفحے کی طباعت سے پہلے اِصلاح کی جا سکے ۔

galley slave, n. وہ شخص جسے جہاز پر چپّو چلانے کی سزا دی جائے ۔ (مجازاً) بیگاری ؛ غلام ؛ کام کے بوجھ تلے دبا ہُوا شخص ۔

gallfly, n. مازو مکھّی ؛ پت مکھّی ؛ ایک قسم کا کیڑا جو پودوں کی بافتوں میں انڈے دے کر پودوں میں ماجو پیدا کر دیتا ہے ۔

Gallic, a. گال کا ؛ قدیم فرانس کے باشندوں کا ؛ فرانسیسی ۔

gallic acid, n. (کیمیا) مازُو تیزاب ؛ گیلک ایسڈ ؛ ایک بے رنگ یا ہلکا زرد قلمی تیزاب جو پودوں کے مازو میں ملتا ہے اور فوٹو گرافی میں بطور ڈویلپر، رنگنے اور روشنائیوں میں استعمال ہوتا ہے ۔

gallicism, n. (اکثر بڑے G سے) کسی دوسری زبان میں مستعمل فرانسیسی محاورہ ؛ محاورہ ، اندازِ گفتگو یا رسم و رواج جو خاص فرانسیسی ہو ۔

gallicize, v.t. (اکثر بڑے G سے) فرانسیسی اندازِ فکر ، رواج یا زبان کو اپنانا ؛ فرانسیسیوں کی تقلید کرنا ؛ فرانسیسی رنگ میں رنگنا ۔

gallicolous, a. مازو زا ؛ مازو میں موجود ۔

gallimaufry, n. گڈمڈ ؛ خلط ملط ؛ گڑبڑ ؛ افراتفری ۔

gallinaceous, a. (حیوانیات) مرغ مانند ؛ دُجاجی پرندوں کی عام جنس گالی فورم کا جس میں عام مرغیاں ، کبوتر ، تیتر ، فاختہ وغیرہ شامل ہیں ۔

gallinacean, n. دُجاجی پَرندہ ؛ گالی نیشس پرندہ ۔

galling, a. باعثِ کوفت ؛ دق کرنے والا ؛ تکلیف دہ ؛ پریشان کُن ؛ تشویش ناک ۔

gallinipper, n. بعوضہ ؛ پشہٗ کلاں ؛ گیلی نپّر ، ایک بڑا امریکی پسّو ۔

galliot, n. دیکھیے : Galiot ۔

gallipot, n. دیکھیے : Galipot ۔

gallium, n. گیلیئم : ایک نرم ، نیلگوں سفید دھاتی عُنصر جس کا نقطۂ پگھلاؤ بہت کم اور نقطۂ کھولاؤ بہت زیادہ ہوتا ہے ۔

gallivant, galavant, v.i. بے مقصد پھرنا ؛ آوارہ ہونا ؛ ڈانواں ڈول پھرتے رہنا ؛ معاشقے لڑانا ؛ عِشق بازی کرنا ۔

gall nut, gall-apple, n. ماجو گٹھی ؛ ماجو عفص ؛ مازُو ؛ ماجُو پھل ؛ ایک قسم کا مازُو جو اکثر شاہ بُلوط کے درخت پر پایا جاتا ہے اور اخروٹ کی مانند ہوتا ہے ۔

gallon, n. گیلن ؛ مائعات کا پیمانہ ۔

gallonage, n. گیلنوں میں مقدار یا پیمایش ۔

galloon, n. پَٹکا ؛ سُوتی ، ریشمی یا زرتار کی گف بُنی ہوئی پٹّی ۔

gallop, v.i. گھوڑے کا سرپٹ یا پوئیا دوڑنا ؛ سرپٹ دوڑنا ؛ پوئیا جانا یا لے جانا ۔ (مجازاً) بہت تیز چلنا ۔ (فعل متعدّی) سرپٹ دوڑانا (گھوڑے کو یا کسی اور جانور کو) ؛ سرپٹ دوڑانا یا تیزی سے پُہنچانا ۔ (اسم) چوکڑی بھر کر دوڑنے کا عمل جس میں چاروں کُھر ایک ساتھ زمین سے اُوپر اُٹھتے ہیں ؛ ایسی چال میں دوڑ یا سواری ؛ تیز رفتاری ؛ رکض ۔

galloper, n. سرپٹ جانے والا ؛ پوئیا دوڑنے والا ۔

gallopade, galopade, n. پرجوش رقص ؛ گیلوپ : ایک قسم کا ناچ ، ایسے ناچ کی موسیقی ۔

gallophile, n. دیکھیے : Francophile ۔

Galloway, n. گیلوئی ؛ گیلوے (اسکاٹ لینڈ) کے بے سینگ مویشیوں کی نسل میں سے ایک ؛ چھوٹے ، توانا ٹٹوؤں کی ایک نسل جو پہلے وہاں تیّار کی گئی ؛ چھوٹے قد کا گھوڑا ؛ ٹٹو ۔

gallows, n. سُولی ؛ لکڑی کا ایک فریم جو دو عمودی تختوں پر آڑا لگا ہوتا ہے اور جس پر پھانسی کے سزا یافتہ کو لٹکایا جاتا ہے ؛ کوئی مماثل ساخت ؛ پھانسی کا چوکھٹا ۔ (صفت) واجبُ القتل ؛ گردن زدنی ؛ پھانسی کے قابِل ؛ قابلِ دار ۔

gallows bird, n. (بول چال) پھانسی دیے جانے کا سزاوار ؛ واجبُ القتل ، گردن زَدنی ۔

gallstone, n. (امراضیات) پتھَری ؛ سنگ مثانہ ؛ پتھریلا ذرّہ یا چھوٹا پتھر نُما ٹکڑا جو پتّے یا مثانے میں بن جائے ؛ سنگ مراراہ ۔

gallus, n. (عموماً جمع) گیٹس ؛ گیلس ؛ پتلون کو سہارا دینے والے الاسٹک ۔

gall wasp, n. مازّومکھی ؛ گال واسپ ؛ ایک قسم کا کیڑا جس کا لاروا پودوں پر پلتا ہے ۔

Galois theory, n. (ریاضی) ریاضی کا وہ پہلو جس میں گروہی نظریہ کا اطلاق کثیرالارقام مساواتوں کے حل پر ہوتا ہے ۔

galoot, galloot, n. (عوامی) بے سلیقہ ؛ بھونڈا شخص ؛ بے ڈھنگا یا پھوہڑ شخص ۔

galop, gallopade, n. پُرجوش رقص ؛ گیلوپ ، ایک تیز والٹز نُما ناچ ؛ ایسے ناچ کے لیے موسیقی ۔

galore, adv. بکثرت ؛ کثرت سے ؛ بہ افراط ؛ فراوانی سے ۔

galosh, galoshe, n. جوتا پوش ؛ موزہ پوش ؛ طوفانی موسم میں جُوتوں اور پاؤں کو محفوظ رکھنے کے لیے جوتوں کے اوپر پہننے کے پتلے ربڑ کے جوتے ؛ جوتوں کے غلاف ۔

galumph, v.i. اکڑ کر چلنا ؛ فتحمندانہ چلنا ؛ بے ڈھنگے پن سے چلنا ؛ اکڑفوں سے کاندھے مارتے چلنا ۔

galvanic, a. (برق) گلوانی ؛ گیلونی ، گلوانیت کا پیدا کردہ یا اُس سے متعلّق ، خصوصاً کیمیاوی طور پر پیدا شُدہ برقی رَو ؛ کیمیاوی برق کا ؛ اثرانداز یا متأثّرہ جیسے گلوانیت سے ؛ وحشت انگیز یا ہیجان انگیز ۔

galvanic battery, n. گلوانی بیٹری ؛ گلوانی مورچہ ۔

galvanic couple, n. گلوانی جفت ۔

galvanism, n. (برق) گلوانیت ؛ حرکی برق ؛ برقی رَو ، خصوصاً کیمیاوی عمل سے پیدا شدہ ۔ (طِب) جسم پر علاجی مقاصد کے لیے وولٹائی یا بیٹری کے کرنٹ (رَو) کا اطلاق ۔

galvanization, n. جِست کاری ؛ جھول ؛ مُلمّع ؛ ملمّع سازی ۔

galvanize, v.t. جست کاری کرنا ؛ ملمّع سازی کرنا ؛ ملمّع کرنا ؛ برقی رَو کے ذریعے یا اس کی مانند انگیخت کرنا ؛ تہ چڑھانا (جیسے لوہے پر جست کی) ۔

galvanometer, n. (طبیعیات) گلون پیما ؛ برقی رو کی موجودگی معلوم کرنے اور اس کی مقدار ناپنے والا آلہ ؛ گلوانومیٹر ۔

galvanoscope, n. گلون نُما ؛ گلوانومیٹر ، گلوانو سکوپ ۔

galyak, n. قُراقلی ؛ میمنے یا اسی نوع کے کسی دوسرے کُھروں والے میمل کے بچّے کی پیدایش سے قبل کی ہموار نرم و نازک بالوں والی کھال ۔

gambier, gambir, n. (نباتیات) گمبیر ؛ کات طبعی ؛ ورتی کتّھا ؛ گرم ایشیائی ملکوں کا اَنکاریا گیمبیر قسم کے پودے کا ست جو طب ، رنگسازی اور چمڑہ رنگنے کے کام آتا ہے ۔

gambit, n. (شطرنج) چال ؛ کھیل کے ابتدائی مراحل میں ایک پیادے کی قُربانی دے دینا تاکہ حملہ کرنے میں آسانی ہو ؛ کوئی عمل ، چال یا حکمتِ عملی جس سے ابتدائی فائدہ حاصل ہو ۔

gamble, v.i. جُوا کھیلنا ؛ قِمار بازی کرنا ؛ شرط لگا کر کوئی چانس کا گیم کھیلنا ؛ شرط لگانا یا دولت ایسے داؤ پر لگانا کہ نامعلوم حادثات یا واقعات پر فائدے کا انحصار ہو ۔ (فعل متعدی) شرط لگانا ، داؤ پر لگانا یا جُوا کھیلنا ؛ شرط لگا کر دولت ضائع کرنا ۔ (اسم) خطرناک مہم ؛ جوکھم کا معاملہ ؛ جوئے کا عمل ؛ کوئی بات یا شے جس میں ہارنے یا غیر یقینی کی کیفیت ہو ؛ قِمار بازی ؛ جُوا ۔

gamboge, n. ریوند ؛ گیموج ؛ گیمبوژ ، جنس گارسینیا کے درختوں کی کئی اقسام سے حاصل ہونے والا لاکھ جو طِب میں

بطور مسہل اور زرد رنگ رنگنے میں استعمال ہوتا ہے ۔

gambol, v.i. ناچنا اور خوش دِلی سے اُچھلنا کودنا ؛ اُچھلنا ؛ زقند بھرنا ؛ خُوش ہونا ؛ کلیلیں بھرنا ۔ (اسم) چھلانگ ؛ پھلانگ ؛ اُچھل کُود ؛ کلیل ؛ زقند ۔

gambrel, n. ہُک دار سلاخ ؛ لکڑی یا لوہے کی مُڑی ہوئی سلاخ جس سے قصاب گوشت لٹکاتے ہیں ؛ گھوڑے یا کسی اور جانور کے پچھلے پاؤں کے گھٹنے اور پاس کی اُبھری ہوئی ہڈی کا درمیانی جوڑ۔

gambral roof, n. گیمریلی چھت ؛ دو ڈھلوانی چھت ؛ ایسی چھت جس کے طرفین میں دو ڈھلوان ہوں ، نچلی ڈھلان زیادہ ڈھلواں ہو۔

gambusia, n. (سمکیات) گمبوژیا ؛ سطح پر خوراک حاصل کرنے والی جنس گمبوژیا کی مچھلیوں میں سے کوئی ایک جسے تازہ پانی میں پالا جاتا ہے تاکہ مچّھر کے لاروے کو ختم کیا جا سکے ۔

game, n. شکار ؛ تفریح ؛ بازی ؛ کھیل ؛ کوئی تفریح یا وقت گزاری ؛ چانس ، مہارت یا برداشت سے انحراف کی شکل میں یا ان کے امتزاج سے متعیّن قواعد کے مطابق اختیار کردہ تفریح (جیسے : a game of football; card games) ؛ بعض کھیلوں میں مستعمل سامان (جیسے : a store selling toys and games:) ؛ کھیل کے دوران کوئی مخصوص مقابلہ یا مقابلے کا کوئی حصّہ (جیسے : to see a baseball game:) ؛ کسی خاص موقع پر گیم کے دوران مقابلے کی کیفیت کا اسکور کے ذریعے اظہار (جیسے : The game was two to one at the bottom of the ninth inning:) ؛ ایسا مقابلہ جیتنے کے لیے درکار پوائنٹس کی تعداد ؛ کوئی مخصوص انداز یا کھیل کا معیار (جیسے : He plays a strong and consistent game of golf) (مجازاً) کھیل کے انداز اور روح کے مطابق کی گئی کوئی کارروائی (جیسے : to play a waiting game:) ؛ کسی گیم میں درکار مہارت اور برداشت کے مماثل مہارتوں کا کسی عمومی کاوش میں استعمال (جیسے : the game of diplomacy) ۔ (بول چال) کوئی شغل خصوصاً کسی پیشے یا کاروبار کا جو کھیل کی مانند اتفاقی یا پُرخطر ہو (جیسے : He made a fortune in the insurance game.) ؛ کسی شخص کے عمل کا منصوبہ ؛ کوئی چال یا دھوکا ؛ جنگلی جانور بشمول پرندے اور مچھلیاں ، جن کا شکار تفریح یا منافع کے لیے کیا جاتا ہے ؛ خُوراک کے لیے مستعمل جنگلی جانوروں کا گوشت۔ (مجازاً) تعاقب یا حملے کا نشانہ کوئی شے (جیسے : The wealthy widow was so lonely that she was fair game for aspiring and selfish bachelors.) ۔ (صفت) دلیر ؛ شُجاع ؛ بہادُر ؛ شکار شُدہ یا کھیل کے طور پر لیے گئے جانور کا یا اُن سے متعلق ؛ اصیل مرغ کے مبارزانہ حوصلے کا حامل ؛ حوصلہ مند ۔ (بول چال) عزم، ہمّت اور حوصلے والا (جیسے : Having already failed three times, she was still game to try again.) ۔

game, a. (بول چال) لنگڑی (جیسے ٹانگ) ؛ لنگڑا ۔

game, v.i. کھیل کھیلنا یا مذاق کرنا خصوصاً اتفاقات کے کھیل شرط بد کر ؛ جوا کھیلنا ۔ (فعل متعدی) (قدیم) جوئے میں اُڑانا (جیسے : to game away a fortune) ۔

game bird, n. شکار پرندہ ؛ تفریح یا منافع کے لیے شکار کیا ہُوا پرندہ ، جیسے تیتر یا بٹیر وغیرہ ۔

gamecock, n. اصیل مرغ ؛ مرغبازی میں لڑنے کے لیے نَر پرندہ ۔

game fish, n. شکار مچھلی ؛ ایسی خُوردنی مچھلی جس کو پکڑنے میں بنسی باز کو تفریح میسر آئے ۔

game fowl, n. اصیل مرغ ؛ پالی لڑنے والا پالتو پرندہ ؛ لڑاکا پرندہ ۔

gamekeeper, n. محافظِ شکار گاہ ؛ کسی محفوظ شکاری علاقے کے جنگلی جانوروں کی دیکھ بھال کرنے اور غیر قانونی طور پر شکار کرنے ، چوری کرنے یا مچھلی پکڑنے کو روکنے کے لیے متعیّن ملازم ۔

gamelan, n. گیمی لان : ایک جنوب مشرقی ایشیائی آرکسٹرا جس میں تار ، ہوا اور ضرباتی موسیقی کے آلات استعمال ہوتے ہیں ؛ ایسے آرکسٹرا میں استعمال ہونے والا زائلوفون کی مانند آلۂ موسیقی ۔

game law, n. قانونِ شکار ؛ مرغ و ماہی اور دُوسرے جنگلی جانوروں کی حفاظت کا قانون جس سے شکار کا موسم اور طور طریق متعیّن کیے جاتے ہیں ۔

gamely, adv. (بول چال) کھیل کھیل میں ؛ جرأت مندی سے ؛ دلیرانہ ۔

gameness, n. ہمّت؛ جُرأت ؛ دلیری ؛ دلاوری ۔

gamesmanship, n. کھیل جیتنے کے لیے قابلِ اعتراض مگر قواعد کے مطابق طریقے استعمال کرنے کی عادت ۔

gamesome, a. شوخ ؛ چنچل ؛ خُوش طبع ؛ ہنس مُکھ ؛ کھیل کود کا شائق ۔

gamester, n. جوئے کا عادی ؛ قِمار باز ؛ جُواری ؛ ماہر کھلاڑی ۔

gametangium, n. (نباتیات) زواجہ کیسہ ؛ عضویا جسم جو گمٹہ پیدا کرے ؛ گُمٹہ دان ؛ زواجہ دان ۔

gamete, n. (حیاتیات) گُمٹہ ؛ زوج ؛ زواجہ ؛ دونوں تناسلی جرثومی خلیوں میں سے ایک جو دونوں مل کر نیا عضویہ بناتے ہیں ؛ صنفی تخم ۔

gametic, a. گُمٹی زواجی ۔

gametal, a. زوجی ۔

game theory, theory of games, n. حکمت چال ؛ ایک ایسا ریاضیاتی منصوبہ یا نظریہ جس کا اطلاق کھیلوں ،کاروباری حالات اور فوجی مسائل پر کر کے یہ معلوم کیا جائے کہ کم از کم دو مختلف حکمت عملیوں میں سے کون سی انتہائی صحیح نتائج مہیّا کرے گی ۔

gametocycte, n. (حیاتیات) زواجہ زا خلیہ ؛ ایسا خلیہ جو زواجہ یا گُمٹہ پیدا کرے ۔

gametogenesis, n. (حیاتیات) زواجی تولید ؛ گمٹی پیدایش ۔

gametophore, n. (نباتیات) معّدل شاخ ؛ گُمٹے پیدا کرنے والی ساخت یا حصہ ؛ زواجہ بردار ۔

gametophyte, n. (نباتیات) گمٹیلا پودا ؛ گمٹی پودا ؛ زواجی پودا ؛ تدریجی نسلوں میں پودے کی جنسی شکل ، تخم پودے کے برعکس ۔

gamic, a. (حیاتیات) صِنفی ؛ جنسی ۔

gamin, n. لاوارث لڑکا ؛ آوارہ گرد لڑکا ۔

gamine, n. شوخ اور چنچل لڑکی ؛ ہڑدنگی ؛

اُچھال چھنگا ـ

gaming, n. کھلاڑی کا عمل یا مشق ؛ قمار بازی ؛ جُوا ـ

gamma, n., a. گاما ؛ یونانی حُرُوف تہجّی کا تیسرا حرف ؛ کسی سائنسی درجہ بندی میں تیسرا مقام یا پوزیشن ـ (عکّاسی) تیّار شُدہ تصویر میں موازنے کی مقدار ـ (طبیعیات) مقناطیسی شدّت کی ایک اکائی ـ

gamma globulin, n. (حیاتی کیمیا) گاما گلوبولین ؛ خُون سے علیحدہ کیا ہُوا ایک لحمیہ جس میں ضِد جسمیہ (antibodies) موجود ہوں : جو خسرہ ، فالجِ اطفال اور متعدی ورمِ جگر سے تحفُّظ کے لیے ٹیکہ لگانے میں استعمال ہوتا ہے ـ

gamma iron, n. دیکھیے : Austenite ـ

gamma nasal, n. غُنغنا گاما ؛ ناک سے ادا کیا ہُوا یونانی حرف گاما ، جیسا کہ قدیم اور جدید یونانی میں ادا ہوتا ہے ـ

gamma rays, n. (طبیعیات) جہ شعائیں ؛ گاما شعائیں ؛ تابکارے مادّے سے خارج ہونے والی اور اجسام میں نفوذ کرنے والی اشعاع جن کے خارج ہونے سے مرکزے کی توانائی کم ہو جاتی ہے (تابکاری معالجہ میں مستعمل) ـ

gammer, n. بُوڑھی بیوی یا بُوڑھی عورت ؛ بڑھیا ؛ چودھرائن ؛ بُوڑھی گنوارن ؛ بڑی بی ـ

gammon, n. چوسر میں دُوہری جیت جس میں جیتنے والے کے تمام مہرے پٹ جاتے ہیں جبکہ مقابل کھلاڑی کا ایک بھی مہرہ نہیں پٹتا ـ (فعل متعدی) چوسر کا کھیل جیت جانا ـ

gammon, n. گیمن ؛ دھوئیں میں خشک کی ہوئی سُور کی ران یا گوشت کا پٹّھا ـ

gamogenesis, n. (حیاتیات) صِنفی تولید ؛ جنسی تولید ـ

gamp, n. (برطانوی ، بول چال) بے ڈھب چھتری ؛ بے ڈھنگی چھتری ؛ میلی کچیلی چھتری ـ

gamut, n. سرگم ؛ سبتک ؛ کل مُسلِمہ سُروں کا مجموعہ؛ کسی شے کا مکمّل سلسلہ ، حلقہ یا دائرہ ـ

gamy, a. پُرشکار ؛ شکار کی بُو رکھنے والا ، خصوصاً ایسا شکار جو کچّا پڑا رہنے کے باعث بُو دینے لگے ؛ تیز بُو والا ؛ دلیر ، جی دار، خصوصاً جانوروں کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ رُسوا کن یا بدنام ، اہانت آمیز ؛ بُری شہرت رکھنے والا ـ

gander, n. ہنس ؛ نر بطخ ؛ بے وقوف ؛ سادہ لَوح ؛ گھامڑ ؛ نادان ؛ کودن ـ

gander, n. (عوامی) ایک نگاہ یا نظر (عموماً take کے ساتھ) ـ

Gandhian, a. گاندھیائی ؛ گاندھی کا یا اس سے متعلّق ـ

gandy dancer, n. (عوامی) پٹڑ بیلدار ؛ ریل کی پٹڑی بچھانے یا مُرمّت کرنے والا مزدور ـ

ganef, gonef, n. (عوامی) معمولی چور ؛ بدمعاش ؛ اُچکّا ؛ اُٹھائی گِیرا ؛ بے ایمان ؛ بے اصولا ـ

gang, n. جماعت ؛ گینگ ؛ ایک گروہ ؛ منڈلی ؛ ٹولی ؛ ٹُکڑی ؛ نوجوانوں کا گروہ جو باہم معاشرتی طور پر ایک دُوسرے کے قریب ہوں ؛ جتھے یا شفٹ کے طور پر اکٹھے کام کرنے والے لوگ ، (جیسے : a road gang) ؛ سماج دشمن سرگرمیوں میں مُلوّث لوگوں کا گروہ ، (جیسے : a gang of hoodlums) ؛ ایک ہی جیسے اوزاروں ، مشینوں وغیرہ کی بڑی تعداد (جیسے : a gang of saws) ـ (فعل متعدی) کوئی گروہ ترتیب دینا یا بنانا؛ حملہ کرنا (عموماً up on سے پہلے ، جیسے : The school boys ganged up on their classmate) ـ (فعل لازم) گروہ کا مرتب ہونا یا گروہ کے مطابق طرزِ عمل اختیار کیا جانا ـ

ganger, n. (برطانوی) کارکنوں کے گینگ کا فورمین ـ

gang hook, n. گینگ ہُک ؛ مچھلی پکڑنے کے کئی کانٹے جو سیدھے سرے پر باہم مل کر ایک وحدت بنائیں ـ

gangland, n. جرائم پیشہ عُنصر ؛ معاشرے کے مُنظّم جرائم پیشہ لوگ ؛ زیرِ زمین سرگرمیاں کرنے والے ـ

gangling, a. لمبا تڑنگا ؛ بھدے پن کی حد تک لمبا اور دُبلا جیسے کوئی شخص ؛ لاغر اور ڈھیلے ڈھالے جِسم والا ـ

ganglion, n. (امراضیات) عقدی شبکہ ؛ عُقدہ ؛ غُدّہ عَصَب ؛ بافتی سوزش ؛ کسی نس میں جھلّی کے اندر گلٹی یا اُبھار ـ (تشریح الاعضا) عصبی خلیوں کی یا کسی خاکی مواد کے جمع ہونے سے عصبی نظام کے مرکز سے باہر اعصابی گرہ سازی ؛ برآمدگی ـ (مجازاً) قُوّت یا سرگرمی کا مرکز ـ

ganglionated, gangliate, gangliated, a. گرہ دار ـ

gangliform, a. عقدہ نما ؛ عقدہ شکل ـ

ganglionic, a. عقدے کا ؛ گرہ کا ـ

gangly, a. تکلا نُما ؛ لاغر اور ڈھیلے ڈھالے جسم والا ـ

gangplank, n. جڑ تختہ ؛ ایک تختہ یا تنگ لمبا ڈھانچا جو کسی جہاز تک آنے جانے کے لیے عارضی پُل کا کام دے ـ

gang plow, n. کئی پھلوں والا ہل یا ایک مشترک فریم جس میں کئی ہل لگے ہوئے ہوں ـ

gangrene, n. (امراضیات) فسادِ نسیج ؛ مرتا ہُوا بافت ، جیسے دورانِ خون کے رک جانے سے ؛ جسم کے کسی حصّے کی موت ؛ غَانقاریا ؛ خُورہ ؛ شقاقُولُوس ؛ گینگرین ـ

gangrenous, a. ناسُوردار ؛ گلا سڑا ـ

gangster, n. منڈلی میں سے یا مجرموں کے گروہ میں سے ایک ؛ داداگیر ؛ اُچکّا ؛ بدمعاش ـ

gangue, n. (کان کَنی) گِلِ معدن ؛ سنگِ معدن ؛ کچ دھات کے ساتھ ملا ہوا پتّھر یا مٹّی ـ

gang up, v.i. (بول چال) مخالفت میں اکٹھے ہو جانا ـ

gangway, n. نشستوں کی قطاروں کے درمیان گزرنے کا راستہ ؛ رہگزر ؛ گزرگاہ ـ (جہازرانی) جہاز کے کئی راستوں میں سے کوئی ایک ؛ جہاز کے اندر راستہ خصوصاً اگلے حصّے اور عرشے کے درمیان جو جہاز میں آنے جانے کے لیے ہوتا ہے ؛ جہاز تک آنے جانے کا جڑ تختہ ـ (کان کَنی) ایک بڑا راستہ یا سطح ـ (برطانوی) نشستوں کی قطاروں کے درمیان کا راستہ ، جیسے ریستوران یا تھیئٹر میں ؛ دارالعوام میں سرکاری اور مخالف پارٹیوں کی نشستوں کو علیحدہ کرنے والا راستہ ؛ تختوں کے ذریعہ بنایا گیا عارضی راستہ ـ (فجائیہ) راستہ دیجیے یا راستے سے ہٹیے ؛ ہٹو بچو ـ

ganister, n. گینسٹر ؛ بعض برطانوی کوئلے کے ذخائر میں پائی جانے والی سخت سلیکان آمیز چٹان یا اس کے مماثل کوئی مصنوعی آمیزہ جو بھٹیوں کے پلستر میں استعمال ہوتا ہے ـ

gannet, n. (طیوریات) گَانِٹ ؛ بَوبی ؛

قازسُفید ؛ بحر اوقیانوس کے یورپی اور امریکی ساحلوں میں سولن کی طرح یا جنوبی امریکا کے ساحل پر بوبی کی طرح کے پائے جانے والے جال نما پاؤں کے بڑے پیراک پرندوں میں سے کوئی ایک ۔

ganoid, a.
چمکیلا ؛ چکنا ؛ چمکدار ؛ صاف ؛ مچھلی کے فلس کا ، جس کی سطح ہموار ، چمکدار اور چکنی ہو ؛ مچھلیوں کے ایک گروہ گینائیڈئی سے متعلّق جن کے ایسے فلس ہوتے ہیں ؛ جنس سگ ماہی سے متعلّق ۔ (اسم) گینائیڈ مچھلی ؛ سَگ ماہی ۔

gantlet, n.
گینٹ لٹ : ایک سابقہ عسکری سزا ۔ دیکھیے : gauntlet ۔

gantlet, n.
گینٹ لٹ : ریل کی دو پٹڑیوں کا ایک دوسرے کے قریب آجانا تاکہ ہر دو پٹڑیوں پر جانے والی گاڑی سُرنگ یا کسی دوسرے تنگ راستے میں سے گزر سکے ۔ (فعل متعدّی) دو ریل کی پٹڑیوں کی طرح قریب قریب لانا ۔

gantry, gauntry, n.
(ریلوے) ڈھانچا ؛ سگنل دکھانے کے لیے مستعمل ڈھانچا ؛ بعض جرّثقیل یا کرینوں کے پُل نما حصے کی طرح کا پلیٹ فارم یا ڈھانچا ۔ (فضائیات) ایک حرکت پذیر ڈھانچا جو راکٹ کی دیکھ بھال یا اُسے چھوڑنے میں استعمال ہوتا ہے ؛ کسی بیرل یا پیپے کو سہارا دینے کے لیے فریم ۔

gaol, n.
جیل ؛ جیل خانہ ؛ بندی خانہ ۔

gaoler, n.
جیلر ؛ جیل خانے کا محافظ ؛ داروغۂ جیل ۔

gap, n.
درز ؛ شگاف ؛ دراڑ ، رخنہ ؛ کھائی ؛ شق ؛ خالی جگہ یا وقفہ ؛ ٹُوٹی ہوئی کڑی ؛ گمشدہ کڑی ؛ خلل ؛ وسیع اختلاف ؛ کسی شے میں خلا یا کمی ؛ پہاڑ کے درمیان تنگ راستہ ؛ پہاڑ میں بنی ہوئی دڑاڑ ؛ اُونچی گھاٹیوں کے بیچ میں راستہ ۔ (فعل متعدی) شگاف یا راستہ یا درز بنانا ۔

gape, v.i.
مُنہ کھول کر دیکھنا ، جیسے حیرانی سے ؛ ٹھکاوٹ ، توجّہ یا حیرانی کے نتیجے میں مُنہ کھولنا ؛ مُنہ کی طرح کھولنا یا کُھلنا ؛ جمائی لینا ۔

gaper, n.
جمائی لینے والا ؛ شق ہونے والا ۔

gapingly, adv.
جمائی لیتے ہوئے ؛ حیرانی سے ۔

gape, n.
مُنہ کھولنے کا عمل ؛ جمائی ؛ استعجاب، جیسے مُنھ کھلا کا کھلا رہ جائے ؛ شگاف یا رخنہ ؛ شکستگی ۔ (جمع لیکن ترکیب میں واحد) (بیطاری امراضیات) گلوگیری ؛ مرغیوں یا دوسرے پرندوں کی ایک بیماری ، جس میں بار بار مُنہ کھلتا ہے اور جو کرمِ گلو گیر کے باعث واقع ہوتی ہے ۔

the gapes,
جمائیوں کا دورہ
(جیسے : Boredom gave him the gapes) ۔

gape worm, n.
کرمِ گلو گیر ؛ ایک خیطیّہ کِرم جس سے پرندوں میں گلوگیری کی بیماری پیدا ہوتی ہے ۔

gapped scale, n.
(موسیقی) حذفی سبتک ؛ موسیقی کا ایک سبتک جس میں پُور کے سرگم کے چند سُر حذف ہو جاتے ہیں ۔

gar, garfish, n.
گارماہی ؛ سینگا مچھلی ؛ شُمالی امریکا کی لمبی نوکدار تھوتھنی والی گینائڈ جنس مچھلیوں میں سے کوئی ایک ۔

garage, n.
کارگودام ؛ گیراج ، وہ جگہ جہاں موٹر کاریں بحفاظت رکھی جائیں یا ان کی مرمّت ہوتی ہو ؛ موٹرکاروں کا گودام ؛ موٹر خانہ ۔ (فعل متعدی) گیراج میں رکھنا یا بند کرنا ۔

Garand rifle, M-1, n.
گیرانڈ رائفل ؛ ایک نیم خود کار ۳۰ء انچ بور کی رائفل جو دوسری جنگ عظیم اور کوریا کی جنگ میں امریکیوں نے استعمال کی تھی ۔

garb, n.
بھیس ؛ وضع ؛ لباس ؛ پوشاک ؛ پہناوا ؛ فیشن کرنے یا لباس پہننے کا انداز ، خصوصاً جب وہ خاص وضع کا ہو جیسے پادری کی عبا ۔ (مجازاً) ظاہری شکل یا بھیس ۔ (فعل متعدّی) مخصوص لباس یا مخصوص انداز میں لباس پہنانا ۔

garbage, n.
آلایش ؛ فُضلہ ؛ کُوڑا کرکٹ ؛ کوئی ردی شے یا گلی سڑی چیز یا گھٹیا شے ؛ بے قیمت اشیا ۔ (فضائیات) مدار میں جمع شدہ مختلف اشیا خصوصاً مدار میں بھیجی گئی گاڑی یا مصنوعی سیارے کا ٹوٹا پھوٹا مواد ۔ (کمپیوٹر) بیکار معلومات ؛ کمپیوٹر سے حاصل ہونے والی غلط یا غیر موزوں معلومات ۔ (مجازاً) فحش یا مکروہ ادب ۔

garble, v.t.
نامُنصفانہ یا گمراہ کُن انتخاب کرنا جیسے کسی متن یا تقریر سے ؛ توڑ مروڑ کر پیش کرنا غلط بیانی کی غرض سے ؛ تحریف کرنا ؛ گڈمڈ کرنا ؛ مسخ کرنا یا بگاڑنا ۔ (قدیم) گرد سے پاک کرنا ؛ چھانٹ لینا یا صفائی کرنا ۔ (اسم) مسخ کرنے کا طریقہ یا عمل ؛ کوئی مسخ شدہ شے ۔

garbler, n.
تحریف کنندہ ؛ مسخ کنندہ ۔

garden, n.
باغ ؛ پُھلواری ؛ چمن ؛ گلزار ؛ گُلستان ؛ گُلشن ؛ زمین کا قطعہ ، عموماً احاطہ بند ، کارآمد یا زیبایشی پودوں ، سبزیوں ، جڑی بُوٹیوں ، پھلوں یا پُھولوں کی کاشت کے لیے مخصوص ؛ زمین کا ٹکڑا یا کوئی ایسی جگہ جہاں عام طور پر زیبایشی پودے یا درخت ہوں اور وہ عوامی سیرگاہ کے لیے استعمال ہوتی ہو ؛ جہاں سبزہ کی افراط ہو ؛ زرخیز اور فرحت بخش جگہ ؛ بوستان ؛ ریاض ؛ باغِ عامہ ؛ عوامی تفریح گاہ ؛ زرخیز زمین ؛ سیر حاصل یا شاداب خطہ ۔ (فعل لازم و متعدّی) باغ لگانا ؛ باغ کی نگہداشت کرنا ۔ (صفت) باغ سے متعلّق یا باغ میں تیّار کردہ ؛ عام ؛ سخت جان ؛ جفاکش ۔

gardner, n.
مالی ؛ باغبان ؛ کاچھی ؛ باغ لگانے والا ۔

garden cress, n.
شاہی ترکاری ؛ ایک بُوٹی جو پکانے میں ، خصوصاً سلاد میں استعمال ہوتی ہے ۔

garden heliotrope, n.
ایک عام قسم کا بڑا دوامی پودا جس پر چھوٹے خُوشبودار ، سفید یا گُلابی پھول آتے ہیں ، زیبایش کے لیے اور ولیرین دوا کے مخذ کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

gardenia, n.
گادڑینیا ؛ کندھراج ، مشرقی نصف کُرّے کے گرم عصّوں میں پائے جانے والے گارڈینیا جنس کے سدا بہار درخت اور جھاڑیاں جن کی بہت سی اقسام خُوشبودار ، مومی سفید یا زرد پھولوں کے لیے کاشت کی جاتی ہیں ۔

gardening, n.
باغبانی ؛ باغ لگانے کا کام یا فن ؛ باغ لگانے کا عمل ؛ مالی کا کام یا فن ۔

garden-variety, a.
عام ؛ معمولی ۔

garfish, n.
دیکھیے : Gar ۔

gargantuan, a.
عظیمُ الجُثہ ؛ دیوقامت ؛ بہت بڑا ؛ بھاری بھر کم ۔

garget, n.
(بیطاری امراضیات) گارگیٹ ؛ مویشیوں اور

سُور کے سر یا گلے کی سوزش ؛ ورم پستان (گائے بکری) ؛ تھن کی سوزش ۔

gargle, v.i., v.t. غرغرانا ؛ غرارہ کرنا ؛ غرارہ کرانا ؛ مُنہ یا گلے کو مائع دوائی کے ساتھ اس طرح دھونا کہ دوائی پھیپھڑوں سے خارج ہونے والی ہوا کے ساتھ حرکت کرتی رہے ؛ غرارہ کی مانند آواز نکالنا ؛ غرارے کے ذریعے مُنہ یا گلے کو دھونا یا صاف کرنا ؛ غرارے کی مانند آواز کے ساتھ بولنا ۔ (اسم) کوئی مائع دوا جو مُنہ اور گلہ صاف کرنے میں استعمال ہو ۔

gargoyle, n. (فنِ تعمیر) پرنالہ ؛ متشکل میزاب ؛ شکلی پرنالہ ؛ بارش کے پانی کے نکاس کا پرنالہ جس کے دہانے پر انسان یا حیوان کی مُضحِک صورت بنی ہو؛ کوئی بے ہودہ یا مضحِک بنی ہوئی شکل یا آرایش ۔

garish, a. چمکیلا ؛ بھڑکیلا ؛ بھڑکدار ؛ بہت چمکدار ؛ زرق برق ؛ فوق البھڑک ؛ شوخ ؛ خِیرہ کُن ۔

garland, n. گجرا ؛ ہار ؛ پتوں ، کَلیوں ، پھُولوں وغیرہ کا بنا ہُوا گجرا یا ہار جو زیبایش یا عزّت افزائی یا فتح مندی کی علامت کے طور پر پہنا جائے ؛ اس کے مُماثل کوئی شے ؛ پھُولوں کا ہار ؛ مطبوعہ ادب پاروں کا مجموعہ ؛ منتخبات ۔ (فعل متعدی) ہار پہنانا ، گجروں سے سجانا ۔

garlic, n. تھوم؛ لہسن ؛ وسن کے خاندان جنس پیاز (Alliun) کا ایک پودا جس کی گٹھی تیز بُو والی ہوتی ہے اور پکانے اور دوائیوں میں کام آتی ہے ؛ اسی جنس کی مختلف انواع میں سے کوئی ایک ؛ ایسے پودے کی گٹھی ۔

garlicky, a. لہسنی ؛ تھوم سا ؛ لہسن کا سا ؛ لہسن کی (بُو) ۔

garlic salt, n. لہسنی مسالا ؛ نمک اور پسے ہوئے خشک لہسن سے بنا ہُوا مسالا ۔

garment, n. پوشاک ؛ کپڑے ؛ ملبوس ؛ پوشش ؛ لباس ؛ کسی شے کا بالائی اور ظاہری پردہ ۔ (فعل متعدی) کپڑے پہنانا ؛ لباس پہنانا ۔

garner, n. اناج کوٹھا ؛ کھتّا ؛ کوٹھی ؛ غلّہ گودام ؛ کھلیان ؛ خرمن ؛ ایسا علاقہ جہاں غلّہ افراط سے پیدا ہو یا انبار کر دیا جائے ۔ (مجازاً) کسی چیز کا ذخیرہ ؛ انبار ۔ (فعل متعدی) گودام میں ذخیرہ کرنا ۔ (مجازاً) اکٹھا کرنا یا جمع کرنا ؛ حاصل کرنا ۔

garnet, n. یاقوت؛ تامڑا ؛ ایک سخت شیشہ نُما سلیکیٹ معدن جو کئی اقسام میں پایا جاتا ہے ، سب کا عمومی فارمولا ایک ہوتا ہے لیکن ترکیب میں مُختلف اور بطور ہیرا یا کسوٹی استعمال ہوتا ہے ؛ عام گہرے سُرخ رنگ کا یاقوت ؛ یاقُوتی رنگ ۔

garnet, n. (جہازرانی) رسّا چرخی ؛ گارنیٹ ؛ ساکن سہارے پر لگی ہوئی رسّا چرخی جو بحری جہاز کا سامان اُٹھانے/لادنے کے کام آتی ہے ۔

garnet paper, n. یاقُوتی ریگ مال ؛ ایک کاغذ جس پر پسے ہوئے یاقُوت کا لیپ کیا ہو اور بطور ریگ مال استعمال ہو ۔

garnierite, n. (معدنیات) خام نِکل ؛ کچّا نِکل ؛ نکل اور میگنیشیم کا آبی سلیکیٹ ؛نکل کا ایک اہم معدن ۔

garnish, v.t. آراستہ کرنا ؛ نقش و نگار کرنا ؛ سجانا جیسے کھانے کی قاب کو سبز دھنیے ، جمود وغیرہ سے؛ آراستہ یا مزیّن کرنا ؛ مطابق کرنا ۔ (قانون) قانونی تنبیہہ کرنا/سزا دینا ۔

garnisher, n. آرایش گر ؛ پلیٹوں کو سجانے والا ۔ (قانون) حُکم امتناع ادائیگی کی تعمیل کرانے والا ۔

garnish, n. تزئین یا زیبایش ؛ آراستگی ؛ نقش و نگار ؛ کوئی زیور یا زینت ، آرایش ؛ پلیٹ (کھانے) میں خُوشبو یا ذائقے کے لیے ڈالی گئی شے ۔ (عوامی) نئے مزدور سے ناجائز طور پر حاصل کردہ رقم جو اُس کے ساتھی یا افسر وصول کریں ؛ ماضی میں انگریزی جیلوں میں نئے قیدیوں سے حاصل کردہ رقم ۔

garnishee, n. (قانون) ایسا شخص جسے وصولی کا امتناعی حُکمنامہ موصول ہوا ہو ؛ امتناع یاب ۔ (فعل متعدی) (قانون) کسی کی قرقی کرنا ؛ امتناع یابی کے طور پر رقم یا جائیداد رکھنا ۔

garnishment, n. تزئین ؛ آرایش ؛ کوئی زیور یا زیبایش ؛ آرایش کرنے کا عمل ؛ کھانوں کے پلیٹ کی سجاوٹ ۔ (قانون) دوسروں کے درمیان مقدمّہ بازی میں عدالت کے سامنے حاضر ہونے کا سمن یا کسی شخص کو دی گئی وارننگ جس کے تحت عدالت کے حکم ثانی تک قرضہ یا جائیداد جو مدعا علیہ کی ملکیت ہے ، اپنے قبضہ میں رکھے ۔

garniture, n. آرایش و زیبایش کے لوازمات (خصوصاً کھانے کی پلیٹ میں) ؛ لباس ؛ پوشاک ؛ ملبوسات ؛ پوشش ؛ زینت یا سجاوٹ ۔

garpike, n. دیکھیے : gar ۔

garret, n. آخری منزل کا کمرہ ؛ اٹاری ؛ آخری چھت والا کمرہ ؛ چُبارہ؛ بالا خانہ ۔

garrison, n. گیریزن ؛ چھاؤنی ؛ قلعے یا شہر کی محافظ فوج ؛ قلعہ یا حصار میں ٹھہری ہوئی فوج ؛ قلعہ ؛ فوجی چھاؤنی یا قلعہ بند شہر جس کی حفاظت کے لیے فوج متعیّن ہو ۔ (فعل متعدی) محافظ فوج رکھنا ؛ محافظ فوج کی حیثیت سے رہنا ؛ فوج کو قلعے وغیرہ کی حفاظت پر متعیّن کرنا ۔

Garrison finish, n. غیر متوقّع انجام (دوڑکا) ؛ گیریزن فنش ؛ کسی دَوڑ کا ایسا حیران کُن اختتام جس میں جیتنے والا اچانک پیچھے سے آگے آجائے ۔

garron, n. ٹٹُو ؛ ایک چھوٹا ، مضبوط گھوڑا جو آئرلینڈ اور اسکاٹ لینڈ میں پالا جاتا ہے ؛ اسکاٹ لینڈ یا آئرلینڈ کا ٹٹُو ؛ کوئی ایسا گھوڑا ۔

garrot, n. زرچشمی مُرغابی ؛ سُنہری آنکھوں والی ، ایک قسم کی مرغابی ۔

garrote, n. اسپین میں سزائے موت دینے کا طریقہ جس میں مجرم کو آہنی پھندے سے گلا گھونٹ کر یا منکہ توڑ کر مارا جاتا ہے ؛ آلہ جو اس طرح مارنے میں استعمال ہو ۔ (فعل متعدی) گلا گھونٹنا یا منکہ توڑنا خصوصاً قزّاقی/ڈاکہ زنی کے جُرم میں ۔

garroter, n. گلا گھونٹنے والا ؛ جلاّد ۔

garrulous, a. باتونی ؛ بکّی ؛ گپّی ؛ بھڑبھڑیا ؛ بڑبولا ؛ بکواسی ۔

garrulousness, garrulity, n. باتونی پن ؛ بڑبولا پن ۔

garter, n. گارٹر ؛ گیٹس ؛ ٹانگ پر پہننے والا الاسٹک یا زیر جامہ کو سہارنے والا یا موزے یا جُراب کو سہارنے والا الاسٹک ؛ آستین کو اوپر سہارا دینے والا بند ۔ (بڑے G کے ساتھ)

کی تنصیب کرنے والا ۔

gas fitting, n. گیس فٹر کا کام ۔ (جمع) گیس سے روشنی و حرارت حاصل کرنے کے لیے استعمال ہونے والا سازوسامان ۔

gash, n. گھاو ؛ چرکا ؛ گہرا زخم خصوصاً گوشت میں ؛ کاری زخم ۔

gas holder, n. گیس دان ؛ ایک بڑا برتن جس میں قدرتی یا تیّار شُدہ گیس جمع کی جائے ۔

gasify, v.t. گیس کاری کرنا ؛ گیس میں تبدیل کرنا ۔ (فعل لازم) گیس میں تبدیل ہو جانا ۔

gasifiable, a. قابلِ گیس کاری ؛ گیس بننے کے قابل ۔

gasification, n. گیس کاری ؛ گیس کی بناوٹ ۔

gasket, n. گاسکٹ ۔ (جہازرانی) رسّی یا ڈوری جس سے لپٹے ہوئے بادبان کو چوبِ مستول سے باندھ دیا جاتا ہے ۔ (میکانیات) سَن ، ربڑ یا دھات کا تہ دار چھلاّ جو کسی جوڑ کو پانی بند یا ہوا بند بناتا ہے ۔

gaskin, n. گاسکن ؛ چوپایوں کی پچھلی ٹانگوں کا گھٹنے اور پُٹھے کی ہڈّی کا درمیانی حصہ ۔

gaslight, n. ضیائے گیس ؛ گیس روشنی ؛ گیس کے جلنے سے پیدا ہونے والی روشنی ؛ گیس کا تیز دھارا ۔

gaslit, a. ضیائے گیس سے تاباں ؛ گیس کے جلنے سے روشن ؛ گیس کی وافر روشنی کے استعمال سے نمایاں ۔

gas log, n. گیس لاگ ؛ جلانے والی لکڑی کے ایک یا کئی کُندوں کے مشابہ ، انگیٹھی میں مستعمل گیس کا برنر (چُولہا) ۔

gas mask, n. گیس نقاب ؛ نقاب نُما شے جو کیمیاوی طور پر ہوا کی تقطیر کرتی ہے اور جسے جنگ کے دوران یا بعض صنعتی پیشوں میں زہریلی گیسوں سے بچاؤ کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

gasogene, n. سوڈا واٹر مشین ؛ سوڈا واٹر بنانے کی مشین ۔

gasohol, n. گیسول ؛ موٹر گاڑیوں میں استعمال ہونے والا تیل کا آمیزہ ، جس میں دس فی صد ایتھنول شامل ہوتا ہے ۔

gasoline, gasolene, n. پٹرول ؛ گیسولین ؛ ایک قسم کا اُڑ جانے والا آتش گیر رقیق مادہ جو حرارت اور روشنی پیدا کرتا ہے اور ہائیڈروکاربنوں کا آمیزہ ہوتا ہے ، پٹرولیم کی کشید سے حاصل ہوتا ہے ، بیشتر بطور محلّل اور اندرونی احتراقی انجن کے لیے ایندھن کے طور پر مستعمل ہے ۔ نیز (برطانوی):petrol ۔

gasoline engine or motor, n. گیسولین انجن ؛ گیسولین موٹر ؛ ایک اندرونی احتراقی انجن جس میں گیسولین بطور ایندھن استعمال ہوتا ہے ۔

gasometer, gasomiter, n. گیس پیما ؛ گیس دان ؛ گیس رکھنے کا برتن ؛ گیس ناپنے کا آلہ ۔ (برطانوی) گیس ذخیرہ کرنے کا ٹینک جس میں سے نلوں کے ذریعے گیس گھروں اور کارخانوں کو تقسیم ہوتی ہے ۔

gasp, v.i., v.t. ہانپنا یا سانس مشکل سے مُنھ کھول کر لینا ؛ سانس پھُولنا ؛ اینٹھن سے سانس لینا ؛ حیرت سے مُنھ کُھلنا ؛ ہانپ کر سانس لینا یا رُک رُک کر بولنا ۔ (اسم) اینٹھن سے سانس لینے کی کوشش یا عمل ؛ ہچکی لینے کا عمل یا ہچکی ۔

gaspingly, adv. ہانپتے ہوئے ؛ ہچکی لیتے ہوئے ۔

(برطانوی) گارٹر : آرڈر آف دی گارٹر کا نیلا ریشمی بیج ؛ اس آرڈر کی رکنیت ؛ یہ آرڈر ۔

garter snake, n. گارٹر سانپ ؛ گیٹس سانپ ؛ شمالی اور وسطی امریکا میں پائے جانے والے بے ضرر سانپوں میں سے ایک ، جس کی بُھوری یا سبزی مائل جِلد پر تین لمبی دھاریاں ہوتی ہیں ۔

garth, n. احاطہ ؛ صحن جس کے ارد گرد راہداری ہو ؛ گھیر ۔

gas, n. (طبیعیات ، کیمیا) گیس : مادے کی وہ حالت جس میں سالمے ہر ممکن سمت میں حرکت کر سکتے ہیں ، پھیل کر پورے برتن کو (جس میں ڈالا جائے) بھر دیتے ہیں اور اگر کسی برتن میں محدود نہ ہوں تو لا محدود حد تک پھیل سکتے ہیں ؛ گیس کی حالت میں کوئی شے یا ہوا کے علاوہ گیسوں کا کوئی آمیزہ ؛ گیسی حالت میں کوئی ایسی شے جو روشنی کرنے یا گرم کرنے کے لیے جلائی جائے ؛ ہوا میں معلّق دُھند نُما باریک ذرّات جو دُشمن پر غلبہ حاصل کرنے ، اُسے بے ہوش کرنے ، بوکھلانے یا زہر دینے کے لیے استعمال کیے جائیں ؛ کوئلے کی کانوں میں پایا جانے والا زُود احتراقی ہوا اور گیس کا آمیزہ ؛ غذا کے پُوری طرح ہضم نہ ہونے کی صُورت میں قناتِ ہاضمہ سے خارج ہونے والی ریح ۔ (بول چال) تیل سے چلنے والی گاڑی کا مُسرع پیڈل ؛ پٹرول ۔ (عوامی) خالی خولی باتیں یا محض بکواس ؛ وہ شخص یا شے جو نئی ، عجیب یا تسکین بخش ہو ؛ وہ شے یا شخص جو گہرا نقش چھوڑے ۔ (فعل متعدی) گیس یا بُخارات سے متأثر کرنا ، مغلُوب کرنا یا گلا گھونٹنا ؛ گیس مہیّا کرنا ، بھرنا ؛ بُخارات سے علاج کرنا ؛ بیکار ریشے جلانے کے لیے گیس کے شُعلے سے گزارنا ۔ (عوامی) خُوش کرنا (کامیابی سے) ؛ بہت زیادہ متأثر کرنا ۔ (فعل لازم) گیس کا خارج ہونا جیسے اسٹور شُدہ بیٹری سے ۔ (عوامی) فضول باتوں میں مصروف ہونا ۔

gas attack, n. گیسی حملہ ؛ فوجی حملہ جس میں دُشمن کے خلاف گلا گھونٹنے والی زہریلی گیسیں استعمال کی جاتی ہیں جیسے ہوائی جہاز سے چھڑکاؤ کر کے یا گیس کے بم برسا کر ۔

gasbag, n. گیس تھیلا ؛ گیس بھرنے والا تھیلا ۔ (عوامی) خالی خولی باتیں کرنے والا ؛ بڑبولا ؛ لاف زن ؛ ڈینگیا ؛ شیخی خورا ۔

gas chamber, n. گیس کمرہ ؛ گیس چیمبر ؛ وہ کمرہ جس میں موت کے سزا یافتہ کو زہریلی گیس کے ذریعے ہلاک کیا جاتا ہے ۔

Gascon, n. گاسکن ؛ فرانس میں گاسکونی کا باشندہ ۔ (چھوٹے g کے ساتھ) شیخی باز یا ڈینگ مارنے والا شخص ۔ (صفت) گاسکون یا اِس کے باشندوں سے متعلّق ۔ (چھوٹے g کے ساتھ) شیخی بگھارنے والا ؛ شیخی خورا ؛ لاف زن ؛ تعلّی باز ۔

gasconade, n. تعلّی ؛ شیخی ؛ لاف و گزاف ؛ ڈینگ ۔ (فعل لازم) شیخی بگھارنا ؛ ڈینگ مارنا وغیرہ ۔

gas engine, n. گیس انجن ؛ ایک اندرونی احتراقی انجن جو گیس اور ہوا کی آمیزش سے چلتا ہے ۔

gaseous, a. گیس کا ؛ گیس دار ؛ گیس سا ؛ جو ٹھوس نہ ہو ۔ (بول چال) کم وجود ؛ ہوائی ؛ غیر متعیّن ۔

gas fitter, n. گیس فِٹر ؛ گیس کے استعمال کے آلات

gasper, n. (برطانوی، عوامی) گھٹیا سگریٹ ۔

gas-plant, fraxinella, n. (نباتیات) گیس دار پودا ؛ سدابہار جھاڑ نُما پودا جس کے پُھول گرم موسم میں بھڑک اٹھنے والے بخارات چھوڑتے ہیں ؛ نَقائے آبی ۔

gasser, n. گیس کنواں ؛ وہ جو ہوا خارج کرے ؛ کنواں یا کُھدائی جس سے قُدرتی گیس نکلے ۔ (عوامی) کوئی شے یا شخص جو اچھّے یا بُرے انداز میں نمایاں ہو ؛ خالی خولی باتیں بنانے والا ؛ ہوائی جہاز کا گیس دان۔

gas shell, n. (عسکری) گیس گولا ؛ بھک سے اُڑنے والا گولا جس میں زہریلی گیس ہو ؛ گیس بھرا گولا۔

gas station, a. پٹرول پمپ ؛ ایسی جگہ جہاں موٹر گاڑیوں کی سروس کی جائے اور گیسولین ، تیل وغیرہ فروخت ہو ؛ فلنگ اسٹیشن ؛ سروس اسٹیشن۔

gassy, a. گیس کا ؛ گیس سے بھرا ہُوا ؛ گیس کی مانند۔ (عوامی) خالی خولی لفّاظی کرنے والا ؛ گپّی ؛ بڑبولا ؛ شیخی خورہ ۔

gassiness, n. لفّاظی ؛ زبانی جمع خرچ ۔

gastight, a. گیس بند ؛ گیس کا داخلہ یا اخراج روکنے والا ۔

gastral, a. معدی ؛ شِکمی ؛ معدے یا ہاضمے کی نالی سے متعلّق ۔

gastralgia, n. دردِ معدہ ؛ خصوصاً عصبی درد ۔

gastrectomy, n. (جرّاحی) معدہ براری ؛ معدہ یا اس کا کوئی حصہ نکالنے کا عمل ۔

gastric, a. شکمی ؛ معدی ؛ ریاحی ؛ معدے سے متعلق ۔

gastric juice, n. (حیاتی کیمیا) رطوبتِ معدی ؛ عَصِیرِ معدہ ؛ خامروں اور نمک کے تیزاب والا تیزابی ہاضم سیّال مادّہ جو معدہ کی لعابی جِھلّیوں میں غدودوں سے خارج ہوتا ہے ۔

gastric ulcer, n. معدے کا اَلسَر ؛ قروحِ معدہ ؛ زَخمِ معدہ ؛ معدے کی لعابی جِھلّی پر کُھلا زخم جو عموماً عصیرِ معدہ کی تُرشی کے اضافے سے ہوتا ہے ۔

gastrin, n. (حیاتی کیمیا) گسٹرن ؛ عصیرِ معدہ خارج کرنے میں معاون غُدود ۔

gastritis, n. (امراضیات) ورمِ معدہ ؛ معدے کی مزمن سوزش ، خصوصاً لعابی جھلّی کی۔

gastrointestinal, a. معدی اِمعائی ؛ معدہ یا انتڑیوں کو متأثّر کرنے والا یا اُن سے متعلّق ۔

gastrology, n. مِعدیات ؛ علمِ معدہ ؛ معدہ کی ساخت ، افعال اور امراض کا عِلم۔

gastrologist, n. ماہرِ علمِ معدہ۔

gastronome, n. شکم پرست ؛ شکم پرور ؛ پیٹو ؛ پیٹ پُجاری ؛ خُوش خوراک ؛ عُمدہ کھانوں کا مُبصّر ؛ فنِ طبّاخی کا مُبصّر۔

gastronomy, n. فنِ طبّاخی کی مبصّری ، خوش خوراکی ؛ شکم پروری ۔

gastropod, n. معدہ پا ؛ نائمہ ؛ صدفیات میں سے کوئی ایک صدفیہ بشمول گھونگا ؛ بدھی راب ، جس کا عام طور پر یک صمامی خول ہوتا ہے اور پیٹ کی جانب قرص نما پاؤں ہوتے ہیں جس کے ذریعے وہ چلتا ہے ۔ (صفت) معدہ پا سے متعلّق ؛ معدہ پا میں سے ؛ معدہ پایانی ۔

gastroscope, n. شکم بین ؛ معدہ بین ؛ گیسٹروسکوپ ؛ معدہ کے اندرونی حصّے کا معائنہ کرنے کا آلہ ۔

gastrotomy, n. (جرّاحی) شِکم شگافی ؛ مِعدہ شگافی ؛ معدہ یا پیٹ کو چیرنے کا عمل ۔

gastrovascular, a. (حیوانیات) ہاضمہ اور دورانِ خون کے مقاصد کے لیے ، جیسے بعض جانوروں کے جسم میں ہاضمے کی تھیلی جس میں سے خُوراک کو جگالی کے لیے دوبارہ مُنہ میں لا کر چباتے ہیں ۔

gastrula, n. (جنین) گسٹرولا ؛ شکمینہ ؛ خلیوں کی دو تہوں سے بنا ہُوا بُعدِ حوینی کاجنین جو نہوضہ سے تشکیل پائے ہوئے پیالہ نُما جسم کی طرح ہوتا ہے ۔

gastrulation, n. (جنین) شکمینہ سازی ؛ گسٹرولا/شکمینہ کی تشکیل ؛ کوئی عمل مثلاً انغماد ، جس کے ذریعہ بَلسٹولا یا جنین کی کوئی اور شکل شکمینہ/گسٹرولا میں تبدیل ہو جائے۔

gas turbine, n. گیس ٹربائن ؛ ایک انجن جو زیرِ دباؤ گرم بھاپ سے چلتا ہے ۔

gasworks, n. کارخانۂ گیس ؛ وہ کارخانہ جس میں روشنی اور حرارت دینے والی گیس تیّار کی جائے ۔

gat, n. گھاٹی ؛ درّہ ؛ کناروں یا چٹانوں کے درمیان راستہ ، جیسے ساحل کے ساتھ ساتھ ۔

gat, n. (عوامی) بندوق ، پستول یا ریوالور۔

gate, n. پھاٹک ؛ بیرونی دروازہ ؛ در ؛ باب ؛ دروازہ ؛ ایک حرکت پذیر ڈھانچا جو راستہ کھولنے یا بند کرنے کے کام آئے ؛ کسی بند جگہ کی سمت یا اُس سے باہر آنے کا راستہ ، خصوصاً وہ جو قابلِ حرکت ہو اور کسی حرکت کرنے والی روک سے بند ہو سکے ؛ کسی ایسے شگاف کے گرد بنائی ہوئی کوئی تعمیر جو رُکاوٹ رکھتی ہو ؛ پانی یا بھاپ کے بہاؤ کو باقاعدہ بنانے کا آلہ جیسے صمام (valve)؛ داخلے یا رسائی کا قُدرتی ذریعہ جیسے سلسلۂ کوہ میں درّہ یا گھاٹی ؛ کوئی شے جو رسائی مہیا کرے (جیسے: the gate to wealth)؛ پَٹ یا فریم ، جیسے آری کے لیے ؛ لوگوں کی تعداد جنھیں اندر جانے کے لیے داخلہ فیس ادا کرنی پڑے ؛ اُن سے حاصل کردہ کل رقم ۔ (برق) ایک سگنل جو کسی سرکٹ میں سے ایک وقت میں دوسرے سگنل گزرنے کی اجازت دے ۔ (ڈھلائی) کسی سانچے یا قالب میں نالی یا شگاف جس میں سے اُس کے اندر دھات انڈیلی جاتی ہے ؛ وہ فالتو دھات جو اس میں ڈھالی جائے ۔ (فعل متعدی) (برطانوی) اسکول کی حدود میں رہنے کی سزا دینا جیسے اسکول کے طالبِ علم کو ؛ دربند کرنا ؛ کیمپس پابند کرنا ۔

gate, n. (اسکاٹش ، علاقائی انگریزی) راستہ ؛ گزرگاہ ؛ سڑک یا گلی جیسے مقامی طور پر بعض سڑکوں کو ناموں سے برقرار رکھا گیا ہو مثلاً کینن‌گیٹ ، ایڈنبرا(اسکاٹ لینڈ) میں ؛ مِکل گیٹ ہارک (انگلینڈ) میں۔

gate crasher, n. (بول چال) بن بلایا مہمان ؛ وہ جو بن بلائے پہنچ جائے ؛ ناخواندہ مہمان ؛ مفت خورا ۔

gatefold, n. تہ شدہ ورق ؛ کسی کتاب یا رسالے میں ایسا اضافی ورق جو دوسرے صفحوں سے بڑا ہونے کے باعث تہ کیا جائے ۔

gatehouse, n. ڈیوڑھی ؛ چوکی ؛ کسی دروازے کے قریب یا اوپر کمرہ ؛ ایسا کمرہ جو کسی املاک کے دربان یا کسی قید خانے یا قلعے کے

عموماً ہسپانوی اور امریکی انڈین مخلوط نسل کا ؛ چرواہا۔

gaud, n. بھڑکیلا ؛ زیبایشی یا نمایشی زیور ؛ بھڑک دار ۔

gaudery, n. بے ذوقی یا بھونڈے پن سے کسی چیز کی نمایش ۔

gaudy, a. بھڑکیلا ؛ زرق برق ؛ چمکیلا ؛ بدذوقی کی حد تک نمایشی ۔

gaudily, adv. بھونڈے پن سے ؛ نمایشی طور پر ؛ بھڑکیلے انداز میں ۔

gaudiness, n. بھونڈا پن ؛ نمود و نمایش ؛ بھڑکیلا پن ۔

gauffer, n., v.t. دیکھیے : Goffer ۔

gauge, gage, n. گیج ؛ پیمانہ ؛ ناپ ؛ گنجایش ، وسعت ، مقدار یا سائز کا اندازہ لگانے یا جانچنے کا ذریعہ ؛ معیار ؛ پیمایش یا نشان لگانے کے مُختلف آلات میں سے کوئی ایک (جیسے عمارت سازی یا جلد سازی میں) ۔ (ریلوے) ریل کی پٹڑیوں کا درمیانی فاصلہ ، جو امریکا میں ۴ فٹ ۸ ۱/۲ انچ ہوتا ہے ؛ بندوق کی گولی کا قطر ؛ جُرابوں میں دُوسرے بُنے ہوئے کپڑے کی نفاست جانچنے کا پیمانہ جو فی ۱ ۱/۲ انچ میں پھندوں کی تعداد سے متعین ہوتا ہے ؛ بنائی کی سلائیوں کے قُطر کا سائز اور فی انچ ٹانکوں کی تعداد یا قطاریں ناپنے کا آلہ ۔ (جہاز رانی) جہاز کا محل وقوع ، دُوسرے جہاز یا ہوا کے رُخ کے لحاظ سے ۔

gauge, gage, v.t. کسی چیز کی مقدار یا گنجایش ناپنا یا اندازہ کرنا؛ صلاحیت، طاقت یا خصوصیت کے لحاظ سے ناپنا ؛ اندازہ کرنا ؛ تخمینہ لگانا ؛ جانچنا ؛ کسی معیار کے مطابق بنانا ۔ (فنِ تعمیر) پلستر کی مانند ملانا یا پتھّروں کے مطابق شکل دینا ۔

gaugeable, a. قابلِ پیمایش ۔

gauger, n. پیمایش کُنندہ ؛ پیمایش کرنے والا شخص یا آلہ ؛ پیمانہ ؛ قابلِ محصول اشیا کا معائنہ کرنے والا کسٹم کا مُلازم ؛ کسی فیکٹری میں مشینی مصنوعات کو جانچنے والا ۔

Gaulish, a. گالش ؛ قدیم رومی صُوبے گالیا سے متعلّق ؛ اس کے باشندے یا ان کی کلٹی زبان ۔ (اسم) کلٹی زبان جو اب معدوم ہو چکی ہے ۔

Gaullism, n. گالزم ؛ فرانس میں جنگِ عظیم دوم کے بعد چارلس ڈیگال کی رہنمائی میں اُبھرنے والی قدامت پسند سیاسی تحریک ؛ اس تحریک کے پیروکاروں کے اصول اور طریقِ کار ۔

Gaullist, n. ڈیگالی ؛ چارلس ڈیگال کا حامی یا پیروکار ۔

gaultheria, n. (نباتیات) گالتھیریا ؛ حشیشتہ البتـول ؛ البتـول ؛ ہری بھری ؛ جنس البتول کی سو سے زائداقسام کی سدابہار جھاڑیوں میں سے کوئی ایک، جیسے امریکی جھاڑی ونٹر گرین ۔

gaunt, a. مریل ؛ قاق ؛ طویل عُمری ، بُھوک یا بیماری کے باعث دُبلا پتلا ؛ سُوکھا ؛ وحشت ناک ؛ تُند ؛ وحشت زدہ ؛ (جگہوں/اشیا کے لیے) ویران ، غیرآباد ، خرابہ ؛ اُجاڑ ۔

gauntness, n. ویرانی ؛ اجاڑ پن ؛ دبلا پن ؛ دُبلاپا ۔

gauntlet, n. آہنی دستانہ ؛ ماضی میں بطور اسلحہ پہنا جانے والا دستانہ جس کی انگلیوں پر چھوٹی آہنی پتریاں لگی ہوتی تھیں ؛ ہاتھ اور کلائیوں کو ڈھانپنے والا دستانہ ؛ صنعتی کاموں میں استعمال کیا جانے والا کسی بھی قسم کا دستانہ ۔

نگہبانوں کے لیے ہو ؛ کسی ڈیم یا بند کے دروازے پر تعمیر جس میں پانی کے بہاؤ کو باقاعدہ بنانے کے لیے آلات لگے ہوں ۔

gatekeeper, n. دربان ؛ چوکیدار ؛ محافظ ؛ پاسبان ؛ پھاٹک یا دروازے کا محافظ خصوصاً جو دروازے پر آمدورفت یا گزر کی نگرانی کرے ۔

gate-leg table, n. کُھل بند تختہ میز ؛ ایسی میز جس کا ہر تختہ کھولتے وقت میز کی ٹانگوں پر ٹک جاتا ہے اور بند کرتے وقت میز کی ٹانگیں سمٹتی ہیں تو تختہ واپس اپنی جگہ پر آ جاتا ہے ۔

gateman, n. دربان ؛ پاسبان ؛ پہرے دار ؛ محافظ ۔

gatepost, n. ستونِ در ؛ پھاٹک کا بازُو ؛ وہ کھمبا یا ستون جس پر دروازہ گھومتا ہے یا وہ جس پر ٹک کر دروازہ بند ہوتا ہے ۔

gateway, n. باب ؛ دروازہ ؛ راستہ یا گزرگاہ جو پھاٹک کے ذریعے بند ہو جائے ؛ بڑے دروازے میں لگا چوکٹھا جو ایسی گزرگاہ کا کام دے ؛ داخل ہونے کا راستہ (جیسے : Karachi is the gateway to the Islamic Republic of Pakistan.) ۔

gather, v.t. اکٹھا کرنا ؛ مجتمع کرنا ؛ جمع کرنا ؛بہم کرنا ؛ یکجا کرنا ؛ خرمن جمع کرنـا ؛ چُن کر جمع کرنا (پُھول وغیرہ) ؛ ایک جگہ کرنا ؛ سمیٹنا ؛ (کپڑے میں) شکنیں یا چُنٹیں ڈالنا ؛ کوشش سے یا کوشش کے بغیر حاصل کرنا یا فائدہ اٹھانا (جیسے : to gather strength) ؛ واقعات سے نتیجہ نکـالنـا ؛ استخراج کرنا ؛ استنباط کرنا ؛ مائل کرنا ؛ باعثِ کشش ہونـا (جیسے : flowers gathering bees) ؛ لپیٹنا یا تہ کرنا (جیسے : to gather the coat around oneself) ۔ (فعل لازم) اکٹھا ہونا ؛ یکجا ہونا ؛ جمع ہونا ؛ اُبھار بننا جیسے آبلہ ؛ شکن آلود ہونا جیسے کپڑا ؛ جڑ پکڑنا اور نشوونما پانا ۔

gather oneself together, ایک بھرپور کوشش کے لیے اپنی تمام طاقت مجتمع کرنا ۔

be gathered to one's fathers, آبا و اجداد سے جا ملنا ؛ گُزر جانا ؛ راہیٔ ملکِ عَدَم ہونا ؛ مر جانا ۔

gather, n. کپڑے کی چُنّٹ یا تہ جسے دھاگے کے ذریعے برقرار رکھا جائے ؛ چُنّٹ یا شِکن ؛ باہم اکٹھا کرنے ، چنٹ ڈالنے یا جمع کرنے کا عمل یا مثال ۔

gathering, n. ہجُوم ؛ اجتماع ؛ بھیڑ ؛ اکٹھا کرنے یا جمع کرنے کا عمل ؛ اَکٹھی کی گئی شے ؛ کھیتوں یا جنگلوں وغیرہ سے خوراک اکٹھا کرنے کا عمل ، جیسے گھونسلوں سے انڈے جمع کرنا کسی کپڑے میں چنّٹ یا چُنّٹوں کا سلسلہ ؛ ابھار یا پھوڑا ؛ آبلہ وغیرہ ؛ سُوجن ؛ ورم ۔

Gatling gun, n. گیٹلنگ گن ؛ امریکی موجد گیٹلنگ (۱۸۱۸ـ۱۹۰۳ء) کی ایجاد کردہ پرانی مشین گن جو ایک مرکزی محور کے گرد گھومنے والی نالیوں پر مشتمل ہوتی تھی ، نالیاں گُچھے کی شکل میں ہوتی تھیں اور ہر نال ، ہر ایک چکر کے دوران خودکار طریقے سے بھری اور چلائی جاتی تھی ۔

gauche, a. بے ڈھب ؛ بے سلیقہ ؛ بے ڈھنگا ؛ بے تُکا ؛ ناشایستہ ؛ پھوہڑ ۔

gaucheness, gaucherie, n. بے ڈھب پن ؛ پھوہڑ پن ؛ بے سلیقگی ؛ بے ڈھنگا پن ؛ بے تُکا پن ؛ ناشایستگی ؛ اخلاقی لغزش ۔

gaucho, n. گاؤچو ؛ جنوبی امریکا کے علاقے کا کاؤ بوائے ،

take up the gauntlet, چیلنج قبول کرنا ۔

throw down the gauntlet, چیلنج کرنا ؛ مقابلے کے لیے بلانا ۔

gauntlet, n. کڑی سزا ؛ تلخ تجربہ ؛ سزا دینے کا ایک طریقہ جس میں سزایافتہ شخص کو مسلّح اشخاص کی دو صفوں کے درمیان ان کی بیدیں، کوڑے اور ضربیں وغیرہ کھاتے ہوئے دوڑنا پڑتا ہے ؛ کئی سمتوں سے حملہ ؛ کسی قسم کا انتہائی تکلیف دِہ تجربہ ۔

run the gauntlet, ہدفِ ملامت ہونا ؛ لعن طعن سہنا ؛ اس سزا میں سے گزرنا ۔ (مجازاً) شدید تنقید، نزاع یا بُرے برتاؤ کا شکار ہونا۔

gaur, n. [اردو] گور ؛ جنوب مشرقی ایشیا اور ملایشیا میں پایا جانے والا عظیم الجثہ جنگلی سانڈ ۔

gauss, n. (طبیعیات) گاؤس ؛ مقناطیسی امالے یا بہاؤ کی برقیاتی مقناطیسی پیمایش کے نظام میں اکائی جو ایک میکسویل فی مربّع سینٹی میٹر کے برابر ہے ۔

gauze, n. جالی ؛ گاز ؛ باریک شفاف ریشمی یا سُوتی کپڑا یا تار کی بہت باریک جالی ؛ اس کے مشابہ کوئی بھی بُنی ہوئی شے، (جیسے : wire guaze) ؛ زخموں پر باندھنے کے لیے ڈھیلی ڈھالی بُنی ہوئی سُوتی پٹّی ؛ ہلکا بادل، کُہر یا دُھند ۔

gauzy, a. جالی کا بنا ہوا یا اس کے مشابہ ؛ جالی کی مانند باریک ۔

gavage, n. انبوبی تغذیہ ؛ جبری تغذیہ ؛ جبراً کھلانا، جیسے مرغیوں یا انسانوں کو لچکدار شکمی ٹیوب یا پریشر پمپ کے ذریعے ؛ پیٹ بھر غذا ۔

gavel, n. ایک چھوٹی مُوگری جسے صدرِ مجلس توجّہ طلبی یا نظم و ضبط کے لیے استعمال کرتا ہے ؛ تیشی ۔ (فعل متعدی) صدرِ مجلس کا مُوگری کے استعمال سے خاموش ہو جانے یا نظم و ضبط بحال رکھنے کا مطالبہ کرنا ۔

gavel, n. کرایہ ؛ خراج ؛ قدیم اور قُرون وُسطیٰ کے انگلستان میں ادا کردہ کرایہ یا خراج ۔

gavelkind, n. (برطانوی) (قانون) گیول کائینڈ ؛ قانون وراثت جو کینٹ (انگلینڈ) کے علاقہ میں رائج تھا جس کی رُو سے متوفّی کی جائیداد اس کے بیٹوں یا وارثوں میں برابر برابر تقسیم کر دی جاتی تھی ؛ تقسیم کا یہ عام رواج ؛ اس طرح حاصل کردہ زمین ۔

gavelock, n. (برطانوی) (بولی) لوہے کا لیور یا بیرم؛ ارّا ۔

gavial, n. نہنگ ؛ مگر مچھ ؛ گُھڑیال ؛ ایک بڑا مگر مچھ جس کے جبڑے لمبے ہوتے ہیں اور جو دریائے گنگا اور برصغیر کے بعض دُوسرے دریاؤں میں پایا جاتا ہے ۔

gavotte, n. گیووٹ ؛ ایک قسم کا قدیم فرانسیسی تیز طرار چار تال کا رقص؛ اس کے ساتھ کا گانا جو بعض اوقات کلاسیکی موسیقی میں شامل کیا جاتا ہے ۔

gawk, n. خبطی؛ بے تُکا آدمی؛ جھینپو؛ سادہ لوح؛ بیوقوف؛ ہونّق؛ سِڑی ۔ (فعل لازم) ٹکٹکی باندھ کر دیکھتے رہنا؛ بے کار یا بے وقوفی سے دیکھنا؛ مُنہ پھاڑ کر دیکھنا؛ بکّا بکّا ہو کر تکنا ۔

gawkish, a. بے وقوف؛ بور؛ بے تُکا؛ بے ڈھنگا؛ سِڑی ۔

gawky, a. ہَونَّق؛ بے تکا ؛ بے ڈھنگا ؛ جھینپو۔ (اسم) بے ڈھنگا آدمی ۔

gawkiness, n. بے تُکا پن ؛ بے ڈھنگا پن ؛ خبط ۔

gay, a. مسرُور ؛ خُوش ؛ شادان ؛ زندہ دل ؛ خوش مزاج ؛ خُوش دلی میں یا خُوش دلانہ کیفیت ظاہر کرتے ہوئے ؛ ہنس مُکھ ؛ شوخ؛ بے فکر؛ لااُبالی ؛ چنچل ؛ سماجی یا دیگر مُسرّتوں کا عادی یا ان میں کھویا ہوا (جیسے :a gay social evènt) ؛ خوش طبع ؛ زرق برق ؛ بھڑکدار ؛ سطحی ؛ کھیل کُود کی خوشیوں کا دلدادہ ؛ بدچلن ؛ عیّاش۔ (عوامی) ہم جنس پرست ؛ لونڈا۔

gayal, n. [اردو] گیال ؛ ایک پالتو پتلے سینگوں اور سفید ٹانگوں والا سانڈ، جو برصغیر پاک و ہند کے اکثر حصوں میں پایا جاتا ہے اور گور (gaur) کی پالتو نسل سے سمجھا جاتا ہے۔

gayety, n. دیکھیے : Gaiety ۔

gayly, adv. دیکھیے : gaily ۔

gazabo, n. (عوامی) کوئی شخص ۔

gaze, v.i. ٹکٹکی باندھ کر ، گُھور کر یا نظر جما کر دیکھنا؛ ٹکٹکی باندھ کر یا حیرت سے نظر ڈالنا ۔ (اسم) ٹکٹکی ۔

gazebo, n. جھروکا؛ جس مقام سے کوئی منظر دیکھا جا سکے ، منارہ ، بالکونی ؛ بارہ دری ؛ برآمدہ ؛ چھجّا ۔

gazehound, n. گیز ہاؤنڈ ؛ ایسا کُتّا جو بُو کی بجائے دیکھ کر شکار کا تعاقُب کرے ۔

gazelle, n. غزال ؛ ہرن ؛ آہو ؛ باوقار چال اور چمکدار آنکھوں والا ایشیائی یا افریقی غزال جنس کے جانوروں میں سے کوئی ایک ۔

gazette, n. جریدہ ؛ روزنامہ ؛ گزٹ ؛ اخبار ؛ اب بیشتر اخبارات کے ناموں کا حصہ ؛ کوئی سرکاری جریدہ ، خصوصاً پاکستان ، بھارت اور برطانیہ میں ، جس میں سرکاری اعلانات اور تعیناتی و ترقّی کی فہرستیں وغیرہ درج ہوتی ہیں ۔ (فعل متعدی) (برطانوی) گزٹ میں شائع کرنا یا اعلان کرنا ؛ جریدے میں اعلان کرنا ۔

gazetted, a. جریدی ۔

gazetteer, n. گزیٹیر ؛ فرہنگِ جُغرافیہ ؛ مقام نامہ ۔ (قدیم) صحافی/جرنلسٹ ، خصوصاً جو حکومت کا ملازم اور تنخواہ دار ہو ۔

gazogene, n. دیکھیے : Gasogene ۔

gazpacho, n. سبزیوں کا ایک گاڑھا ہسپانوی سُوپ جو ٹھنڈا پیش کیا جاتا ہے ۔

G clef, n. (موسیقی) جی کلف ؛ امتدادِ آواز معلوم کرنے کی تین علامتیں ۔

geanticline, n. (ارضیات) کوہانِ ارض ؛ زمین کی سطح کے بہت بڑے حصّے پر محیط اُوپر کی جانب اُٹھی ہوئی پرت۔

gear, n. (مشین) گیئر ؛ گراری ؛ گیرا ؛ ایسا میکانکی عمل جس میں حرکت کی ترسیل یا تبدیلی مختلف حصّوں کے تعامل؛ مثلاً دندانے دار پہیّوں کے ذریعے ہو ؛ پُرزوں کا مجموعہ جو کسی مشین میں ایک مخصوص مقصد پورا کرے ؛ دندانے دار پہیّہ جو دُوسرے پہیّے یا حصّے کے ساتھ ملتا ہو ؛ دندانے دار پہیّوں کا جوڑ؛ کسی مشینی پُرزے کا موٹر یا شافٹ کے ساتھ ملاپ ؛ ایک مخصوص جوڑجو رفتار

اور سمت کی تبدیلیوں کو متعیّن کرے (جیسے : a reverse gear) ۔ (جہاز رانی) رسیّاں، بلاک اور دُوسرا بادبان وغیرہ کا سامان ؛ سازوسامان ؛ لباس ؛ پوشاک ؛ منقولہ جائیداد اور اسباب (جیسے : camping gear) ؛ آلات یا اوزار (جیسے : fishing gear) ؛ گھوڑوں وغیرہ کا ساز ۔

gear, v.t. (مشین) گیئر مہیّا کرنا ؛ گیئر کے ذریعے ملانا ؛ گیئر میں ڈالنا ؛ گیئر یا آلات مہیّا کرنا ؛ ساز بندی کرنا ؛ بعض شرائط کے مطابق مُرتّب یا منضبط کرنا (جیسے : to gear instruction to student ability) ۔ (فعل لازم) (مشین) پہیّے کا ٹھیک بیٹھنا ؛ گیئر میں ہونا ۔

gearbox, gear box, n. گراری دان ؛ گیئر بکس ؛ دندانے دار پہیّے کا حفاظتی خول ؛ موٹر گاڑی کے چلنے اور چلانے کا نظام ۔

gearing, n. (مشین) گراری نظام ؛ گیئرنگ ؛ گیئرنگ سسٹم ؛ مجموعی طور پر کسی مشین کے وہ حصّے جن کے ذریعے حرکت کی ترسیل یا تبدیلی ہوتی ہے، خصوصاً دندانے دار پہیّوں کے سلسلے میں؛ گیئر مہیّا کرنے کا عمل ۔

gearshift, n. (مشین) گراری تبدیلی ؛ گیئر تبدیلی ؛ وہ ترکیب جس کے ذریعے ٹرانسمشن گیئر جوڑے اور علیحدہ کیے جاتے ہیں، جیسے موٹر گاڑی میں ۔

gearwheel, gear wheel, n. گیئر پہیّہ ؛ گراری ؛ ایسا پہیہ جس کے دندانے ہوں اور جو دوسرے ایسے پہیے کے دندانوں کے ساتھ جڑ کر حرکت کی ترسیل کر سکے یا وصولی کر سکے ۔ دیکھیے : cogwheel ۔

gecko, n. گھریلو چھپکلی ؛ گیکو ؛ ایک چھوٹی ، بے ضرر چھپکلی جو گرم مُلکوں میں عام ہوتی ہے اور جس کے پنجے چپکنے والی قُرص کے مانند ہوتے ہیں ۔

gee, interj. سی سی ؛ گھوڑے یا دیگر لدّو جانوروں کو چلانے یا دائیں بائیں موڑنے کی آوازیں ؛ مماثل آواز جس میں گھوڑے یا جانور کو تیز چلانے کی کوشش کی جاتی ہے (up کے ساتھ مستعمل ہے) ۔ (فعل لازم) دائیں طرف ہونا ؛ تیز تر ہونا (عموماً up سے پہلے مستعمل ہے) ۔

gee, gee whiz, interj. شی شی ؛ معمولی حیرت ، تحیّر یا جوش ، ولولہ کا اظہار ۔ (فعل لازم) (بول چال) باہم خوشی خوشی بسر ہونا ؛ ایک دوسرے کے ساتھ خوب نبھنا ۔

geegaw, n. دیکھیے : Gew-gaw ۔

geest, n. (ارضیات) رگیسٹ ؛ بہتے پانی سے پیدا ہونے والے قدیم تہ نشین مادّے ؛ آب آورد بجری ، کنکر وغیرہ ۔

geezer, n. (عوامی) جھلّا ؛ عجیب کردار ، عموماً دوستانہ فہمایش میں مستعمل ۔

gefilte fish, n. (طبّاخی) جفلی مچھلی ؛ اشتہا انگیز یا عام کھانے کے طور پر استعمال ہونے والا ایک یہودی کھانا جو سیم ، کانٹا اور سالمن جیسی تازہ پانیوں کی مچھلیاں یا ان کے آمیزے پر مشتمل ہوتا ہے اور اس میں پیاز ، انڈے وغیرہ ملا کر خُوب مسالے دار بنایا جاتا ہے ۔

gegenschein, n. (فلکیات) شمسِ کاذب ؛ شمسِ معکوس ؛ ضوءِ عقبی ؛ ضوءِ عکسی ؛ ایک مدھّم کُروی یا لمبوتری روشنی کا دھبہ جو بعض اوقات آسمان پر رات کے وقت سورج کی مخالف سمت پر نظر آتا ہے ۔

Gehenna, n. [عبرانی جے حنوم : وادی حنوم] (بائبلی) جہنم ؛ بیت المقدس کے قریب حنوم کی وادی جو لعنت زدہ سمجھی جاتی ہے ؛ عام طور پر انتہائی تکلیف اور پریشانی کی جگہ ؛ دوزخ ۔

Geiger counter, n. (طبیعیات) گائگر کاؤنٹر ؛ عدّاد گائگر ؛ تابکاری شناخت کرنے اور ناپنے والا آلہ جو باریک دیواروں والی گیس سے بھری ہوئی نلی پر مشتمل ہوتا ہے ، اس میں سُوئی نُما برقیرہ ، رواں ساز ذرّات کے گزر کو معلوم کرتا ہے ۔

geisha, n. گیشا ؛ جاپانی لڑکی جس کی تربیت مردوں کو رقص ، گانا اور باتوں سے لبھانے کے لیے کی جاتی ہے ؛ جاپانی رقاصہ یا طوائف ۔

gel, n. جیلی ؛ سریش ؛ ایک جیلی نُما ، لسونتی تعلیق ، نیم ٹھوس شکل کا ، جیسے جیلاٹین ، سریش یا اگر اگر ۔ (فعل لازم) جیلی نُما شکل دینا یا جیلی جیسی کوئی شکل بنانا ؛ سریش بنانا ۔

gelandesprung, gelandejump, n. جولانی جست ؛ برف پر پھسلنے کی ایک چال جس میں پھسلنے والا نیچے جُھک کر چھڑیوں کے ذریعے جست لگاتا ہے تا کہ رکاوٹ عبور کر سکے ۔

gelatin, gelatine, n. جیلاٹین ؛ ایک جیلاٹینی پروٹین جو جانوروں کی مختلف نسیجوں سے حاصل ہوتا ہے اور جیلی نُما ٹھوس کھانے کی اشیا بنانے نیز فوٹو گرافی ، جرثومیات ، طب اور دوسرے تکنیکی شعبوں میں استعمال ہوتا ہے ۔

gelatinize, v.t. چپچپا یا لیس دار کرنا ؛ جیلاٹین بنانا ؛ جیلاٹین کی تہ لگانا جیسے فوٹوگرافی کاغذ پر ۔ (فعل لازم) جیلی یا چپچپا ہونا یا بننا ۔

gelatinous, a. جیلاٹینی ؛ جیلاٹین کا ؛ اس سے متعلّق یا اس سے بنا ہُوا ؛ جیلاٹین کے مشابہ ؛ لیس دار ؛ چپچپا ۔

gelation, n. ٹھنڈ سے جماؤ ؛ انجماد ؛ تبرید ۔

geld, n. (انگریزی تاریخ) خراج ؛ باج ؛ جیلڈ ؛ ایک ادائیگی ؛ ایک ٹیکس ، خصوصاً اینگلوسیکسن اور نارمن بادشاہوں کے عہد میں جو ٹیکس مالکانِ زمین حکومت کو دیتے تھے ۔

geld, v.t. خصّی کرنا ؛ آختہ کرنا ؛ (مادہ کا) بیضہ دان نکال دینا ۔ (مجازاً) قُوّت کمزور کر دینا ۔

gelding, n. آختہ ؛ خصّی جانور ، خصوصاً آختہ گھوڑا ؛ اختاؤ ۔

gelid, a. برفیلا ؛ انتہائی ٹھنڈا ؛ برف سا ۔

gelignite, n. جیلگنائٹ ؛ ایک طاقتور آتش گیر مادّہ جو نائٹروگلیسرین ، حل پذیر بھک روئی ، لکڑی کے بُرادے اور پوٹاشیم یا سوڈیم نائٹریٹ کا مُرکّب ہوتا ہے ۔

gelsemium, n. زرد چنبیلی ؛ جیلسیمیئم ؛ اسی نام کی جنس کی بل کھائی ہوئی جھاڑی، خصوصاً زرد چنبیلی جس کے زرد خُوشبودار پُھول ہوتے ہیں ۔ (علم ادویہ) زرد چنبیلی کی جڑ یا اس سے حاصل کردہ روغن جو بطورِ دوا استعمال ہوتا ہے ۔

gem, n. جوہر ؛ گوہر ؛ گہر ؛ کوئی قیمتی پتھر، خصوصاً جب تراش کر اور چمکانے کے بعد زیورات کے لیے تیار کیا گیا ہو ۔ (مجازاً) کوئی شے جو خوبصورتی ، بے عیبی یا قیمت کی بنا پر گوہر کے مشابہ ہو ؛ بہت قیمتی شے ؛ ایک انتہائی معزّز شخص ۔ (طبّاخی) ایک قسم کا کُلچہ ۔ (برطانوی ، طباعت) ایک چار پوائنٹ طباعت کا ٹائپ ۔ (فعل متعدی) جواہر سے جوڑنا یا آراستہ کرنا ؛ ہیروں کی طرح

مزیّن کرنا۔

geminate, v.i., v.t. جوڑا بنانا ؛ جوڑا بننا یا جوڑا بننے میں مدد دینا ؛ توام بنانا یا ہونا ؛ جفت بننا یا جُفت ہونا۔ (صفت) جوڑوں میں ملے ہوئے ؛ جُفتہ ؛ دُہرے ؛ توام۔

gemination, n. جُفت سازی ؛ ازدواج ؛ تکرار ، جیسے صوتی تأثر کے لیے کسی لفظ یا جُملے کی فوری تکرار یا کسی حرفِ صحیح کی آواز کی تکرار۔

Gemini, n. (فلکیات) جوزا ، مجمع النجوم جس میں دو چمکدار ستاروں مقدم التوام (Castor) اور راس التوام (Pollux) کا جوڑا موجود ہوتا ہے۔ (نجوم) منطقۃ البرُوج کا تیسرا نشان ؛ بُرجِ جوزا۔ (فضائیات) ایک انسان بردار امریکی خلائی جہاز جو مدار میں دُوسرے جہاز سے مل جانے کے قابل ہوتا ہے۔

gemma, n. (نباتیات) کلی ؛ کونپل ؛ غُنچہ ؛ شگوفہ ؛ برائیوفائٹا قسم کے بعض پودوں کی کلیاں یا غُنچے جو پودے سے علیحدہ ہو کر آزادانہ طور پر اُگ آتے ہیں۔ (حیوانیات) کلی یا اُبھار جو نئے عُضو کی شکل میں بڑھ جاتا ہے جیسے بعض مرجانی جانوروں میں ؛ اجاتی بذرہ۔

gemmate, v.i. شگُفتگی میں اضافہ ہونا ؛ کونپل پھوٹنا ؛ کلیاں نکلنا۔

gemmiparous, a. (نباتیات) کلازا ؛ کونپلی پیدائش ؛ شگوفہ زائیدہ۔

gemmule, n. (حیاتیات) چھوٹی سی کونپل یا شگوفہ ؛ غنچک ؛ بے پھول پودوں کا بیضہ ؛ تولیدی دانہ ؛ ڈارون کی مفروضہ اکائیوں میں سے ایک جو اس کے ہم اجزائی نظریۂ تولید کے مطابق مُورُوثی صفات کی حامل ہوتی ہے۔

gemology, gemmology, n. جواہریات ؛ عِلمُ الجواہر ؛ جواہر کا سائنسی مُطالِعہ۔

gemologist, n. ماہر عِلم جواہریات۔

gemsbok, gemsbuck, n. غزالِ افریقہ ؛ جنوبی افریقہ کا ایک بڑا ہرن جس کے لمبے سیدھے سینگ اور لمبی گُچھے دار دم ہوتی ہے۔

gemstone, n. گوہر ؛ گُہر ؛ ایک قیمتی پتھر جِسے تراشنے اور پالش کرنے کے بعد بطورِ زیور استعمال کیا جائے۔

gendarma, n. جندرمہ۔

gendarme, n. سپاہی ؛ پنڈارم ؛ فرانس اور بعض دوسرے ممالک کی پولیس کا مسلّح سپاہی۔ (عوامی) پولیس کا کوئی سپاہی۔

gendarmerie, gendarmery, n. فرانسیسی فوجی پولیس کا دستہ۔

gender, n. (گرامر) جنس ؛ تذکیر وتانیث ؛ اسم ، ضمیر اور ان کے مشتقات میں ان کی اصل یا دی گئی جنس یا جنس کی عدم مَوجودگی یا دُوسری خصوصیات کے لحاظ سے، مثلاً جاندار یا بے جان گروہوں میں فرق کی بنا پر تقسیم جیسے مذّکر، مونث یا بے جنس ؛ ایسے کسی گروہ کی رُکنیّت ؛ اس قسم کے گروہ کی رکنیت ظاہر کرنے کا طریقہ۔ (بول چال) جنس ، مذکر یا مونث ، عموماً مزاحیہ انداز میں۔

gene, n. (حیاتیات) جِین ؛ کروموسوم کی اکائی یا عُنصر جو کسی موروثی خصوصیت کو والدین سے اولاد تک منتقل کرتی ہے اور اولاد میں کسی مخصوص خصوصیت کی نمو کو متعیّن کرتی ہے ؛ مورثہ ؛ کونیہ ؛ نسیبہ۔

genealogical, a. نسبی ؛ نسب سے متعلّق ؛ نسب کو ظاہر کرتا یا مورثِ اعلیٰ تک پہنچتا ہُوا۔

genealogical tree, n. شجرۂ نسب ؛ ایسا نقشہ جس میں درخت کی طرح کسی خاندان کا سلسلۂ نسب دکھایا گیا ہو۔

genealogy, n. عِلمُ الانساب ؛ کسی شخص یا گھرانے کا نسب نامہ ؛ کسی مورث سے تعلّق سے متعلّق رکارڈ یا بیان ؛ مورثۂ اعلیٰ کی نسل ؛ اولاد/اخلاف ؛ حسب نسب ؛ انساب یا خاندانی تاریخ کا مُطالِعہ۔

genealogist, n. ماہرالانساب ؛ ماہرِ عِلمُ الانساب۔

gene mutation, n. (حیاتیات) تبدُّل یا تقلُّب ؛ نسبہ ؛ کسی جین میں سالموں کی کیمیائی ترکیب کی تبدیلی کے باعث کسی عضو میں نمایاں تبدیلی۔

generable, a. تولد پذیر ؛ پیدا ہونے یا ترکیب پانے کے قابل۔

general, a. عام ؛ عمومی ؛ کُلّی ؛ مجموعی ؛ کسی کلاس یا گروپ کے سبھی ارکان سے متعلق ؛ سب کو متأثر کرنے والا ؛ بشمول ؛ تمام ؛ کسی شے سے کُلی طور پر متعلّق ؛ بہت سوں یا اکثر سے متعلق مگر آفاقی نہیں (جیسے : a general practice) ؛ مروجہ ؛ جو کسی خاص شعبے یا مخصوص اطلاق تک محدود نہ ہو (جیسے : The practice of general medicine) ؛ تفاصیل یا استثنیات کے برعکس بڑے اجزا یا خدوخال سے متعلق (جیسے : general knowledge of a subject) ؛ غیر نوعی یا غیر مخصوص (جیسے : general instructions) ؛ غیر معیّن یا مبہم ؛ وسیع تر اثرات والا یا برتر یا اعلیٰ مرتبہ۔

generally, adv. عام طور پر ؛ معمولاً ؛ اکثر ؛ سرسری طور پر ؛ بیشتر۔

generalness, n. عمومیّت۔

general, n. (عسکری) جرنیل ؛ کوئی اعلیٰ مرتبے کا افسر ؛ برّی فوج کا اعلیٰ افسر جو لیفٹیننٹ جنرل کے عہدہ سے اوپر ہو ؛ امریکی بحریہ کا سب سے اعلیٰ افسر۔ (کلیسیات) کسی مذہبی فرقے کا سربراہ ؛ بڑا یا مجموعی اصول ، حقیقت یا تصور ؛ کُلیّات۔

generalcy, n. کسی جرنیل کا عہدہ ، رتبہ یا مُدتِ ملازمت۔

in general عام طور پر ؛ کسی مذکورہ گروہ سے متعلّق ؛ عموماً ؛ تفاصیل کو چھوڑ کر مجموعی طور پر غور کرتے ہوئے۔

General Assembly, n. جنرل اسمبلی ؛ اقوام متحدہ کی مجلس عمومی جس میں ہر رکن قوم کی نمائندگی ہوتی ہے ؛ بعض ریاستوں میں قانون ساز اسمبلی ؛ بعض مذہبی فرقوں مثلاً یونائیٹڈ پریسبی ٹیرین چرچ کی مجلس عامہ۔

General Court, n. جنرل کورٹ ؛ سابقاً ایک نو آبادیاتی اسمبلی جس میں قانون سازی اور عدالتی امور یکجا تھے ؛ آج کل امریکی ریاستوں نیو ہیمپشائر اور میساچوسیٹس کا ریاستی آئین ساز ادارہ۔

general delivery, n. ذاتی تقسیم ڈاک ؛ ڈاکخانے کا شعبہ جس میں ڈاک اُس وقت تک تقسیم نہیں کی جاتی جب تک مکتوب الیہ خود آکر نہ لے جائے۔

general election, n. عام انتخابات ؛ کوئی قومی یا ریاستی انتخابات جن میں سبھی اہل رائے دہندگان حصہ لیں ؛ ابتدائی الیکشن میں نامزد امیدواروں میں سے کیا گیا انتخاب۔

generalissimo, n. ؛ بحری، بری و فضائی افواج کا مشترک اعلیٰ کمانڈار ؛ سپریم کمانڈر ؛ کسی جنگ میں شریک مختلف افواج کا سپریم کمانڈار ؛

بعض ملکوں میں سبھی مسلح افواج کا مشترکہ سپریم کمانڈر۔

generalist, n. ماہر عمومی ؛ جو کئی مختلف شعبوں کا علم رکھتا ہو ؛
ماہر خصوصی کے برعکس ؛ ہرفن مولا ؛ عمومیت کار۔

generality, n. عمومیت؛ کوئی عام شے ؛ ایسا بیان یا
اصول جس کی تفصیل نہ دی گئی ہو اور جو غیر نوعی یا مبہم ہو؛
اکثریت؛ بڑا حصہ ؛ جمہور ؛ عمومیت کی کیفیت۔

generalization, n. تعمیم ؛ تعمیم کا عمل یا طریقہ ؛ تعمیم کےحاصل کردہ
وسیع یا عام تصور ، بیان یا اصول ؛ عمومیت کاری ؛ اصول سازی۔

generalize, v.t. تعمیم کرنا ؛ عام استعمال میں لانا ؛
مخصوص کردار اور اطلاق کی بجائے عمومی اطلاق کرنا ؛ خصوصی
یا تفصیلی بنانے سے احتراز کرنا ؛ کلیہ قائم کرنا، مثلاً مخصوص حقائق
یا واقعات سے عمومی قاعدہ بنانا۔ (فعل لازم) عمومی اصول کا
استنباط ہونا ؛ تعمیمات میں مشغول ہونا۔ (امراضیات) پورے نظام میں
پھیلنا جیسے کسی بیماری یا حالت کا۔

generalized, a. تعمیم شدہ ؛ عمومی بنایا گیا۔ (حیاتیات)
ایسے عضویہ کا، جسے بقا کے لیے، خاص ماحول درکار نہ ہو۔

general officer, n. (عسکری) جنرل افسر ؛ کوئی افسر ، مثلاً
بریگیڈیر جنرل ، میجر جنرل یا لیفٹیننٹ جنرل (کرنل کے عہدہ سے اوپر)۔

general order, n. (عسکری) عمومی حکم ؛ کسی کمان کے لیے
مستقل پالیسی مرتب کرنے کی خاطر ہیڈ کوارٹر سے جاری کردہ کوئی
حکمنامہ ؛ کسی سنتری کے پہرے کے فرائض سے متعلق مختلف دائمی
احکام میں سے کوئی ایک ؛ عام حکم۔

general partner, n. (قانون) عمومی حصہ دار؛ وہ حصہ دار جو اپنی
کمپنی کے واجبات بے باق کرنے کا پورا پورا ذمہ دار ہو۔

general practitioner, n. (طب) عمومی معالج ؛ عمومی ڈاکٹر ؛
عمومی امراض کا معالج۔

general-purpose, a. کثیر المقاصد ؛ مختلف طریقوں سے کارآمد ؛
ایک سے زیادہ مقاصد کے لیے موزوں (جیسے : a general purpose
encyclopedia)۔

general semantics, n. عمومی معنویات؛ اشاروں کنائیوں ،
علامات ، اُن کے جملہ معنوں ، تعبیرات اور ابہام سمیت انسانی رویّوں
کے مطالعے کا شعبہ۔

generalship, n. جرنیلی؛ عسکری تدبّر ؛ سپہ سالاری ؛
جرنیل کا عہدہ ؛ اعلیٰ سپہ سالار کی فوجی مہارت؛ دانشمندانہ انصرام
یا مدبرانہ تدابیر۔

general staff, n. (عسکری) جنرل اسٹاف ؛ دفاعی افواج کے اعلیٰ
افسران کا گروہ جو فوج کے کسی ایک شعبے کے تقاضوں سے بالا تر
ہو کر پوری قوم کے لیے دفاعی حکمت عملی وضع کریں ؛ انتظام
وانصرام کے معاملات میں کسی ڈویژن یا اس سے بڑے افسر کی معاونت
کے لیے متعین افسران۔

general store, n. جنرل اسٹور؛ کریانہ دکان ؛ عمومی دُکان ؛
کریانہ کی دُکان جس میں بہت سی اقسام کی اشیا بکتی ہوں جو عموماً
دیہی علاقوں میں ہوتے ہیں۔

generate, v.t. پیدا کرنا ؛ واقع ہونے میں مدد دینا ؛ تخلیق کرنا ؛
عالمِ وجود میں لانا ؛ پیدا کرنا (حرارت یا بجلی) ؛ تحریک پیدا کرنا
(جیسے : laws which generate good will) ۔ (جیومیٹری) خط
کھینچنا ، شکل یا سطح بنانا کسی متحرک نُقطے یا خط یا شکل کے
ذریعے۔

generation, n. پود ؛ نسل ؛ پُشت ؛ ایک پشت سے دُوسری پشت
کے درمیان اوسط وقفہ ، جو عموماً ۳۰ سال مانا جاتا ہے ؛ ہمعصر لوگ
جو قریباً ایک ہی عہد میں پیدا ہوئے اور زندگی گزار گئے ؛ تقریباً ایک
ہی عمر ، رتبے ، خیالات یا مسائل کے حامل لوگوں کا گروہ ؛ پیدا کرنے کا
عمل۔ (جیومیٹری) کسی دُوسرے نُقطے ، خط یا شکل کی حرکت سے
خط کشی ؛ شکل یا سطح سازی۔

generative cell, n. (حیاتیات) تناسلی خلیہ ؛ مذکر یا مونث
تولیدی خلیہ ؛ گمٹہ۔

generator, n. جنریٹر ؛ پیدا کرنے والا ؛ مولد ؛ کوئی شے
جو تیّار کرے یا پیدا کرے ؛ گیس یا بُخارات پیدا کرنے والا آلہ ؛ ایسی
مشین جو میکانکی توانائی کو برقی توانائی میں تبدیل کرتی ہے ؛
ڈائنمو ؛ جنک ؛ برق زا۔

generatrix, n. (جیومیٹری) مبدا ؛ زایا ؛ کوئی نقطہ ، خط یا
شکل جس کی حرکت ایک خط ، مستوی ، شکل یا ٹھوس کی تشکیل
کرے۔

generic, generical, a. جینی ؛ جنسی ؛ نسلی ؛ کسی جنس ، قسم یا
جماعت سے متعلّق یا اس کا خاصا خصوصاً حیواناتی یا نباتاتی جنس سے
متعلّق ؛ کسی گروہ ، قسم یا جماعت کے سبھی اراکین سے متعلّق یا ان
پر قابل اطلاق ؛ بطورتجارتی نشان غیر رجسٹر شدہ ، جیسے کسی دوائی
کا جنرک نام جو اس کے تجارتی نام سے مختلف ہوتا ہے۔

generically, adv. ازروئے جنس۔

generous, a. عطا کرنے میں آزاد اور بے لوث ؛ سخی ؛
فیّاض ؛ عالی ہمّت ؛ عالی منش ؛ شریف النفس ؛ کریم ؛ کُشادہ دل ؛ بے
تعصّب؛ پُرفیض ؛ فیض بخش ؛ وافی ؛ ایسی شراب جو بہت زیادہ مہک
والی ہو۔

generously, adv. فراخدلی سے۔

generosity, n. فیّاضی ؛فراخدلی۔

generousness, n. کریم النفسی ؛
سخاوت۔

genesis, n. عمل تخلیق ؛ تخلیق ؛ تولید ؛ پیدایش ؛ آغاز ؛زائیدگی
اصل ؛ ابتدا۔ (بڑے G سے) کتاب پیدایش ؛ کتاب تخلیق ؛ تورات کی
کتاب اوّل ؛ عہد نامہ قدیم کی پہلی کتاب۔

gene splicing, n. ۱۔ اجسام نو کی نسبی ساخت میں ردوبدل کی غرض
سے بیرونی اجسام کے تولیدی مادے کا ادخال ؛ادخال موروثہ۔
۲۔ موروثی خصوصیات میں تبدیلی کے لیے تکنیک جس کے لیے ڈی
این اے میں نسبی مادے کےعناصرکو ازسرنو ترتیب دیا جاتا ہے ؛ نوارثہ‌کاری

genet, n. مُشک بلاؤ کی جنس Genetta پر مشتمل
چھوٹے گوشت خور چوپاؤں میں سے کوئی ایک ؛ ایک قسم کا مُشک
بلاؤ ؛ اندلسی گھوڑا۔

genet, n. دیکھیے :Jennet ۔

génetic, genetical, a. خلقی ؛ علم توالدوتناسل سے متعلّق ؛ توالدی ؛
نشائی ؛ جینیات سے متعلّق ؛ کسی شے کی ابتدا یا ارتقا سے متعلّق۔

genetically, adv. خلقی طور پر۔

genetic engineering, n. جینی انجینئری ؛ نسبی مادے میں ردوبدل

کا عِلم، جس کا مقصد خصوصیات پیدا کرنا ہے ۔

genetics, n., جینیات ؛ نسلیات ؛ عِلمِ تکوین ؛ تکوینیات ؛ نسبہ کے تعامل سے پیدا شدہ باہم متعلق عضویات میں موروثی اور ارتقائی مماثلت اور فرق کا عِلم ؛ علم توالد و تناسُل ؛ کسی عضویہ یا عضویوں کے گروہ یا قسم کے خدوخال اور خصوصیات جو وراثت میں ملے ہوں ۔

geneticist, n. عِلمِ تکوین کا ماہر ؛ ماہرِ جینیات ۔

geneva, n. جنیوا ؛ نیدرلینڈ (ہالینڈ) میں تیّار ہونے والی ایک قسم کی شراب ۔

Geneva bands, n., جنیوا پٹیاں ؛ سفید کپڑے کی دو لٹکتی پٹیاں جو پادری کالر پر لگاتے ہیں ۔

Geneva Convention, n. جنیوا کنونشن : ۱۸۶۴ء کا جنیوا (سوئٹزرلینڈ) میں ہونے والا بین الاقوامی معاہدہ جو جنگی قیدیوں ، زخمیوں اور مردہ سپاہیوں اور شہری متاثّرینِ جنگ کے ساتھ ہمدردانہ سلوک سے متعلق ہے ۔

Geneva cross, red cross, n. صلیبِ احمر ؛ ریڈکراس ؛ جنیواکراس ؛ سفید زمین پر سُرخ صلیبی نشان جو ایمبولنس ، ہسپتال اور انجمنِ صلیبِ احمر میں کام کرنے والے اشخاص کی نشان دہی کرتا ہے ؛ جنیوا صلیب (پاکستان میں صلیبِ احمر کی بجائے ہلال احمر مُروّج ہے) ۔

Geneva gown, n. جنیوا چوغہ ؛ جنیوا جُبّہ ؛ جنیوا گاؤن ؛ ایک ڈھیلا ڈھالا ، پوری آستین والا سیاہ جُبّہ (گاؤن) جو اکثر پروٹسٹنٹ پادری پہنتے ہیں، اس کی وجہ تسمیہ سوئٹزرلینڈ کے کالوینی پادریوں کا استعمال ہے ۔

Genevan, a. جنیوائی ؛ سوئٹزرلینڈ کے شہر جنیوا سے متعلّق ؛ کالوینی عقیدے کا یا اس سے متعلق ۔ (اسم) جنیوا کا باشندہ ؛ کالوینی ۔

genial, a. فرحت افزا ؛ خلیق ؛ خُوش خلق ؛ خُوش اخلاق ؛ ہمدرد اور خُوش مزاج ؛ ملنسار ؛ نیک دل ؛ خوشگوار حد تک گرم یا معتدل ، جیسے موسم ؛ زندگی اور آرام میں معاون (جیسے : genial sun) ؛ غیر معمولی ذہانت کا یا مخصوص بہ ذہانت ۔

geniality, genialness, n. خوش خُلقی ؛ خُوش طبعی ؛ خوش اخلاقی ۔

genialty, adv. خوش خلقی سے ۔

genial, a. (تشریح الاعضا) ذقنی ؛ ذقن کا یا اس سے متعلّق ۔

genic, a. (حیاتیات) نسبی ؛ مورثی ؛ کونی ؛ کونیہ یا جین سے متعلّق یا اُن کا ۔

geniculate, geniculat, a. (حیاتیات) زانو کی مانند جوڑ والا ؛ گُھٹنے کے جوڑ کی طرح مُڑا ہوا ؛ زانو دار ۔

genie, jinn, n. جِن ؛ رُوح ؛ کوئی جن یا روح خصوصاً الف لیلوی قِصّے کہانیوں میں ۔

genipap, n. جینی پاپ ؛ استوائی امریکا کے درخت کا خُوردنی پھل جو سنگترے کے برابر ہوتا ہے اور شراب کی سی مہک رکھتا ہے ؛ اس پھل کا درخت ۔

genital, a. تناسلی ؛ توالد و تناسُل سے یا اعضائے تناسُل سے متعلّق ۔

genitalia, n. نظام تناسُل ۔

genitals, n., اعضائے تناسل، خصوصاً خارجی ۔

genitive, a. (گرامر) اضافی ؛ ابتدا ، ماخذ یا اضافی حالت وغیرہ کو ظاہر کرتا یا اس سے متعلّق ؛ انگریزی میں اضافی کے مماثل لاطینی اور دُوسری زبانوں میں تصریف سے متعلّق ۔ (اسم) مضاف الیہ ۔

genitor, n. مَولد ؛ والد ؛ ابّ و جدّ ؛ اجداد میں سے کوئی ایک ۔

genitourinary, a. (تشریح الاعضا ، فعلیات) تناسلی بولی ؛ تناسلی و بولی اعضا سے متعلّق ۔

geniture, n. (نجوم) زائچہ ؛ طالع ۔

genius, n. جوہرِ قابل ؛ نابغہ ؛ ذکی ؛ طبّاع ؛ ایک غیر معمولی فطری ذہنی قوّت رکھنے والا جیسے اختراعی یا تخلیقی قوت ؛ غیر معمولی قابلیت والا اور انتہائی ذہین شخص ؛ خصوصاً ایسا شخص جس کی ذہانتی نسبت (I.Q) 140 یا اس سے زیادہ ہو ؛ کسی مخصوص شے کے لیے قُدرتی رجحان (جیسے : to have a genius for finance, for cooking or for making friends.) ؛ وہ شخص جس کا طبعی میلان ایسا ہو ؛ ایسا شخص جو واضح طور پر دوسروں کے کردار و اطوار اور مستقبل کو نیکی اور بدی کی طرف راغب کرنے کا اہل ہو ؛ کسی قوم ، عہد ، زبان یا ادارے کا مخصوص کردار ؛ کسی جگہ یا ادارے کے ماحول میں کشش یا وہاں موجود لوگوں پر قابو پانے کی اہلیّت ؛ رُوحِ عصر ؛ متضاد ارواح نیکی اور بدی میں سے کوئی ایک جو تمام عمر آدمی کے ساتھ رہتی ہے ؛ ہمزاد ؛ فطری قابلیت ؛ اختراعی قابلیت ؛ غیر معمولی ذہین ، فطین شخص ۔

genocide, n. نسل کُشی ؛ گروہ یا نسل کا قتلِ عام ؛ کسی نسل ، قوم یا اقلیتی گروہ کا وسیع پیمانے پر قتلِ عمد ۔

Genoese, a. جینوائی ؛ شمال مغربی اٹلی کی بندرگاہ ، جینوا کا یا اس سے متعلّق یا اس کے باشندوں کا ۔ (اسم) وہ شخص جو جینوا میں رہتا ہو یا جینوا کا پیدایشی باشندہ ہو ۔

genome, genom, n. (حیاتیات) لونیّت ؛ لونی مادّہ ؛ ایک جُفتہ کے لَونیوں کے دو سیٹوں میں سے ایک ۔

genotype, n. (حیاتیات) نسلی نمائندہ ؛ کسی فرد میں موروثی خصوصیات کا مجموعہ ؛ عضویات کی جماعت یا گروہ جس کی جینیاتی ترکیب مماثل ہو ؛ نسلی نوع ؛ ایک ہی قسم کی نوع ۔

genre, n. قسم ؛ طرز ؛ انداز ؛ ہیئت ؛ تکنیک اور موضوع کے لحاظ سے منفرد، مخصوص قسم کی فنی یا ادبی تخلیق (جیسے : Heroic characters and a lofty grandiose style characterize the epic genre.) ۔ (فنون لطیفہ) ایسی (تصویر) جو روزمرہ زندگی کے مناظر کی عکاسی کرے ؛ عموماً پینٹنگ کا یہ انداز ۔ (صفت) مذکورہ انداز کا یا اس سے متعلّق ۔

genro, n., (عموماً بڑے G سے) جاپانی بزرگ سیاستدان ۔

gens, n. جنس ؛ خاندان ؛ برادری ؛ قبیلہ ؛ قدیم رُومی خاندانوں کا گروہ جو مشترکہ مورثِ اعلیٰ کا دعوی کرتے تھے اور مشترکہ نام اور مذہبی رسوم کے حامل تھے ۔ (بشریات) قبیلہ یا خاندان، خصوصاً ایسا جو اپنا شجرہ نسب مردوں کے سلسلے سے قائم کرے ؛ باہم متعلقہ عضویات کا واضح گروہ ۔

gent, n. (عوامی) جنٹلمین ؛ اشراف ؛ شریف آدمی ۔

genteel, a. خاندانی ؛ نفیس طبع ؛ گھٹیا یا ادنی باتوں سے مُبرّا ؛ مہذّب ؛ خلیق ؛ بادیُ النظر میں نرم خو اور نفیس طبع ؛ رئیسانہ ؛

امیرانہ؛ امرا کا ؛ نستعلیق ؛ سَجیلا ؛ خُوش پوشاک ۔

gentian, n. جنشن ؛ زانطان ؛ کوشاد ؛ جڑی بوٹیوں پر مشتمل بڑی جنس زانطانیہ یا جنشیانہ کا پودا جس پر نیلے اور زرد ، سُفید اور سُرخ پھول لگتے ہیں اور جس کی مختلف انواع چین اور شمالی امریکا کے مشرق اور یورپ میں پائی جاتی ہیں ؛ جنشن کے مماثل پودوں میں سے کوئی ایک ؛ اس پودے کی جڑ یا اس سے تیّار کردہ مُقوی یا ہاضم معجون ؛ زانطیانہ ؛ پکھانؔ بید ۔

gentian violet, n. (کیمیا) جامنی جنشن : ایک قسم کا عامل جو حیاتیاتی رنگ دینے ، بطور اساس نُما تیزاب اور بطور کائی اور جراثیم کُش استعمال ہوتا ہے ۔

gentile, a. (اکثر بڑے G سے) غیر یہودی خصوصاً عیسائیوں کا یا ان سے متعلق ؛ مارمن فرقے میں غیر مارمن ؛ کسی خاندان ، گوت یا قبیلے کا یا اس سے متعلّق ۔ (گرامر) اسم یا صفت سے متعلّق جو قومیت ، نسل یا مقامی اصلیت ظاہر کرے ۔ (اسم) (عموماً بڑے G سے) ایسا شخص جو یہودی نہ ہو ، خصوصاً عیسائی ؛ عیسائیوں میں غیر عیسائی اور غیر یہودی ؛ مشرک ؛ ملحد یا لامذہب ؛ مارمنوں میں غیر مارمن ۔

gentilesse, n. (قدیم) مدارات ؛ شریفانہ اور مہذّب طرز عمل ۔

gentility, n. اعلیٰ نفاست ؛ شرافت ؛ نجابت ، حقیقی ہو یا ظاہری ؛ اعلیٰ نسبی ؛ خاندانی لوگ ؛ اشرافیہ ۔

gentisic acid, n. (علم ادویہ) جنٹسک تیزاب ؛ جنٹسک ایسڈ ؛ ایک قلمی مرکّب جو بنیادی طور پر بطور دافع درد یا مسکّن استعمال ہوتا ہے ۔

gentle, a. خلیق یا بامُروّت خصوصاً انداز اور اطوار میں ؛ دھیما یا میانہ رو ؛ جو شدید ، تند اور تیز نہ ہو (جیسے : gentle wind ، a gentle sound) ؛ بتدریج جیسے ڈھلان ؛ پالتُو یا آسانی سے قابو میں آنے والا ، جیسے کوئی جانور ؛ اعلیٰ خاندان کا یا اُس کے خصائص کا حامل ؛ عالی نسب ؛ شریف ؛ نجیب الطرفین ؛ سلیم الطبع ؛ حلیم ؛ بردبار یا سخی ؛ خوش خلق ؛ باوقار ؛ بامروّت ؛ کشادہ دل (جیسے : gentle reader) ۔ (قدیم) خاندانی یا بہادر ، جیسے ایک بہادر سردار ۔ (اسم) (قدیم) اعلیٰ خاندان کا شخص ، عالی خاندان آدمی ۔ (فعل متعدی) دھیما یا پُرسکون کرنا ؛ نرم کرنا ؛ مُسخر کرنا یا مطیع کرنا جیسے گھوڑے کو ۔

gentleness, n. حلیمی ؛ شرافت ؛ نجابت ؛ بُردباری وغیرہ ۔

gently, adv. شرافت سے ؛ حلیمی سے ۔

gentle breeze, n. (موسمیات) بادِ نسیم ؛ بیوفورٹ پیمانے کے مطابق ایسی ہوا جس کی رفتار ۸ تا ۱۲ میل فی گھنٹہ ہو ۔

gentlefolk, gentlefolks, n., نجیب لوگ ؛ اعلیٰ نسب کے لوگ ؛ اشراف ۔

gentleman, n. شریف ؛ بھلا مانس ؛ جنٹلمین ؛ اعلیٰ خاندان یا اعلیٰ معاشرتی مرتبے والا شخص ؛ عالی خاندان ، خوش اخلاق اور حلیم الطبع شخص ؛ ایسا شخص جس کی آمدنی اسے مزدوری یا دوسرے محنت طلب پیشوں سے ممتاز رکھے ۔ (اکثر جمع) بطور خطاب شرفا ؛ معزز حضرات ؛ کسی معزز آدمی کا ذاتی ملازم ؛ خاصے کا خدمت گار ۔ (برطانوی) تاریخی طور پر رضاکار رسالے کے سپاہی سے اُوپر کے عہدے کا آدمی ، خصوصاً ایسا شخص جو خطاب یافتہ نہ ہو مگر نشانِ نقابت استعمال کرنے کا مجاز ہو ۔

gentlemanliness, n. شرافت ؛ نجابت وغیرہ ۔

gentlemanly, a. شرفا کے لائق ؛ شریفانہ ؛ نجیبانہ وغیرہ ۔

gentleman-at-arms, gentleman pensioner, n. مُسلّح محافظ ؛ مختلف تقاریب پر برطانوی حکمران کے چالیس محافظوں میں سے ایک ؛ شاہی مسلّح حفاظتی دستے کا ایک رُکن ؛ نجیب اسلحہ بردار ۔

gentlemen's agreement, gentleman's agreement, n. شریفانہ معاہدہ ؛ ایسا معاہدہ جو صرف متعلّقہ افراد کی عزّت نفس تک محدود رہے اور قانونی طور پر کوئی حیثیت نہ رکھتا ہو ؛ اشخاص یا لوگوں کے گروہ کے مابین بغیر تحریر کے اقرار جس سے بعض مذہبی ، نسلی یا قومی طبقوں کو خارج کر دیا جائے ۔

gentle sex, n. طبقۂ نسواں ؛ صنفِ نازک ؛ عورتیں ؛ خواتین ۔

gentle woman, n. شریف خاتون ؛ شریف زادی ؛ ایسی خاتون جو کسی اعلیٰ نسب خاتون کی ذاتی ملازمہ ہو ۔

Gentoo, n. (قدیم) جنتو ؛ تلگو ؛ تلگو زبان ؛ ہندو مذہب کا پیروکار، خصوصاً تلگو ؛ جنوبی ہند کے دراوڑی گروہ کا رُکن ؛ تلگوؤں کی زبان ۔

gentrification, n. اشراف داری ؛ کم آمدنی والے علاقے کی ترقّی ، جس کے تحت زیادہ آمدنی والے افراد کو اس علاقے میں نقل مکانی کی ترغیب دی جاتی ہے ۔

gentrify, v.t. اشراف داری کرنا ۔

gentry, n. اشرافیہ ؛ خواص ؛ اشراف ؛ اعلیٰ نسب اور اعلیٰ مقام لوگ ؛ برطانیہ میں امرا سے نیچے والا طبقہ ؛ کسی مخصوص طبقہ کے لوگ ، مزاحاً یا طنزاً مستعمل ہے ۔

genuflect, v.i. گھٹنوں کے بل کھڑے ہونا ؛ گھٹنے یا دونوں گھٹنوں کو زمین پر لگا کر (جیسے عبادت میں) ؛ حد درجہ اطاعت کا اظہار کرنا ۔

genuine, a. غیر نقلی ؛ کھرا ؛ مستند ؛ نامور مُصنّف یا مصوّر کی اصل تخلیق ، مثلاً پینٹنگ ؛ اصلی ؛ نقلی ، جعلی یا بناوٹی کی بجائے خالص ؛ خالص کہی جانے والی ؛ بناوٹ اور تصنّع سے پاک ، جیسے کوئی شخص ؛ اصل ، نسل یا نسب کا یا اس سے متعلّق (جیسے : a genuine Arabian horse) ۔

genus, n. قسم ؛ طبقہ ؛ نوع ۔ (منطق) جنس ، انواع سے وسیع تر درجہ ۔ (حیاتیات) جانوروں اور پودوں کی قسم یا زُمرہ جس میں بعض مشترک خصوصیات ہوں جو عموماً کئی انواع پر مشتمل اور ایک خاندان کی ذیلی شاخیں ہوں ۔

geocentric, geocentrical, a. (فلکیات) ارض مرکزی ؛ زمین کے مرکز سے ناپا گیا یا دیکھا گیا ؛ جس میں مرکز کا حوالہ زمین ہو ؛ زمین سے دیکھا گیا یا ارضی زندگی کے حوالے سے جانچا گیا ۔

geochemistry, n. ارضی کیمیا ؛ زمین اور قشرِ زمین کی ساخت میں کیمیاوی تبدیلیوں کا عِلم ۔

geochemist, n. ارضی کیمیا دان ۔

geochronology, n. ارضی تاریخ ؛ ارضیاتی معلومات کے مطالعہ سے متعیّن کردہ زمین کی تاریخ ۔

geode, n. گھگر ؛ ایسا کھوکھلا پتھّر جس میں معدنی شے یا قلم کی تہ جمی ہو ؛ ایسے پتھّر کا جوف ؛ ایسے پتھّر کی سی کوئی بناوٹ ۔

geodesic, a. مساحتِ ارض کا یا ارض پیمائی سے متعلّق ؛ تقسیم الارضی ؛ منحنی سطحوں پر بنائی گئی اشکال پر مستوی علم

الہندسہ کے مسئلوں کی وُسعت سے متعلّق ۔

geodesic dome, n. (فن تعمیر) مساحتِ ارضی گنبد ؛ بست سطحی رُخوں والا نصف کُروی ڈھانچا جو امریکا میں بکمنسٹر فُلر نے تشکیل دیا تھا ۔

geodesic line, geodesic, n. خط اقصر ؛ خط اصغر ؛ سطح ارضی ، کرہ یا کسی اور ریاضیاتی طور پر متعیّن کردہ منحنی سطح پر دو نُقاط کے درمیان سب سے کم فاصلہ یا خط ۔

geodesy, geodetics, n. ارض پیمائی ؛ عِلمِ تقسیمُ الارض ؛ اطلاقی ریاضی کی وہ شاخ جس کے ذَریعے زمین کے وسیع قطعات کے شکل و رقبہ ، جغرافیائی نقاط کا صحیح محل وقوع ، زمین کے انحنا ، شکل اور ابعاد معلوم کیے جاتے ہیں ۔

geodetics, n., دیکھیے :geodesy ۔

geodynamics, n., ارضی حرکیات ؛ اندرونِ ارض اور قشر زمین پر واقع ہونے والے قُدرتی عمل اور قُوتوں نیز آتش فشانی اور زلزلوں سے متعلّق علم ۔

geognosy, n. علم ترکیب الارض ؛ عِلم طبقات الارض ؛ ارضیات کی وہ شاخ جس کا تعلق زمین کے تشکیلی اجزا یعنی ہوائی کرہ اور پانی ، قشر ارض اور زمین کے اندرونی حصّے سے ہے ۔

geography, n. جُغرافیہ ؛ عِلمُ الارض ؛ زمین کی سطح کا وہ عِلم جس میں مقام نگاری ، موسم ، سمندر ، نباتی و حیوانی حیات اور زمین پر بسنے والی مختلف اقوام اور نسلوں کی سیاسی اور معاشرتی خصوصیتوں کا مطالعہ کیا جائے ؛ زمین یا زمین کے کسی مخصوص حصّے کی مقام نگاری یا جُغرافیائی خصوصیات (جیسے : the geography of Pakistan) ؛ مضمونِ جُغرافیہ پر کوئی کتاب ۔

geographer, n. جغرافیہ دان : ایسا شخص جو عِلم جُغرافیہ کا ماہر ہو یا جُغرافیہ پر کوئی کتاب مُرتّب کرے ۔

geographic, geographical, a. جغرافیائی ؛ علم جغرافیہ سے متعلّق ۔

geographically, adv. جغرافیائی طور پر ۔

geoid, n. ایک فرضی سطح جو سمندر کے اُوپر ، اوسط سطح سمندر اور براعظموں کے نیچے تک اس کے پھیلاؤ پر منطبق ہو ؛ ایسی سطح سے بنی ہوئی ہندسی شکل ۔

geologize, v.i. طبقات الارض کا مطالعہ ہونا ؛ طبقات الارضی پر تحقیق کا ہونا ۔

geology, n. ارضیات ؛ جیولوجی ؛ علم حجرات ؛ عِلم طبقات الارض ؛ زمین کی طبیعی تاریخ اور ساخت ، اس میں واقع شدہ یا ہونے والی طبیعی تبدیلیوں خصوصاً چٹانوں اور چٹانوں کی تشکیل کے مراحل میں مرتسم تبدیلیوں کے مطالعے کا علم ؛ زمین کے کسی خطّے یا کسی سماوی جرم کے خطّے کی ارضیاتی خدوخال اور ساخت ؛ ارضیات پر کوئی رسالہ یا کتاب ۔

geologic, geological, a. ارضیاتی ۔

geologist, n. ماہر ارضیات ۔

geomagnetic, a. ارض مقناطیسی ؛ ارضی مقناطیسیت کا یا اس سے متعلّق ۔

geomancy, n. رمّالی ؛ علمِ رمل ؛ مُٹھی بھر مٹّی پھینکنے سے بننے والی شکل یا جذافی طور پر نقطے لگا کر ان کو ملانے سے بنی ہوئی اشکال کے ذریعہ پیش گوئی ۔

geomancer, n. رمّال ۔

geomantic, a. علم رمل سے متعلّق ۔

geometer, n. مُہندس ؛ مساح پروانہ یا اس کا لاروا ۔

geometric, a. ہندسی ؛ جیومیٹری سے متعلق ؛ علمِ جیومیٹری کے اصول و قواعد کے مُطابق ؛ جیومیٹری کے عمل سے کیا ہُوا یا متعیّن شُدہ ؛ خطوطِ مستقیم ، مثلثوں ، دائروں یا مماثل باقاعدہ اشکال کی خصوصیات رکھنے والا یا ان سے بنا ہوا (جیسے : a geometric design) ۔

geometrician, n. مُہندس ؛ ہندسیہ دان ؛ ماہر عِلمِ ہندسہ ؛ جیومیٹری کا ماہر ۔

geometric mean, n. (ریاضی) ہندسی اَوسَط ؛ n مثبت رقموں کے حاصل ضرب کا n جذر ، جیسے ۵ اور ۴۵ کی ہندسی اوسط ۵ × ۴۵ = ۲۲۵ کا جذر یعنی $\sqrt{۲۲۵}$ = ۱۵ ہے ۔

geometric progression, geometric series, n. (ریاضی) ہندسی سلسلہ ؛ ایک سلسلہ جس میں رقمیں ایک مشترک نسبت کے ساتھ کم ہوتی یا بڑھتی ہیں ، جیسے ۲ ، ۴ ، ۸ ، ۱۶ ۔

geometrid, n. مساحی حشرہ ؛ ہندسی کِرم ؛ اسی خاندان کے حشرات میں سے کوئی ایک ، عموماً چھوٹے پتلے بدن اور چوڑے پروں والا کیڑا جس کا لاروا عموماً اِنچ کِرم یا ناپ کِرم کہلاتا ہے ۔

geometrize, v.i. ہندسانا ؛ ہندسی طریقوں سے کام کا ہونا ۔ (فعل متعدی) ہندسوی طور پر تشکیل دینا ۔

geometry, n. جیومیٹری ؛ علم ہندسہ ؛ ریاضی کی وہ شاخ جو نقاط ، خطوط ، زاویوں ، سطحوں اور ٹھوس اجسام کے خواص ، رابطوں اور پیمائش سے متعلق ہو ؛ علم ہندسہ کا کوئی ایسا نظام جس میں مخصوص مفروضوں کے تحت عمل کیا جائے (جیسے : analytic geometry) ؛ ہندسہ کے موضوع پر کوئی کتاب یا کوئی تصنیف ۔

geomorphic, a. ارض شکلہ ؛ زمین کی شکل یا اس کے سطحی خدوخال کا یا اس سے متعلق ؛ زمین کے مماثل شکل کا حامل ۔

geomorphology, n. شکلی جغرافیہ ؛ شکلیاتِ ارض ؛ زمین کی ابتدا ، ارتقا اور سطحی خدوخال کی خصوصیات کا علم ۔

geophagy, geophagia, geophagism, n. گِل خوری ؛ ارض اشیا مثلاً چاک یا مٹّی کھانے کی عادت ۔

geophysics, n., ارضی طبیعیات ؛ زمین کا وہ علم جس میں زمینی خدوخال اور ان کی تشکیل کرنے والے عوامل بشمول موسمیات ، بحری جغرافیہ ، زلزلیات ، بُرکانیات ، مقناطیسیت اور دیگر متعلقہ موضوعات کا مطالعہ کیا جاتا ہے ؛ طبیعیاتُ الارض ۔

geophyte, n. (نباتیات) ارض نبات ؛ ایک دوامی پودا جس کے شگوفے سردیوں میں زیر زمین محفوظ رہتے ہیں ؛ زیر ارضی پودا ؛ زمین دوز پودا ۔

geopolitics, n. ارضی سیاسیات ؛ جُغ سیاسیات ؛ جُغرافیائی سیاسیات ؛ کسی ریاست کی سیاست پر معاشی اور جغرافیائی عوامل کے اثرات یا اطلاقات کا مطالعہ ؛ جغرافیہ اور سیاست کے باہمی تعامل پر مبنی قومی پالیسی کی تشکیل ؛ ایک نازی توسیعی فلسفہ جس میں جغرافیائی ، تاریخی ، نسلی ، معاشی اور سیاسی عوامل کے اشتراک سے جُرمنی کی سرحدوں کی وسعت کا جواز پیش کیا گیا ۔

geoponic, a. فلاحتی ؛ زرعی ؛ زراعتی ؛ زراعت سے متعلّق ؛ چرواہوں کا ؛ چراگاہوں سے متعلّق ۔

geoponics, n., فلاحت ؛ فن زراعت ؛

کھیتی باڑی کا علم یا فن ؛ کشاورزی ۔

geoprobe, n. ارض جُو ؛ مصنوعی سیارہ ، جس کا مقصد کرۂ ارض کے ارد گرد کی خلا کا جائزہ لینا ہے ۔

georgette, n. جارجٹ ؛ ایک قسم کا نفیس شفّاف ریشمی کپڑا ۔

Georgian, a. جارجیائی ؛ جارجی ؛ برطانیہ کے پہلے چار جارج بادشاہوں (۱۷۱۴ء تا ۱۸۳۰ء) کے عہد کا یا اس عہد سے متعلّق ؛ ان ادوار کا انداز اور خصوصیات ؛ انگلستان کے شاہ جارج پنجم کا یا اس سے متعلّق یا اس کے عہد حکومت (۱۹۱۵ء تا ۱۹۳۶ء) کے بارے میں ؛ امریکی جارجیا یا رُوسی علاقوں سے متعلق ۔ (اسم) (امریکی جارجیا یا روس کے علاقہ جارجیا کا باشندہ ۔

georgic, a. جارجیائی ؛ کاشتکاری سے متعلّق ؛ زرعی ؛ فلاحتی ۔ (اسم) کسی زرعی موضوع پر کوئی نظم ۔

geostrategy, n. جُغ تزویرات ؛ جُغرافیائی تدبیر ؛ جغرافیائی تزویر ؛ جغرافیائی سیاست یا جُغ سیاست کا وہ حِصّہ جس کا تعلّق حکمتِ عملی (اسٹریٹجی) سے ہو ؛ ایسے عوامل کا گروہ خصوصاً جغرافیائی ، سیاسی اور حربی اہمیت کا جو کسی مخصوص علاقے کا خاصا ہو ؛ جغرافیائی حکمتِ عملی ۔

geostrategic, a. جغرافیائی حکمتِ عملی سے متعلق ۔

geostrategist, n. ماہرِ جغرافیائی حکمتِ عملی ۔

geostrophic, a. ارض بلی ؛ زمین کی گردش سے پیدا شدہ انحرافی قوّت کا یا اس سے متعلّق ۔

geosyncline,geosynclinal, n. (ارضیات) کاس ارض ؛ ایک کاسی الف جو زمین کے خاصے حصے پر محیط ہو ۔

geotaxis, n. (حیاتیات) ثقلی تقسیم ؛ ارضی ترتیب ؛ ثقل کے سمتی مہیّج کے نتیجہ میں کسی نامیے کی حرکت ۔

geotectonic, a. چٹان سازی ؛ قشرِ ارض کی ساخت یا اس کے اجزا کی ترتیب اور شکل کا یا اس سے متعلّق ۔

geothermal, geothermic, a. زمین کی اندرونی حرارت کا یا اسی سے متعلّق ۔

geotropism, n. (نباتیات) ارض رخی ؛ زیر نموئی ؛ زمین کی جانب ثقلی قوّت کے تحت جُھکنے یا مڑنے کا رُجحان ؛ منفی ارض رخی کے سلسلہ میں زمین کے مخالف سمت میں بڑھنے کا رُجحان ۔

geraniaceous, a. (نباتیات) جیرانیولی ؛ جی رینیئم جنس کے خُودرو اور گھروں میں اُگائے جانے والے پودے سے متعلق جن کے پنج پتیہ پھول اور گوشہ دار تیز خوشبودار پتّے ہوتے ہیں ؛ گلِ شمعدانی سے متعلق ۔

geraniol, n. جیرانیول ؛ ایک غیر سیر شدہ الکوحل ، جو عام طور پر صابن اور عطریات میں خوشبو کے باعث استعمال ہوتا ہے ۔

geranium, n. گل شُمعدانی ؛ جیرنیئم ؛ جنس جیرنیئم کے پُودوں میں سے کوئی ایک ، جن میں اکثر گلابی یا ارغوانی رنگ کے پُھول لگتے ہیں ، اس پودے کی بہت سی اقسام رنگ برنگے پُھولوں اور خوشبُودار پتّوں کے باعث اگائی جاتی ہیں ؛ ایک گہرا شوخ سُرخ رنگ ۔

gerardia, n. (نباتیات) جرارڈیا ؛ جرارڈیا جنس کا پودا جس کی پُھولی ہوئی زردانی پر ارغوانی ، گُلابی یا زرد پُھول لگتے ہیں ۔

geratology, n. معدومیات ؛ شیخوخیات ؛ علم پیری ؛ انحطاطِ حیات ؛ خصوصاً ایسے جانوروں کا مطالعہ جن کے معدوم ہونے کا خطرہ ہو ۔

gerbil, n. جربو ؛ چوہے کی نسل کا ایک چھوٹا بل کھودنے والا جانور جو عام طور پر افریقہ اور ایشیا کے ریتیلے مقامات پر پایا جاتا ہے ۔ اور امریکا میں گھریلو پالتو جانور کے طور پر رکّھا جاتا ہے ۔

gerent, n. مہتمم ؛ حاکم ۔

gerfalcon, n. دیکھیے : Gyrfalcon ۔

geriatrics, n. طِب پیری ؛ طب کی وہ شاخ جس کا تعلّق پیری کی بیماریوں اور بوڑھوں کے مسائل اور نگہداشت سے ہے ۔

germ, n. جرثومہ ؛ بیماری پیدا کرنے والا خوردبینی جرثومہ ؛ بیج ؛ شگوفہ ؛ کسی جاندار عضویہ کی ابتدائی شکل ؛ اپنے ابتدائی مراحل میں کوئی جنین ؛ کوئی شے جو بطور ماخذ یا بیج کام دے (جیسے : The germ of hate) ۔

german, a. حقیقی ؛ سگا ؛ جن کے والدین یا اجداد ایک ہی ہوں ؛ جن کے والدین آپس میں بھائی بہن ہوں جیسے چچا زاد ، پھوپھی زاد ، خالہ زاد ، (بطور مرکب استعمال ہوتا ہے ، جیسے : ,Cousin-german (brother-german. ۔

German, a., n. جرمنی ؛المانوی ؛ جرمنی کے لوگوں یا ان کی زبان سے متعلّق یا ان کا ؛ جرمنی میں پیدا ہونے والا یا وہاں رہنے والا ؛ جس کا مورثِ اعلیٰ جرمن ہو ؛ کوٹیلین کی قسم کا معاشرتی رقص ؛ رقص ؛ رقص کی محفل جہاں یہ رقص ہو ؛ سوئٹزرلینڈ اور آسٹریا میں بولی جانے والی ہندیورپی زبانیں ۔

germander, n. اریہ ؛ گُلِ خنو ؛ بُوٹیوں یا جھاڑیوں میں سے کوئی ایک جیسے ارغوانی پُھولوں والی یورپی یا امریکی جھاڑیاں ؛ ترہ تیزک آبی یا سبز آب کی ایک قسم ۔

germane, a. نمایاں طور پر متعلّق ؛ معقُول ؛ موزوں ؛ مناسبت رکھنے والا ۔

Germanic, a. جرمانی ؛ جرمنوں کا یا ان سے متعلّق ؛ ٹیوٹنی لوگوں یا ان کی زبانوں کے گروہ سے متعلق ؛ ٹیوٹنی ۔ (اسم) ہند یورپی زبانوں کے گروہ کا ایک بڑا حصّہ بشمول جرمن ، ولندیزی ، انگریزی ، فلیمش ، فریسیان ،افریکان ، سویڈنی ،ڈینش اور نارویجنی ؛ ان زبانوں کا لسانی مورث ۔

Germanism, n. جرمنیت ؛ جرمنوں کا خاصا ؛ جرمنی اندازِ فکرو عمل وغیرہ ؛ جرمن الاصل سے اُنس یا تعلّق ؛ جرمنی زبان کا مخصوص رنگ جو کسی دوسری زبان میں لایا گیا ہو ۔

Germanist, n. جرمن ادب ، زبان اور کلچر کا عالِم یا متخصّص ۔

germanium,n. (کیمیا) ایک کمیابَ خاکستری سُفید دھاتی عنصر جو ٹرانسسٹر ، ڈائیوڈ ، زیریں سُرخ بصری آلات میں استعمال ہوتا ہے اور کیمرہ اور خوردبینوں کے عدسوں کا جُزو ہے ۔

German measles rubella, n. (طِب) جرمن خسرہ ؛ ایک متعدّی وائرس کا مرض جو خسرہ سے کم شدید ہوتا ہے اور بُخار ، التہاب خون اور گلے کی خرابی اس کی علامتیں ہیں ، حاملہ اگر ابتدائی ایام حمل میں اس مرض کا شکار ہو جائے تو نومولود بچے کے لیے سخت خطرہ کا مُوجب بن جاتا ہے ؛ چھوٹا خسرہ ۔

German shepherd, n. جرمن شیفرڈ ؛ شیفرڈ کُتّوں کی کوئی نسل

جو ذہانت کے لیے مشہور ہے اور عموماً پولیس کے کام میں نیز اندھوں کی رہنمائی کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

German silver, nickel silver, n. جرمن چاندی ؛ نکل چاندی ؛ ایک سفید رنگ تانبا ، زنک اور نکل کا بھرت جو ڈرائینگ کے آلات اور برتن بنانے میں مستعمل ہے۔

germ cell, n. (حیاتیات) جرم خلیہ ؛ جنسی تولید کے قابل خلیہ ؛ نابتہ ؛ گمٹہ ؛ بیضہ خلیہ۔

germicide, n. جراثیم کُش ؛ جراثیم کو ہلاک کرنے والی شے۔

germinal, a. جرثومہ یا جرم خلیہ کی نوعیت کا یا اس سے متعلّق۔ (مجازاً) نُمو کے ابتدائی مرحلے میں ؛ جنینی ؛ نابتی ، جرمی ؛ نہوضی۔

germinal disc, n. (جنین) نابتی قُرص ؛ بارور انڈے کا حصّہ جس میں جنین کے اولین ظاہری آثار موجود ہوں۔

germinal vesicle, n. (جنین) نابتی کیسہ ؛ قُطبی اجسام کی تشکیل سے پیشتر بیضہ کا مرکزہ ؛ نوات بیض خلیہ۔

germinant, a. اُگتا ہُوا ؛ پھوٹتا ہُوا ؛ بتدریج نمو پاتا ہوا ؛ نمو کی صلاحیت رکھنے والا ؛ اپجنے والا۔

germinate, v.i. نمو پانا ؛ اپجنا ؛ اُگنا۔ (نباتیات) پھوٹنا جیسے کسی پودے کا یا اس کے بیج کا ؛ پُھوٹ پڑنا۔ (فعل متعدی) اُگانا ؛ نشوونما دینا ؛ پیدا کرنا۔

germination, n. نمود ؛ اپج ؛ اگاؤ ؛ جنینی پودے کی اولین نمو کا عمل۔

germinative, adv. نمودی۔

germ layer, n. (حیاتیات) نابتی پرت ؛ تین نابتی پرتوں ، بیرونی جلد ، درون اَدَمَہ یا میان اَدَمہ میں سے کوئی ایک۔

germ plasm, idioplasm, n. (حیاتیات) جرم مایہ ؛ نابت مایہ ؛ خلیہ کے پروٹوپلازم کا وہ حصّہ جو موروثی خواص منتقل کرنے والے کروموسوم اور جنین پر مشتمل ہوتا ہے۔

germ warfare, n. جرثومی جنگ ؛ حیاتیاتی جنگ۔ دیکھیے : Biological warfare

gernotocracy, n. شیخوخیہ انداز حکومت ؛ بُزرگوں کے زیر اہتمام حکومت ؛ بزرگ اشخاص کا ایسا گروہ جس پر ہیئت حاکمہ مشتمل ہو۔

gerontology, n. شیخوخیات ؛ پیری اور اس کے مسائل کا علم ؛ علمِ پیری ؛ کہن سالی اور ضعیفی کا علم۔

gerrymander, n. (امریکی سیاسیات) انتخابات کے لیے ایسی من مانی حلقہ بندی جس سے سیاسی طور پر کسی فریق کو ناجائز فائدہ پہنچے۔ (فعل متعدی) کسی ریاست میں ایسا عمل کرنا۔ (مجازاً) ناجائز طور پر اثر انداز ہونا۔

gerund, n. (گرامر) اسم مصدر ؛ لاطینی میں مصدر کی ایک شکل جو واحد کے لیے بطور اسم استعمال ہوتی ہے ؛ انگریزی میں مصدر کی مُماثل شکل جس میں ing ہو اور بطور اسم استعمال ہو لیکن فعل مصدر کی کیفیات کا بھی حامل ہو (جیسے : teaching French is interesting)۔

gerundive, a. (گرامر) اسم مصدر کے مشابہ۔ (اسم) لاطینی اسم مصدر کی صفتِ فعلی ؛ اسمِ مصدر کا ؛ اسم مصدر سا۔

gesso, n. جیسو ؛ پلاسٹر آف پیرس اور سریش کا بنا ہُوا ایک قسم کا پلستر جو مجسمّہ سازی میں یا مصوّری اور مُلمّع کاری میں بطور استر استعمال ہوتا ہے ؛ ایسے پلستر سے بنی ہوئی سطح۔

gest, geste, n. (قدیم) کہانی ، عموماً منظوم ، رزمیہ یا رومانی ؛ کوئی کارنامہ۔

gestalt, n. (نفسیات) گیسٹالٹ ؛ ایک ڈھانچا ، شکل یا نمونہ جو بطور مربوط کُل کے یا عملی اکائی کے ، ایسے خواص کا حامل ہو جو اس کے علیحدہ حصّوں کے افعال کو جمع کرنے سے حاصل نہ ہو سکیں ؛ وضع ؛ مُسلّم۔

Gestalt psychology, n. گیسٹالٹ نفسیات ؛ وضعی نفسیات ؛ تشکّلی نفسیات ؛ وہ نظریہ یا نفسیات کا مکتبِ فکر جو کسی ذہنی یا نفسیاتی عمل کی توضیح ، کسی مکمّل صورت حال کے مربوط اور ناقابل تحلیل ردِّعمل کے طور پر کرتا ہے ، نہ کہ اس صورتِ حال کے مختلف حصّوں یا مہیّجات کے ردّعمل کے مجموعے کی بنا پر۔

Gestapo, n. گسٹاپو ؛ جرمن خفیہ پولیس جو نازی دور میں ہٹلر کے زیر نگرانی قائم ہوئی اور اپنی بربریت کے باعث معروف ہے۔

gestate, v.t. حمل کے دوران رحم میں رکھنا۔ (مجازاً) تشکیل پا کر بتدریج مکمّل کرنا ، مثلاً کسی منصوبے کا ، ذہن میں۔

gestation, n. حمل ؛ زمانۂ حمل ، وضعِ حمل ؛ رحمی نشوونما۔

gestic, gestical, a. اشاروں کنایوں یا جسم کی حرکات سے متعلّق ، خصوصاً رقص میں ؛ بتاوے۔

gesticulate, v.i., v.t. اشاروں یا حرکات سے کسی مفہوم کا ظاہر کرنا ، خصوصاً جوشیلے یا برانگیختہ انداز میں ؛ اشاروں سے اظہار کرنا/ہونا۔

gesticulation, n. اظہاری حرکات کا عمل ؛ اشاراتی اظہار۔

gesticulative, gesticulatory, a. اشاراتی۔

gesticulator, n. اشاراتی اظہار کرنے والا۔

gesture, n. اشاراتی حرکت ؛ اظہار ؛ کسی خیال ، احساس یا جذبے کو ظاہر کرنے یا کسی دلیل یا رائے کو تقویت دینے کے لیے حرکت یا عمل ؛ جسم یا اعضا کی حرکت ؛ اشارت ؛ ادا ؛ علامت ؛ علامت کے طور پر کوئی عمل جیسے علامتِ امن۔ (فعل متعدی) اشاروں کے ذریعے بیان کرنا۔ (فعل لازم) اشارہ ہونا۔

gesundheit, interj. یرحمک اللہ ؛ الحمدللہ ؛ صحت مندی کے لیے دعائیہ کلمہ (خصوصاً چھینکنے والے شخص کے حق میں)۔

get, v.t. پانا ؛ مالک ہو جانا . یا کوشش یا ترکیب سے حاصل کرنا . کمانا ، حاصل کرنا یا جیتنا (جیسے : to get an award for scholarship) ؛ حاصل کرنا یا پا لینا جیسے شہرت ؛ یاد کرنا یا حفظ کرنا جیسے اسکول میں سبق کا ؛ تحسیب یا تجربے کے ذریعے ثابت کرنا ؛ التجا یا تکرار کے ساتھ حاصل کرنا (جیسے : اجازت یا اقبال جرم) ؛ بطور تحفہ حاصل کرنا ؛ اختیار کرنا ؛ حاصل کرنا ، (جیسے : They get skill through practice) ؛ لینا یا لگنا (جیسے بیماری کا) ؛ حاصل کرنا ؛ لگنا (جیسے زخم کا) ؛ سزا کے طور پر بھگتنا (جیسے پٹائی) ؛ تلاش کر کے حاصل کرنا ، (جیسے : کچھ معلومات کا) ؛ پانے میں کامیاب ہو جانا (جیسے کسی شخص یا شے کا) ؛ گرفتار کر لینا۔ (بول چال) بحث میں لاجواب کر دینا ؛ کسی کو آمادہ کرنا یا اس پر قدرت حاصل کرنا ؛ کسی کو کھانا کھانے پر آمادہ کرنا ؛ کسی مخصوص حالت ، مقام یا صورت پر لانا (جیسے : to get a fire under control) ؛ تیّار کرنا (جیسے کھانا) ؛ کسی مخصوص صورت حال کے مطابق

کسی شخص یا شے کو ڈھالنا (جیسے : to get one's hair cut) ؛ جنوانا (اب عموماً جانوروں کے لیے مستعمل ہے) ؛ بیچ میں کسی جذباتی ردِّعمل کا شامل کر لینا (جیسے : fear getting to a person) ۔ (بول چال) معنی سمجھ لینا (جیسے : to get the point of a lecture) ۔ (عوامی) چکّر میں ڈال دینا یا عاجز کرنا ؛ زچ کر دینا ۔ (بول چال) مار ڈالنا یا بدلہ چکا لینا ؛ بول چال میں ماضی صفت فعل got سے پہلے have کا استعمال پابندی یا قبضے کو ظاہر کرتا ہے (جیسے : I have got a cold, I have got to go) ۔ (فعل لازم) کہیں آنے جانے یا پہنچنے میں کامیاب ہونا (عموماً اس کے بعد through, over, to, in, away ؛ استعمال ہوتے ہیں ، جیسے : to get through an ordeal; to get home,) ۔ اپنے آپ کو خاص صورت حال یا کیفیت سے دوچار ہونے دینا ، جیسے غُصّے میں آنا ، ملّوث ہونا؛ حاصل کرنا یا کامیاب ہونا (جیسے؛ to get to see him،) ۔ (بول چال) فوراً چھوڑ جانا ، (جیسے : to got out of the house) ۔ (نیز عوامی ، git) ، (جیسے : git along) ؛ آگے بڑھنا ۔ (بول چال) کوئی عمل شروع کرنا ۔ عموماً فعل حال سے پہلے (جیسے to get going) ۔

get across, v.t. (بول چال) کوئی نقطہ واضح کرنا یا سمجھانا ۔

get along, get on, ترقی کرنا ؛ پیش رفت کرنا ؛ آگے بڑھنا ؛ مخصوص انداز میں کارکردگی دکھانا ؛ کامیاب ہونا ؛ اپنی ضروریات کا خیال رکھنا ؛ اچھے تعلقات برقرار رکھنا یا متفق ہونا جیسے کسی شخص کے ساتھ ؛ عمر رسیدہ ہونا ؛ بُوڑھا ہونا ۔

get around, get round, بہت سفر کرنا ؛ بہت زیادہ دوستانہ مراسم کا ہونا ؛ ایک سے دوسرے تک پہنچ کر مشتہر ہونا ، جیسے خبر ؛ چاپلوسی کرنا ؛ پھانسنا ؛ جل دینا ؛ پُھسلانا ۔

get at, پُہنچنا ؛ معلُوم کرنا یا تحقیق کرنا (جیسے : to get at the heart of the matter) ؛ معنوں تک پہنچنا ؛ چاہنا ؛ ذمّہ داری لینا یا کسی کام میں لگ جانا (جیسے : to get at one's chores) ؛ رام کرنا یا رشوت دینا (جیسے : to get at the person incharge) ۔

get by, دوسرے کو خبر ہوئے بغیر کھسک جانا ؛ مشکلات کے باوجود بچ نکلنا ؛ تنقید یا سزا سے بچ جانا ۔

get even with, (بول چال) بدلہ چُکانا ۔

get off, (بول چال) سزا سے بچنا ؛ پیچھا چھڑانا ؛ چھوڑ دینا (جیسے : to get off the train) ۔

get on, تباہ کرنا ؛ گھوڑے یا گاڑی پر سوار ہونا ۔

get over, (بول چال) تلافی کر لینا (جیسے کسی شرط یا داؤ سے) ۔

get, n. بچے ؛ کسی جانور کی نسل، خصوصاً نسل کشی والے گھوڑے کی نسل ۔ (کھیل) کسی مشکل شاٹ کا لوٹانا جیسے ٹینس میں ۔

getaway, n. فرار ؛ ابتدا جیسے کسی دوڑ کی ۔ (فعل لازم) مفرور ہونا ؛ بچ نکلنا ؛ ابتدا ہونا جیسے کسی دوڑ میں ۔

get away with, (بول چال) اپنے طرزِ عمل کے نتائج سے بچ نکلنا ؛ بچنے میں کامیاب ہو جانا ۔

Gethsemane, n. گتھسی مین ؛ یروشلم کے قریب وہ باغ جس میں حضرت عیسیٰ کو دھوکا دیا گیا تھا ؛ اذیّت کا مقام یا موقع ۔

gettable, getable, a. قابلِ حصول ؛ میّسر ؛ قابل رسائی ؛ دستیاب ۔

getter, n. گیٹر آخذ ؛ گیس خور ؛ کوئی شخص یا شے جو وصول کرے ۔ (برقیات) کوئی شے، مثلاً بیریم یا کوئی دوسری برقی مثبت دھات جو خلائی نلی میں یا بجلی کے بلب میں بچی کھچی گیس کو جذب کرنے کے لیے استعمال ہو ۔ (کینیڈا) جانوروں کی چچڑیوں مکھیّوں یا طُفیلیوں کو ختم کرنے کے لیے زہر آلود خوراک ۔

get-together, n. میل ملاپ عموماً غیر رسمی اور مختصر سی پارٹی یا اجتماع ؛ تقریب ۔

getup, get-up, get-up-and-go, n. (بول چال) وضع قطع ؛ لباس کی ترتیب ، انتخاب یا انداز ؛ لباس یا پوشاک ؛ کسی شے کا عام انداز ، دِکھاوا یا ساخت ، جیسے کتاب یا رسالے کی ؛ ولولہ ؛ طرز ؛ انداز ؛ ظاہر ؛صورت شکل۔

get up, v.t. تیّار کرنا ، ترتیب دینا یا مُنظّم کرنا ؛ جذبات یا احساسات کا مشتعل کرنا ؛ عِلم حاصل کرنا ، جیسے کسی مضمون کا ؛ کسی پوشاک یا غیر معمولی فیشن میں ملبوس کر کے پیش کرنا ؛ ظاہری وضع قطع کے اعتبار سے مخصوص انداز سے تیّار کرنا جیسے کتاب کا ۔ (فعل لازم) اُٹھنا ؛ بستر سے نکلنا ؛ بیٹھنے یا کھڑے ہونے کے انداز میں اُونچا ہونا ؛ اُوپر چڑھنا یا سوار ہونا ۔

geum avens, n. مبارک بوٹی ؛ شب بُو ؛ گلاب کی قسم کا ایک پودا جس کے نوکدار پتّے اور زرد ، سرخ یا سفید پُھول ہوتے ہیں اور جڑدار شکل کے چھوٹے چھوٹے پھل ہوتے ہیں ۔

gewgaw, n. کھلونا ؛ نمایشی زیور؛ محض دکھاوے کی چیز ۔ (صفت) نمایشی مگر بے قیمت (شے) ۔

geyser, n. گرم چشمہ ؛ گرمابہ ؛ گیزر ؛ حمّہ ؛ وقفوں وقفوں سے اُبلنے والے گرم پانی اور بھاپ کے قدرتی سوتوں کو دیا گیا نام ؛ کسی نالی میں اوپر کو اٹھتا ہوا پانی ۔ (برطانوی) غُسل کے واسطے بجلی یا گیس سے چلنے والا آلہ ۔

geyserite, n. گیسرائٹ ؛ گیزر اور گرم چشموں کے دہانوں پر رنگ برنگی سلیکا کی جمی ہُوئی تہیں ؛ حمّی مادّہ ۔

gharry, gharri, n. [اردو] گاڑی ؛ گھوڑا گاڑی ؛ تانگہ ؛ برصغیر ہند و پاکستان اور مصر میں مستعمل ایک چھکڑا ، ریڑھی یا دُوسری پہیّے والی گاڑی، خصوصاً جسے گھوڑا یا گدھا کھینچتا ہو ۔

ghast, a. (قدیم) خوفناک ؛ مہیب ۔

ghastly, a. بھیانک ؛ ڈراؤنا ؛ ہولناک (جیسے : a ghastly crime) ؛ وحشت ناک (جیسے : a ghastly mistake) ؛ بُھوت یا مردہ آدمی کی رنگت کا (جیسے : a ghastly pallor) ؛ زردی ؛ مُردنی ۔

ghat, ghaut, n. [اردو] گھاٹ ؛ برصغیر پاک و ہند میں دریا کے کنارے ایک جگہ، عموماً چبوترہ جس کی سیڑھیاں دریا میں اُترتی ہیں اور جو نہانے نیز سماجی اجتماع کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

ghazal, gazal, n. [اردو] غزل ؛ اُردو ، فارسی یا عربی کی ایک صِنف سخن جس میں پہلے دو مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں اور بعد کے ہر شعر کا دوسرا مصرعہ ہم قافیہ ہوتا ہے ۔

ghee, ghi, n. [اردو] گھی ؛ برصغیر پاک و ہند میں گائے اور بھینس کے دُودھ سے نکالا گیا مکھّن جسے تا کر صاف کر لیا گیا ہو ۔

gherkin, n. گھرکن ؛ جزائر غرب الہند اور امریکا کی اچار

ڈالنے والی چھوٹی ککڑی ؛ ایسی ککڑی کا پودا ؛ کوئی چھوٹی کچّی عام ککڑی جو اچار ڈالنے میں استعمال ہو ۔

ghetto, n. اقلیّت محلّہ ؛ یہودبستی ؛ یہودی باڑہ ؛ معاشی مجبوریوں یا اکثریت کی جانب سے سماجی پابندیوں کے باعث شہر کا وہ علاقہ جس میں اقلیتی فرقہ کے لوگ رہتے ہوں ؛ پہلے یورپ کے مُلکوں میں شہر کا وہ علاقہ جہاں یہودیوں کو رہنا پڑتا تھا ۔

Ghibelline, n. گیبلن ؛ قُرونِ وُسطیٰ میں اطالوی اُمرا کی شاہی پارٹی کا رُکن جو پوپ کے برخلاف جرمن شہنشاہ کی حمایتی تھی اور گلفس (Guelphs) کے نام سے موسُوم تھی ۔

ghost, n. سایہ؛ رُوح ؛ بُھوت؛ پریت ؛ ہمزاد ؛ مُردہ شخص کی رُوح یا آتما ؛ رُوح کا پھیرا جو زندہ لوگوں کے لیے پریشان کُن سمجھا جاتا ہے ؛ چھلاوہ یا سایہ ؛ محض عکس یا وہمی پیکر (جیسے : the ghost of a smile) ؛ رُوحانی مخلوق ۔ (ٹیلی وژن) ایک دُہری تصویر، عموماًمدھم اور اصل تصویر سے قدرے ہٹی ہوئی جو موجوں کے انعکاس کا سبب ہوتی ہے ۔ (بصریات) روشن نقطہ یا ثانوی شبیہہ جو عدسے کے نقص کے باعث بنے ۔ (فعل متعدی) معاوضہ لے کر فرضی نام سے لکھنا یا تصویر بنانا ؛ (بھوت کا) ظاہر ہونا یا پریشان کرنا ۔ (فعل لازم) معاوضہ لے کر فرضی نام سے لکھوانا ؛ بھوت کی مانند ؛ خاموشی سے رواں ہونا ۔

give up the ghost, مر جانا ؛ انتقال کر جانا ۔

ghost dance, n. بھوت رقص ؛ اُنیسویں صدی کے اواخر میں شمالی امریکا کے انڈین قبائل کا روایتی رقص جس کے ذریعے مُردوں سے رابطہ قائم کیا جاتا تھا ۔

ghostly, a., adv. بُھوت کے مشابہ یا اس سے متعلق ؛ بھوت کا سا ؛ ارواح کا ۔

ghostliness, n. بُھوت پن ۔

ghost town, n. کھنڈر ؛ ماضی کا کوئی خُوشحال اور آباد شہر جو اب مستقل طور پر ویران ہو چکا ہو ؛ ویرانہ ؛خرابہ ۔

ghost word, n. لفظِ مُہمل ؛ غلطی یا غلط فہمی سے پیدا شدہ لفظ جو کبھی زبان کا مستند حصّہ نہ بن سکے ۔

ghost writer, ghost-writer, n. کرائے کا مُصنّف ؛ قلم مزدور ؛ ایسا مُصنّف جو معاوضہ لے کر دُوسروں کے نام سے لِکھے ۔

ghostwrite, v.t., v.i. کرائے پر لِکھنا یا لِکھوانا ؛ معاوضہ لے کر دوسروں کے نام سے لکھنا یا لکھوانا ۔

ghoul, n. غولِ بیابانی ؛ مشرقی کہانیوں کی چڑیل جس کے متعلّق سمجھا جاتا ہے کہ وہ قبروں کو کھولتی اور لاشوں کو کھا جاتی ہے ؛ ایسا شخص جو مکروہات کا رسیا ہو ۔

ghoulishness, n. چڑیل پن ۔

GI, G.I., a. (عسکری) امریکی فوجوں میں شامل شخص کا یا اس سے متعلّق یا اس کے بارے میں ؛ امریکی فوج کے سپلائی محکمہ کا جاری کردہ ؛ فوجی قوانین کا پابند یا اس کے مطابق ۔ (اسم) امریکی مسلّح افواج کا مُلازم یا سابقہ ملازم، خصوصاً رجسٹر میں مندرج ۔ (فعل متعدی) فوجی معائنہ کے لیے صفائی کرنا جیسے بیرکوں کی ۔ (متعلّق فعل) فوجی قواعد کے مطابق ۔

giant, n. دیو ؛ انسانی شکل کا عظیمُ الجُثّہ اور قوی فرضی کردار ؛ غیر معمولی جسامت کا شخص یا شے ۔ (مجازاً) ایسا شخص جو دوسروں کے مقابلہ میں اپنی کامیابی ، کارناموں اور شہرت میں بڑھ چڑھ کر ہو (جیسے : an intellectual giant) ۔ (یونانی اساطیری) انسانوں سے قامت میں بُلند و بالا اور طاقتور قوم کا ایک فرد جسے اُلمپیائی دیوتاؤں نے زیر کیا ؛ عفریت ؛ کوئی عظیم الشان قُوّت ۔ (صفت) دیوآسا ؛ دیو قامت ؛ قوی ہیکل ؛ دیو صورت ۔ (مجازاً) دُوسروں کے مقابلہ میں عظیم اور نمایاں ۔

giantess, n. دیونی؛ غیر معمولی بڑے قدوقامت کی عورت ؛ چُڑیل ۔

giantism, n. دیو پن ؛ عفریتیت ۔ (امراضیات) جسامت اور قامت میں غیر معمولی بڑھاؤ ۔

giant powder, n. عفریت سفوف ؛ جائنٹ پوڈر؛ ڈائنامائٹ کی ایک قسم جو نائٹروگلیسرین اور کیسلگوہر کے آمیزے سے بنائی جاتی ہے ۔

giant star, n. (فلکیات) ضخَام ستارہ ؛ کیپلا یا الدَبران کی مانند بہت زیادہ روشنی اور جسامت والا ستارہ جس کا قُطر سورج سے بہت زیادہ ہے ؛ عظیم ستارہ ۔

gib, n. (میکانیات) پچّر ؛ چپّر ؛ گب ؛ پُشت بند ؛ دھات یا لکڑی کا پتلا ٹُکڑا ، جو عموماً گاؤدُم ہوتا ہے اور جس سے مختلف حصّوں کو باہم مضبوطی کے ساتھ جوڑا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) پُشت بند کے ساتھ قابو کرنا یا مضبوط کرنا ؛ پچّر لگانا ۔

gibber, v.i. بکواس کرنا ؛ غیر واضح طور پر بہت تیزی کے ساتھ بے ربط بات ہونا ؛ بے تکے بولے جانا ؛ سمجھ میں نہ آنے والی باتوں کا ہونا ۔ (اسم) غیر واضح گفتگو ۔

gibberellic acid, n. (حیاتی کیمیا) ایک قلمی ترشہ جو جبرلین سے اخذ کیا جاتا ہے اور پودے کی نشوونُما تیز کرنے میں استعمال ہوتا ہے ؛ جبرلک ایسڈ ۔

gibberellin, n. (کیمیا) جبرلین ؛ پودوں کی نشوونُما کو منظم کرنے والی شے جو سماروغ/پھپھوندی سے پیدا ہوتی ہے ۔

gibberish, n. بے معنی تیز گفتگو ؛ ناقابلِ فہم زبان ؛ تحریر یا تقریر جس میں غیر معروف یا بہت زیادہ تکنیکی اصطلاحات استعمال کی جائیں ۔

gibbet, n. دار ؛ صلیب ؛ سُولی ؛ پھانسی ؛ سرے پر لگے ہوئے آر پار شہتیروں سے بنی ہوئی سُولی جس پر بدنام مجرموں کو سرعام پھانسی دی جاتی تھی ۔ (فعل متعدی) پھانسی پر لٹکانا یا چڑھانا؛ دار پر چڑھاکر پھانسی دینا ؛ رُسوا کرنے یا ذلیل کرنے کے لیے روکے رکھنا ۔

gibbon, n. گبن ؛ لنگور ؛ شرقُ الہند اور جنوبی ایشیا کے علاقوں کا بے دُما لنگور ، جو چھوٹا ، دُبلا اور لمبے بازوؤں والا ہوتا ہے ۔

gibbous, a. اُبھرا ہُوا ؛ محدب ؛ کُبڑا ۔ (فلکیات) کسی جِرم فلکی کا اس طرح روشن ہونا کہ دونوں کناروں پر محدب ہو ، جیسے چاند نصف سے بڑا مگر مکمل دائرے سے کم ہوتا ہے ۔

gibe, jibe, v.i. طعنہ زن ہونا ؛ تمسخُر ہونا ؛ مذاق اڑایا جانا ۔ (فعل متعدی) طنز کرنا؛ تمسخُر کرنا ؛ پھبتی کسنا ۔ (اسم) طعنہ ؛ آوازہ ؛ پھبتی ۔

giblet, n. (عموماً جمع) دِل ، گردہ ، کلیجی؛ پرندے کا دل ، گردہ یا

دُوسرے کھانے کے قابل اعضا جو اکثر اس کا گوشت پکانے سے پیشتر علیحدہ کر لیے جاتے ہیں۔

Gibraltar, n. جبل الطارق ؛ ایک ناقابلِ تسخیر قلعہ ؛ چوکی ؛ کوٹ۔

Gibson, n. گبسن ؛ ایک قسم کی کاک ٹیل جس میں جن اور ورمتھ اور ذائقے کے لیے قلیل مقدار میں پیاز بھی شامل ہوتا ہے۔

gid, sturdy, n. (بیطاری امراضیات) لڑکھڑاہٹ ؛ دُوار ؛ گُھمیر ؛ بھیڑوں کی ایک قسم کی دماغی بیماری جو دماغ میں کِرم کدو کے لاروے سے پیدا ہوتی ہے۔

giddy, a. (امراضیات) جس کا سر چکراتا ہو ؛ جیسے دوران سر ہو ؛ لااُبالی ؛ وارستہ مزاج ؛ بے خُود ؛ من موجی ؛ متلوّن ؛ گیج ؛ بے فکر ؛ ہرزہ سر ؛ جس سے سر چکرا جائے ؛ دورانِ سر پیدا کرنے والا۔

giddiness, n. گُھمیر ؛ چکّر ؛ تلوُّن۔

Gideons International, n. گیڈون انٹرنیشنل ؛ مُختلف عیسائی فرقوں کے عام افراد پر مشتمل ایک بین الاقوامی تنظیم جو ۱۸۹۹ء میں قائم ہوئی اور جو ہوٹلوں اور سراؤں میں بائبل کے نسخے تقسیم کرنے کی خدمت انجام دیتی ہے۔

gift, n. تُحفہ ؛ ایسی شے جو بغیر معاوضہ یا قیمت کے دی جائے ؛ بخشیش ؛ دینا ؛ ہدیہ ؛ سوغات ؛ عطیہ ؛ دینے کا عمل ، حق یا اختیار ؛ خُدا داد قابلیت ؛ ملکہ ؛ خُدا کی دین ؛ وہبی کمال۔

gifted, a. خداداد قابلیت کا حامل ؛ وہبی۔

gig, n. تانگہ ؛ گِگ ؛ دو پہیّے والی ہلکی گھوڑا گاڑی ؛ ٹم ٹم۔ (جہاز رانی) ہلکی کشتی جو جہاز کے ساتھ ہوتی ہے اور چپُّو یا بادبان سے چلتی ہے ؛ لمبی چپو والی کشتی جو ناؤ دوڑ میں استعمال ہوتی ہے۔ (موسیقی جاز) عارضی پیشہ ورانہ پابندی۔ (عسکری) سزا یا نقص۔ (فعل لازم) گِگ میں سواری کرنا۔ (فعلِ متعدی) (عسکری) سزا کا دیا جانا۔

gig, n. ماہی بھالا ؛ مچھلی کے شکار کے لیے بھالا ؛ عموماً بغیر کانٹے کے چار ہُک والا پنجہ جو مچھلیوں کے غول یا ٹُکڑی میں پھینک کر کھینچنے سے ان کے جسم میں پیوست ہو جاتا ہے ؛ کپڑے پرروُاں اُبھارنے والی مشین۔ (فعل متعدی و لازم) بھالے کے ساتھ مچھلی کا شکار کرنا ؛ گگ کے ذریعے کپڑے پر رواں اٹھانا ؛ مچھلی کو گگ کے ساتھ پکڑنا۔

gigantesque, a. دیو کے شایانِ شان۔

gigantic, gigantean, a. دیو کی جسامت یا قد کے مطابق ؛ دیو قامت ؛ عظیمُ الجثہ ؛ قوی ہیکل۔

gigantism, n. (امراضیات) عَظیم الجُثیّت ؛ عفریتیّت ؛ جسم کا یا اس کے حصّوں کا بہت زیادہ بڑھ جانا ، عام طور پر غدّہ نخامیہ کی ناقص کارکردگی کے باعث۔

giggle, v.i. احمقانہ طور پر یا بدتمیزی سے ہنسنا ؛ ٹھٹھا لگانا ؛ بیہودگی کی ہنسی ہنسنا ؛ دبی دبی ہنسی ہنسنا ؛ کِھی کِھیانا۔ (اسم) ٹھٹھا۔

gigolo, n. مردِ زن داشتہ ؛ ایسا شخص جس کو کسی عورت کی ہمراہی یا اس کے ساتھ رقص کے لیے تعنیات کیا گیا ہو ؛ معاشی طور پر ایسی عورت کے زیرِ کفالت شخص جو اس کی بیوی نہ ہو۔

gigot, n. بھیڑ یا بکری کے گوشت کی ران یا دستی۔

gigue, giga, n. جگ یا کوئی اور بھرپُور رقص جو اکثر رقصاں جوڑے کی آخری کلاسیکی حرکات پر ختم ہو جاتا ہے۔

Gila monster, n. جلا مانسٹر ؛ جنوب مغربی امریکا کی عظیم الجثہ زہریلی چھپکلی جس کی جِلد پر کیل کے سرے کی مانند زرد یا نارنجی اور سیاہ دانے ہوتے ہیں۔

gilbert, n. گلبرٹ ؛ قُوّتِ محرکہ مقناطیسی کی سینٹی میٹر ، گرام ، سیکنڈ (س گ س) نظام میں ایک اکائی۔

gild, v.t. طِلا کاری کرنا ؛ سونے کا پتر چڑھانا یا مُلمّع کرنا ؛ سنہرا رنگنا ؛ سنہری روشنی سے چمکانا ؛ رنگ کرنا۔ (مجازاً) ظاہری طور پر خُوشنُما بنانا ؛ خالی خولی شاندار الفاظ سے آراستہ کرنا۔

gild the lily, پہلے سے خوبصورت شے کو غیر ضروری طور پر مزید آراستہ کرنا۔

gilding, n. ملمّع سازی ؛ سونے کے ورق کی تہ۔ (مجازاً) سطحی طور پر دلکش صورت۔

gild, n. دیکھیے : Guild۔

gilder, n. طلا کار ؛ ملمّع ساز۔

gill, n. گلپھڑا ؛ خیشوم ؛ مچھلی یا دوسرے آبی جانوروں کے اعضائے تنفس جن کے ذریعے وہ پانی سے آکسیجن حاصل کرتے ہیں۔ (نباتیات) کُھمبی کے نچلے حصّے کی چمکدار دھاریاں۔ (جمع) مرغوں وغیرہ کی چونچ کے نیچے لٹکتا ہوا گوشت۔ (بول چال) کسی شخص کی ٹھوڑی کے نیچے یا قریب کا گوشت (جیسے : green around the gills)۔ (فعل متعدی) جل جُال میں لٹکتے ہوئے گوشت کے ذریعے پکڑنا جیسے مچھلیوں کا۔

gill, ghyll, n. (برطانوی بولی) تنگ وادی یا درّہ ؛ تنگ پہاڑی ندی۔

gill, n. جل ؛ مائع ؛ ناپنے کا پیمانہ جو ایک پنٹ کا چوتھائی حصّہ ہوتا ہے۔ مخفف: gi۔

gill net, n. گلپھڑا جال ؛ جِل جال ؛ ایک پردہ نُما جال جو پانی میں عموماً لگایا جاتا ہے اور اس میں مچھلیاں گلپھڑوں سے مختلف پھندوں میں پھنستی ہیں۔

gill slit, n. (حیوانیات) حلقومی شگاف ؛ خیشومی درزیں ؛ مچھلی کے حلقوم میں وہ شگاف جن میں سے پانی خارج ہوتا ہے ؛ دودھ پلانے والے جانوروں پرندوں اور رینگنے والے جانوروں کے حلق میں جنیاتی چاک۔

gilly flower, gilliflower, n. لونگ نُما خوشبودار پُھولوں والے پودوں میں سے کوئی ایک ؛ لونگ پُھول یا شب بُو کا پودا۔

Gilsonite, n. گِلسونائٹ (تجارتی نشان)۔ (دیکھیے : Uintaite)۔

gilt, a. سون رنگ ملمّع ؛ جھول ؛ گِلٹ۔ (اسم) سونا یا دوسری ایسی شے جو ملمّع کرنے میں استعمال ہو ؛ ملمّع سازی ؛ مُطّلا۔

gilt, n. جوان سُورنی۔

gilt-edged, gilt-edge, a. مُطّلا کنار ؛ سنہری کناروں والا اعلیٰ درجے یا عُمدہ معیار کا ، جیسے کاغذ ؛ سرکاری تمسّکات۔

gilthead, n. ماہی زریں سر ؛ سر پر سنہری چتیوں یا دھاریوں والی سمندری مچھلیوں میں سے کوئی ایک مچھلی ، اس میں بحیرۂ روم کی خوردنی پرکاڈ مچھلی بھی شامل ہے۔

gimbals, gimbal ring, n. (بعض اوقات واحد) گمبلز ؛
افقی سہاروں پر ٹکے ہوئے دو متحرک چھلّوں پر مشتمل آلہ جس پر
بحری جہاز کا قُطب نما بہر طور اُفقی حالت میں رہتا ہے۔

gimcrack, n., a. کھلونا ؛ نمایشی چیز ؛ نکمّی آرایشی چیز ؛
کوئی بے کار شے۔

gimlet, n. دستی برما ؛ برما ؛ سُوراخ کرنے کا اوزار ،
جو ایک فولادی چھڑ کا بنا ہوتا ہے ، اس چھڑ کے ایک سِرے پر نوکدار
پیچ ہوتا ہے اور دوسرے سرے پر عرضی دستہ ؛ لیموں رس ، چینی اور
جن یا ووڈکا کی بنی ہوئی کاک ٹیل۔ (فعل متعدی) برمے سے یا برمے
کی طرح سُوراخ کرنا ؛ برمے کی طرح گھومنا۔ (صفت) چھیدنے والا۔

gimmick, n. انوکھی کَل ؛ انوکھا داؤ ؛ دام تزویر ؛ گِمک ؛
کوئی پیچیدہ یا دھوکا دینے والی کَل ، جیسے جوئے کے آلے کو کنٹرول
کرنے والی ؛ دھوکا یا تزویر ؛ ایسی کَل جس کا نام معلوم نہ ہو یا بُھلا دیا
گیا ہو۔

gimp, n. کناری ؛ گوٹ ؛ ڈوری ؛ لباس ، فرنیچر یا پردوں
پر استعمال ہونے والا لیس یا فیتہ جو بعض اوقات تاردوختہ ہوتا ہے ؛
عام شفاف دھاگا جو لیس سازی میں نقش و نگار کا حاشیہ بنانے میں
استعمال ہوتا ہے ؛ کنگرہ دار۔

gimp, n. (عوامی) لنگڑا ؛ لڑکھڑاتی چال ۔ (فعل لازم)
لنگڑا ہونا ؛ لڑکھڑانا۔

gimpy, a. لَنگ ؛ لنگڑا۔

gin, n. بیلنا ؛ روئی سے بنولے علیحدہ کرنے والی مشین
(جیسے : a cotton gin) ؛ جرّثقیل کی کل ؛ شکار کے لیے پھندا ، جال یا
دام ۔ (فعل متعدی) بیلنے کے ذریعے بیجوں سے علیحدہ کرنا جیسے
روئی کا ؛ شکار کرنا جال یا پھندے کے ذریعے۔

gin, n. جِن ؛ الکوحل کا کَشیدہ مشرُوب جو رائی یا دیگر
اناج ، غلّے اور اردج بیریوں کے ملغوبے سے بنتا ہے ؛ باز کشید شرابوں
میں خوشبویات شامل کر کے بنایا گیا ایسا مشروب۔

gin, n. (تاش) جِن رمی۔
(فعل متعدی) ہاتھ کے سبھی پتّوں کو ترتیب دے کرجیتنا جیسے جِن رَمی
کا ہاتھ۔

ginger, n. ادرک ؛ زنجبیل ؛ زنجبار جنس کا تیز بو والا پودا
جو پکانے اور دوائیوں میں استعمال ہوتا ہے ؛ شرق الہند کے اسی پودے
کی کوئی قسم اب یہ کئی ایک گرم ممالک میں بھی کاشت
کیا جاتا ہے ؛ ہلکا زرد سرخی مائل یا چمپئی (گندمی) رنگ ۔ (بول
چال) جوش ؛ تیزی ؛ طراری ۔ (فعل متعدی) ادرک کی چاشنی دینا۔
(بول چال) جَوش دلانا ؛ تیز کرنا ؛ اُکسانا ؛ اُبھارنا ؛ گرمانا ؛ مسالے دار
بنانا ؛ باذائقہ بنانا ۔ (صفت) ادرک کے ساتھ چٹپٹا ؛ جوشیلا۔

ginger ale, n. مشروبِ ادرک ؛ جنجر بیئر کے مماثل غیر الکحلی
خوردنی مشروب جس میں ادرک کا ست کم ہو۔

ginger beer, n. ادرک بیئر ؛ غیر الکوحلی مشروب
جس میں ادرک کی خوشبو ملی ہو۔

gingerbread, n. ادرک نان ؛ ادرک مِلی میٹھی روٹی ؛
بسکٹ وغیرہ کی قسم جو ادرک ملی ہوئی اور خوش نما شکل کی ہوتی
ہے ۔ (صفت) نمایشی ؛ شوخ اور بھدا۔

gingerbread tree, n. شجر ادرک نان ؛ مغربی افریقہ کا ایک درخت
جس پر ایک بڑا آلوچہ نما پھل لگتا ہے۔

gingerly, adv. انتہائی احتیاط سے یا ہوشیاری سے ؛ خبردار ہو کر۔
(صفت) مُحتاط ؛ خائف ؛ خبردار ؛ چوکس ؛ ہوشیار ؛ دُوراندیش۔

gingerliness, n. بہت زیادہ احتیاط ؛ چوکسی ؛ ہشیاری۔

gingersnap, n. ادرکی بسکٹ ؛ ادرک اور شیرے کا بنا ہُوا
پتلا خستہ بِسکٹ۔

gingery, a. ادرک جیسا؛ جوشیلا؛ تیز ؛ طرار ؛
مسالے دار ؛ چمپئی رنگ کا۔

gingham, n. سُوتی کپڑا جو رنگین دھاگوں سے عموماً
دھاری دار ، خانہ دار یا چوخانہ طرز پربُنا گیا ہو۔ (عوامی) چھتری۔

gingili, n. کُنجد ؛ تل؛ کنجد کا پودا یا اس کا تیل۔

gingival, a. (صوتیات) مسوڑوں کے حوالے سے ؛ اوپر کے
دانتوں کے جبڑوں یا قفلیوں سے متعلّق۔

gingivitis, n. (امراضیات) مسوڑوں کا ورم۔

gink, n. (عوامی) کوئی شخص ؛ کوئی آدمی خصوصاً بڑی
عمر کا ، اکثر ناپسندیدہ اور الجھا ہُوا۔

ginkgo, gingko, maidenhair tree, n. جِنگو ؛ چین میں پایا جانے والا
ایک بڑا زیبایشی برگ ریز درخت جس کے پتّے پنکھے کی شکل کے
ہوتے ہیں اور اس کا اخروٹ جیسا پھل کھایا جاتا ہے

gin mill, n. (عوامی) سیلون ؛ قہوہ خانے کا بڑا کمرہ یا شراب خانہ۔

gin rummy, gin, n. (تاش) جِن رمی ؛ تاش کے کھیل رمی کی ایک قسم
جس میں دونوں کھلاڑیوں میں سے کوئی ایک اپنے ہاتھ کے پتّے ڈال کر
کھیل ختم کر دے ، جب کہ اس کے غیر ترتیب شدہ پتوں کا میزان دس
یا اس سے کم ہو یااسکور کے اعلان سے پہلے سبھی پتّوں کو جوڑ کر
بونس حاصل کرے۔

ginseng, n. جِنسنگ ؛ چین یا کوریا کے پودے پناکس جِنسنگ
(Panax ginseng) یا شمالی امریکا کا پناکس کوئنک فولیس (-P.quin
quefolius)میں سے کوئی ایک پودا جس کی خوشبودار جڑ چین میں
بیشتر دوائیوں میں استعمال ہوتی ہے ؛ مذکورہ پودے کی جڑ یا اس سے
تیّار شدہ کوئی شے۔

gip, n., v.t. دیکھیے : Gyp۔

Gispsy, gipsy, n. دیکھیے : Gypsy۔

giraffe, n. زرافہ ؛ افریقہ کا لمبی گردن والا چتکبرا چوپایہ
جو جُگالی کرتا ہے ، موجود چوپایوں میں سب سے اونچا جانور ہے ۔ (بڑے
G کے ساتھ) (فلکیات) شمالی نصف کُرہ کا مجمع النجوم زرافہ۔

girandole, girandola, n. ایک گھومنے والی آتشبازی کی چرخی ؛
زیبایشی موم بتیوں کا جھاڑ جس کے پیچھے روشنی بڑھانے کے لیے
عموماً آئینہ لگا ہوتا ہے ؛ شمس جھاڑ ؛ جُھمکے کا گوہر جس کے ارد گرد
چھوٹے چھوٹے گوہر جڑے ہوں جیسے جڑاؤ آویزہ یا کرن پُھول ؛ چکّر کھاتا
ہوا فوارہ۔

girasol, girasole, n. جدر ؛ سورج مُکھی ؛ عین الشمس ؛
ایک قسم کا قیمتی پتّھر جو روشنی کے سامنے کرنے پر سرخ رنگت دے ؛
یروشلم الخرشف۔

gird, v.t. کمر پر پیٹی باندھنا ؛ کمر کے گرد پٹکا باندھنا ؛
تلوار والی پیٹی سے لیس کرنا ؛ باندھنا جیسے اسلحہ ۔ (مجازاً) کمر بستہ
ہونا ؛ عمل کے لیے خود کو تیار کرنا ؛ عطا کرنا جیسے کوئی خصوصیت

یا قُوّت ؛ تقـویّت پہنچانا ؛ مضبوط کرنا ؛ مستحکم کرنا ؛ گھیرا ڈالنا ؛ حلقہ ڈالنا ؛ احاطہ کرنا ؛ محاصرہ کرنا ؛ گھیرنا ۔

girder, n. شہتیر ؛ گرڈر ؛ لکڑی کے فرش یا چھت میں بڑا اُفقی لٹھا یا کڑی جیسے لکڑی، لوہے یا کنکریٹ کا، خصوصاً جس پر کڑیوں کے سرے رکھے جاتے ہیں ؛ چھت یا پُل کی ڈاٹ ۔

girdle, n. پٹکا ؛ حلقہ ؛ پیٹی ؛ زیر جامہ ؛ کنڈلی ؛ ایسی شے جو گھیرا ڈالے ؛ کمر کی ڈوری ؛ آڑ بند ؛ کمر بند ؛ گھیرا ؛ کمر کے نیچے کے حصّہ پر عورتوں اور بعض اوقات مردوں کا زیر جامہ جو جسم کے خطوط کو اُبھارے رکھتا ہے ۔ (تشریح الاعضا) چپنی ؛ صدری یا حوضی محراب ؛ درخت کی چھال چھیل کر اس کے گرد بنا ہُوا حلقہ ؛ حلقہ ؛ حلقۂ برگ ؛ حلقوی کاٹ ؛ گھیرا ؛ کٹے ہوئے ہیرے کا بیرونی کنارہ جو انگوٹھی چھلّے میں بیٹھتا ہے ۔ (فعل متعدی) پیٹی باندھنا ؛ گھیرا ڈالنا ؛ کسی درخت یا ٹہنی کے گرد حلقہ بنا کر اسے زیادہ زرخیز کرنا ۔

girdler, twig girdler, n. گھیراؤ ؛ گرڈلر ؛ وہ جو حلقہ بنائے یا گھیرا ڈالے ؛ حلقہ بنانے والا ؛ ایسا کیڑا جو ٹہنیوں اور تنوں میں گول سُوراخ کرتا ہے ؛ گُھن ۔

girl, n. نوعمر لڑکی یا بچّی ؛ ناکتخدا عورت ۔ (بول چال) دوشیزہ ؛ کنواری ؛ خادمہ ؛ چھوکری ؛ محبوبہ ؛ معشوقہ ۔

girlhood, n. دوشیزگی ؛ کنیا پن ؛ لڑکی ہونے کی خصوصیت ؛ بچپن ؛ لڑکپن ۔

girl Friday, n. گرل فرائیڈے ؛ کسی تجارتی دفتر میں ملازم خاتون سیکرٹری یا معاونِ انتظامیہ جسے مختلف النوع فرائض سونپے گئے ہوں ۔

girl friend, n. گرل فرینڈ ؛ دوست خاتون ؛ محبوبہ ؛ ایسی لڑکی جسے کوئی مرد خصوصی محبت دے ۔

girl guide, n. گرل گائیڈ. برطانیہ یا کینیڈا میں لڑکیوں کی تنظیم گرل گائیڈ کی کوئی رُکن جو گرل اسکاوٹ کی مماثل ہے ۔

girlie, girly, a. عریاں (رسالہ) ؛ لونڈیائی ؛ ننگی یا تنگ لباس لڑکیوں کی نمایش کرنے والا ، جیسے گرل میگزین ۔

girlish, a. لڑکی پنے کا ؛ لڑکی کے مماثل یا اس سے متعلّق ؛ لڑکی کے حسبِ اطوار ؛ معصوم ؛ بھولی ؛ کم سِن ؛ شرمیلی ۔

girlishly, adv. لڑکی پنے سے ؛ بھولے پن سے ؛ شرمیلے پن سے ۔

girlishness, n. لڑکی پنا ؛ معصُومیّت ؛ بھولپن ؛ شرمیلا پن ۔

girl scout, n. گرل اسکاوٹ؛ امریکا میں ۱۹۱۲ء میں جُولیئٹ لَو کی قائم کی ہوئی لڑکیوں کی تنظیم گرل اسکاؤٹس کی کوئی رُکن ، جو اراکین میں اچھی صحت ، اچھی شہریت ، اچھی خانہ داری کا عِلم اور اچھا کردار پیدا کرتی ہے ۔

Girondist, n. جیرانڈ سٹ ؛ ۱۷۹۱ء کی فرانس کی قانون ساز اسمبلی میں قائم شدہ معتدل ری پبلکن پارٹی کا رُکن ، اس پارٹی میں ضلع جرونڈ کے ڈپٹی اور ان کے حامی شامل تھے ؛ معتدل جمہوریت پسند ۔

girth, n. پیٹی یا بند ، خصوصاً گھوڑے یا کسی اور جانور کے پیٹ کے نیچے سے گزار کر زین کو کسنے والی پیٹی ؛ تنگ ؛ زیر بند ؛ کسی چیز کے گھیر کی پیمایش ؛ گھیر ؛ احاطہ ۔ (فعل لازم و متعدی) تنگ کسنا ؛ گھیرا ڈالنا ؛ تنگ باندھنا ؛ گھیرنا ؛ آراستہ کرنا ؛ احاطہ کرنا ؛ گھیر میں کسی مخصوص مقدار کا ناپ لینا ؛ محیط ناپنا ۔

gist, n. لُب لباب ؛ خُلاصہ ؛ اصل مطلب ؛ حاصل مطلب ؛ نچوڑ ؛ مدعا ؛ قانونی کارروائی کی بُنیاد ؛ لب لبابِ جیسے چند الفاظ میں بحث کا خلاصہ ۔

gittern, n. ستار ؛ طنبورہ ؛ گٹار کی قسم کا تار والا آلۂ موسیقی ۔

give, v.t. عملی طور پر کسی دُوسرے کے تصرّف میں دینا ؛ بطور تُحفہ پیش کرنا ؛ عنایت کرنا ؛ پیش کرنا ؛ تبادلہ کرنا یا تجارت کرنا ؛ عاریتاً دینا ؛ اجازت دینا (جیسے : to give permission to) ؛ انجام دینا ؛ قُربانی دینا (جیسے : to give one's life) ؛ مہیّا کرنا (جیسے : to give first aid) ؛ کوئی خاصیت بخشنا (جیسے : to give form to a piece of clay) ؛ کسی چیز کی مادّی وجہ ہونا (جیسے : Food gives nourishment) ؛ حوالے کرنا یا سپرد کرنا (جیسے : to give one self to tally to one's job) ؛ تفویض کرنا ؛ مہیا کرنا یا پیش کرنا ؛ ترسیل کرنا یا پُہنچانا (جیسے : to give someone a cold, or to give my regards) ؛ بطور تفریح پیش کرنا (جیسے : to give a party) ۔ (عوامی) کسی خاص حد تک فکر مند ہونا (جیسے : to give a darn) ؛ ہدیہ دینا ؛ ہبہ کرنا ؛ ترکہ میں دینا ؛ وعدہ قبول کرنا یا اختیار کرلینا، عموماً مفعولی حالت (جیسے : Given the present situation, the answer is clear) ۔ (فعل لازم) تُحفے میں دینا ؛ ہدیہ میں دینا ؛ دبنا جیسے دباؤ کے تحت ؛ پیچھے ہٹنا ؛ پسپا ہونا ؛ راستے کا دینا یا نظارے کے لیے جگہ کا دینا ۔

give ground, پسپا ہونا ؛ طاقت کے سامنے سے ہٹ جانا ۔

give way, پسپا ہو جانا ؛ شکست کھا جانا ؛ دباؤ کے تحت شکستہ ہو جانا ۔

giver, n. دینے والا ؛ عطا کرنے والا؛ دہندہ ۔

give, n. دباؤ کے تحت دب جانے یا ہار مان لینے کی خاصیت یا رُجحان ؛ پسپائی ؛ لچک ؛ چونچال پن ۔

give-and-take, n. کچھ دَو کچھ لو کا عمل ؛ باہمی طور پر رعایت لینے اور دینے کا عمل ؛ لین اور دین ؛ مصالحت ؛ نُقطۂ نظر کا دوستانہ ماحول میں تبادلہ ۔

give away, v.t. بطورِ تُحفہ دینا ؛ سپرد کرنا جیسے شادی میں دُولھا کو دُلھن ؛ راز فاش کرنا ؛ دھوکا دینا ۔

giveaway, n. اتفاقی افشائے راز یا دغابازی ؛ بغیر معاوضہ دی گئی کوئی چیز خصوصاً تجارت کے فروغ یا مشہوری کے لیے ؛ ٹیلی وژن یا ریڈیو میں ایسا پروگرام جس میں شرکا کو انعامات دیے جائیں ۔

give in, v.i. دب جانا ؛ اطاعت قبول کر لینا ؛ ہار مان لینا ۔

given, a. دی گئی ؛ عنایت کی گئی یا کردہ ؛ پیش کی گئی یا کردہ ؛ قبول کی گئی یا کردہ ؛ مرحمت کردہ یا عطا کردہ ؛ بیان کیا گیا ؛ فارغ کیا گیا ، جیسے دلائل دے کر ؛ قبول کیا گیا ، بطورِ حقیقت ۔

given name, n. کرسچن نام ؛ ذاتی نام ؛ نام کا پہلا حصہ جو خاندانی نام سے مختلف ہوتا ہے ۔

give off, v.t. نکالنا ؛ خارج کرنا ، جیسے بُو کا ۔

give out, v.i. چُور ہو جانا/تھک کر رہ جانا ؛ ختم ہو جانا ، جیسے رسد کا ۔ (فعل متعدی) مشتہر کرنا یا اعلان کرنا ؛ تقسیم کرنا ۔

give up, v.t. دست بردار ہو جانا ؛ حوالے کرنا ؛

مایوس ہو جانا ؛ پوری طرح خود کو سپرد کر دینا ۔ (فعل لازم) باز رہنا ؛ جیسے کسی منصوبے ، سرگرمی یا مقابلے سے ۔

gizzard, n. سنگ دانہ ؛ پوٹا ؛ قانصہ ؛ حوصلہ ؛ پرندوں کے پیٹ کا وہ حصہ جس میں سے گزرنے کے بعد خوراک ہضم ہوتی ہے ۔ (بول چال) مجموعی طور پر جسم کے اندرونی حصے ۔

glabella, n. (تشریح الاعضا) بین ابرو ؛ مقطب ؛ بھوؤں کے درمیان چہرے کا سپاٹ حصّہ ۔

glabrous, a. (حیاتیات) بالوں کے بغیر ؛ بے رُواں ؛ چکنا ؛ بے مُو ؛ صفا چٹ ؛ املس ؛ چکنی کھال کا ۔

glace, a. یخ بستہ ؛ جما ہُوا ؛ برف میں لگا ہُوا یا برف زدہ ، جیسے کیک ؛ شکر آمیز جیسے پَھل یا گریاں ؛ چکنا ؛ چمکدار جیسے کِرم یا ریشم ۔ (فعل متعدی) برف کی تہ جمانا ؛ یخ بستہ کرنا ۔

glacial, a. گلیشری ؛ برفانی ؛ برفیلا ؛ برفکا بنا ہوا یا برف کی مانند ۔ ٹھنڈا ؛ بُہت زیادہ مقدار میں برف یا گلیشیر کی موجودگی والا (جیسے : a glacial epoch or period) ؛ ایک ارضیاتی عہد جس کے دوران شمالی نصف کُرہ کا بیشتر حصّہ برف کی بڑی بڑی تہوں سے ڈھکا ہُوا تھا ؛ برف یا برف کے تودوں کی حرکت کے سبب یا ان سے متعلّق ؛ شدیّد ٹھنڈک ؛ سرد مہر (جیسے : a glacial manner) ۔ (کیمیا) بعض تیزابوں کی طرح برف کی شکل یا برفانی شکل اختیار کرنے کی طرف راجع ۔

glacialist, n. ماہرِ گلیشیر ؛ برفانی عہد کا ماہر جو ارضیاتی مظاہر کی برف کے عمل کے ذریعے تشریح کرے ۔

glacially, adv. برفانی حالت میں ۔

glaciate, v.i. برف میں تبدیل ہو جانا ؛ گلیشیر بن جانا ۔ (فعل متعدی) برف میں تبدیل کرنا یا برف سے ڈھانپنا ؛ گلیشیر بنانا ۔

glaciation, n. گلیشیر بستگی ؛ عملِ جلید ؛ یخ بستگی ۔

glacier, n. گلیشیر ؛ یخ تودہ ؛ برف باری کے عمل سے برف کا بہم شُدہ بہت بڑا انبار جو پہاڑوں سے آہستہ آہستہ نیچے سرک آئے (جیسے : valley glaciers) ؛ جو مرکزی حصوں سے باہر کی جانب پھیل جائے (جیسے : continental glaciers) ؛ برف ندی ؛ برف رود ؛ جلید ۔

glacier theory, n. (ارضیات) گلیشیئر نظریہ ؛ وہ نظریہ جو اہم ارضیاتی تبدیلیوں مثلاً وادیوں کے کٹاؤ کو برفانی دور میں گلیشیئروں کے عمل سے منسوب کرتا ہے ۔

glaciology, n. گلیشیات ؛ برفانی چٹانیں ؛ ارضیات کی وہ شاخ جو گلیشیئروں/برفانی تودوں کی تشکیل ، جغرافیائی تقسیم ، حرکت یا اثرات کے متعلّق ہو ؛ کسی خاص مُلک یا علاقے کے گلیشیائی خواص ۔

glaciologist, n. گلیشیات کا ماہر ۔

glacis, n. ہلکی ڈھلان ؛ قلعے کا پُشتہ ۔

glad, a. فرحاں ؛ شاداں ؛ خُوش ؛ مسرُور ؛ خُرم ؛ دِلشاد ؛ مگن ؛ محظُوظ ؛ کسی خاص وجہ کے باعث مسرور اور شاداں ؛ خرم یا شادماں (of یا at کے ساتھ یا جملۂ خبریہ کے ساتھ ، جیسے : glad at the news, glad of one's success, glad that one has come, glad to go) ؛ خُوشی ، مسرّت یا شادمانی سے مخصوص یا ان کا مظاہرہ کر کے (جیسے : glad feelings, looks, smiles or utterances) ؛ خوشی سے معمور ؛ خوس آنند (جیسے : a glad occasion, glad tidings) ۔

gladly, adv. خوشی سے ؛ بخوشی ۔

gladness, n. خوشی ؛ مسرّت ؛ شادمانی ؛ انبساط ۔

glad, n. دیکھیے : gladiolus ۔

gladden, v.t. خُوش کرنا ؛ مسرُور کرنا ۔ (فعل لازم) خُوش ہونا ؛ مسرُور ہونا ۔

glade, n. مرغزار ؛ جنگل کے بیچ میں کُھلا میدان ۔

glad hand, n. (بول چال) خلُوص بھرا ، پُرجوش استقبال ؛ اکثر نمایشی اور پُرتصنع

glad-hand, v.t., v.i. دستِ استقبال بڑھانا ۔

glad-hander, n. سب سے بنا کر رکھنے والا ۔

gladiator, n. گلیڈی ایٹر ؛ رُومائے قدیم میں پیشہ ور تیغ زن ، غُلام یا قیدی جو لوگوں کی تفریح کے لیے دوسرے لوگوں یا جانوروں کے ساتھ مرنے مارنے تک لڑتا رہتا ؛ شمشیر زن ؛ شمشیر باز ؛ جنگجو ؛ مناظرہ باز ۔

gladiatorial, a. شمشیر زن ؛ مناظرہ باز ۔

gladiolus, gladiola, n. نیمچہ ؛ تیغچہ ؛ تیغۂ سوسن ؛ سیف الغراب ؛ جنوبی افریقہ کا پھول دار درخت جس کے پتے تلوار نُما اور کونپلیں شوخ رنگ ہوتی ہیں ۔

gladiolus, n. (تشریح الاعضا) نیمچہ ؛ سینے کی ہڈّی کا درمیانی حصّہ ۔

gladsome, a. مسرُور ؛ فرحت بخش ؛ خُوش ؛ خُرم ؛ شادمان ؛ خوش کُن ۔

gladsomely, adv. بخوشی ؛ شادمانی سے ؛ خُوشی سے ۔

gladsomeness, n. مسرّت ؛ خُوشی ؛ خُرمی ؛ شادمانی وغیرہ ۔

Gladstone, n. چار پہیوں والی تفریحی گاڑی جس کی بند ہونے والی چھت ، کوچوان اور ملازم کے لیے بیٹھنے کی جگہیں اور اندر دو نشستیں ہوتی ہیں ۔

Gladstone, Gladstone bag, n. کئی کُھلنے والے خانوں پر مشتمل ایک قسم کا ہلکا سفری ہینڈ بیگ ۔

glair, glaire, n. بیاض البیض ؛ انڈے کی سفیدی جو تصاویر پر وارنش کر کے انھیں محفوظ کرنے اور ملمّع سازی میں بھی مستعمل ہے ؛ ایسی ہی چپکنے والی کوئی شے ؛ زلال ؛ انڈے کی سفیدی ؛ کوئی اور لیس دار شے ۔ (فعلِ متعدی) انڈے کی سفیدی یا کسی دوسری لیسدار شے سے وارنش کرنا یا اسے مل دینا ۔

glairy, a. انڈے کی سفیدی کا سا ؛ لیس دار ؛ زُلال نما ؛ انڈے کی سفیدی سے ڈھکا ہُوا ۔

glamorize, glamourize, v.t. نظر فریب بنانا ؛ دلفریبی عطا کرنا ؛ دِلفریب حُسن بخشنا ؛ رُومانوی کشش بخشنا ؛ رومانوی بنانا ؛ جمال آرا کرنا ۔

glamorization, glamourization, n. جمال آرائی ؛ دِلفریب کاری ؛ کَشش کاری ۔

glamorizer, glamourizer, n. جمال آرا ؛ دلفریب کار ؛ کَشِش کار ۔

glamorous, glamourous, a. جمال آگیں ؛ مسحُور کن ؛ سِحر آگیں ؛ نظر فریب ؛ رومانوی کشش ، جوش اور دلفریب حُسن سے پُر ۔

glamorously, glamourously, adv. جمال آرائی سے ، دلفریبی سے ؛ مسحُور کُن انداز میں ۔

glamorousness, glamourousness, n. جمال آگینی ؛ دِلفریبی ؛ نظر فریبی ؛ چکا چوند ۔

glamour, glamor, n. نظر فریب حسن اور پُر کشش جمال

(جیسے : The glamour of being a film star) ؛ پُر کشش ، مسحور کُن اور عموماً حُسنِ فریب کار ؛ دلفریبی ؛ کشش ؛ سحرکاری ۔

glance, v.i., v.t. تیزی سے مختصر وقفے کے لیے دیکھنا (جیسے : to glance at or over something) ؛ اچٹتی ہوئی نگاہ ڈالنا جیسے کسی چیز پر ؛ طائرانہ نظر ڈالنا ؛ سرسری اشارہ کرنا اکثر بطورِ طنز یا تنقیص ؛ کسی ہتھیار یا میزائل کا کسی نشانے سے اُچٹ جانا ؛ ترچھی سِمت اُچھلنا ؛ چمکنا یا دمکنا ؛ ترچھی سمت میں نشانہ لگانا یا ضرب لگانا ۔ (قدیم) مختصر یا سرسری طور پر کہیں نظر کرنا ؛ ڈالنا یا منعکس کرنا جیسے روشنی کی شعاع کو ۔

glance, n. سرسری نظر یا اچٹتی نگاہ ؛ ٹھوکر لگنے کے بعد کسی شے کا ترچھی سَمت میں لڑھکنا ؛ کرکٹ میں ایسی ضرب جس میں گیند بلّے سے چھو کر ترچھی سَمت چلی جائے ؛ سرسری اشارہ یا حوالہ ؛ روشنی کی شعاع یا چمک ۔

glance, n. (کانکنی ، معدنیات) مختلف کچ دھاتوں میں سے کوئی ایک جس کی چمک اس کی دھاتی نوعیت ظاہر کرے ۔

glance coal, پتّھر کوئلہ ؛ کوئی سخت چمکدار کوئلہ ؛ خصوصاً پتّھر کا کوئلہ ۔

gland, n. (تشریح الاعضا) غدّہ ؛ غدود ؛ گلٹی ؛ گلینڈ ؛ ایسا عضو جس کے ذریعے خُون سے بعض اجزا علیحدہ کر کے جسم میں استعمال یا خارج ہوں یا جس کے ذریعے خُون یا عرقِ شریان میں بعض تبدیلیاں واقع ہوتی ہیں ؛ مختلف عضویات یا ڈھانچوں میں سے کوئی جو اصلی گلینڈ کے مشابہ ہو (جیسے : lymph gland) ۔ (نباتیات) مادہ خارج کرنے والا عضویہ یا ڈھانچا جو خصوصاً سطح پر یا اس کے قریب واقع ہو ؛ بلوط دانہ ۔

gland, n. (مشین) ڈھکنا یا بند کرنے والے صندوق کا ایسا تسویہ پذیر حصّہ جس سے صندوق کی اشیا دب جائیں ؛ حصّوں کو باہم مضبوطی سے جوڑنے کے لیے استعمال ہونے والی کوئی شے ؛ ڈھبری ۔

glanders, n. (بیطاری امراضیات) کنار ؛ سراجہ ؛ گھوڑوں کی ایک متعدی خطرناک بیماری ، جو انسانوں کو بھی لاحق ہو سکتی ہے ، جس میں گلینڈ سوج جاتے ہیں ، ناک بہنے لگتی ہے اور پھیپھڑے متورّم ہو جاتے ہیں ۔

glandered, glanderous, a. سراجی ؛ سراجہ زدہ ۔

glandular, glandulous, a. غدودی ؛ غدی ؛ ایک یا زیادہ غدودوں پر مشتمل ؛ غدودوں سے متعلق ۔

glans, n. (تشریح الاعضا) غدہ ؛ حشفہ ؛ قضیب یا بظر کا غدہ یا سِرا ؛ گھینگا ۔

glare, v.i., v.t. چوندھیا دینا ؛ چکا چوند ڈالنا ؛ نظر خِیرہ کر دینا ؛ بہُت زیادہ نمایاں ہونا ؛ نظر میں چُبھنا ؛ انتہائی بھڑکیلے رنگ کا ہونا ؛ بھدی آرایش سے مزیّن ہونا ۔ (مجازاً) بہت زیادہ نمایاں ہونا ؛ گھور کر دیکھنا ؛ قہر آلود نگاہوں سے دیکھنا ؛ آنکھوں سے نفرت یا حقارت کا ٹپکنا ؛ تیوری چڑھا کر یا ترچھی نظر سے عداوت کا اظہار کرنا ۔ (اسم) تیز چُندھیانے والی روشنی ؛ روشنی کی چکا چوند ؛ چمک ؛ بھڑکیلا پن یا بھدی آرایش ؛ غضب آلود نظر ؛ ٹکٹکی ؛ گھری نظر ۔

glary, a. خیرہ کُن ؛ بھڑکیلا ؛ غَضب آلود ۔

glariness, n. چمک ؛ چکا چوند ؛ بھڑکیلا پن ۔

glare, n. برف کی مانند چمکدار ہموار سطح ۔ (صفت) برف کی مانند چمکدار اور ہموار ؛ شفّاف ۔

glary, a. چمکدار ؛ شفّاف جیسے برف ۔

glaring, a. خیرہ کُن ؛ آشکار ؛ بھڑکیلا ؛ چمکیلا ؛ نمایاں ؛ گھورنے والا ۔ چندھیانے والی یا چُبھنے والی روشنی خارج کرنے والا یا منعکس کرنے والا ؛ ناگوار طور پر نمایاں ؛ بھدا نمایشی ؛ غضب سے دیکھنے والا ۔

glaringness, n. چمک ؛ دمک ؛ خِیرگی ؛ تابناکی ۔

glasnost, n. [روسی : تبدیلی] کھلی پالیسی ؛ کھلی مشاورتی حکومت اور زندگی کے ہر شعبے میں وَسیع تر اطلاعات کے پھیلاؤ کی حکمت عملی ؛ اس سے پیدا ہونے والی سماجی اور معاشی تبدیلیوں کا عمل ۔

glass, n. کانچ ؛ آبگینہ ؛ زُجاج ؛ شِیشہ ؛ ایک سخت ، پھوٹک ، شفاف ، مصنوعی شے جو سلیکونی مواد جیسے باریک ریت ، کسی قلوی شے کے ساتھ ضم ہونے سے بنتی ہے ؛ شیشے کی بنی ہوئی کوئی شے ؛ آئینہ ؛ شیشے کا برتن جس میں بہنے والی ریت بھر کر وقت کی پیمایش کی جاتی ہے ؛ ریت گھڑی ؛ گلاس ؛ دستے کے بغیر پینے کا برتن ؛ ایسے برتن میں سمانے والی مقدار ؛ شیشے کے برتن ؛ بصری آلات جیسے عدسہ ؛ زمینی دُوربین یا عام دُوربین ؛ بیرومیٹر یا تھرمامیٹر ۔ (جمع) عینک کے شیشے یا عینک ۔ (صفت) شیشے کا بنا ہوا ؛ شیشے کے حصّوں سے فٹ کیا ہُوا ؛ شیشے سے متعلّق ۔ (فعل متعدی) شیشے کے برتن میں ڈالنا ؛ شیشے سے ڈھانکنا ؛ شیشے کے تختے لگانا ؛ مناظری ، بصری آلات کے ذریعے معائنہ کرنا ۔ (ادب) منعکس کرنا یا آئینہ دکھانا ۔

glass block, glass brick, n. (فن تعمیر) شیشہ شِیٹ ؛ کھوکھلا یا ٹھوس شیشے کا نیم شفّاف بَلاک جس کی بیرونی سطح پر عموماً مختلف قسم کے نمُونے بنے ہوتے ہیں اور جو کسی عمارت کی کُھلی طرف کو خُوشنُما بنانے کے لیے یا کمروں کے درمیان دیواریں بنانے کے کام آتے ہیں ۔

glass blowing, n. آبگینہ سازی ؛ شِیشہ گری ؛ منہیا ری ؛ نفیس شیشے کا سامان اور شیشے کے زیورات کو ایسی نلکی میں پُھونک مارکر ، جس کے دُوسرے سرے پر پگھلے شیشے کا مواد ہوتا ہے ، بنانے کا قدیم فن جو اَب بھی مستعمل ہے ۔

glass blower, n. آبگینہ ساز ؛ شیشہ گر ؛ منہیار ۔

glassful, n. گلاس بھر مقدار جو پینے کے گلاس میں سما سکے ۔

glassine, n. ایک چمکدار نیم شفّاف کاغذ جس پر پانی ، ہوا یا تیل اثر انداز نہیں ہوتے ۔

glassmaker, n. آبگینہ ساز ؛ شیشہ گر ؛ شیشہ یا شیشے کے ظُروف بنانے والا ، منہیار ۔

glassmaking, n. آبگینہ سازی ؛ منہیاری ۔

glass snake, n. شیش ناگ ؛ شمالی امریکا میں پائی جانے والی سانپ جیسی چھپکلی جو اپنی پھوٹک چتکبری دُم کے باعث اس نام سے موسوم ہے ۔

glassware, n. منہیاری ؛ شیشے کے آلات ؛ کانچ کا سامان ۔

glass wool, n. شیشہ رُوئی ؛ شیشہ پنبہ ؛ فلٹر وغیرہ میں حاجز بھرتی کے لیے مستعمل روئیں دار باریک ریشوں والا شیشہ ۔

glasswork, n. شیشہ گری ؛ آلاتِ شیشہ سازی ؛ شیشے کی تنصیب ؛ شیشہ چمکانے کا عمل ؛ مجموعی طور پر شیشے کی اشیا ؛ شیشے کے ظُروف ؛ شیشے کی بنی ہوئی زیبایش و آرایش ۔

glassworks, n. شیشہ فیکٹری ؛ کارخانۂ شیشہ گری ؛ کارخانۂ شیشہ سازی ۔

glasswort, n. (نباتیات) علف شورہ ؛ نبات شورہ زا ؛ سونف آبی ؛ جنس سالیکورنیا (Salicornia) میں سے کوئی ایک جھاڑی نما،بغیر پتّے کے رسیلا پودا جو کھاری پانی کی دلدلوں اور قلوی علاقوں میں پایا جاتا ہے اور جس کی راکھ ماضی میں شیشہ بنانے کے لیے سوڈے کے ماخذ کے طور پر استعمال ہوتی تھی ؛ سالسولاقلی ؛ رُوسی خار دار جھاڑی ۔

glassy, a. شیشے کے مانند ؛ کانچ سا (جیسے شفّاف ہونے یا ہموار ہونے میں) ؛ پتھرایا ہُوا ، بغیر ذہانت کے یا تاثُرات سے عاری ، (جیسے : a glassy stare) ؛ شیشے کی نوعیت کا ؛ شیشہ نُما ۔

glassy, n. سنگِ مرمر جو دُوسرے سنگ مرمر کے پتھروں کو توڑنے میں استعمال ہوتا ہے ۔

glassily, adv. آئینے کی طرح ؛ پتھرا کر۔

glassiness, n. شفّاف ہونے کی خاصیت؛شفافی ؛ شفاف پن ۔

Glauber's salt, Glauber salt, Glauber's salts, گلابر کا نمک ؛ گلابری نمک ؛ بے رنگ ، قلمی سوڈیم کا نمک ، سوڈیم سلفیٹ جو عموما دوائی میں بطور مُلیّن اور کپڑوں کو رنگنے کے لیے مستعمل ہے ۔

glaucoma, n. گلا کوما ؛ سبز موتیا ؛ آنکھ کی بیماری جس میں درونِ چشم دباؤ بڑھ جاتا ہے اور بتدریج بینائی کم ہوتی چلی جاتی ہے ؛ زرق الما ۔

glacomatous, a. سبز موتیا کا (مریض) ۔

glaucous, a. سمندری سبز(رنگ)؛ مٹیالا یا ہلکے نیلگوں سبز رنگ کا ۔ (نباتیات) ہلکے نیلگوں یا سفیدی مائل مٹیالے یا غبار آلودہ رنگ کا جیسے بعض پھل ۔

glaucously, adv. سبزی مائل جھلک دیتے ہوئے ۔

glaze, v.t. صیقل کرنا ؛ پالش کرنا ؛ کلپ دینا ؛ روغن کرنا ؛ شیشے جڑنا یا شیشے لگانا جیسے کھڑکی میں ؛ ظُروف وغیرہ پر مناسب مواد لگا کر بَھٹّی میں یا کسی دُوسرے طریقے سے پکا کر ان کی سَطحوں کو شیشے کی مانند شفّاف اور چمکدار بنانا ؛ سطح کو جِلا دینا؛ پالش کرا کے ؛ عموماً ہموار اور چمکدار تہ سے ڈھانکنا ؛ رگڑ کر چمکا دینا ۔ (مُصوّری) کسی تصویر کی سطح پر شفّاف رنگ کی باریک تہ چڑھانا ۔ (فعل لازم) چمکدار یا مُجلّا ہو جانا ۔ (اسم) شیشے کی یا چمکدار سطح ، جیسے چمکدار چینی کے برتنوں کی اور دُوسرے مٹّی کے ظُروف کی یا وہ اشیا جن سے ایسی سطح تیار ہو ؛ کوئی چمکدار سطح یا تہ یا انھیں تیار کرنے والی اشیا ؛ برف کی چمکدار تہ ۔ (مُصوّری) تصویر کی سطح پر پھیلائی ہوئی شفاف رنگ کی باریک تہ ۔ (طبّاخی) گوشت کی سطح پر لگانے کے لیے تیار کردہ لئی کی مانند مسالا ؛ چینی کی راب کی طرح کی شے جو کھانے کی اشیا پر لگائی جاتی ہے ۔

glazer, n. شیشہ لگانے والا ؛ چمکانے والی شے ؛ شیشہ کار ؛ صَیقلی ؛ جِلا کار۔

glaziness, n. چمک ؛ جِلا ؛ روغنی پن ۔

glazier, n. شیشہ ساز ؛ شیشہ کار ؛کھڑکیوں میں شیشہ لگانے والا ؛ فریم میں شیشہ لگانے والا ۔

glaziery, n. شیشہ کاری ؛ جِلا کاری ؛ شیشہ سازی کا کام یا کارخانہ ۔

glazing, n. شیشہ لگانے کا عمل ؛ شیشہ سازی ؛ شیشہ گری ؛ فریموں میں لگا ہُوا یا لگایا جانے والا شِیشہ ؛ صیقل کرنے کا عمل ؛ چمکدار سطح یا کسی چمکدار شے کی سطح ۔

gleam, n. تاب ؛ پرتو ؛ جھلک ؛ روشنی کا لِشکارا ؛ کِرن ؛ شُعاع ؛ مدھّم چمک ؛ دمک ؛ منعکس روشنی کی لہر ؛ جھلک (جیسے : a gleam of hope) ۔ (فعل لازم) مدھّم روشنی سے چمکنا یا روشنی کا خارج ہونا ؛ چمک دار ہونا ؛ مختصر وقفے کے لیے واضح طور پر نظر میں ہونا جیسے روشنی کی چمک میں ۔

gleamy, a. چمکدار ؛ جھلکتا ہُوا ۔

glean, v.t. خوشہ چینی کرنا ؛ کھیت کٹائی کے بعد بالیں اکٹھی کرنا ۔ (مجازاً) آہستگی سے مگر محنت سے جمع کرنا جیسے اعداد و شمار ؛ ادھر اُدھر سے اٹھانا ؛ کھوج لگانا (جیسے خبروں کا) ۔ (فعل لازم) کسی بھی شے کا آہستگی سے یا رفتہ رفتہ اُٹھا لینا ۔

gleanable, a. اُٹھائے جانے یا جمع ہونے کے قابل ۔

gleaner, n. خوشہ چین ۔

gleanings, n., اشیا جو تھوڑی تھوڑی کر کے یا رفتہ رفتہ جمع یا حاصل کی گئی ہوں ؛ خوشہ چینی ۔

glebe, n. قَطعۂ زمین جو کسی گرجا کی ملکیت ہو یا گرجا کے لیے وقف کیا گیا ہو۔

glede, gled, n. شکاری پرندہ ؛ یورپی زَغن ۔

glee, n. ذوق ؛ شوق ؛ خُوشی ؛ شادمانی ؛ مسرّت ؛ انبساط ؛ سُرُور ؛ نشاط ؛ طرب ؛ ساز کے بغیر نغمہ جِسے دو یا دو سے زیادہ آوازوں میں گایا جائے ۔

gleeful, a. خوش ؛ مسرُور ؛ شادماں ۔

gleesome, a. (قدیم) مَسرُور ؛ مگن ۔

glee club, n. طائفہ ؛ گانے بجانے والوں کی منڈلی ۔

gleed, n. (برطانوی بولی) دہکتا ہُوا کوئلہ ۔

gleet, n. قُرحۂ مجریُ البول ؛ پتلا مواد جو سوزاک کے اثر سے مثانے سے خارج ہوتا ہے ؛ قرحہ ؛ پُرانا سوزاک ؛ جریان (سوزاکی) ؛ زخم سے رسنے والا پانی ۔

glen, n. درّہ ؛ عقبہ ؛ ثنیہ ؛ تلیٹی ؛ وِیران تنگ گھاٹی ؛ تنگ درّہ ؛ پہاڑیوں کے درمیان کھائی ۔

glengarry, n. اسکاٹی ٹوپی ؛ گلن گری ؛ ایک اسکاٹش ٹوپی جس کے طرفین سیدھے مگر پیچھے کی جانب اونچائی میں کم ہوتے چلے جائیں ، اُوپر ایک خلا یا کٹاؤ ہو اور بعض اوقات پُشت کی جانب چھوٹے ربن کے گُچھے ہوں ۔

gliadin, n (کیمیا) گلائیڈن ؛ الکوحل میں حل پذیر لحمیات کے گروپ میں سے کوئی ایک ؛ کوئی سادہ نباتی پروٹین یا گلوبولین جو گلوٹین یعنی گندم اور رائی کے پروٹین میں پایا جاتا ہے اور ریڑھ کی ہڈّی میں لگانے والے مخدّرات یا دوسری دوائیوں کی تیّاری میں مستعمل ہے ۔

glib, a. طرار ؛ لسّان ؛ چرب زبان ؛ تیز ؛ بے تکلُّف ؛ سچائی کے ساتھ گفتگو کرنے والا ؛ چکنی ؛ صاف ؛ ہموار ؛ پھسلنی ؛ بے رُکاوٹ ۔

glibly, adv. سرپٹ ؛ چرب زبانی سے ؛ روانی کے ساتھ ۔ طراری سے ؛ چکنے پن سے ۔

glibness, n. ہمواری ؛ چکنا پن ؛ تیزی ؛ طراری ۔

glide, v.i., v.t. کوشش اور دقّت کے بغیر سبُک رَو ہونا جیسے برف پر پھسلنے والا ؛ خاموشی سے ، دبے پاؤں ، بے خبری میں گُزر جانا کِھسک جانا ؛ چوری سے نکل جانا ؛ چُپکے چُپکے اور محسوس ہوئے بغیر ختم ہو جانا (اکثر by کے ساتھ مستعمل ہے) جیسے وقت یا زندگی ۔ (طیرانیات) ہوا کی موجوں ، کَشِشِ ثِقل اور پہلے سے حاصل کردہ زور حرکت کی رہنمائی میں ہوائی جہاز کا فضا میں رواں ہونا، خصوصاً آسان زاویے پر نیچے کی طرف تیرنا ؛ گلائیڈ کرنا ؛ نرمی سے چلانا ، پھسلانا ؛ آہستہ لے جانا ؛ چپکے سے گزارنا ۔ (اسم) سُبک رفتاری ؛ پھلسنے کا عمل ؛ زلق ؛ کھسلواں حرکت ، جیسے رقص میں ۔ (موسیقی) ادغامِ صوت ۔ (صوتیات) انتقالِ لِسانی ۔

glide path, glide slope, n. زمین پر اُترتے ہوئے ہوائی جہاز کا راستہ اُترنے کا مقررہ طریقہ ۔

glider, n. کِھسل گلائیڈر ۔ (طیرانیات) کھسل طیارہ ؛ بے موٹر طیّارہ ؛ کِھسل مشینی طیارہ ؛ ہوائی لہروں سے کنٹرول کیا جانے والا ہوائی جہاز ۔

glidingly, adv. آہستہ آہستہ ؛ خاموشی سے ؛ چُپکے سے ؛ دبے پاؤں ؛ غیر معلوم طریق پر ؛ پھسلتے ہوئے ۔

glimmer, v.i. دمکنا ؛ جِھلملانا ؛ ٹمٹِمانا ؛ جھمکنا ؛ رہ رہ کر چمکنا ؛ مدھّم روشنی دینا ۔ (اسم) جِھلمِلاہٹ ؛ ٹِمٹِماہٹ ؛ جھمک ؛ خفیف سی جھلک ؛ دمک ؛ کرن ، شُعاع ، اُمّید وغیرہ کی ۔

glimmering, n. جھلملاہٹ ؛ خفیف سی جھلک ۔ (صفت) ٹمٹِماتا ؛ جھلملاتا ؛ جھلمل ۔

glimpse, n. عکس ؛ پرتو ؛ جھپکی ؛ لِشکارا ؛ جَھلکی ؛ جھلک یا سرسری جلوہ ؛ معمولی سی جھلکی ؛ سرسری اشارہ ۔ (فعل متعدی) تیزی سے نظر ڈالنا ؛ جھلک دیکھنا ۔ (فعل لازم) جھلک دکھانا ؛ لِشکارا دینا ۔

glint, n. کَوندا ؛ لپک ؛ لشکارا یا چمک ؛ جگمگ ؛ مدھم نمود یا ترغیب ۔ (فعل لازم) چمکنا ؛ جگمگانا ؛ لِشکنا ۔ (فعل متعدی) عکس ڈالنا ؛ چَمکانا ۔

glissade, n. کسی ڈھلان یا برف پر بغیر برف گاڑی کے پِھسلنا ؛ بیلے رقص میں پھسلواں حرکت ۔ (فعل لازم) پِھسلنا ۔

glissader, n. پھسلنے والا ۔

glissando, n. (موسیقی) کلید موسیقی پر اُوپر یا نیچے کی جانب مسلسل حرکت جیسے پیانو ، بربط یا ترم پر ؛ اس انداز کی حرکت ۔ (صفت) پھسلواں اثر کے ساتھ بجایا گیا ۔

glisten, v.i. دمکنا ؛ رہ رہ کر چمکنا ؛ جھلکنا ؛ جگر جگر کرنا ؛ منعکس روشنی کے ساتھ چمکنا ۔ (اسم) چمک ؛ جگمگ ۔

glitch, n. گلچ ؛ مشینوں کے فعل خصوصاً بجلی کی وصولی میں نقص جس سے بجلی کی مقدار میں زبردست اضافہ ہو جاتا ہے ۔

glitter, v.i. شکستہ یا منتشر روشنی کے ساتھ چمکنا ؛ دَمکنا ، جھمکنا یا درخشاں ہونا ؛ آراستہ پیراستہ ہونا یا بھڑکدار ہونا ۔ (اسم) تابش ؛ روشنی ؛ چَمک ؛ دمک ؛ تجلّی ؛ درخشانی ؛ تابانی ؛ چکا چوند؛ بھڑک ؛ نمُود ؛ بھڑکدار زیبایش ۔

glittery, a. بھڑکدار ؛ دَرخشاں ؛ دمکیلا ۔

glitteringly, adv. دَرخشانی سے ؛ دَمکتے ہوئے ۔

gloaming, n. دھندلکا ؛ جھٹ پُٹا ؛ صبح یا شام کا اندھیرا ؛ شفق ۔

gloat, v.i. شماتت کرنا ؛ کسی بات پر بدنیتی سے خُوش ہونا ؛ للچائی ہوئی ، شوق و تمنا بھری یا حریص نظروں سے دیکھنا ۔ (اسم) للچائی نظر ؛ حریص نگاہ ؛ نیّتِ بد ۔

gloater, n. نظر باز ؛ ندیدہ ۔

gloatingly, adv. نگاہِ شوق سے ؛ ندیدوں کی طرح ۔

glob, n. نیم سیال شے کا قطرہ ؛ کُروی ڈھیلا یا ڈلہ ۔

global, a. کُروی ؛ گلوب کی شکل کا ؛ زمین سے متعلّق ؛ ہمہ ارضی ؛ عَالَمگیر ۔

globally, adv. عَالَمگیری انداز سے ۔

globate, globated, globoid, globose, a. گلوب کی شکل کا ؛ کُروی ۔

globe, n. ارض نُما کرہ ؛ زمین ؛ کُرۂ ارض (عموماً the کے ساتھ) ؛ گلوب ؛ ایسا کُرہ جس پر زمین کا نقشہ یا آسمانی کُرے کا نقشہ پیش کیا گیا ہو ؛ کُروی ٹھوس جسم ؛ گیند ؛ کروی شکل کی کوئی بھی چیز جیسے شیشے کا مچھلی رکھنے والا کُروی برتن ؛ آنکھ کا ڈھیلا ؛ ہنڈا ؛ جِرم سماوی ۔

globefish, blowfish, puffer, n. گول مچھلی ؛ وہ مچھلی جو اپنے آپ کو پُھلا کر گولے کی شکل اختیار کر لیتی ہے ؛ فَقہَہ ماہی ۔

globeflower, n. گلوب فلاور ؛ ایک قسم کا یورپی پُھول دار پودا جس کے پُھول گول زرد ہوتے ہیں ؛ اسی قسم کا امریکی پودا ۔

globe trotter, n. جہاں گشت ؛ جہاں گرد ۔

globe trotting, n., a. جہاں گردی ۔

globin, n. (حیاتی کیمیا) گلوبن ؛ ہیمو گلوبن کی تحلیل میں بَننے والا پروٹین ؛ لحمیاتِ خون ۔

globular, a. کُروی ؛ قطروں پر مشتمل ؛ خون کے جسیموں پر مشتمل ؛ گلوبی ؛ عَالَمگِیر ۔

globularity, n. کرویت ۔

globurlarly, adv. عَالَمگیرانہ ؛ کرویّت کے ساتھ ۔

globule, n. حَب ؛ گلوبچہ ؛ چھوٹا کرہ ؛ قطرہ ؛ گولی ؛ خون کا جسیمہ ۔

globulin, n. (حیاتی کیمیا) گلوبولین ؛ سادہ لحمیات میں سے کوئی ایک جو پانی میں ناحل پذیر ، نمک کے ہلکے محلول میں حل پذیر اور گرم ہو کر بستہ ہو جاتے ہیں، جیسے گیاگلوبولین ۔

glochidiate, a. (حیاتیات) پیکانی ؛ بال یا ریشے کی مانند شاخدار سِرے والا ؛ پیکانیہ دار ۔

glockenspiel, n. گلو کنسپائل ؛ فریم میں جڑا ہوا ایک آلۂ موسیقی جو دھاتی سلاخوں کے سلسلے پر مشتمل ہوتا ہے اور ہتھوڑی سے بجایا جاتا ہے ۔

glomerate, a. قنبلہ نُما ؛ مجتمع ؛ گُچّھا بُنا ہُوا ؛ گولی بنا ہُوا ؛ قنبلی ؛ گھنڈیا ۔

glomeration, n. گُھنڈی سازی ؛ گُچّھا ۔

glomerule, n. کوب گھنڈی ؛ غُدّہ عُروق ؛ گول گُچّھا ؛ عُقدہ ؛ ایک گُچّھا (جیسے شریانوں کا) ؛ غُدّہ دار ؛ قنبلک ؛ اعصاب کا گُچّھا ۔ (نباتیات) گُھنڈی ؛ پھولوں کا گُچّھا ۔

glomerular, a. گولہ دار ؛ غُدّہ دار ؛

gloom, n. تاریکی ؛ اندھیرا ؛ ظُلمت ؛ تیرگی ؛ گہرا سایہ ؛ رنج ؛ غم ؛ اَندوہ ؛ اُداسی ؛ مَلال ؛ کلفت ؛ حُزن ؛ افسُردگی

یاس ؛ پژمُردگی ۔ (فعل لازم) اُداس نظر آنا یا ہونا ؛ اُداس ، غمگین یا آزُردہ ہونا یا نظر آنا ؛ چیں بر جبیں ہونا ؛ تیوری چڑھانا ؛ ناک بھوں چڑھانا ۔ (فعل متعدی) اُداس کر دینا ؛ سُونا کر دینا ؛ اندھیرا کر دینا ۔

gloomful, a. اندوہ گیں ؛ یاس بھرا ؛ آزُردہ ۔

gloomfully, adv. آزردگی کے ساتھ ۔

gloomless, a. اداسی کے بغیر ۔

gloomy, a. اندوہ گیں ؛ افسُردہ ؛ غمگین ؛ اُداس ؛ دِلگیر ؛ ملُول ؛ محزُون ؛ تاریک ؛ تیرہ ؛ اندھیرا ؛ بے نُور ؛ سُونا ؛ بے رونق ؛ افسُردہ کن ۔

gloomily, adv. اداسی سے ۔

gloominess, n. اندھیرا ؛ ظُلمت ؛ تیرگی ؛ افسُردگی ؛ مَلال ؛ حُزن ۔

glorify, v.t. تعظیم و تکریم دینا ؛ حمد کرنا ؛ عظمت دینا ؛ تقدیس دینا ؛ تعریف کرنا ؛ عزّت دینا یا مُعظّم جاننا ؛ تَجلّی بخشنا ؛ نُور سے معمُور کرنا ؛ چار چاند لگانا ؛ حُسن دوبالا کرنا ؛ رفعت دینا ؛ ترفُّع کرنا ؛ ذرّے کو آفتاب بنانا ؛ مدح کرنا ؛ بڑھانا ؛ آسمان پر چڑھانا ۔

glorification, n. تجلیل ؛ تمجید ؛ تکبیر ؛ ثنا ؛ ترفُّع ؛ تنویر ۔

glorified, a. منوّر ؛ مدح کردہ ؛ مقدّس ۔

glorifier, n. مدّاح ؛ رافع ؛ تعریف کرنے والا وغیرہ ۔

gloriole, n. نُورانی ہالہ ، جیسا قدیم تصاویر میں دیوتاؤں کے سر کے گرد ہوتا ہے ۔

glorious, a. رفیعُ الشّان ؛ جلیلُ القدر ؛ مشہور ؛ رفیع ؛ معروف ؛ شہرۂ آفاق ؛ معرکے کا یا نمایاں ؛ شاندار ؛ تاباں ؛ درخشاں ۔

gloriously, adv. عظمت و جلال کے ساتھ ۔

gloriousness, n. عظمت ؛ شُہرت ؛ تابانی ؛ درخشانی ؛ رفعت ۔

glory, n. حمد ؛ وقار ؛ فخر ؛ تعریف ؛ عزّت یا عظمت جو متفقہ طور پر ملے ؛ ناموری ؛ مایۂ فخر ؛ وجہ افتخار ؛ طُرّۂ امتیاز ؛ توصیف ؛ ستایش ؛ بزرگی ؛ جلال ؛ عظمت ؛ رُوحانی حُسن و جمال ؛ اقبال ؛ عُرُوج ؛ اوج ؛ نورانی ہالہ ۔ (فعل لازم) فخر کرنا ؛ ناز کرنا ؛ گھمنڈ کرنا ؛ اترانا ۔

gloss, n. جِلا ؛ چکناہٹ ؛ چٹک ؛ جھلک ؛ بھڑک ؛ چمک ؛ دَمَک ؛ ملمّع ؛ ہموار سطح کی چمک ؛ رنگ و روغن ؛ چمک دمک (جیسے : the gloss of silk) ؛ ملمّع کاری یا جُھوٹی نمائندگی ۔ (فعل متعدی) ظاہری چمک دمک پیدا کرنا ؛ ملمّع کرنا ؛ لیپا پوتی کرنا ؛ جُھوٹی چمک دینا ۔

gloss, n. حاشیہ ؛ متن کے کسی لفظ کے مطالب و معانی کی تشریح ؛ توضیح ؛ ترجمہ ؛ شرح ؛ فرہنگ ؛ بے جا تاویل ؛ کسی مشکل نُکتے کی وضاحت کے لیے حاشیہ نگاری ؛ غلط معنی (عموماً over کے ساتھ) ۔ (فعل متعدی) بینُ السّطور حاشیہ لکھنا ؛ شرح کرنا ؛ نُکتہ چینی کرنا ؛ مخالفانہ تنقید کرنا ؛ بے جا تاویل کرنا ؛ غلط معنی پہنانا ۔ (فعل لازم) فرہنگ بنانا ۔

glossal, a. زبان کا ؛ زبان سے متعلّق ؛ لِسانی ۔

glossary, n. فرہنگ ؛ کتابِ لُغت ؛ کسی موضوع یا کسی کتاب کے دقیق الفاظ ، اصطلاحات وغیرہ کی فہرست اور ان کے معانی ؛ حاشیہ ؛ شرح ۔

glossarial, a. فرہنگی ؛ فرہنگ کے متعلّق ۔

glossarist, n. مُرتّبِ فرہنگ ؛ فرہنگ نگار ۔

glossy, a. زرق برق ؛ روشن ؛ چمکیلا ؛ بھڑکدار ؛ چمکدار ؛ بھڑکیلا ؛ بظاہر درُست ؛ صحیح یا عُمدہ ؛ معقُول ۔

glossily, adv. چمک دمک کے ساتھ ۔

glossiness, n. ظاہری چمک دمک ۔

glost, n. مٹّی کے برتنوں پر خزافی چمک دمک ؛ چمکدار یا روغنی ظُروف ۔

glottal stop, n. (صوتیات) مزماری ؛ فمِ حلق کی آواز ۔

glottis, n. (تشریح الاعضا) فمِ حلق ؛ مزمار ؛ حلقُوم ؛ اوتارِ صوت کے درمیان ہوا کی نالی کے اُوپر کا مُنھ جو بند ہونے اور کُھلنے سے صوتی اثرات پیدا کرتا ہے ۔

glottal, a. مزماری ؛ فمِ حلق سے متعلّق ۔

glove, n. دستانہ ؛ ہاتھ پر چڑھانے کا غلاف جس میں ہر انگلی اور انگوٹھے کا علیحدہ علیحدہ خانہ ہوتا ہے ؛ مُکّے بازی کا دستانہ ۔ (فعل متعدی) دستانے سے ڈھانپنا یا دِستانہ پہننا ؛ دستانہ مہیّا کرنا ؛ دستانے کا کام دینا ۔

handle with kid gloves, احتیاط اور ہوشیاری سے سلوک کرنا ۔

hand in glove , گہرا تعلّق ؛ قریبی اشتراک سے ؛ سازشی میل میں ؛ ایک جان دو قالب ۔

glover, n. دستانہ ساز ؛ دستانہ فروش ؛ دستانے بنانے والا ؛ دستانے بیچنے والا ۔

gloveless, a. بے دستانہ ۔

glovelike, a. دستانہ نما ۔

glove compartment, n. اشیا خانہ ؛ موٹر گاڑی میں ڈرائیور کے سامنے چھوٹی اشیا رکھنے کے لیے بنا ہُوا خانہ یا ڈبّہ ۔

glow, v.i. چمکنا ؛ لال بھبھوکا ہونا ؛ دہکنا ؛ تمتمانا ؛ دمکنا ؛ بے حد گرم ہونا ؛ بغیر شعلے کے حرارت دیتے ہوئے سُرخ ہونا ؛ لال ہونا ؛ جوش میں آنا (جیسے : to glow with excitement) ۔ (اسم) دمک ؛ سُرخی ؛ تمتماہٹ ؛ جوش یا جذبہ کی گرمی ؛ حرارت ۔

glower, n. سُرخ کرنے والا ؛ حرارت دینے والا ۔

glower, v.i. قہر آلود نظر سے دیکھنا ؛ گھورنا ؛ خفگی ظاہر کرنا ۔ (اسم) قہر آلود نظر ۔

gloweringly, adv. خشمگیں طور پر ؛ گُھورتی نظروں سے ۔

glowing, a. روشن ؛ منوّر ؛ شوخ رنگ والا ؛ تندرستی یا جوش کا مظہر (چہرے کی سُرخی سے) ؛ تعریفی یا توصیفی ؛ سرگرم یا جذبے کے ساتھ ۔

glowingly, adv. دمکتے ہوئے ؛ جوش سے ۔

glow lamp, n. بجلی کا بے تارلیمپ؛ تاباں چراغ ؛ خلائی نلی جس میں الیکٹرون گیس کو برقاتے ہیں تو اس میں سے روشنی کی پتلی دھار خارج ہوتی ہے ۔

glowworm, n. جگنو ؛ شب چراغ ؛ کرمکِ شب تاب ؛پٹ بیجنا ؛ مختلف چمکدار حشروں میں سے کوئی ایک جس کی بے پر مادّہ دھڑ کے آخری حصّے سے سبز روشنی خارج کرتی ہے ۔

gloxinia, n. گلوکسن ؛ امریکی پودا جس پر بڑے بڑے سُرخ ، سفید ، نیلے یا اُودے گھنٹی نما پُھول کِھلتے ہیں ۔

gloze, v.t. تالیفِ قلُوب کرنا ؛ تاویل کرنا ؛ بات بنانا ؛ عذر و معذرت کرنا ؛ چکنی چپڑی باتیں کرنا ؛ خُوشامد کرنا ؛ کسی جُرم

یا غلطی کو باتوں کے ذریعے دُرُست ثابت کرنے کی کوشش کرنا (عموماً over کے ساتھ) ؛ بری کرنا ۔

glucoprotein, n. گلوکوپروٹین ؛ شکر لحمیات ۔ دیکھیے :Glycoprotein

glucose, n. (کیمیا) گلوکوز ؛ قندانگور ؛ ایک شکر جو تین اشکال میں پائی جاتی ہے ، عموماً ڈیکسٹروز کی شکل میں بہت سے پھلوں ، جانوروں کی بافتوں اور مائعات میں پائی جاتی ہے اور کیمیائی طور پر کاربوہائیڈریٹوں کی آب پاشی کے ذریعے تیّار ہوتی ہے ؛ مکئی کا شیرہ جو ڈیکسٹروز ، مالٹوز اور ڈیکسٹرین کا آمیزہ ہے اور بیکریوں میں نیز کینڈی بنانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

glucoside, n. شَکر ، نباتی و حیوانی ۔

glucosidic, a. انگور کی شَکر کا ؛ شَکری ۔

glucosidically, adv. شَکری طور پر ۔

glue, n. گوند ؛ سریش ؛ گلُو ؛ لکڑی یا دوسری اشیا کو جوڑنے کے لیے نخالص جلاٹین کی چپکنے والی شے ؛ دیگر مختلف چپکاؤ اشیا میں سے کوئی ایک ۔ (فعل متعدی) سریش وغیرہ سے چپکانا یا جوڑنا ؛ باہم ملانا ، جیسے سریش کے ساتھ ؛ جوڑنا ۔

gluey, a. چپکنے والا ۔

gluer, a. جوڑنے والا ۔

glum, a. خفا خفا ؛ رُوٹھا رُوٹھا ؛ اُداس ؛ افسُردہ ؛ آزردہ ؛ چیں بجبیں ؛ بیزار ؛ اُکھڑا اُکھڑا ؛ ضِدّی ۔

glumly, adv. اُداسی سے ؛ خفگی سے ۔

glumness, n. اُداسی ؛ افسردگی ؛ بیزاری ؛ خفگی ۔

glumaceous, a. (نباتیات) برگولہ نُما ؛ نخالیہ ۔

glume, n. (نباتیات) نخالک ؛ نخالہ ؛ بُھوسی ؛ چوکر ؛ دانے کا چِھلکا ۔

glumiferous, a. برگولہ بردار ؛ نخالہ دار ۔

gluon, n. گلون ؛ مفروضہ ذرّہ جو خیال ہے کہ ایٹمی مرکزوں کو مربوط رکھتا ہے ۔

glut, v.t. ٹھونسنا ؛ بہت کھلانا (جی بھر کر) ؛ رجھانا ؛ خواہش پُوری کرنا ؛ بُہت کھلا دینا ؛ حلق تک بھر دینا ؛ مُنھ تک بھر دینا جیسے نالی کا ؛ اشیائے تجارت سے پاٹ دینا جیسے منڈی کا ۔ (فعل لازم) بہت زیادہ کھا لینا ۔ (اسم) سیری یا شکم پُری کی حالت اور عمل ؛ بہتات ؛ افراط ۔ (تجارت) مانگ کے مقابلے میں رسد کی کثرت ۔

glutamic acid, n. (حیاتی کیمیا) گلوٹیمک تیزاب ؛ ایک امینو تیزاب جو سارے مکمّل لحمیات میں موجود ہوتا ہے اور نمک کے متبادل کے طور پر اور ذائقہ بہتر بنانے کے لیے چینی نمک (مونوسوڈیم گلوٹیمیٹ) کی صورت میں استعمال ہوتا ہے ۔

gluten, n. ماوا ؛ لس ؛ گلوٹین ؛ چیپ دار نائٹروجنی شے جو گندم یا دُوسرے غلّے کے آٹے سے نشاستہ نکالنے کے لیے دھونے کے بعد باقی بچ جاتی ہے ؛ آٹے اور روٹی میں موجود لحمیات ۔

gluten bread, گلوٹنی نان ؛ گلوٹین آٹے سے تیّار کی ہُوئی روٹی ۔

gluten flour, گلوٹین آٹا ؛ ایسا آٹا جس میں سے نشاستہ نکال لیا گیا ہو اور اس میں گلوٹین کی مقدار بڑھ گئی ہو ۔

glutinous, a. گلوٹینی ؛ چیپ دار ؛ لیس دار ، چپکنے والا ؛ چِپچپا ۔

glutinosity, glutinousness, n. لیس ؛ چیپ ؛ چیپ دار ہونے کی خصوصیت ۔

glutinously, adv. چیپ دار چیز کی طرح ۔

glutton, n. پُرخور ؛ پیٹُو ؛ کھاؤُ ؛ بڑپیٹا ؛ خُوش خوراک ؛ جس میں کسی بھی کام کی بے پناہ صلاحیت ہو (جیسے : a glutton for punishment) ؛ شُمالی یورپ اور ایشیا کے بھیڑیے کی مادہ جس کی پشم بہت قیمتی ہوتی ہے ۔

gluttonous, a. پیٹو ؛ لالچی وغیرہ ۔

gluttonously, adv. پیٹو پن سے ۔

gluttony, n. پیٹو پن ؛ پُرخوری ۔

glyceric, a. گلیسری ؛ گلیسرین سے متعلّق یا اس سے حاصل کردہ ، جیسے گلیسرک تیزاب جو گلیسرین کی تکسید سے حاصل ہوتا ہے ۔

glyceride, n. (کیمیا) گلیسرائیڈ ؛ گلیسرول اور چربیلے تیزاب کے ایسٹروں میں سے کوئی ایک جو بطور پلاسٹک گر استعمال ہوتے ہیں ۔

gylceridic, a. گلیسرائیڈی ؛ گلیسرائیڈ کا ۔

glycerin, glycerine, n. دیکھیے : glycerol

glycerinate, v.t. گلیسرین کے ساتھ ملانا یا گلیسرین استعمال کر کے تجربہ کرنا ۔

glycerination, n. گلیسرین سازی ؛ گلیسرین بنانے کا عمل ۔

glycerol, glycerin, n. (کیمیا) گلیسرول ؛ گلیسرین ؛ بے رنگ ، بے بُو ، میٹھے ذائقے والا الکُحلی قسم کا ایک مُرکّب جو چربی و تیل کی صابن سازی سے اخذ کیا جاتا ہے ، سیلوفین اور لاکھ بنانے نیز بطور محلّل اور پلاسٹ گر استعمال ہوتا ہے ، انتہائی خالص نائٹریٹ ملی شکل میں ڈائنا مائیٹ کہلاتا ہے ۔

Glyceryl, n. (کیمیا) گلیسریل ؛ گلیسرین اور گلیسرائیڈوں میں سِہ گرفتہ اصلیہ ۔

glycine, n. (کیمیا) گلائسین ؛ سادہ امینو تیزاب جو بے رنگ ، میٹھا اور قلمی ہوتا ہے : عام طور پر حیاتی کیمیاوی تحقیق ، طِب اور نامیاتی ترکیب میں استعمال ہوتا ہے ۔

glycogen, n. (کیمیا) گلائی کوجین ؛ نشاستۂ حیوانی؛ شکر زار؛ سفید ، نقلما ، بے ذائقہ کاربوہائیڈریٹ کی ذخیرے کی شکل جو بیشتر جگر اور عضلات میں پائی جاتی ہے ۔

glycogenesis, n. (حیاتی کیمیا) شکر زائی ؛ پیدایش شکر ؛ پیدایشِ گلائی کوجین ؛ جسم میں گلوکوز یا دُوسری اقسامِ شکر کی گلائی کوجین میں مُنتقلی ۔

glycol, n. (کیمیا) گلائی کول ؛ ایتھیلین گلائی کول ؛ اسی قسم کے گُروپ کا کوئی الکوحل ۔

glycolic, glycollic, a. اس الکحل کا ؛ گلائی کولی ۔

glycolic acid, hydroxyacetic acid, n. (کیمیا) گلائی کولک تیزاب ؛ ایک قلمی بے رنگ مرکّب جو گلائی کول کی تکسید سے حاصل ہوتا ہے اور چمڑے اور کپڑے کی رنگائی میں استعمال ہوتا ہے ۔

glycolysis, n. (حیاتی کیمیا) گلائی کوجین پاشیدگی ؛ جاندار عضویات میں خامروں کے ذریعے کاربوہائیڈریٹوں کی شکست و ریخت ۔

glycolytic, a. گلائی کوجین پاشیدگی کا ۔

glycolytically, adv. گلائی کوجین پاشیدگی سے ۔

glycoprotein, glucoprotein, n. (حیاتی کیمیا) شکر لحمیات ؛ گلائیکوپروٹین ؛ مزدُوج لحمیات کے گروپ میں سے کوئی گروپ جو ایک پروٹین اور ایک کاربوہائیڈریٹ پر مشتمل ہو (جیسے : mucin) ۔

glycoside, n. (کیمیا) گلائیکو سائیڈ ؛ نامیاتی مُرکّبات کے ایک گروپ میں سے کوئی ایک جو پودوں میں بکثرت پائے جاتے ہیں اور جو آب پاشیدگی سے شکریات اور دوسری نامیاتی اشیا میں تبدیل ہو جاتے ہیں ۔

glycosidic, a. گلائیکو سائیڈ کا ۔

glyph, n. (فنِ تعمیر) خیارہ ؛ شیار ؛ ایک زیبایشی نالی یا کگر ؛ خصوصاً عمودی جیسے ڈورس طرز تعمیر میں یونانی ستونوں کے بالائی حصّے پر ہوتی ہے ۔ (سنگتراشی) اُبھری ہوئی یا کُھدی ہوئی شکل ۔ گلف ۔ (آثاریات) تصویری تحریر ؛ تصویری خط ۔

glyphography, n. (طباعت) خیارہ نگاری ؛ گلِف نگارش ؛ اُبھرواں برقی چھاپ ؛ ایک برقی چھپائی کا عمل جس میں چھپائی کے لیے اُبھری سطح والی پلیٹ ایک کُھدی ہوئی پلیٹ سے بنائی جاتی ہے ۔

glyphograph, n. گلِف نگاری ؛ ابھرویں برقی چھپائی ۔

glyphographer, n. گلِف نگار ؛ ابھری چھپائی سے چھاپنے والا ۔

glyphographic, a. گلِف نگاری کا ؛ اُبھری چھپائی کا ۔

glyptic, a. حکّاکی کا ؛ قیمتی پتھروں اور جواہرات پر کَندہ کاری کے بارے میں یا اس سے متعلّق ۔ (اسم) پتھروں اور جواہرات پر کَندہ کاری کا فن ؛ حکّاکی ۔

glyptics, glyptography, n. جواہر حکّاکی ؛ جواہر نقّاشی ؛ عِلمِ کَندہ کاری ۔

glyptodont, n., (حجریات) حجری دور کا ایک ارضی قشریوں کی طرح کا میمل جانور جو اب معدوم ہو چکا ہے ؛ مورخور ۔

G-man, n. جی مین ؛ امریکی محکمۂ انصاف کے ادارے فیڈرل بیورو آف انوسٹی گیشن کے اسپیشل ایجنٹ کی عُرفیّت ۔

gnarl, n. (نباتیات) گرہ ؛ برآمدگیٔ درخت ؛ کسی درخت کے باہر کا اُبھار ؛ گلٹی ؛ گومڑا ۔ (فعل متعدی) بَل دینا یا بَل دار بنانا ۔

gnarled, a. گرہ دار ؛ چلپائی ریشہ دار ؛ کُھردرا ۔

gnarly, a. کُھردرا ؛ گرہ دار ۔

gnash, v.t. باہم کٹکٹانا ، جیسے دانتوں کا غُصّے یا درد کی حالت میں ؛ دانت پیسنا؛ دانت کٹکٹا کر کاٹنا ۔ (فعل لازم) دانتوں کو پیسنا یا کٹکٹانا ۔ (اسم) دانتوں کی کٹکٹاہٹ ؛کٹکٹی ۔

gnashingly, adv. دانت پیستے ہوئے ۔

gnat, n. مچھر؛ پشہ ؛ چھوٹے کاٹنے والے حشروں میں سے کوئی ایک ، جیسے کینیڈا یا شُمالی امریکا کی سیاہ مکّھی ؛ کوئی بھی کاٹنے والا چھوٹا سا حقیر کیڑا ؛ ٹھنگنا ، مُٹھی بھر کا آدمی ۔

gnatcatcher, n. پشہ خور؛ مچھر خور؛ چھوٹے امریکی حشرہ خور پرندوں میں سے کوئی ایک ۔

gnathic, gnathal, a. جبڑوں کے بارے میں یا جبڑوں سے متعلّق ؛ مضغی ؛ فکّی؛ شِدقی ۔

gnaw, v.t. مسلسل کتر کتر کے چٹ کر جانا؛ گُھن کی طرح لگنا؛ گُھلانا ؛ تحلیل کرنا ؛ مُسلسل پریشان کر کے دِق کرنا ؛ سوہانِ رُوح ہونا ۔ (فعل لازم) مسلسل کُترتے رہنا ؛ تحلیل ہونا ؛ گُھلا دینے کا تاثّر پیدا ہونا ۔ درد یا فکر ہونا ۔

gnawer, n. قارِض ؛ کُترنے والا جانور ؛ دِق کرنے والا ۔

gnawing, n. کترنے کا عمل ۔ (عموماً جمع) مسلسل اذیت (جیسے : the gnawing of hunger) ۔

gnawingly, adv. کُترتے ہوئے ؛ تحلیل کرتے ہُوئے ۔

gneiss, n. پرتیلی چٹان ؛ گرینائٹ کے مُماثل مقلّب چٹان لیکن اجزا کے پرتوں کی تہوں میں ترتیب کے ساتھ ، خصوصاً ابرق کی چٹان ؛ فلسپار والی سخت قلمی چٹانوں کے گروہ میں سے کوئی ایک چٹان ؛ فلسپاری چٹان ؛ نائس ؛ سنگِ سلپہ ۔

gneissic, gneissose, a. ابرق کی ورق دار چٹان کی خاصیت کا ؛ فلسپاری چٹان سے متعلّق ، اس کی نوعیت کا یا اس کے مُماثل ۔

gneissoid, a. ابرق کی ورق دار چٹان کے مشابہ ؛ ساخت میں نائس کے مماثل ۔

gnome, n. ایک فرضی بونا ، بدشکل انسان جو زیر زمین خزانوں کا محافظ مانا جاتا ہے ؛ ایک بدشکل رُوح ؛ روحِ خاکی ؛ کوئی بدشکل بالشتیا ۔

gnome, n. قول ؛ مقولہ ؛ کہاوت ؛ کسی کہاوتی سچائی کا مختصر بیان ؛ ضرب المثل ؛ جامع کلمہ؛ حِکمت؛ حکایت ۔

gnomic, gnomical, a. حکـایتی ؛ کہاوتی ؛ قولی ؛ ضرب المثلی ؛ حکیمانـہ مقـولوں سے پُر (گُفتگو) ۔

gnomon, n. (فلکیات) نومن ؛ عقربہ ساعتِ شمسی ؛ ایسی شے جو کسی نشان زدہ سطح پر اپنے سائے کے ذریعے دن کا وقت معلوم کرنے میں مدد دے ، خصوصاً دُھوپ گھڑی کی عمودی تکونی تختی ۔ (جیومیٹری) ایک بڑے متوازیُ الاضلاع کے کونے میں سے چھوٹا مماثل متوازی الاضلاع کاٹ لینے کے بعد جو شکل باقی رہ جائے ۔

gnomonic, gnomonical, a. دھوپ گھڑی کی سوئی سے متعلّق ؛ مذکورہ بالا شکل کا ۔

gnosis, n. عرفان ، خصوصاً رُوحانی اشیا کا خاص عِلم ؛ باطنی عِلم رکھنے والے قدیم لوگوں کا عِلم جو عقیدے یا عرفان سے حاصل ہُوا ؛ ادریت ؛ غناسطیت ۔

gnostic,a. عرفان سے متعلّق ؛ علم ٔخصوصاً باطنی علم کا حامل ؛ علم سے متعلّق ؛ عِلم ٔخصوصاً رُوحانی اشیا کا باطنی عِلم رکھنے والا ۔ (بڑے G سے) غناسطیوں سے متعلّق یا ان کے خصائص کے بارے میں ۔ (اسم) (بڑے G سے) قدیم عیسائیوں کے بعض فرقوں میں سے کسی فرقے کا رُکن جو رُوحانی عِلم میں برتری کے دعویدار تھے اور جن کا یہ نظریہ تھا کہ کائنات اُلوہیت کے جلووں یا قُوّت و قُدرت کے مظاہر کی تخلیق ہے ؛ غناسطی فرقے کا شخص ؛ گیانی ؛ عرفانی ؛ ادریہ ۔

Gnosticism, n. غناسطیت ؛ ادریت ؛ عِرفانیت ۔

gnu, wildebeest, n. اسب ہرن ؛ نُو ؛ افریقہ کے بڑے ہرنوں میں سے کوئی ایک جس کا سر بیل کی طرح ، سینگ مڑے ہوئے اور لمبی لہراتی ہوئی دم ہوتی ہے ۔

go, v.i.. v.t. جانا ؛ حرکت میں ہونا ؛ روانہ ہونا ؛ گُزر جانا ؛ سفر میں ہونا یا آگے ہونا ؛ کسی مخصوص مقام کی طرف روانہ ہونا؛ کوئی متعیّن سمت لینا (جیسے: to go due west) ؛ چلے جانا؛ دُور ہو جانا یا باہر ہو جانا؛ رُخصت ہو جانا؛ جاری رہنے دینا یا عادتاً خاص صورت حال میں رہنے دینا (جیسے : to go in rags) ؛ کسی قاعدے کی

پابندی کرنا (جیسے : to go by the rules)؛ تسلّی بخش طریقے پر حرکت میں رہنا ، کام کرتے رہنا یا کسی چیز میں مصروف ہونا ؛ کسی کام کا ہونا یا انجام پانا (آواز کے ساتھ) (جیسے گھنٹی یا بندوق جیسی آواز سے)؛ کسی عمل کا جاری رکھا جانا ؛ گزر جانا یا صرف ہونا (جیسے وقت کا) ؛ گردش میں ہونا؛ کامیاب یا جائز قرار دیا جانا ؛ قابلِ قبول یا تسلّی بخش ہونا (جیسے: anything goes) ؛ معروف و مشہور ہونا (جیسے : to go under an alias)؛ عام رویّے ، کردار یا رُجحان کا حامل ہونا (جیسے : a good price as prices go)؛ ہم آہنگ ہونا یا مقابلے میں آنا (جیسے : colors that go well together)؛ انجام کا ہونا یا نتیجے کا نکلنا (جیسے : How did the match go)؛ کامیاب ہونا؛ ابتدا کا ہونا یا کام کا شروع کیا جانا (جیسے : Here goes) ؛ منتقل ہونا (جیسے فروخت سے)؛ چھوڑ دینا یا دے دیا جانا؛ گُم ہونا؛ آخر ہونا یا انجام کو پہنچنا؛ ختم ہونا ؛ ناکام ہونا ؛ طاقت کا زائل ہو جانا ؛ چور ہونا ؛ دم برابر ہونا ؛ مغلوب ہو جانا (جیسے دباؤ کے تحت)؛ سہارا لینا یا چارہ جُو ہونا (جیسے : to go to court over a dispute) ؛ کسی معاملے کو اُٹھانا یا حد سے آگے بڑھا لے جانا (جیسے : to go as high as ten dollars)؛ ادھر اُدھر کہیں فٹ ہو جانا (جیسے : a book that will go into ones pocket or a quantity which goes into twelve three times.)؛ کسی جگہ سے مخصوص ہونا (جیسے: This book goes on the top shelf)؛ کسی خاص وصول کرنے والے سے تبادلہ ہونا ، انعام کا دیا جانا یا بدل ہونا (جیسے : First prize goes to a dark horse)؛ اطلاق ہونا یا مختص ہونا (جیسے : All the money goes for medicine)؛ کسی نتیجے کا حصّہ ہونا (جیسے : the items which go to make up a total)؛ شوق یا رغبت کا ہونا (جیسے : That just goes to show you) ؛ پہنچنا یا پھیلنا ایک مقام سے دوسرے تک ؛ اندر کُھلنا یا رسا ہونا (جیسے : Does that door go to the kitchen) ؛ کسی خاص حالت میں گزر جانا (جیسے : to go to ruin)؛ ہونا (جیسے: to go mad)؛ پیش آنا یا واقع ہونا (on کے ساتھ ، جیسے : what goes on here) ۔ (بول چال) اختیار ہونا (جیسے : what he says goes)؛ کسی‌خاص طریقے سے بطور جُملہ یا سُر میں ڈھالنا (جیسے : How does that song go)؛ آغاز ہونا یا روانہ ہونا، بطور حکم یا اشارہ کے (جیسے دوڑ کے آغاز میں) ؛ مستعدی سے؛ جلدی سے یا اضطراری طور پر جانا؛ بعد میں آنے والے فعل کی تاکید کے لیے استعمال ہوتا ہے (جیسے : he goes and spoils the plans)؛ تقریباً چاہتے ہوئے یا مجبوراً کچھ کرنے کے لیے ، مصدر کے بعد اضلاحی حرکت میں استعمال ہوتا ہے (جیسے : It is going to rain)؛ چلنا ، جانا یا گزرنا (جیسے: going my way)؛ کسی حد تک جانا یا جرأت کرنا۔ (بول چال) تحمل یا برداشت کرنا؛ شرط لگانا ، خطرہ مول لینا یا پیش کرنا (جیسے : to go five dollars on a race.) کسی شے کی طلب بڑھنا ؛ فرحت بخش پانا ؛ کسی کی یا کسی کام کی ذمّہ داری قبول کرنا (جیسے: to go bail for someone.)؛ اُٹھانا؛ جمع کرنا یا پیمایش کرنا؛ جیسے پیداوار یا فصل کی یافت، (جیسے : to go five pounds a piece) ۔

go about, بتوار اٹھا کر جہاز کا رُخ موڑنا ؛ کسی کام میں مصروف ہو جانا ۔

go after, کسی چیز کے لیے کوشش کرنا ؛ سعی کرنا ؛ تلاش کرنا ۔

go at, حملہ کرنا؛ پل پڑنا ؛ زور شور سے کرنا ؛ پیچھے پڑ جانا ۔

go for, سمجھا جانا؛ کسی بات کے حاصل کرنے کی کوشش کرنا؛ حملہ کرنا؛ ترجیح دینا؛ کسی چیز کے لیے دلچسپی ہونا یا کسی چیز کی جانب کھنچنا۔

go in for, کسی چیز میں خصوصی دلچسپی رکھنا (جیسے : to go in for stamp collecting)۔

go off, پھٹنا یا چُھوٹنا جیسے آتش بازی کا؛ واقع ہونا یا پیش آنا۔

go out, رواج اُٹھ جانا یا متروک ہو جانا؛ کام کرنا چھوڑ دینا جیسے روشنی کا؛ معاشرتی سرگرمی میں حصّہ لینا؛ محبوبہ سے ملاقات طے کرنا ؛ ہڑتال میں حصہ لینا ؛ دل میں کسی کے لیے رحم و ہمدردی رکھنا (جیسے: My heart goes out to her)؛ اُمیدوار ہونا (جیسے : to go out for the team) ۔

go over, ملاحظہ کرنا ؛ دوبارہ معائنہ کرنا ؛ ریہرسل کرنا ؛ رائے یا وابستگی تبدیل کرنا ؛ کامیاب ثابت ہونا ؛ دوبارہ مطالعہ کرنا۔

go under, ڈُوبنا؛ برباد ہونا ؛ ناکام ہونا ؛ مغلوب ہونا ؛ تباہ ہونا جیسے کسی منصوبے کا۔

go up, اُٹھنا یا اُوپر چڑھنا ؛ بڑھنا یا گراں ہونا جیسے قیمتوں کا۔

go with, ہمراہ ہونا ؛ ساتھ دینا ؛ شریک ہونا؛ مُعاون ہونا ؛ گُھل مل جانا یا ملاقات طے کرنا؛ ہم آہنگ ہونا جیسے رنگوں کا یا اسٹائل کا ۔

to go, باقی ماندہ ؛ بقایا ؛ باقی (جیسے : fifteen minutes to go)؛ وہ شے جو باہر لے جا کر کہیں اور کھائی جا سکے (جیسے ریستوران سے خرید کر)۔

go,n. جانے کا عمل یا جانا (جیسے : come and go of the seasons) ۔ (بول چال) ہمت ؛ توانائی ؛ جُرأت ؛ تیزی ، طراری ؛ جوش (جیسے : That horse has lots of go) ۔ (بول چال) کوئی کارگزاری ، معاملات میں تبدیلی یا چیزوں کی کیفیت ؛ کوئی تبدیلی ، موقع یا کسی چیز کی کوشش ؛ کوئی شے جو کامیاب ثابت ہو (جیسے : to make a go of a venture) ؛ کوئی شے جس پر متفقہ رائے ہو (جیسے : It is a go) ۔ (بول چال) فیشن، انداز یا غصّہ ۔ (صفت) تیّار ، خصوصاً اُڑان کے لیے تیّار راکٹ کے متعلق (جیسے : All systems are go) ۔

on the go, (بول چال) رواں ؛ حرکت میں ؛ مصرُوف ۔

no go, (بول چال) بے فائدہ ؛ بے کار۔

go, I-go, n. ایک جاپانی کھیل جو مُربّع خانوں والے بورڈ پر دو کھلاڑیوں کے درمیان پتھر کی بنی ہوئی سیاہ اور سفید گوٹوں سے کھیلا جاتا ہے ۔

goad, n. آنکس ؛ مہمیز ؛ نوکدار آلہ ، بعض اوقات برق بار بھی ہوتا ہے، جانوروں کو ہانکنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) آنکس سے ہانکنا ؛ چھیڑنا ؛ کھٹکنا ؛ اکسانا ؛ آمادہ کرنا ؛ ورغلانا ۔

go-ahead, a. آگے بڑھتا ہُوا ؛ پیش قدمی کا اجازت نامہ ظاہر کرتا ہوا ؛ ترقّی کرتا ہوا ؛ عاقبت اندیش یا بلند حوصلہ (جیسے : a go ahead merchant)۔ (اسم) پیش قدمی کی اجازت یا اطلاع (جیسے : The

(contractor received the go-ahead to begin building) ۔

goal, n. مقصود ؛ مطمح نظر ؛ منزلِ مقصود ؛ دوڑ کے ختم ہونے کی جگہ ؛ غایت ؛ جس کی طرف جسمانی حرکات مرکوز ہوں ؛ مقصود یا نصب العین ؛ مختلف کھیلوں میں وہ رقبہ، جگہ یا شے جس میں کھلاڑی گیند وغیرہ پہنچانے کی کوشش کرتے ہیں ؛ گول (فٹ بال ، ہاکی وغیرہ کا) ؛ اس طرح پوائنٹ حاصل کرنے کا عمل یعنی گول کرنے کا عمل ؛ اس طرح جو پوائنٹ حاصل کیے جاتے ہیں ۔ (فعل لازم) گول ہونا ۔

goalkeeper, goalie, n. (کھیل) گول کیپر ؛ گولی ؛ گولچی ؛ کھلاڑی جس کا کام گول کی حفاظت کرنا ہو ۔

Goa powder, n. گواپاؤڈر ؛ برازیل کے ایک درخت سے حاصل کردہ کڑوا سفوف جو ادویات میں استعمال ہوتا ہے ۔

goat, n. بکری ؛ بُز ؛ گوسفند ؛ بھیڑ سے قریبی مماثلت رکھنے والا کھوکھلے سینگوں والا پُھرتیلا جانور جو قدیم دنیا کے پہاڑی خطّوں میں پایا جاتا ہے اور دنیا بھر میں بطورِ پالتو مویشی عام ہے ؛ ان سے متعلّقہ کوئی جانور جیسے پہاڑی بکری ؛ شمالی امریکا کے مغربی علاقوں کا جُگالی کرنے والا جانور ۔ (مجازاً) شہوت پرست آدمی ۔ (عوامی) قُربانی کا بکرا، ایسا شخص جو دُوسروں کے بجائے مصیبت اٹھائے ۔ (بڑے G سے) (فلکیات) صُورت البروج یا برج جدی ۔

get one's goat, (عوامی) کسی شخص کو برگشتہ، ناراض یا برہم کرنا ۔

goatish, goatlike, a. بُزوَش ؛ بکرے کا سا ؛ پُرشہوت ۔

goat antelope, n. اُڑیال ؛ یورپی سانبھر ؛ غورال ؛ سانبھر کی نسل کے میمل جانوروں میں سے کوئی ایک جن میں یورپی سانبھر، غورال اور پہاڑی بکرا شامل ہیں ، جو بکرے کی نسل سے ہیں اور جن میں ہرن کی بعض خصوصیات پائی جاتی ہیں ۔

goatee, n. ریشِ بُز ؛ آدمی کی چھوٹی سی، نفیس ڈاڑھی جو مناسب حد تک کتری ہوئی ہو اور رُخساروں پر بال نہ ہوں ؛ بکرے کی سی ڈاڑھی ؛ کچی ڈاڑھی ۔

goateed, a. بکرا نما ڈاڑھی والا ؛ بکرے کی ڈاڑھی سے متعلّق ؛ بُز ریش ۔

goatfish, n. بُزماہی ؛ بز مچھلی ؛ سُرخ یا سُنہری رنگ والی سمندری مچھلی جس کے جبڑے کے نیچے مونچھیں ہوتی ہیں ۔

goatherd, n. چرواہا ؛ بکریاں چرانے والا ؛ شبان ؛ گڈریا ؛ بکروال ۔

goatsbeard, n. ریشِ بُز ؛ مٹر ؛ ایک قسم کا پودا جس کا پھل بطورِ سبزی استعمال ہوتا ہے ؛ شنگ ؛ ایک جھاڑی جو گُلاب کے خاندان سے ہے اور جس پر سفید پُھولوں کا گُچّھا لگتا ہے ۔

goatskin, n. بکری کی کھال ؛ اس کا کچّا چمڑا یا کمایا ہُوا چمڑا ۔

goatsucker, n. پشہ خوار ؛ عاطف الریاح ؛ رات کے وقت یا جُھٹ پُٹے میں نکلنے والے چوڑے مُنھ کے پرندوں میں سے کوئی ایک، جیسے امریکی ابابیل اور شب گرد پرندہ جو دوران پرواز حشروں پر گزر بسر کرتے ہیں اور جن کے متعلّق خیال تھا کہ بکریوں کا دُودھ پی جاتے ہیں ۔

gob, n. (بول چال) امریکی بحریہ کا کوئی ملاح ؛ تودہ یا ڈھیر ۔ (جمع) (بول چال) بہت زیادہ مقدار میں ؛ بہ افراط (جیسے : gobs of whipped cream) ۔

gobble, v.t. لپ لپ کھانا ؛ بھکوسنا ؛ دھکسنا ؛ ہڑپ کر جانا ؛ چپڑ چپڑ کر کے کھانا ؛ زیادہ مقدار میں نگلنا ؛ بڑے ٹکڑے نگلنا ؛ جلدی میں نگلنا ۔ (عوامی) ندیدے پن سے لینا یا پکڑنا (اس کے بعد up آتا ہے) ۔ (فعل لازم) تیزی سے کھانا ؛ نر ٹرکی کی مانند گلے میں شور کا ہونا ۔ (اسم) گلے کا شور جو ٹرکی کی آواز کے مشابہ ہو ۔

gobbler, n. ٹرکی ؛ بوقلموں نر ۔

gobbledygook, gobbledegook, n. (عوامی) نمایشی ، بھرتی کی اور غیر واضح تقریر یا تحریر ؛ بے معنی گُفتگُو ۔

Gobelin, n. گابلن ؛ پُھلکاری ؛ ایک عُمدہ قسم کی پھلکاری جس پر نمایشی خوش نُما مناظر یا پُھولوں کے نمونے بنے ہوتے ہیں اور جس کی ابتدا پندرھویں صدی میں ہوئی ؛ مشین سے بُنا ہُوا مصنوعی پُھولدار کپڑا ۔ (صفت) متعلّق بہ پُھلکاری ۔

Gobelin stitch, n. کینوس یا سُوئی کے کام میں مستعمل عمودی یا ترچھا ٹانکا ۔

go-between, n. دلال ؛ ایجنٹ ؛ ایسا شخص جو لوگوں یا اداروں یا جماعتوں کے درمیان دلال یا ایجنٹ کے طور پر کام کرے ۔

goblet, n. شیشے کا ساق دار اور پیندے والا گلاس ؛ ساغر ؛ پیمانہ ؛ قَدَح ؛ پیالہ ۔ (قدیم) ایک قسم کا گلاس یا پینے کا برتن جس کا دستہ نہیں ہوتا اور بعض اوقات ڈھکن دار ہوتا ہے ۔

goblin, n. شریر بدشکل رُوح ؛ غول ؛ بدروح جو عموماً انتہائی بھیانک خیال کی جاتی ہے ۔

gobo, n. (فلم ، ٹی وی) آنچل ؛ نقاب ؛ تاریک پردہ جو سایہ کرنے اور کیمرے کے عدسے کو براہ راست روشنی سے بچانے کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ ایک صَوتی ترکیب جس کے ذریعے مائیکروفون کو غیر ضروری آواز سے بچایا جاتا ہے ۔

goby, n. گوبی مچھلی ؛ سمندر کے تازہ پانیوں کی ایک قسم کی چھوٹی مچھلی جس کے اوپر کے کھپرے مل کر ٹکیہ سی بن جاتے ہیں جن کے سبب یہ چٹانوں سے چپکی رہتی ہے ۔

gocart, gokart, n. گڈولنا ؛ ہتھ گاڑی ؛ بچوں کو چلنا سکھانے کے لیے چھوٹے پہیّوں والا فریم ؛ چھوٹے بچّے کے لیے کُرسی نُما گاڑی یا ٹھیلاوا ؛ دوڑ یا تفریح کے لیے چھوٹا سا پٹرول سے چلنے والا پہیّوں والا ریڑھا ۔

God, n. اللہ ؛ رب ؛ خُدا ؛ کائنات کا خالق اور حاکمِ مُطلق ؛ ازلی ابدی رُوح ؛ مقتدرِ اعلیٰ ؛ قادرِ مطلق ؛ عَالَمِ کُل ؛ معبودِ بشر ۔

god, n. دیوتا ؛ خُدائے مجازی ؛ ایک شخص ، روح یا شے جس کی پوجا کی جائے اور جس سے ماورائے فطرت قوّتیں منسوب ہوں ؛ دیو مالا میں کوئی دیوتا ؛ کوئی بت یا صنم ؛ مقتدر شخصیت ؛ کوئی ورزشی یا پہلوان یا مشہور آدمی جس کی عوام میں مقبولیت پوجا کی حد تک ہو ؛ کوئی شخص یا شے جس کی قدروقیمت باقی ہر شے سے زیادہ ہو ۔ (فعل متعدی) دیوتا بنا لینا ؛ معبود ٹھہرانا ۔

godchild, n. دینی بَچّہ ؛ ایسا بَچّہ جس کے بپتسمہ کے وقت یا کسی دوسرے مذہب کی مماثل رسم پر کوئی شخص کفالت کی ذمّہ داری قبول کرے ۔

goddaughter, n. دینی بیٹی ۔

godson, n. دینی بیٹا ۔

goddess, n. دیوی ؛ معشوقہ ؛ محبوبہ ؛ انتہائی خُوبصُورت جوان عورت ۔

go-devil, n. (ریلوے) چھکڑا ؛ ٹرالی ؛ ایک چھوٹا ، کھلا چھکڑا

جو پٹڑی پر ہاتھ سے یا گیسولین سے چلتا ہے ؛ ٹرالی جو درختوں کے تنے کچدھات یا چٹانوں کے لے جانے میں استعمال ہوتی ہے ؛ ایسا آلہ جسے پائپ میں سے قُوّت کے ساتھ گزار کر رکاوٹ دور کی جائے ؛ کسی کنوئیں خصوصاً تیل کے کنوئیں میں گرائی گئی دھما کا خیز شے ۔

godfather, n. دینی باپ ؛ ایسا شخص جو کسی دوسرے کے بچے کی بپتسمہ کے موقع پر کفالت کی ذمّہ داری لے ۔

God-fearing, a. متقی ؛ خُدا ترس ؛ حق شناس ؛ باخدا ۔ (بعض اوقات چھوٹے g سے) نیک ؛ دیندار ۔

godforsaken, a. (بعض اوقات بڑے G سے) مایوس ؛ نا امید ؛ لاچار جسے سب نے چھوڑ دیا ہو ؛ بہت دُور افتادہ ؛ ویران یا بنجر (جیسے :a god forsaken place) ؛ تنہا ؛ قابلِ رحم حالت میں ؛ آفت زدہ ۔

godhead, n. اُلوہیّت ؛ ربُوبیّت ؛ خدائی ؛ دیوتا پن ؛ دیوتا ؛ دیوی ؛ الثالوث ؛ القدُس ۔

The Godhead, n. خداوند تعالیٰ ؛ اللہ ؛ قادر مطلق ۔

godhood, n. خدائی ؛ الٰہیت ؛ خالقیّت ؛ ربوبیّت ؛ اُلوہیت ۔

godless, a. کافر ؛ بے دین ؛ ملحد ؛ بے پیر ؛ بداعمال ؛ بُرا ۔

godlessly, a. ملحدانہ ؛ بے دینی سے ۔

godlessness, n. بے دینی ؛ بے پیری ؛ بداعمالی ۔

godlike, a. خُدائی ؛ ربّانی ؛ رحمانی ؛ خُدا جیسی ؛ دیوتاؤں کے لائق ؛ دیوتا کے مثل ۔

godlikeness, n. خدائی صفات ؛ ربّانی خصوصیت ۔

godling, n. چھوٹا دیوتا ؛ ایسا دیوتا جس کی عملداری مقامی حد تک ہو ۔

godly, a. باخُدا ؛ متّقی ؛ پرہیزگار؛ دِین دار ؛ اللہ اور اُس کے احکام کا تابع ۔ (متعلق فعل) پرہیز گاری سے ؛ تقویٰ سے ۔

godlily, adv. پرہیز گاری سے ؛ دِین داری سے ۔

godliness, n. خُداپرستی ؛ تقویٰ ۔

godmother, n. دینی ماں ؛ بپتسمہ کے وقت کسی بچّے کی کفیل عورت ۔

godown, n. گودام ؛ برصغیر پاک و ہند اور دیگر مشرقی ممالک میں سامان ذخیرہ کرنے کا کمرہ یا کوٹھی اور ایسی جگہ ؛ مال گودام ۔

godparent, n. دینی ماں باپ ؛ کسی بچّے کے بپتسمہ کے موقع پر اس کے کفیل ماں باپ ۔

godroon, n. دیکھیے Gadroon ۔

God's acre, n. قبرستان؛ گرجے کا قبرستان ۔

godsend, n. خدا داد ؛ نعمتِ غیر مترقبہ ؛ غیر متوقّع خُوش قِسمتی جو محض عطیۂ خداوندی ہو ۔

Godspeed, n. سفر بخیر ؛ کامیابی ؛ کامیاب سفر ، عموماً دعائیہ طور پر کہا جاتا ہے (جیسے : to bid a person Godspeed) ۔

godwit, n. لم ڈھینگ ؛ زقزاقِ آبی ؛ لموسا جنس کا پرندہ جس میں آبی پرندے شامل ہیں اور جن کی لمبی چونچ قدرے اُوپر کو مڑی ہوتی ہے ۔

goer, n. رسیا ؛ شائق ؛ ایسا شخص جو باقاعدگی سے کہیں جاتا ہو ، عموماً کسی اسم کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (جیسے moviegoer) ۔

goethite, gothite, n. گوتھائٹ ؛ ایک معدنی آئرن ہائیڈروآکسائیڈ جو زنگ کے عام جزو کی حیثیت سے سُرخی مائل بھورے قلموں یا گہرے بُھورے ڈھیلوں کی شکل میں ظاہر ہوتا ہے ۔

gofer, n. (عوامی) معاون کارکن جو پیغام رسانی یا اسی قسم کے دوسرے کاموں پر بھیجا جاتا ہے ۔

goffer, gauffer, n. لیس کا زیبایشی نالی دار یا پلیٹ دار کنارہ یا کسی اور زنانہ لباس کا پلیٹ دار کنارہ ۔ (فعلِ متعدی) گرم سلاخوں سے لہریں ڈالنا یا نالیاں بنانا ؛ پلیٹیں ڈالنا (لیس کے کناروں وغیرہ میں) ۔

go-getter, n. (بول چال) طالع آزما ؛ پُر جوش شخص ؛ ایسا شخص جو جاہ طلب اور جارح ہو ؛ ہمّت سے پا لینے والا ۔

goggle, n. ٹکٹکی ؛ حیران نظر ۔ (فعل لازم) ٹکٹکی باندھ کے دیکھنا یا ترچھی آنکھوں سے دیکھنا ۔ (فعل متعدی) گُھمانا جیسے آنکھوں کا ۔

goggle-eyed, a. خِیرہ چشم ؛ جس کی آنکھیں باہر کو نکلی ہوئی ہوں ؛ پھٹی پھٹی آنکھوں سے دیکھنے والا ؛ پھٹ انکھیا ۔

goggles, n. دُھوپ عینک ؛ آفتابی عینک ؛ گاگل ؛ حفاظتی چشمہ جس کے خاص عدسے ، فریم یا اطراف ہوں ۔

Goidelic, Gadhelic, a. گال قوم یا ان کی زبان کا ۔ (اسم) کِلٹی زبانوں کی وہ شاخ جس میں آئرستانی گالک ، اسکاٹش گالک اور مانکس شامل ہیں اور جو برائتھونک سے مختلف ہے ۔

going, n. جانے کا عمل ، خصوصاً دُور جانے کا ؛ روانگی ؛ میدان یا سڑک کی سطح ، راستہ ، دوڑ کے میدان وغیرہ کی کیفیت ، اس کے چلنے ، ڈرائیونگ یا گُھڑ دوڑ کے لیے موزونیت کے لحاظ سے ؛ کسی سرگرمی میں کسی ہدف کی جانب پیش رفت ۔ (صفت) جانے والا ؛ حرکت پذیر ؛ عمل پذیر ؛ کامیابی سے عمل پذیر (جیسے : a going business) ؛ مروجہ یا موجود معیار (جیسے : the going rate of exchange) ۔

goings on, goings-on, n. (بول چال) سرگرمیاں ؛ طرزِ عمل ؛ افعال ، خصوصاً ایسے جو تنقید کا ہدف بنیں ۔

goiter, goitre, n. گلہڑ ؛ گھینگا ؛ غوتر ؛ غَر ؛ غدّہِ درقیہ کا پُھلاؤ جو گردن کے سامنے یا ایک طرف ابھار سا بنا دے ۔

goitrous, a. گلہڑی ؛ گھینگی ؛ گھینگے سے متعلّق یا مشابہ ؛ گھینگے والا ۔

gold, n. سونا ؛ زر ؛ طلا ؛ ذہب ؛ ایک گہرے زرد رنگ کا دھاتی عُنصر جو ورق پذیر اور تار پذیر ہوتا ہے اور اسے زنگ نہیں لگتا ؛ بَھرت کی حالت میں سکّوں ، زیورات ، دندان چوکی اور دھاگے اور کپڑے کے ریشوں میں استعمال ہوتا ہے ؛ اس دھاتی عُنصر کا بنا ہوا سِکّہ ؛ دولت ؛ امارت ؛ مال و زر ؛ قیمتی یا گرانمایہ شے ؛ اس دھات کی طرح زریں/سنہرا رنگ ؛ روپیہ پیسہ ؛ اشرفیاں ۔ (صفت) طِلا سے بنا ہُوا یا طلا آمیز ؛ طلا دہ یا طِلا زا ؛ طلا رنگ ؛ طلائی معیار کی بنا پر محفوظ ۔

goldbeater, n. زرکوب ؛ سونا کُوٹ کُوٹ کر مَہین ورق بنانے والا ۔

goldbeating, n. زرکوبی ۔

goldbrick, n. نقلی طلائی اینٹ ؛ نقلی سونا اینٹ کی شکل میں ۔

(عوامی) ایسا شخص خصوصاً کوئی سپاہی جو اپنی ذمہ داریوں یا مشکل کام سے پہلو تہی کرے ، نیز gold bricker. ـ (فعل متعدی) فراڈ کرنا ؛ دھوکا دینا ؛ جعل سازی کرنا ـ (فعل لازم) آوارہ گرد ہونا ؛ اپنے فرائض کی انجام دہی سے غافل ہونا ـ

golden, a. طلائی ؛ زریں ؛ سونے کا بنا ہُوا یا سونے کا ؛ سنہری ؛ سونے کا سا ؛ سونے کے رنگ کا ؛ زرد ؛ مُطلّا ؛ مُذہب ؛ سونے کی مانند روشن یا چمکدار ؛ قیمت میں سونے کے مُطابق ؛ قیمتی ؛ عُمدہ ؛ بیش بہا ؛ نفیس ؛ اہم ؛ ضروری ؛ کسی موقعے کی مانند انتہائی سازگار ؛ وقت یا زمانے کے لحاظ سے انتہائی خوش گوار یا فرحت بخش ؛ واقعات کے سلسلے میں پچاسواں خصوصاً پچاسویں سالگرہ ـ

goldenly, adv. شاندار طریقے سے ؛ سُنہری انداز میں ؛ زریں طور پر وغیرہ ـ

goldenness, n. سنہرا پن ـ

golden calf, n. (بائبل) سامری گوسالہ ؛ ہارون کا بنایا ہُوا سنہری بُت ـ (مجازاً) دولت بطورِ دیوتا ـ

goldeneye, n. زرچشمی بطخ ؛ سنہری آنکھوں والی غوطہ خور بطخ جس کے نر کی جلد پر سفید و سیاہ دھبّے ہوتے ہیں ـ

golden glow, n. (نباتیات) زریں گُل پنج بزاری ؛ گُلِ پنج بزاری کی ایک قسم جس کے بڑے سنہری دُہرے پُھول اور تین سے پانچ تک جداجدا پتے ہوتے ہیں ـ

golden mean, n. خَیرُالاُمُوراَوسَطُہا کا اصول ؛ اصولِ اعتدال ؛ بیچ کی راہ ؛ نُقطۂ اعتدال ـ

golden retriever, n. سگ بازآور ؛ ایک شکاری کُتّا جس کی گھنی زرد بھوری کھال ہوتی ہے اور جو بندوق سے گرایا ہُوا شکار اٹھا کر لے آتا ہے ـ

goldenrod, n. (نباتیات) گولڈن راڈ ؛ عصائے زریں ؛ ایک پودا جس کا تنا چھڑی کا سا اور پُھول گُچّھے دار شوخ زرد رنگ کے ہوتے ہیں ـ

golden rule, n. زریں اصول ؛ ایک بلیغ جُملہ یا مقولہ جو مختلف انداز میں پیش کیا جاتا ہے اور جس میں یہ تلقین کی جاتی ہے کہ دُوسروں سے اسی انداز میں پیش آؤ جس انداز میں ان سے برتاؤ کی توقُّع رکھتے ہو ؛ اس کی ایک شکل حضرت عیسیٰ کا پہاڑ پر خطاب ہے : ''لوگوں سے وہ سلوک کرو جس کی تم ان سے توقع رکھتے ہو !'' (متی : باب ۷ : ۱۲)ـ

golden section, n. (جمالیات) زریں تراش ؛ دو قطعہائے خط یا مستوی ہندسی شکل کی ابعاد کا تناسب خصوصاً کسی مستطیل کا اس طرح کہ چھوٹے حصّے کی بڑے سے وہی نسبت ہو جو بڑے قطعہ کی بڑے اور چھوٹے دونوں قطعوں کے مجموعہ سے ہے ـ

gold-filled, a. زرپترا ؛ ادنیٰ دھات کا بنا ہُوا جس پر سونے کا پتّر چڑھا ہو ـ

goldfinch, n. طلائی برقش ؛ سنہری سَہرہ ؛ گولڈ فِنچ ؛ ایک یورپی مغنّی پرندہ جس کے پروں پر سُنہری نشان ہوتے ہیں ؛ بعض امریکی پرندوں میں سے کوئی ایک جس کے نر کے جسم پر گرمیوں میں سُنہرے پر آ جاتے ہیں ـ

goldfish, n. گولڈ فش ؛ سنہری مچھلی ؛ چین کی چھوٹی سُرخ مچھلی جو مچھلی گھر کی زینت بنتی ہے اور جس کا رنگ عموماً سُنہرے زرد سے نارنجی ہوتا ہے ـ

gold foil, n. ورقۂ طِلا ؛ سونے کی پنّی ؛ سونے کا ورق ؛ سونے کا پتّر ؛ پتر سے باریک سونے کا ورق جو عموماً ڈیزائنوں میں اور منبّت کاری میں مستعمل ہے ـ

gold leaf, n. طلائی وَرق ؛ ورقِ طلا ؛ سونے کے باریک ورق جو عموماً ملمّع سازی میں مستعمل ہیں ـ

gold mine, n. معدنِ زر ؛ سونے کی کان ـ (مجازاً) بہت زیادہ دولت کے حصول کا منبع یا مخزن ـ

gold-of-pleasure, n. گولڈ آف پلیژر ؛ ایک جھاڑی جس پر سال بہ سال چھوٹے سنہری پُھول بُہتات سے لگتے ہیں ـ

goldsmith, n. سنار ؛ زرگر ؛ سونے کے زیورات وغیرہ بنانے یا بیچنے والا ـ

gold standard, n. معیارِ طلا ؛ مالیاتی نظام جس میں قومی کرنسی کی قیمت مقررّہ وزن اور سونے کے خالص پن پر مبنی ہو ـ

gold stick, n. طلائی عصا ؛ سنہری چھڑی ؛ انگلینڈ میں سنہری چھڑی جو سرکاری جشن کے موقع پر شاہی خاندان کے بعض افراد کے ہاتھ میں ہوتی ہے ؛ ایسا چھڑی بردار شخص ـ

goldstone, n. دیکھیے: Aventurine ـ

golem, n. گولم ؛ یہودی روایات میں انسان نُما شکل جسے انسان کے ہاتھوں زندگی عطا ہوتی ہے ـ (مجازاً) روبوٹ ـ

Golf, n. گالف ـ (برطانوی). گاف : حرف G کے لیے ابلاغیاتی/مواصلاتی ضابطے کا لفظ

golf, n. گالف ؛ ایک قسم کا کھیل جو سفید چھوٹی گیند اور ہاکی نُما چھڑی کے ساتھ عموماً وسیع میدان میں جس پر ساختہ رُکاوٹیں ہوتی ہیں ،کھیلا جاتا ہے ، اس میں کوشش یہ ہوتی ہے کہ گیند کو کم سے کم ضربیں لگا کر خاصے فاصلوں پر موجود نو یا اٹھارہ سوراخوں میں ڈالا جائے ـ (فعل لازم) گالف کھیلنا ـ

golf cart, گالف گاڑی ؛گالف کے کھلاڑی یا اس کا سامان لے جانے کے لیے مستعمل پہیّہ دار یا ہتھ گاڑی ـ

golf course, golf links, گالف میدان ؛ گالف گراونڈ ؛ گالف کا میدان؛ گالف کھیلنے کا میدان ـ

golf club, n. گالف کلب ؛ گالف کھیلنے والوں کی انجمن ـ

golfer, n. گالف کا کھلاڑی ؛ گالف کھیلنے والا ؛ گالفر ـ

Golgotha, n. [عبرانی] گالگوتھا ؛ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پھانسی پانے کی جگہ ؛ صلیب گاہ ـ (چھوٹے g سے) قربانی کی جگہ ؛ مدفن ـ

golly, interj. حیرانی یا ستایش کا کلمہ جیسے خدایا ! خُدا قسم ـ

gomphosis, n. (تشریح الاعضا) مفصل مرکوز ؛ دندانی جوڑ ؛ کوئی مضبوط گڑا ہُوا کھونٹا وغیرہ ، جیسے جبڑے میں گڑا ہُوا دانت ـ

gonad, n. (تشریح الاعضا) مولدہ ؛ غدّۂ تناسلی ؛ نر یا مادہ تناسلی غدود جو گ ٹہ ، نُطفہ یا بیضہ پیدا کرتا ہے ؛ خُصیّہ یا تخمدان ـ

Gond, n. گونڈ ؛ وسطی ہند کی ریاست مدھیہ پردیش کی قدیم دراوڑی نسل کی اقوام کا کوئی فرد ـ

Gondi, n. گونڈی ؛ دراوڑوں کی بولی ـ

gondola, n. گنڈولا ؛ بجرا ؛ ایک لمبی تنگ کشتی جس کے دونوں سرے اوپر کو اُٹھے ہوتے ہیں اور جس کے وسط کے قریب اکثر ایک کیبن بنا ہوتا ہے ، وینس کی نہروں میں مستعمل ہے اور جسے عموماً ایک چپّو یا بانس کے ذریعے کھیتے ہیں ؛ ایک قسم کی ہلکی

کَشتی یا ناؤ ؛ ریلوے کا بے چھت چھوٹے کناروں والا چھکڑا۔

gondolier, n. بجرابان ؛ گنڈولا ران؛ گنڈولا چلانے والا ؛ بجرا کھینے والا۔

gone, a. رفتہ ؛ گیا ہوا ، ختم شُدہ یا صَرف شُدہ ؛ گُزرا ہوا یا ماضی (جیسے : gone ages)؛ مرحوم یا مُردہ ؛ گُمشدہ نامکمّل یا مایُوس کُن (جیسے: a gone case)؛ کمزور اور مدھّم (جیسے : a gone feeling)؛ حاملہ۔ (بول چال) غیر معمولی طور پر ہوشیار اور نمایاں ؛ فریفتہ یا مسحور شدہ ، عموماً بعد میں on یا upon آتا ہے۔

far gone, بہت آگے گیا ہُوا یا بہت زیادہ مُلوّث ؛ تقریباً ختم شُدہ ؛ تقریباً مرا ہُوا۔

goneness, n. بیہوشی ؛ واماندگی۔

goner, n. (بول چال) کوئی شے یا شخص جو مر چکا ہو ، گم ہو چکا ہو یا جس کی بحالی کی کوئی اُمّید نہ ہو۔

gonfalon, n. جھنڈا ؛ نِشان ؛ عَلَم ؛ گون فیلون ؛ صلیبی ؛ سلاخ سے لٹکایا ہوا کئی دھاریوں والا جھنڈا ؛ خصوصاً ازمنۂ وُسطیٰ کی اطالوی جمہوریتوں میں مستعمل جھنڈا۔

gonfalonier, n. گون فیلون بردار ؛ نِشانچی ؛ عَلَم بَردار ؛ ازمنـۂ وسطیٰ کی بعض اطالوی ریاستوں کا مجسٹریٹ اعلیٰ یا دیگر افسر۔

gong, n. گھنٹا ؛ جرس ؛ گھڑیال ؛ دھات کی بنی ہوئی رکابی جو پیڈ دار سرے والی چھڑی کی ضرب لگنے سے گونج دار آواز پیدا کرتی ہے ؛ تھالی نما گھنٹی جسے ہتھوڑے سے بجاتے ہیں۔

Gongorism, n. صناعیّت ؛ تصنُّع آمیز اسلُوب ؛ گنگوری ؛ ایک پرتکلف ، رنگین ادبی اسلُوب جس میں خودساختہ الفاظ و تراکیب ، دُور از کار تشبیہات اور صنائع و بدائع سے کام لیا جاتا ہے۔

gongoristic, a. گنگوری کا یا اس سے متعلق ؛ تصنع آمیز۔

goniometer, n. زاویہ پیما ؛ گُنیا ؛ سَمت نُما ؛ ٹھوس زاویہ ناپنے کا آلہ ، خصوصاً ایسے زاویے جو معدنی قلموں کی سطحوں کے مابین بنتے ہیں۔

goniometric, gonimetrical, a. زاویہ پیمائی سے متعلّق۔

goniometry, n. زاویہ پیمائی ؛ ٹھوس زاویہ ناپنے کا علم۔

gonococcus, n. نبقۂ سوزاک ؛ سوزاک پیدا کرنے والا جرثومہ۔

gonococcal, a. نبقۂ سوزاک کا۔

gonogenesis, n. (حیاتیات) جرثومی تکوین ؛ جرثومی خلیے کے پُختہ ہونے کا عمل ؛ سوزاک زائی۔

gonoph, n. دیکھیے : Ganef۔

gonophore, n. (نباتیات) مولدہ بردار ؛ پُھول کے محور کی طوالت جس پر بقچۂ گل اور زرریشہ غلافِ گُل سے اُوپر ہوتا ہے۔ (حیوانیات) مرجانیہ میں تناسلی کیسوں میں سے ایک۔

gonophoric, gonophorous, a. مولدہ بردار کا۔

gonorrhea, gonorrhoea, n. سوزاک ؛ گنوریا ؛ پیشاب کی نالی کی متعدّی سوزش والی بیماری جو نبقۂ سوزاک سے پیدا ہوتی ہے اور اس میں سے چپچپا مادّہ (مُخاط) اور پیپ خارج ہوتی رہتی ہے۔

gonorrheal, gonorrhoeal, a. سوزاکی۔

goo, n. (عوامی) چپکنے والی شے ؛ بہت زیادہ جذباتیّت۔

gooey, a. جذبات بھرا۔

goober, goober pea, n. ایک قسم کی مونگ پھلی۔

good, n. اچھا شخص یا اچھی شے ؛ بھلا ؛ عُمدہ ؛ نفیس (شخص یا کام) ؛ خوب ؛ کافی ؛ قابل اطمینان ؛ وہ جو سچائی پر ہو (جیسے : to be a power for good in the world) ؛ عُمدگی یا خوبی (جیسے : to discern the good in a book) ؛ مہربانی یا اچّھے کام (جیسے: to do good) ؛ فائدہ ، خواہش یا مواد (جیسے: to work for the common good) ؛ استعمال ، قدر یا خدمت (جیسے : That broken hammer is of little good.) ۔ (جمع) مال اسباب ؛ اثاثہ یا اسباب ، عموماً منقولہ (جیسے : household goods) ؛ تجارت؛ وغیرہ کا سامان (جیسے : to sell goods, to stock goods) ؛ کپڑا یا پارچہ (جیسے: Curtain goods) ۔ (عوامی) پیش کردہ ، متوقع یا موعودہ شے (جیسے : to furnish the goods) ؛ وہ جو کھرا اور اصلی ہو (جیسے : the real goods) ؛ ثبوت یا شہادت کی نوعی اشیا (جیسے : The thief had the goods with him) ۔ (فجائیہ) That is good : تعریف یا تسلی کا کلمہ۔

for good, ہمیشہ کے لیے ؛ مستقلاً (جیسے : to leave a place for good) ۔

to make good, سرانجام دینا ؛ پُورا کرنا ؛ تصدیق کرنا یا ثابت کرنا ، جیسے کسی الزام کا ؛ کسی کی کمی کا پُورا کرنا ؛ کسی نقص کو دُور کرنا ؛ برقرار رکھنا یا کامیابی کے ساتھ چلانا۔

to the good, منافع یا فائدے میں (جیسے : He came out five dollars to the good in that transaction) ۔

good, a. عمدہ میعار یا کردار کا (جیسے : good weather, good shoes, good news) ؛ نیک یا کردار کے لحاظ سے بہترین (جیسے : good works) ؛ درجے یا قسم میں تسلّی بخش یا عُمدہ (جیسے : good food, a good book) ؛ ذمّہ دار یا قابلِ اعتماد (جیسے : a good face) ؛ ظاہراً خوبصورت یا پُرکشش (جیسے : a good appearance) ؛ صحیح یا موزوں (جیسے : Do what seems good to you) ؛ کسی مقصد کے لیے موزوں یا مناسب (جیسے : a good day for a swim) ؛ کارآمد ، سودمند یا مفید جیسے کوئی خیال یا تجارت ؛ قابلِ وثوق ؛ قابلِ اعتماد ، معتبر یا قانونی طور پر جائز جیسے کرنسی یا خطاب ؛ کسی کام کے لیے پایدار/کارآمد (for کے ساتھ) ؛ حقیقی یا سچا ؛ قابلِ اعتماد یا معاشی طور پر محفوظ (جیسے : a good check) ؛ معقول یا موزوں (جیسے : a good judgment) ؛ دینے یا ادا کرنے کی گارنٹی کے ساتھ (for کے ساتھ مستعمل (جیسے : good for a loan)؛ کسی خاص نتیجے کی برآمدگی کے لیے یقینی (for کے ساتھ مستعمل ہے جیسے: good for a joke) ؛ زرخیز یا پیدا کار (جیسے زمین) ؛ صحت بخش جیسے گوشت یا پھل ؛ صحیح یا بغیر کسی نقص کے ، جیسے آنکھیں ؛ خوش گوار یا پسندیدہ (جیسے : a good time) ؛ ہنسی آور یا خوش کُن (جیسے : a joke)؛ فیّاضی یا مہربانی ،(جیسے : a good deed) ؛ مقدار میں کافی یا وافر (جیسے : good measure) ؛ پورا (جیسے : a good day's journey) ؛ کافی زیادہ (جیسے : a good deal of time) ؛ وفادار یا کٹر (جیسے : a good Catholic) ؛ قابل اور ماہر (جیسے : a good doctor) ؛ ہوشیار یا مستعد (جیسے : good at sports) ؛ عمدہ اطوار کا، جیسے کوئی بچّہ ؛

قابل تعظیم یا معزز (جیسے: a good reputation)؛ کسی شریف یا قابل عزت طبقے سے متعلّق (جیسے: a good family)؛ معزز و محترم ، یہ الفاظ تعظیماً استعمال کیے جاتے تھے (جیسے: my good sir)؛ مقدس (جیسے: Good Friday)؛ بے تکلف (جیسے: a good friend)۔

as good as, خاص طور پر یا درحقیقت ؛ قریب قریب ؛ بمنزلہ ؛ قریب الاختتام (جیسے: as good as finished)۔

good and, (بول چال) مکمّل طور پر یا بالکل (جیسے: good and hot)۔

goodish, a. (بول چال) خاصا یا اچھا سا (جیسے: goodish cookies)؛ قدرے بڑا یا بہت زیادہ (جیسے: goodish size)۔

good, adv. (غیر معیاری بول چال) مناسب حد تک اچھا (جیسے: The machine runs good)۔

Good Book, n. (بعض اوقات چھوٹے g کے ساتھ) انجیل مقدس ؛ بائبل۔

good-by, good-bye, a., interj., n. الوداع ؛ خُدا حافظ۔

good fellow, n. یار باش ؛ خلیق ؛ ملنسار ساتھی یا شخص۔

good-fellowship, n. دوستی ؛ یاری ؛ یارباشی۔

good-for-nothing, a. بے شغل ؛ فارغ ؛ نکھٹو ؛ نکمّا ؛ ناکارہ ؛ بے کار۔ (اسم) ناکارہ شخص۔

Good Friday, n. گُڈ فرائی ڈے ؛ جمعة المبارک ؛ جمعة الخیر ؛ ایسٹر سے پہلے کا جمعہ ، عیسائیوں کا ایک متبرک دن جو حضرت عیسٰی کے مصلوب ہونے کی یاد میں منایا جاتا ہے۔

good-hearted, a. لُطف فرما ؛ ہمدرد ؛ شفیق ؛ مُشفِق ؛ رحم دل ؛ مہربان ؛ سخی۔

good-heartedly, adv. رحم دلی سے ؛ سخاوت سے۔

good-heartedness, n. مہربانی ؛ لُطف ؛ شفقت ؛ رحم دلی ؛ سخاوت۔

good humor, good humour, n. ظرافت ؛ چُہل بازی ؛ ہنسوڑ پن ؛ خُوش مزاجی ؛ خوش طبعی۔

good-humored, a. چُہل باز ؛ ظَریف ؛ خُوش مزاج ؛ خُوش طبع۔

good-humoredly, adv. خوش مزاجی سے ؛ خوش طبعی سے۔

good-humoredness, n. خُوش مزاجی ؛ خُوش طبعی۔

good-looking, a. خُوش چہرہ ؛ خوش شکل ؛ شکیل ؛ خُوش رُو ؛ خُوبرُو ؛ دِلرُبا ؛ خُوبصُورت ؛ دِلکَش ؛ حسِین ؛ جمِیل ؛ خُوش جمال۔

goodly, a. خُوبصورت ؛ حسین ؛ دِلکَش ؛ بڑا ؛ بڑا سا (جیسے: a goodly share)۔

good nature, n. نیک خیالی ؛ نیک طینتی ؛ نیک طبعی ؛ نیک نیتّی ؛ نیک دِلی ؛ نیک مزاجی۔

good-natured, a. خُوش اَطوار ؛ نیک مزاج ؛ نیک طینت ؛ خُوش سِیرت ؛ نیک سِیرت ؛ نیک خصلت ؛ نیک ؛ نیک نہاد ، نیک طبع۔

good-naturedly, adv. نیکی سے ؛ نیک طینتی سے وغیرہ۔

good-naturedness, n. نیک طبعی ؛ نیک دلی وغیرہ۔

good-neighbor, good-neighbour, a. اچھی ہمسائیگی ؛ دو ملکوں کے درمیان امدادِ باہمی اور سیاسی مفاہمت کے تعلقات کی بنا پر اچھی ہمسائیگی (جیسے: the good neighbor policy among nations of the Americas)۔

goodness, n. اچھا ہونے کی حالت یا کیفیت ؛ نیکی یا فضیلت ؛ خُوبی ؛ سخاوت ؛ مہربانی ؛ لُطف و کرم ؛ جُودوسخا ؛ کسی شے کا بہترین حصّہ ، اس کا عطر یا نچوڑ ؛ خدایا ؛ میرے اللہ۔

good-tempered, a. متحمّل مزاج ؛ نرم دِل ؛ فروتن ؛ صابِر ؛ حلِیم ؛ بُردبار ؛ اچھی طبیعت والا ؛ جو جلدی اشتعال میں آنے والا اور زُود رنج نہ ہو۔

good-temperedly, adv. فروتنی یا حِلم و بُردباری سے۔

good-temperedness, n. بُردباری۔

good will, goodwill, n. نیک خواہی ؛ بہی خواہی ؛ نیک اندیشی ؛ خیر خواہی ؛ مہربانی ؛ عنایت ؛ نوازش ؛ طیب خاطر ؛ رضا و رغبت ؛ گرمجوشی۔ (تجارت) کسی کارخانے یا تجارتی ادارے وغیرہ کا نام اختیار کرنے اور اس کی ساکھ سے فائدہ اٹھانے کا حق ؛ تجارتی شُہرت ؛ نام ؛ پگڑی۔

goody, n. (عموماً جمع) (بول چال) کوئی چیز جو ذائقے میں یا ویسے عمدہ ہو ؛ مٹھائی ؛ مِیٹھی گولیاں۔ (فجائیہ) اچھا ؛ عمدہ ؛ خوشی کا اظہار جو عموماً بچّے کرتے ہیں۔

goody-goody, n. (بول چال) نیکی کا دم بھرنے والا یا اپنے آپ کو پارسا ظاہر کرنے والا ؛ جس کا اوڑھنا بچھونا مذہب ہو۔ (صفت) نیک ؛ پارسا ؛ دیندار۔

goof, n. (عوامی) احمق ؛ بُدھُو ؛ کوئی بے وقوف یا غیر پسندیدہ شخص ؛ کوئی غلطی یا خطا ، خصوصاً ناقص فیصلے یا بے احتیاطی کی وجہ سے۔ (فعل لازم) (عوامی) خطا کا ہونا ؛ فاش غلطی ہونا ؛ وقت ضائع ہونا (اکثر off یا around کے ساتھ)۔ (فعل متعدی) (عوامی) خراب کرنا / کام بگاڑ لینا (جیسے: He goofed his chance to be promoted)۔

goof-off, n. (عوامی) نِکھٹّو ؛ غیر ذمّہ دار ؛ ایسا شخص جو مستقل وقت ضائع کرتا رہے ، اپنی ذمّہ داری کو پس پشت ڈال دے یا ذمہ داری سے گُریز کرے۔

goofy, a. (عوامی) بے وقوف ؛ احمق ؛ سادہ لوح ؛ بُدھُو ؛ گدھا۔

goofily, adv. بے وقوفی سے ؛ حماقت سے۔

goofiness, n. سادہ لوحی ؛ جہالت ؛ حماقت وغیرہ۔

gook, n. (عوامی) گرد ؛ غلاظت ؛ کوئی بھی چپکنے والا یا لزج مائع۔

goon, n. (عوامی) بُدھُو ؛ شُہدا ؛ کوئی بے وقوف ، احمق یا غیر پسندیدہ شخص : غُنڈا ، خصوصاً ایسا شخص جو مزدوروں کے تنازعات میں مخالفین پر دھونس جمانے کے لیے استعمال کیا جائے۔

goosander, n. بطخ دندان دار ؛ شمالی نصف کُرے کا بطخ نُما پرندہ جس کی چونچ تیز اور دندانے دار ہوتی ہے۔

goose, n. ہنس ؛ قاز ؛ جنگلی یا پالتو پرندوں کی بے شمار اقسام میں سے کوئی ایک جن کی گردن لمبی ، پاؤں جال نُما اور اکثر بطخ سے بڑے ہوتے ہیں ؛ اس پرندے کی مادہ ؛ ہنس کا گوشت ؛ سادہ لوح ؛ بے وقوف ؛ احمق۔

goosey, a. بُدھّو ؛ بیوقوف ؛ سادہ لوح۔

gooseberry, n. کروندا ؛ فرنگی انگور ؛ ایک قسم کا انگور نُما پھل ؛ ٹپاری ؛ اس پھل کی جھاڑی۔

goose egg, n. (عوامی) صفر۔ (مجازاً) انڈا ؛ اتھلیٹک اور دوسرے مقابلوں میں صفر ، جو کھیل میں حصّہ نہ لینے یا کوئی نمبر حاصل نہ کرنے کی نشاندہی کرتا ہے۔

goose flesh, goose bumps, goose pimples, goose skin, n. خوف زدگی ؛ ٹھٹھراہٹ ؛ برُنچے ہنس کی طرح جلد کی خراب حالت ؛ سردی یا خوف کے باعث رونگٹے کھڑے ہونے کی حالت ۔

goosefoot, lamb's quarter, n. (نباتیات) ہنس پا ؛ خرفہ ؛ پودوں کا ایک خاندان ، عموماً بُھربُھرے پتّوں اور غیر نمایاں پُھولوں والے پودے جن کی بعض اقسام ان کی رنگ، برنگی کے لیے اور بعض چقندر اور پالک جیسی ترکاریوں کے طور پر کاشت کی جاتی ہیں ؛ اس کے پتے ہنس کے پیر کے مشابہ ہوتے ہیں ۔

gooseneck, n. ہنس گردن ؛ ہنس کی گردن کی طرح مُڑی ہوئی کوئی شے ، جیسے نکاسی نالی یا ٹیبل لیمپ کا سفری اسٹینڈ ۔

goose-necked, a. ہنس گردنی ؛ ہنس کی گردن جیسا ۔

goose step, n. ہنس چال ؛ ایک فوجی مشق جس میں جسم کا توازن ایک پاؤں پر ہوتا ہے اور بغیر گھٹنے جھکائے دوسرے پاؤں کو آگے پیچھے کیا جاتا ہے ؛ ایسی چال جس میں گُھٹنے اکڑا کر ٹانگیں آگے پیچھے سیدھی حالت میں کی جاتی ہیں ۔ (فعل لازم) ہنس چال چلنا ؛ ہنس کی مانند ٹانگیں اکڑا کر چلنا ۔

gopher, n. ناقِب ؛ گوفر ؛ شمالی امریکا کے بل بنا کر رہنے والے جانوروں میں سے کوئی ایک ؛ لاتعداد زمینی گلہریوں میں سے کوئی ایک ؛ جنوبی امریکا کا بل بنا کر رہنے والا زمینی کچھوا ۔

gopher snake, indigo snake, bullsnake, n. مارموش خور ؛ گوفر سانپ ؛ شمالی امریکا کے جنوب اور مغرب میں پایا جانے والا غیر زہریلا سانپ جو چھوٹے چوہوں اور گلہریوں وغیرہ پر گزارا کرتا ہے ۔

goral, n. دیکھیے: goat antelope ۔

Gordian knot, n. پیچیدہ مسئلہ ؛ گتھی ؛ عُقدۂ لاینحل ؛ عُقدۂ دشوار ؛ مشکل ۔

cut the gordian knot, v.t. کسی پیچیدہ مسئلے کو جوانمردی اور جلدی سے حل کرنا ۔

Gordon setter, n. گورڈن سیٹر ؛ لمبے بالوں اور سیاہ و سانولے رنگ کے شکاری کُتوں کی نسل جو ۱۸۲۰ میں اسکاٹ لینڈ میں تیّار کی گئی اور ڈیوک آف گورڈن چہارم کے نام سے منسوب ہے ۔

gore, n. بستہ خُون ؛ بہایا گیا خُون ؛ خون جو بہ کر جم گیا ہو ؛ منجمد خون ۔

gore, n. کَلی ؛ ایک تکونی تہ کیا ہوا کپڑا جو کسی لباس (شلوار یا اسکرٹ) میں یا بادبان میں اضافی چوڑائی کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ تکون قطعۂ زمین ۔ (فعل متعدی) کلی لگانا ۔

gore, v.t. سینگ زنی کرنا ؛ بیل ، ہاتھی وغیرہ کا اپنے سینگ یا دانت/ناب وغیرہ سے چھید ڈالنا ۔

gorge, n. گھاٹی ، جس میں سے ندی بہتی ہے ؛ تنگنائے ؛ حلق ؛ پُرخوری ؛ راستہ یا مُنھ بند کرنے والی شے (جیسے : an ice gorge in a river) ؛ غُصّہ یا کراہت (جیسے : an insult that makes one's gorge rise.) ۔ (قلعہ بندی) بُرج کا راستہ؛ فصیل کا عقبی راستہ (فعل متعدی) ٹھونسنا ؛ حلق تک بھرنا ؛ ٹھونس دینا ؛ اس قدر ٹھونسنا کہ دم گھٹنے لگے ۔ (فعل لازم) ندیدوں کی طرح کھانا ۔

gorgeous, a. لباس ، ظاہری شان یا رنگ میں ٹھاٹ دار ؛ شوخ ؛ پُراہتمام ؛ آراستہ ؛ مُرصّع ؛ زرق برق ؛ پُرتکلّف ؛ شاندار ۔ (بول چال) انتہائی خُوش کن ؛ پُرتفریح (جیسے : a gorgeous evening at the opera) ۔

gorgeously, adv. ٹھسّے سے ؛ شان و شوکت سے ؛ رنگین بیانی سے ۔

gorgeousness, n. ٹھاٹ باٹ ؛ شان و شوکت ؛ رنگینی ۔

gorget, n. سینہ پوش ؛ طوق ؛ زرہ بکتر ؛ زرہ کا وہ حصّہ جس سے گلے اور سینے کی حفاظت ہوتی ہے ؛ گردن پوش ؛ ایک طرح کا نقاب جو گلے اور چھاتی کو ڈھانپ لے ، اسے پہلے عورتیں پہنتی تھیں ؛ ایک ہلال نما بیج جو پہلے فوجی افسر گردن میں زنجیر ڈال کر پہنتے تھے ؛ مالا ؛ گُلوبند ؛ کنٹھا ؛ رنگ کا حلقہ جو پرندوں یا دُوسرے جانوروں کے گلے میں ہوتا ہے ۔

Gorgonzola cheese, n. گارگنزولا پنیر ؛ ایک تیز خُوشبو والی سخت دبی ہوئی دھاری دار سفید اطالوی پنیر کی قِسم ۔

gorilla, n. گوریلا ؛ ایک بڑا اور طاقتور مغربی استوائی افریقہ کا بندر ۔ (عوامی) کسی بدصورت دہقان شخص کے لیے تحقیر کا کلمہ ۔

gormand, n. دیکھیے: Gourmand ۔

gorse, n. (زیادہ تر برطانوی) رتم؛ رتمت؛ ایک جھاڑی دار سدا بہار درخت جس میں زرد رنگ کے پُھول آتے ہیں اور یورپ کی غیر مزروعہ زمینوں میں پیدا ہوتا ہے ۔

gorsy, a. رتم کا یا اس سے متعلق ۔

gory, a. خونی؛ خُون کھولانے والا ؛ انتہائی ناخوشگوار (جیسے : the gory details of his trial) ۔

gosh, interj. بخدا ؛ مَعمُولی قسم ؛ حیرت یا توصیف کا فجائیہ ۔

goshawk, n. قُوش قِزل ؛ چرغ ؛ ایک قسم کا بڑا ، چھوٹے پنکھ والا باز جو کبھی شکار کے لیے استعمال ہوتا تھا ۔

gosling, n. بچہ قاز ؛ چوزہ ہنس ؛ ایک بیوقوف ، ناتجربہ کار شخص ۔

gospel, n. انجیل ؛ حضرت عیسیٰ اور ان کے حواریوں کی تعلیمات کا خُلاصہ ؛ عیسائی الہام ؛ عیسوی تعلیمات خصوصاً نجات اور خدا کی عملداری سے متعلق جس کی تعلیم حضرت عیسیٰ نے دی ؛ عیسیٰ علیہِ السلام کی رودادِ حیات اور تعلیمات خصوصاً وہ جو عہد نامہ جدید کے پہلے چار دفتروں میں موجود ہیں ۔ (عموماً بڑے G کے ساتھ) ان چار کتابوں میں سے کوئی ایک ۔ (اکثر بڑے G کے ساتھ) بعض گرجوں میں سروس کا اقتباس جو ان چار کتابوں میں سے کسی ایک سے لیا گیا ہو ؛ ایسی شے جو شک و شبہ سے بالا ہو یا جسے سچ مانا جاتا ہو (جیسے : His word is taken for gospel by the neighborhood children) ؛ کوئی عقیدہ جو انتہائی اہمیت کا حامل ہو ۔ (صفت) انجیل سے متعلّق ؛ انجیل کے مطابق ۔

gospel music, امریکا کے حبشی گرجوں کی انتہائی ہم آہنگ مذہبی موسیقی ۔

gospeler, gospeller, n. (کلیسیات) گرجے کا انجیل خواں ؛ ایسا شخص جو صرف اپنے فرقے کی انجیل کو صحیح مانتا ہو (یہ اصطلاح تحقیراً استعمال ہوتی ہے) ۔

gosport, n. (طیرانیات) ایک لچکدار نلی جو ہوائی جہاز میں دو آدمیوں، خصوصاً شاگرد اور استاد کے درمیان، گفتگو کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔

gossamer, n. جالا ؛ تارعنکبوت ؛ لعابِ خُورشید ؛

شیطان کی ڈور ؛ ایک باریک جالہ نُما شے جو گھاس اور جھاڑیوں پر یا ساکن فضا میں ہوا میں تیرتی نظر آتی ہے ، خصوصاً خزاں کے موسم میں ؛ کوئی بھی باریک ہلکا کپڑا یا دوسری نفیس شے ۔(صفت) لعاب خُورشید کے بارے میں یا اس سے متعلّق ؛ باریک ؛ ہلکا ؛جالے دار ۔

gossamery, a. جالے دار ۔

gossan, iron hat, n. (ارضیات) گوسان ؛ آہن ٹوپ ؛ بُھورے رنگ کی تحلیل شُدہ چٹان جو اکثر لوہے والی چٹان کا حصّہ بنتی ہے ۔

gossip, n. گپ شپ ؛ لاف گزاف ؛ بڑ ؛ تعلّی ؛ اِدھر اُدھر کی باتیں یا بکواس ؛ افواہ ؛ ہلکی مانوس گفتگو یا تحریر ؛ کوئی شخص ، خصوصاً عورت جو باتونی ہو یا دوسروں کے بارے میں افواہیں پھیلائے ؛ باتونی ؛ فضُول گو ؛ یاوہ گو ؛ گپ باز ، (نیز gossiper) ۔(قدیم) دینی والدین میں سے ایک ؛ ایک دوست ۔ (فعل متعدی) بطور افواہ دہرانا ۔ (فعل لازم) گپ شپ یا بکواس ہونا خصوصاً افواہ پھیلانا دوسرے لوگوں کے بارے میں ۔

gossipper, n. لاف زن ؛ گپ باز ؛ بَکّی ۔

gossipingly, adv. یاوہ گوئی سے ۔

gossipry, n. (قدیم) گپ شپ یا بکواس اجتماعی طور پر۔

gossipy, a. گپی ؛ گپ باز ؛ بَکّی ۔

gossipmonger, n. گپ باز ؛ پوچ گو ؛ فضُول گو ؛ بیہُودہ گو ؛ لغو گو ؛ یاوہ گو ؛ افواہ ساز ؛ غِیبت گو۔

Goth, n. گاتھ ؛ قدیم ٹیوٹانی قوم جس نے بیشتر رومن سلطنت کو تیسری اور پانچویں صدی کے درمیانی عرصہ میں فتح اور تاراج کیا ؛ وحشی ؛ غیر مُہذّب ؛ جاہل آدمی ۔

Gothic, a. گوتھک ؛ گاتھی ؛ گاتھ قوم سے متعلّق ؛ ازمنۂ وسطیٰ سے متعلّق ؛ وحشیانہ ؛ ناتراش ؛ کُھرّا ؛ مغربی یورپ کی ۱۲۰۰ تا ۱۵۰۰ء کے درمیانی عرصہ تک رائج نوکدار محرابوں والی(طرز تعمیر)؛ قدیم انگریزی تعمیر کا ؛ مرصّع اور عمودی(طرز) ؛ایسے ادبی اسلُوب سے متعلّق جس میں مایُوس کُن ماحول ، ناپسندیدہ اور متشدّدانہ واقعات اور قنُوطی احساسات کی عکّاسی کی گئی ہو۔ (اسم) گاتھ قوم کی زبان ؛ گوتھک انداز کا آرٹ اور فنِ تعمیر۔

Gothicism, n. گاتھی زبان کا محاورہ ، گاتھی طرز تعمیر ، آرٹ یا ادب کی تقلید ؛ گاتھی طرز تعمیر ، آرٹ اور زبان وغیرہ ۔ (چھوٹے g سے) کُھرّا پن ؛ اَکھڑ پن ؛ وحشی پن ؛ کُھردرا پن ۔

Gothicize, v.t. گاتھی طرز پر تعمیر کرنا ۔

gouache, n. گدلے رنگوں کی نقّاشی ؛ گاچی ؛ گاش ؛ آبی رنگوں کی تکنیک یا مصوّری جس میں غیر شفّاف رنگ کو سریش کے ساتھ ملا کر استعمال کرتے ہیں ۔

Gouda, n. گوڈا ؛ ایک قسم کا ہلکے زرد رنگ کا گداز پنیر، جس پر سُرخ حفاظتی تہ چڑھی ہوتی ہے ۔

gouge, n. روکھانی ؛ چھینی کی قسم کا ایک آلہ جس کا پَھل کانڈی کی مانند محدّب ، مُقعر اور عمودی تراش والا ہوتا ہے ؛ اس آلے کے ساتھ کاٹنے یا کھودنے کا عمل ؛ روکھانی کے ذریعے بنائی گئی نالی یا سُوراخ ۔ (مجازاً) فریب ؛ دھوکا ۔ (فعل متعدی) نالیاں یا سوراخ کھودنا روکھانی کے ساتھ یا اس کی مانند ؛ کھودنا یا نکالنا روکھانی کے ساتھ ۔ (مجازاً) فریب دینا یا دھوکا دینا ۔

gouger, n. روکھانی استعمال کرنے والا ؛ دھوکا باز ۔

goulash, n. دم پُخت ؛ گولیش ؛ بڑے گوشت ، بچھڑے کے گوشت اور سبزیات کا مسالے اور سُرخ مرچوں کے ساتھ دم پُخت ۔

gourd, n. تُونبی ؛ گھیا ؛ کَدو ؛ کدّو یا تونبے وغیرہ کی قسم کا ایک پھل ؛ خُشک کر کے کھوکھلا کیا ہوا تُونبا جو آرایش یا بوتل کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

gourmand, gormand, n. عُمدہ کھانے والا ؛ خُوش خوراک ؛ جسے دعوتِ طعام دی جائے اور وہ خوش ہو کر کھائے ۔ (مَتروک) پیٹو ؛ پُرخور ؛ بندۂ شکم ۔

gourmandism, n. پُرخوری ؛ بسیار خوری ؛ پیٹو پن ؛ خُوش خوراکی وغیرہ ۔

gourmet, n. کھانوں اور شرابوں کا رسیا ؛ کھانے پینے میں نفاست پسند ۔

gout, n. (امراضیات) گٹھیا ؛ جوڑوں کی بیماری جس میں وافر یُورک ایسڈ خون میں شامل ہو جاتا ہے اور جوڑ متورم ہو جاتے ہیں ؛ نقرس ؛ وجع المفاصل ؛ قطرۂ خون ؛ قطرہ یا دَھبّا جیسے خُون کا ۔

gouty, a. گٹھیایا ؛ گٹھیا زدہ ؛ گٹھیا کا باعث ؛ گٹھیا سے پیدا شدہ ؛ نِقرسی ؛ گٹھیائی ۔

goutily, adv. گٹھیا کی طرح ۔

goutiness, n. گٹھیا کا اثر ۔

govern, v.t., v.i. اختیار کے تحت انتظام کرنا ، کنٹرول کرنا یا منظّم کرنا ؛ اثر ڈالنا یا رہنمائی کرنا ؛ تابع رکھنا ، مطیع رکھنا یا قابُو میں رکھنا ؛ حاوی ہونا ؛ زیرِ نگرانی رکھنا ؛ حکومت کرنا ؛ فرمانروائی کرنا ؛ کسی خاص سمت چلانا یا راستہ صحیح کرنا ۔ (گرامر) کسی مخصوص حالت کے استعال کا لازم ہونا ؛ مفعول ہونا ۔(مشین) انجن کی رفتار وغیرہ کو کسی ترکیب کے ذریعہ کنٹرول کرنا ، جیسے کسی رواں کار کے ذریعے ؛ اختیارات کو استعمال میں لانا ؛ قوانین کا نافذ العمل ہونا ؛ قابُو میں رکھنا ۔

governable, a. قابلِ حکومت ؛ قابلِ انتظام ؛ انضباط پذیر ۔

governance, n. حکومت ؛ حُکمرانی ؛ انتظام ؛ دباؤ ؛ اثر ؛ نظم و ضبط ۔

governess, n. اُستانی ؛ گورنس ؛ تعلیم و تربیت دینے والی معلّمہ ؛ گھر پر بچّوں کو پڑھانے اور ان کی تربیّت کے لیے ملازم استانی۔ (قدیم) خاتُون گورنر یا حکمران ۔

government, n. حکومت ؛ طرزِ حکومت ؛ سیاسی طاقت کا استعمال ، رہنمائی اور علاقوں کے باشندوں ، معاشرہ یا ریاست کے اعمال پر قدغن ؛ عوامی معاملات کا انتظام و انصرام ؛ کسی قوم ، ریاست یا جماعت کی مجلسِ منتظمہ یا انتظامی تنظیم ؛ انتظامی اختیارات کا اِستعمال ؛ انتظامی یا انصرامی اختیارات ؛ طریقہ یا نظام جس کے مطابق آئین سازی ، انتظامی اور عدلیہ کے اختیارات تفویض اور استعمال کیے جاتے ہیں (جیسے : a republican form of government) ؛ گورنر کے زیر نگیں علاقہ یا صُوبہ ؛ ضوابط ؛ نظم و نسق یا امتناع ۔ (گرامر) فقرے میں کسی لفظ کی صرفی حالت کا اُسی فقرے کے کسی دوسرے لفظ کی صرفی حالت پر اثر؛ تعلقِ صرفی ۔

governmental, a. حکومتی ؛ سرکاری ۔

governmentally, adv. سرکاری طور پر۔

governor, n. گورنر ؛ حاکم ؛ صوبہ دار ؛ عامل ؛

پاکستان کے چاروں صوبوں میں سے کسی ایک کا حاکم اعلیٰ ۔ (برطانوی) برطانیہ عُظمیٰ کی نوآبادی یا زیر نگیں علاقے میں برطانوی تاج کے نمائندے کا سرکاری خطاب ، نیز گورنر جنرل ۔ (برطانوی ، بول چال) آجر یا کسی کے باپ کے لیے عزّت کا خطاب ؛ کارخانوں اور مشینری میں ایک کَل جس کے ذریعے متغیّر مزاحمت کے ساتھ یکساں رفتار متعین کی جا سکتی ہے ؛ بھاپ کے انجن کا ایک پُرزہ جس کے ذریعے سلنڈر میں بھاپ کے داخلے کو باقاعدہ کیا جاتا ہے ۔

governorship, n. گورنری ؛ صوبہ داری ۔

governor general, governor-general, n. صوبہ دار اعلیٰ ؛ گورنر جنرل جس کے تحت کوئی گورنر یا ڈَپٹی گورنر ہوں ۔ (برطانوی) گورنر یا وائسرائے ۔

governor-generalship, n. اعلیٰ صُوبہ دار کا عہدہ ؛ گورنر جنرل کا عُہدہ ۔

gown, n. فراک ؛ جُبّہ ؛ چُوغہ ؛ گاؤن ؛ ڈھیلا ڈھالا جامہ خصوصاً عورتوں کا ؛ ڈریسنگ گاؤن یا نائٹ گاؤن ؛ بعض پیشوں کے ماہرین جیسے پادری ، طبیب ، قانون دان یا عدلیہ کے ارکان ، یونی ورسٹی کے اساتذہ یا طلبہ کی سرکاری عبا یا چوغہ ؛ مجموعی طور پر کسی یونیورسٹی کے طلبــہ و اساتـذہ ، عام شہریوں سے مختلف (جیسے : town and gown) ۔ (فعل متعدی) گاؤن پہنانا ۔ (فعل لازم) گاؤن پہننا ؛ چوغہ پہننا ۔

gownsman, n. چوغہ پوش ، جیسے وکیل ، پادری ، رُکن جامعہ ۔

Graafian follicle, n. گرافی کیسہ ؛ بیض دان ؛ گرافی جُراب ؛ چھوٹے بیض دانوں میں سے ایک جس میں کسی میمل کے بچّہ دان میں تُخم کی نشوونُما ہوتی ہے ۔

grab, v.t. اُچک لینا ؛ جھپٹ لینا ؛ چھین لینا ؛ جلدی سے پکڑ لینا ؛ زبردستی قبضہ کر لینا (جیسے : to grab land) ؛ کسی شخص کو پکڑ لینا یا گرفتار کر لینا ۔ (فعل لازم) جھپٹا مارنا ؛ پکڑنا ۔ (اسم) جھپٹا ؛ چھیننے کی کوشش یا گرفت ؛ غصب ؛ لُوٹ مار ؛ دَست درازی ؛ لُوٹ کا مال ؛ غصب شُدہ ؛ غاصب ؛ اشیا پکڑنے کا ایک اوزار ۔

grab, grabbable, a. غصب ہونے کے قابل ۔

grab bag, اٹکل پچو تھیلا ؛ اندھا تھیلا ؛ ایک تھیلا جس میں دیکھے بغیر ہاتھ ڈال کر معمولی رقم ادا کر کے چیزیں نکالی جاتی ہیں ۔

grab, n. غُراب ؛ تکونی بادبانی کَشتی ؛ ایک مشرقی بحری کَشتی جس کے تکونی بادبان اور عموماً دو مستول ہوتے ہیں ۔

grabble, v.i. ٹٹولنا ؛ ہاتھوں سے ٹٹولنا یا تلاش کرنا ؛ چاروں ہاتھ پاؤں کے بل رینگنا ۔

grabby, a. حریص ؛ لوبھی ؛ لالچی ۔

graben, n. (ارضیات) گرابین ؛ دو یا زیادہ رخنوں کے ذریعے پیدا شدہ زمین کی سطح پر لمُوترا گڑھا ۔

grab off, v.t. جلدی میں یا طاقت سے حاصل کر لینا (جیسے : to grab off territory) ۔

grab rope, grab line, n. (جہاز رانی) ٹیک رسّا ؛ جہاز پر تاروں یا رسّیوں میں سے کوئی ایک جو بوقتِ ضرورت پکڑی جا سکے ، جسے دُوسری کشتی کے ملّاح ساتھ لگنے کے لیے پکڑ لیتے ہیں ۔

grace, n. شکل ، حرکت یا تأثر کا سجیلا پن یا اسلُوب ؛ خوبصورتی ، دِلکشی یا کوئی اور خُوش کُن خوبی ؛ لطف و کرم ؛ نوازش یا نظر عنایت ؛ احساسِ لطافت و خوبی ؛ ایک خاص تقسیم یا رعایت ؛ رحم یا عفو ؛ عارضی مہلت ۔ (قانون) ادائی قرض کی مقرّرہ مُدّت ختم ہو جانے کے بعد دی جانے والی مُہلت جس کے دوران مقروض کو کسی جرمانے یا تاوان کے بغیر قرض ادا کرنا پڑتا ہے ، نیز: days of grace ۔ (الٰہیات) توفیق یا تائید الٰہی ؛ خدا کے فضل و کرم کے شامِل حال ہونے سے انسان کی اخلاقی توانائی ؛ راضی برضا رہنے کی حالت ؛ کھانا کھانے سے پہلے یا بعد کی دعا جس میں خداوند تعالیٰ کی رحمت طلب کی جائے ؛ دعائے طعام ۔ (موسیقی) زائد سُر جو محض خوبصورتی کے لیے بجایا جائے ؛ آرایشی سُر ۔ (عموماً بڑے G کے ساتھ) ایک خطاب جو کسی ڈیوک ، ڈچز یا بشپ کو مخاطب کرتے ہوئے استعمال کیا جاتا ہے اور جو her, your یا his کے بعد مستعمل ہے ۔

in the good or bad graces of, کسی کی نظروں میں بُلند یا گرا ہُوا ۔

with good grace, بہ طیب خاطر ؛ خُوشی سے ؛ دل سے ۔

with bad grace, طوعاً و کرہاً ۔

grace, v.t. زیب دینا ؛ چار چاند لگانا ؛ سنوارنا ؛ سجانا ؛ آراستہ کرنا ؛ زینت بخشنا ؛ عِزّت بخشنا ؛ سرفراز کرنا ؛ شایاں ہونا ۔ (موسیقی) اضافی سُروں سے موسیقی آراستہ کرنا ۔

grace cup, n. اختتامی جام ؛ شراب کا پیالہ جس کا دَور دعائے طعام کے بعد ہوتا ہے ؛ دُعا بعد از طعام ؛ دعائے تشکُّر ۔

graceful, a. پیراستہ ؛ بانکا ؛ خوش منظر ؛ خُوش وضع ؛ حسین ؛ خُوبصورت ؛ طرح دار ؛ دلرُبا ؛ سَجیلا ۔

gracefully, adv. خُوش اسلوبی سے ؛ دِلبری سے ۔

gracefulness, n. سج دھج ؛ لطافت ؛ خُوش اسلُوبی ۔

graceless, a. کم بخت ؛ بدبخت ، بد نصیب ، مردُود ؛ ناشدنی ؛ خُوش سلیقگی اور عُمدہ خوبیوں سے عاری ؛ بے شرم ؛ بے حیا ؛ بھدّا ؛ بدذوق ؛ لطافت سے خالی ۔

gracelessly, adv. بے حیائی سے ؛ بے شرمی سے ؛ بے ڈھنگے پن سے ۔

gracelessness, n. بے حیائی ؛ بے شرمی ؛ بد نصیبی ؛ کم بختی ؛ بے لُطفی ۔

grace note, n. (موسیقی) آرایشی سُر ؛ زائد سُر جو محض خُوبصورتی کے لیے بجایا جائے اور جو چھوٹی ترسیم اعداد میں تحریر ہو ۔

grace period, n. (بیمہ) رعایتی مُدّت ؛ بیمے کی قسط کے واجب الادا ہو جانے کے بعد کا وقفہ جو عموماً ۳۱ دن کا ہوتا ہے جس میں اگر بیمــہ دار قسط کی ادائیگی کر دے تو پالیسی ساقط نہیں ہوتی ؛ ایام رعایت ؛ چُھوٹ کے دن ۔

gracile, a. دھان پان ؛ دُبلا ؛ پتلا ؛ چھریرا ؛ نازُک اندام ۔

gracility, gracileness, n. دُبلا پن ؛ چھریرا پن ۔

gracioso, n. گرے شیوسو ؛ ہسپانوی طربیہ میں ایک مسخرہ کردار ۔

gracious, a. خُوش گوار ؛ پسندیدہ ؛ خُوب ؛ خُوشنُما ؛ دِلفریب ؛ مہربان ؛ خوش خُلق ؛ کریمُ النّفس ؛ شفیق ؛ متواضِع ؛ منکسرالمزاج ؛ شفقت آمیز ؛ منکسرانہ ؛ مُشفِق ۔

graciously, adv. مہربانی سے ؛ رحم یا عنایت سے ۔

graciousness, n. مہربانی ؛ عنایت ؛ تواضُع ۔

grackle, n. شمالی امریکا کے بے شمار لمبی دُم والے پرندوں میں سے کوئی ایک جیسے مینا۔

gradate, v.i. مدغم ہونا جیسے ایک رنگ کا دوسرے میں ۔ (فعل متعدی) ترتیب وار یا درجه وار مرتب کرنا ؛ درجه بندی کرنا ؛ مدغم کرنا ۔

gradation, n. درجه بندی ؛ مراتب یا مدارج کے لحاظ سے منظّم ترتیب ؛ مسلسل مرحلوں یا درجوں کے ذریعے ترتیب یا تبدیلی ؛ مدارج ارتقا ؛ ترقّی کا کوئی درجه ؛ سلسلۂ تدریج ؛ مراتب ؛ مدارج ؛ ایک رنگ کا بتدریج دوسرے میں ڈھلنے کا عمل ۔ (لسانیات) اشتقاق میں حروفِ علّت کی عام قاعدے کے مطابق تبدیلی ۔

gradational, a. تدریجی (ترتیب وغیره) یا اس سے متعلّق ۔

gradationally, adv. تدریج کے لحاظ سے ۔

grade, n. گریڈ ؛ درجه ؛ پایه ؛ رُتبه ؛ مرتبه ؛ کسی سلسلے ، مراتب یا مدارج میں کوئی ایک درجه ؛ نسبتی مقام یا محل جیسے معیار یا تقدم میں ؛ کسی مدرسے کے نظام میں کئی فریقوں میں سے کوئی ایک جو مختلف درجوں کا تعلیمی سال قرار دیا گیا ہو ؛ ایسے فریقوں میں سے کسی ایک میں طلبه کا گروپ ؛ کسی طالبِ علم کی کارکردگی کا تعیّن کرنے کا نشان ؛ ایک سی خصوصیت پر مشتمل کوئی جماعت ؛ اتار چڑھاؤ کا تناسب ، جیسے ڈھلوانی سڑک کی سلامی ؛ سڑک کا ڈھلوانی حصّه ؛ اونچائی یا زمینی سطح ؛ ایسا جانور جس کے ماں باپ میں سے کوئی ایک خالص نسل سے ہو۔ (فعل متعدی) حجم ، معیار ، مرتبه یا ترقّی کے مرحلے کے مطابق ترتیب دینا ؛ ایسے درجوں یا زاویوں تک موڑنا یا جُھکانا که وه استعمال میں آ سکے جیسے ریلوے پٹڑی ؛ اچھی نسل لینا ؛ اعلیٰ نسل کے ساتھ ادنیٰ نسل کو ملا کر اوسط درجے کی نسل حاصل کرنا ؛ اعلیٰ نسل کے ساتھ ملا کر بہتر کرنا ؛ کسی شے کے درجے کا تعین کرنا ۔ (فعل لازم) ملانا ؛ کوئی درجه یا سلسله بنانا یا اُس کا ہونا ۔

grade crossing, n. لیول کراسنگ ؛ گریڈ کراسنگ ؛ ہموار قطع ؛ ایک ہی سطح پر ریلوے کی پٹڑی اور سڑک کا ایک دوسرے کو کاٹنا ۔

grader, n. درجه بندی کرنے والا ؛ اسکول کے کسی درجے کا مُتعلّم (جیسے : a fifth grader) ؛ درجه بندی کے لیے مستعمل کوئی مشین ۔

grade school, n. پرائمری/مڈل اسکول ؛ ایک ابتدائی اسکول جس میں طلبه کو مختلف جماعتوں میں تقسیم کیا جاتا ہے ، عموماً پہلی جماعت سے آٹھویں جماعت تک یا پہلی سے پانچویں جماعت تک ۔

grade separation, n. اوپر نیچے سڑک ؛ زیریں/بالائی راسته ؛ ریلوے کراسنگ یا چوک میں آمدورفت میں رکاوٹ یا حادثات سے بچنے کے لیے بنایا گیا زیریں یا بالائی راسته۔

gradient, n. ڈھلان کا درجه جیسے زمین کا ؛ اُتار چڑھاؤ کی شرح ؛ سلامی ؛ ڈھال ؛ ڈھلاؤ ؛ اُتار چڑھاؤ۔ (طبیعیات) کسی متغیّر مقدار جیسے حرارت یا دباؤ کی مقدار یا سمت میں تبدیلی کی شرح ؛ ایسی صورت میں کوئی انحنا یا شکل جو تبدیلی کے مدارج کو واضح کرے ؛ جُھکاؤ کے باقاعده درجات کا اتار یا چڑھاؤ ؛ چلنے کے لیے موزوں، جیسے بعض جانوروں کے پنجے ، پیر یا تلوے ۔

gradin, gradine, n. گریڈائن ؛ سیڑھیوں یا نشستوں کی قطار در قطار کا ایک سلسله ۔ (کلیسیات) پتھّر کی شیلف جو قربان گاه کے پیچھے اُوپر کی طرف دیوار میں پیوست ہوتی ہے ۔

gradual, a. بتدریج ؛ تدریجاً ؛ تدریجی ؛ درجه بدرجه ؛ آہسته آہسته ؛ قدرے قدرے ؛ بتدریج سلامی جیسے ڈھلان ۔ (اسم) (کلیسیات) وه بول جو گرجے میں عشائے ربانی کے وقت تلاوت انجیل کے دوران گائے جاتے ہیں ؛ ایسی کتاب جس میں یه الفاظ اور ان کی موسیقی درج ہوتی ہے ۔

gradually, adv. رفته رفته؛ آہسته آہسته؛ بتدریج ؛ تدریجاً۔

gradualness, n. تدریج۔

gradualism, n. تدریجیت ؛ اصول تدریجی ترقّی ؛ تہلیلیت۔

graduate, v.t. سند دینا ؛ ڈگری دینا ؛ کسی یونیورسٹی ، کالج یااسکول میں کسی تعلیمی کورس کے اختتام پر سند یا ڈپلومه عطا کرنا ؛ درجوں میں تقسیم کرنا یا درجوں کے نشان لگانا ، جیسے تھرمامیٹر کے پیمانے پر؛ درجه وار کرنا۔ (فعل لازم) تعلیمی کورس مکمّل کرنے پر سند یا ڈپلوما ملنا؛ بتدریج تبدیل ہونا۔ (صفت) بیچلر ڈگری کے بعد کی تعلیم سے متعلّق یا ایسی تعلیم کے بارے میں (جیسے : a graduate school) ۔ (اسم) وه شخص جس نے ایسا تعلیمی کورس مکمّل کر کے تعلیمی سند یا ڈپلومه حاصل کیا ہو؛ سند یافته ؛ فاضل ؛ ناپنے کے لیے درجه دار برتن ، مثلاً درجه دار استوانه ؛ دوا پیما ۔

graduated, a. درجه بند ؛ درجه دار؛ مدارج؛ درجاتی ۔

graduator, n. سند لینے والا؛ درجه بندی کرنے والا؛ درجه بند ۔

graduation, n. گریجوایٹ ہونے کی کیفیت ؛ گریجوایٹ ہونے کا عمل ؛ کالج یااسکول میں سند عطا کرنے کی تقریب؛ کسی آلے یا برتن پر نشان یا نشانات جو درجے یا مقدار کو ظاہر کریں؛ یه نشانات مجموعی طور پر؛درجه داری ۔

gradus, n. لاطینی یا یونانی شاعری کا مددگار لُغت؛ قاموسِ عروض؛ تدریجی مشکل کی غنائی مشقیں۔

graffito, n. (آثاریات) دیوار یا کسی سطح پر کنده قدیمی کتبے یا تحریریں۔(جمع ، لیکن ترکیب میں واحد یا جمع) دیواروں یافرشوں پر بے ڈھنگے نقوش یا خطوط وغیره ۔

graft, n. (گُلبانی) پیوند ؛ کونپل یا پودے کا کوئی اور ایسا حصّه جو کسی دُوسرے پودے میں شگاف یا جھری میں داخل کر کے دونوں کے ملاپ سے پھلے اور بڑھے ؛ قلم ؛ ایسے عمل سے بڑھا ہُوا پودا یا درخت ؛ وه مقام جہاں پیوند لگایا جائے ؛ وه نسیج جو ایک جگه سے کاٹ کر دوسری جگه لگا دی جائے ۔ (فعل متعدی) پیوند کاری کرنا ؛ قلم ، پھل یا پودے کی پیوند کاری کرنا؛ جراحی عمل کے ذریعے پیوند کاری کرنا ۔ (مجازاً) وابسته کرنا یا ملانا (جیسے : to graft middle-class values on to the lower class) ۔ (فعل لازم) پیوند لگ جانا یا پیوند کا لگا دینا؛ پیوندی ہو جانا ۔

graft, n. رشوت؛ مفاد جو بد دیانتی ، ناجائز ذرائع یا غیر قانونی طریقوں سے حاصل کیا جائے ، خصوصاً ایسا جو اپنے عہدے یا سیاسی رُسوخ کے ناجائز استعمال سے حاصل ہو ۔ (فعل لازم) سیاست وغیره سے ناجائز فائده اُٹھانا۔(فعل متعدی) ناجائز فائده حاصل کرنا ؛ رشوت لینا۔

grafter, n. راشی ؛ ناجائز فائده اُٹھانے والا۔

graftage, n. (گُلبانی) پیوند کاری؛ پیوندکاری کا فن اور عمل۔

graham flour, n. گندم کا بے چھنا آٹا ؛ اصل گندم کا آٹا ، جس میں میده اوربُھوسی وغیره شامل ہو۔

Grail, n. گریل ؛ جامِ مسیح ؛ وه بول جو عشائے ربّانی کے وقت

تلاوت انجیل کے دوران گائے جاتے ہیں ؛ جامِ مقدّس جو مسیح نے عشائے آخری میں استعمال کیا ۔

grain, n. بیج ؛ دانہ ؛ ذرّہ ؛ غلّہ ؛ اناج ؛ کسی غذائی پودے کے بیج یا پھل کا ایک دانہ ، خصوصاً اناج کا ؛ ان پودوں کے اکٹھے کیے ہوئے بیج یا پھل جیسے گندم ، رائی، جئی اور اناج وغیرہ ؛ ایسے پودے ؛ کوئی چھوٹا سخت ذرّہ جیسے ریت ، شکر یا نمک کا ؛ کوئی باریک ذرّہ ؛ قلیل مقدار (جیسے : not a grain of sense) ؛ امریکی اور برطانوی نظامِ اوزان میں سب سے چھوٹی اکائی ؛ لکڑی ، چمڑے یا پتھر میں ریشوں یا ذرّوں کی ساخت ؛ ریشوں یا ذرّوں کی ساخت سے پیدا ہونے والی بناوٹ ؛ چمڑے کی وہ طرف جس سے بال علیحدہ کیے جا چکے ہوں ؛ کسی کا قدرتی رُجحان ؛ طبیعت ؛ میلان ؛ فطرت ؛ سرشت ۔

grainless, a. بے بیج ؛ بے دانہ ؛ جس میں دانے نہ ہوں ؛ صاف ؛ سادہ ۔

grain, v.t. دانہ دار بنانا ؛ دانہ دار سطح بنانا؛ کھال کو بالوں سے صاف کرنا ؛ چمڑے پر سے دندانے دُور کرنا ؛ لکڑی یا سنگِ مرمر کی اندرونی دھاریوں کے سے نقوش بنانا ۔ (فعل لازم) دانے بنانا یا دانہ دار شکل اختیار کرنا جیسے قلمانے کے ذریعے ۔

grainer, n. دانہ دار بنانے والا ۔

grain alcohol, n. غلّہ شراب ؛ غلّے سے تیّار کردہ ایتھائل الکوحل ۔

grain field, n. غلّہ کھیت ؛ غلّہ اگانے کے کھیت ۔

grain rust, n. کنگی ؛ پُھوئی ؛ ایسی پھپُھوندی جو گندُم اور دُوسری اجناس کے پودوں کی بالیوں/تنوں پر حملہ کرتی ہے ۔

grains, n., ماہی برچھی ؛ مچھلی شکار کرنے کا چار یا زیادہ شاخوں والا برچھا ۔

grain sorghum, n. چری ؛ چارا ؛ سورغم ؛ جوار ؛ ایسی کوئی فصل جو چارے یا غلّے کے لیے اُگائی جائے ۔

grainy, a. دانہ دار یا دانہ نما ؛ دانوں سے پُر ؛ لکڑی کے ریشوں یا رگوں کے مشابہ ۔

graininess, n. دانہ داری ؛ دھاری داری ۔

grallatorial, a. پانی میں چلنے والے پرندوں ، لم ڈھینگ ، بگلا وغیرہ سے متعلّق جن کی لمبی لمبی ٹانگیں ہوتی ہیں ۔

gram, چنا ؛ نخود ؛ گھوڑے کا دانہ ؛ شرق الہند میں انسان اور حیوان کی غذا کے طور پر استعمال ہوتا ہے ؛ دیگر مختلف پودوں میں سے کوئی ایک ؛ سبز چنا ؛ پھلی جو پاک و ہند میں خُوردنی فصل کے طور پر بوئی جاتی ہے ۔

gram, gramme, n. گرام (وزن) ۔

grama, n. گندم گیاہ ؛ گراما ، ایک قسم کا چارہ جو امریکا کے مغربی اور جنوب مغربی حصّوں میں کاشت کیا جاتا ہے ۔

gramary, gramarye, n. سِرّی عُلوم ؛ سحر ؛ جادُوگری ۔

gram atom, n. (کیمیا) گرام جوہر ؛ گرام ایٹم ؛ کسی عنصر کی وہ مقدار جس کا گراموں میں وزن اسی عنصر کے ایٹمی وزن کے برابر ہو ۔

gramercy, interj. (قدیم) بہت شُکریہ ؛ حیرت یا اچانک احساسات کا کلمۂ اظہار ۔

gramicidin, n. (عِلمِ ادویہ) جرثومہ مار ؛ جرثومہ کُش ؛ ایک طاقت ور جرثومہ کُش ۔

gramineous, a. گیاہی ؛ گھاس دار ؛ گھاس کا ؛ پُرگیاہ ؛ گھاس جیسا ؛ گھاس یا گیاہی خاندان سے متعلق ۔

graminivorous, a. دانہ یا گیاہ خور ؛ گھاس یا ایسی ہی کوئی چیز چرنے والا ؛ ایسے جبڑوں اور دانتوں سے متعلّق جو گھاس چرنے کے لیے موزوں ہوں جیسے چبانے والے جانوروں کے ۔

grammar, n. قواعد ؛ گرامر ؛ کسی زُبان کے استعمال کا علم یا مطالعہ ؛ قواعدِ زبان و الفاظ ؛ صرف و نحو ؛ صرف و نحو کی کتاب القواعد ، رسالۂ قواعد ؛ تقریر یا تحریر کے مسلّمہ اصُول صرف و نحو کے مطابق (جیسے : That sentence is bad grammar) ؛ قواعد وصرف کا صحیح استعمال اجتماعی طور پر (a language having little grammar) ؛ کسی زبان کے محاورات ؛ کسی سائنس ، آرٹ یا مضمون کی مبادیات (جیسے : the grammar of painting) ؛ وہ کتاب جس میں ایسی مبادیات پیش کی گئی ہوں (جیسے : a grammar of ornament) ۔

grammarian, n. گرامر دان ؛ ماہرِ گرامر ؛ ماہرِ صرف و نحو ۔

grammar school, n. گرامر اسکول ؛ ابتدائی مدرسہ ؛ ابتدائی اور ثانوی کے درمیان کا درجہ وار وسطانی مدرسہ ۔ (برطانوی) ایسا ثانوی مدرسہ جس کا نصاب عموماً امریکی ہائی اسکول کے مطابق ہوتا ہے ؛ پہلے یہ لاطینی کی تعلیم دینے کے اسکول کے لیے مستعمل تھا ۔

grammatical, a. قواعدی ؛ صرفی نحوی ؛ قواعدِ زبان یا صرف و نحو کے بارے میں یا اس سے متعلق (جیسے : a grammatical error) ؛ صرف و نحو کے قواعد کے مطابق (جیسے : the sentence is not grammatical) ۔

grammatically, a. از رُوئے قواعدِ زبان ؛ از رُوئے صرف و نحو ۔

grammaticalness, n. قواعدِ زبان ؛ گرامر ۔

grammaticality, n. قواعدیت ؛ صرف و نحویت ۔

grammatical meaning, n. گرامری معنی ؛ قواعدی معنی ؛ لُغوی معنی سے ہٹ کر صرف و نحو کے مطابق ۔

gram molecule, gram molecular weight, n. (کیمیا) گرام سالمہ ؛ سالماتی وزن (گرام) ؛ کسی شے کی وُہ مقدار جس کا گراموں میں وزن اس شے کے سالمی وزن کے برابر ہو ۔

gram-molecular, a. گرام سالمی ۔

gram-molar, a. گرام سلم ۔

Gram-negative, a. (جرثومیات) گرام منفی ؛ بنفشی رنگ کو قبول نہ کرنے کی صلاحیت کا مظہر (جرثومہ) جو گرامی طریقے میں زمرہ بندی کے لیئے استعمال کیا جاتا ہے ۔

gramophone, n. (برطانوی) گراموفون ؛ فونوگراف ۔

Gram-positive, a. (جرثومیات) گرام مثبت ؛ بنفشی رنگ کو قبول کرنے کی صلاحیت کا مظہر (جرثومہ) ، جو گرامی طریقے میں زمرہ بندی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

grampus, n. گاؤ ماہی ؛ ایک بڑا سمندری میمل جانور جو ڈولفن کے خاندان سے ہے ؛ متعلقہ سمندری میمل جانوروں میں سے کوئی ایک جیسے قاتل وھیل ۔

Gram's method, n. (جرثومیات) گرامی طریقہ ؛ ایسا طریقہ جس میں کسی جرثومے کو بنفشی رنگ دے کر ، اس رنگ کو برقرار رکھنے یا

نہ رکھنے کی صلاحیت کے مطابق ، اس جرثومے کی زمرہ بندی کی جاتی ہے۔

gram-variable, a. گرامی متغیرہ ؛ گرامی طریقے سے رنگ کو برقرار رکھنے کی غیر مسلسل یا تبد ل پذیر صلاحیت کا حامل۔

granary, n. اناج کوٹھی ؛ کھتی ؛ کھتا ؛ انبار خانہ ؛ اناج کا گودام ؛ غلّہ خیز خطّہ ؛ بکھاری ؛ اناج گھر ؛ بھڑولا۔

grand, a. وُسعت یا حجم میں پھیلا ہُوا ؛ عظیم ؛ اہم ؛ عالیشان ؛ اعظم ؛ باعظمت ؛ قابل احترام ؛ مہتم بالشان (جیسے : a grand Juror) ؛ متکبّر ؛ نمایشی ؛ نفیس ؛ خُوبصورت ؛ اعلیٰ ؛ صدر ؛ عالی حوصلہ ؛ عالی ظرف ۔ (اسم ، عوامی) ایک ہزار ڈالر کا نوٹ۔

grandly, adv. شان و شوکت سے ؛ عظمت سے۔

grandness, n. شان ؛ عظمت ؛ دبدبہ۔

grandaunt, n. دادی چچی ؛ دادی خالہ ؛ دادی پُھوپھی ؛ دادی ممانی۔

grandbaby, n. پوتی ؛ پوتا ؛ نواسی ؛ نواسا۔

grandchild, n. پوتا ؛ پوتی ؛ نواسا ؛ نواسی ؛ بیٹے یا بیٹی کی اولاد۔

granddaughter, n. پوتی ؛ نواسی ؛ بیٹے یا بیٹی کی لڑکی۔

grand duchess, n. گرانڈ ڈیوک کی بیوی یا بیوہ ؛ ایسی عورت جو اپنے استحقاق کی بنا پر کسی ریاست کی حکمران ہو ؛ زار رُوس کی بیٹی یا پوتی۔

grand duchy, n. گرینڈ ڈچی ؛ گرینڈ ڈیوک یا گرینڈ ڈچز کے زیر اقتدار علاقہ۔

grand duke, n. بعض یورپی ریاستوں کے حکمرانوں کا خطاب ؛ زار رُوس کا بیٹا یا پوتا۔

grandee, n. ہسپانوی یا پُرتگالی منصب دار ؛ امیر کبیر ؛ بڑا آدمی ؛ بلند مرتبہ آدمی۔

grandeur, n. جاہ و جلال ؛ اقتدار ؛ رُتبۂ عالی ؛ منصبِ بلند ؛ عالی ظرفی ؛ عالی حوصلگی ؛ عظمت نفس ؛ شان و شوکت ؛ رُعب و جلال ؛ دبدبہ ؛ آن بان ؛ وقار ؛ تمکین۔

grandfather, n. دادا ؛ نانا ؛ جد۔

grandfather clause, n. (امریکی تاریخ) گرینڈ فادر کلاز ؛ ایک آئینی شق جس کے ذریعے بعض جنوبی ریاستوں میں ۱۸۶۷ء سے پہلے کے ووٹ دہندگان یا ان کے ورثا کے سوا دیگر نیگرو باشندوں کو حقِ رائے دہی سے محروم کر دیا گیا تھا اور نئے ووٹروں کے لیے اعلیٰ تعلیم اور جائیداد کی شرائط عائد کی گئی تھیں ، یہ شق ۱۹۱۵ء میں غیر آئینی قرار دی گئی۔

grandfather's clock, grandfather clock, n. گھڑیال ؛ ایک پنڈولم والا کلاک جو ایک اونچے کیس میں بند فرش پر ٹکا رہتا ہے۔

grandiloquence, n. پر شکوہ خطاب ؛ تحریر و تقریر کا شکوہ ؛ شان و شوکت والا طرز بیان ؛ طمطراق ؛ پُرشکوہ الفاظ۔

grandiloquent, a. پُرشکوہ ؛ جس کی تحریر و تقریر میں شان و شوکت پائی جائے ؛ شکوہ پسند۔

grandiose, a. ذاتی تمکین کے باعث پُر شوکت ؛ پُرشکوہ ؛ دھوم دھام کا ؛ طمطراق والا ؛ بیجا عبارت آرائی سے متعلق۔

grandiosely, adv. دُھوم دھام سے ؛ طمطراق سے۔

grandoseness, n. دُھوم دھام ؛ طمطراق۔

grandiosity, n. ٹھاٹھ باٹ ؛ شان و شوکت۔

grandioso, a., adv. (موسیقی) عمدہ اور پُرشوکت۔

grand jury, n. جیوریٔ کبیر ؛ خصوصی تشکیل دی گئی جیوری جو ۱۲ تا ۲۳ افراد پر مشتمل ہوتی ہے اور جس کی ذمّہ داری ملزمان کے خلاف الزامات کی سماعت کرنے ، استغاثہ کی شہادت کا جائزہ لینے اور اگر ثبوت مل جائے تو سزا کا اعلان کرنے سے متعلق ہوتی ہے۔

grand larceny, n. (قانون) کبیر سرقہ ؛ بڑی چوری ؛ گرینڈ لارسنی ؛ ایک مخصوص قیمت سے زیادہ مالیت کی اشیا کی چوری۔

grand mal, n. (امراضیات) صرع کبیر ؛ شدید صرع یا مِرگی جس میں شدید کپکپی ، لرزہ اور بے ہوشی طاری ہوتی ہے۔

grandmother, n. دادی یا نانی۔

grandnephew, n. بھائی یا بہن کا پوتا یا نواسا۔

grandniece, n. بھائی یا بہن کی پوتی یا نواسی۔

grand opera, n. گرینڈ اوپیرا ؛ پلاٹ اور کردار نگاری میں سنجیدہ ڈرامے سے مماثل لیکن بلحاظ متن مکمّل طور پر غنائی اوپیرا۔

grandparent, n. جدِ امجد ؛ والدین کے والدین ؛ اجداد میں سے ایک ؛ دادا/دادی ؛ نانا/نانی۔

grand piano, n. کبیر پیانو ؛ گرینڈ پیانو ؛ ایک قسم کا بڑا پیانو جس کے تار اُفقی سمت میں تنے ہوتے ہیں اور جو بربط نُما ہوتا ہے۔

Grand Prix, n. موٹر کار کی دوڑ ؛ گراں پری ؛ کئی کاروں کی بڑی دوڑوں میں سے کوئی ایک جو مختلف ممالک میں منعقد کی جاتی ہے۔

grand slam, n. مکمل فتح ؛ گرینڈ سلام ؛ تاش کے ایک ہاتھ کی ساری سریں جیت لینا ، جیسے برج میں ۔ (بیس بال) ایسی ضرب جس کے نتیجے میں تمام کھلاڑی اپنے اپنے بیس پر پہنچ جائیں۔

grandson, n. بیٹے یا بیٹی کا بیٹا ؛ پوتا ، نواسا۔

grandstand, n. ریس کورس یا اسٹیڈیم میں عموماً زیر چھت ایک کے اوپر دوسری نشستوں کی قطاریں ؛ان نشستوں پر بیٹھے ہوئے تماشائی ۔ (فعل لازم) تماشائیوں کو متاثّر کرنے کے لیے نمایشی انداز میں کھیلنا۔

grand tour, n. عظیم دورہ ؛ کوئی توسیعی دورہ ؛ ماضی میں برطانوی اشراف کے لڑکوں کا یورپ کا تعلیمی دورہ۔

granduncle, n. باپ یا ماں کا چچّا یا ماموں۔

grand vizier, n. وزیراعظم ؛ سابق ترکی سلطنت یا دوسرے مسلم ممالک کا وزیراعظم۔

grange, n. رہایشی مکانات ، اصطبل ، کھتّا اور دیگر عمارات پر مشتمل کوئی فارم ؛ کسی زمیندار یا مذہبی ادارے کی دیہی عمارات جن میں غلّہ ذخیرہ کیا جاتا ہے ۔ (برطانوی) دیہی رہایش گاہ اور منسلکہ فارم کی عمارات خصوصاً رئیس زمینداروں کی ؛ باڑی ۔ (بڑے G کے ساتھ) گرینج ؛ کسانوں کی تنظیم پیٹرنز آف ہسبنڈری کی صدر عمارت ؛ مذکورہ تنظیم۔

granger, n. کسان ۔ (بڑے G سے) گرینج کا رکن۔

grangerism, n. گرینجروں کے قواعد و ضوابط۔

grangerize, v.t. کسی کتاب میں تشریح کے لیے دوسری کتابوں سے

granular, a. دانہ نُما یا دانہ دار ؛ دَانک ؛ گُھنڈی دار۔

granularity, n. دانے کی شکل ؛ دانہ داری۔

granularly, adv. دانہ دارانہ ؛ دانہ داری سے۔

granulate, v.t. دانہ دار کرنا یا چھوٹی چھوٹی ڈھیریاں بنانا؛ دانہ دانہ کرنا ؛ کُھردرا کرنا۔ (فعل لازم) جمع ہونا اور دانے دار ہونا ؛ انگور کا آنا ؛ دانے دار ہونا۔

granulative, a. کُھردرا ؛ دانہ دار۔

granulator, granulater, n. دانہ دار بنانے والا۔

granulation, n. کوٹنے یا دانہ دار بنانے کا عمل ؛ دانہ سازی۔ (امراضیات) انگورِ زخم ؛ ذرّہ باری ؛ تحبّب۔ (فلکیات) تحبیب ؛ وہ کم حیات دھبّے جو سورج کے کُرّہ پر نظر آتے ہیں اور رنگ برنگ روشنیاں پیدا کرتے ہیں۔ (کیمیا) دانـہ سازی ؛ ریزہ سازی۔ (حیاتیات) دانہ داری۔

granulation tissue, n. (طِب) کھرنڈ ؛ انگور ؛ دانہ دار بافت ؛ ایسی بافت جو صحت یابی کے عمل کے دوران میں گوشت کے چھوٹے ذرّوں سے مل کر بنتی ہے اور دانہ دار شکل اختیار کر لیتی ہے۔

granule, n. دانہ ؛ ریزہ ؛ دُنکہ ؛ ذرّہ ؛ حبہ ؛ دانک۔

granulite, n. دانہ دار پتھر ؛ سنگ دانہ دار ؛ ایک مقلّب چٹان جو یکساں دانوں پر مشتمل عموماً فلسپار اور کوارٹز کی بنی ہوئی نمایاں پٹیوں والی ہوتی ہے۔

granulitic, a. سنگِ دانہ دار کا۔

granulocyte, n. ذرّہ خلیہ ؛ خون کا سفید خلیہ جس کا خلیہ مایہ دانہ دار ہوتا ہے۔

granulocytic, a. ذرّہ خلیہ کا۔

granuloma, n. (طِب) اُریکی سلعہ ؛ دانہ دار سلعہ ؛ دانہ دار بافت کی رسولی جو چھوت کے دوران بڑھ جاتی ہے۔

granulomatous, a. اُریکی سلعہ کا۔

granulose, دانہ دار ؛ دانہ بافتہ۔

grape, n. انگور ؛ عنب ؛ رز ؛ ایک خُوردنی ، گُودے والا ، صاف جلد کا بیر نُما پھل جو بیلوں میں گُچھوں کی صورت لگتا ہے اور جس سے شراب بنائی جاتی ہے ؛ کوئی بیل جس میں یہ پھل لگتا ہو ؛ گہرا عُنابی رنگ ؛ انگوری چھرّا ۔

grapey, grapy, a. انگوری ؛ متعلّق بہ انگور ؛ انگُور دار ؛ انگور کا سا مزہ رکھنے والا۔

grape fruit, n. چکوترہ ؛ گرے پھل ؛ خوردنی ، بڑا ، گول اور زرد رنگ کا پھل جس میں تیزابی مہک ہوتی ہے ؛ چکوترے کا درخت۔

grape hyacinth, n. عنبی سُنبُل ؛ ایک پُھول دار پودے کی قسم جس کے نیلے پُھول چھوٹے انگوروں کی مانند ہوتے ہیں۔

grapeshot, n. (قدیم) چھوٹے ڈھلواں لوہے کے گولوں کا گُچّھا جو توپ کے گولے کے طور پر استعمال ہوتا تھا ؛ انگوری چھرّا۔

grape sugar, n. انگوری شکر ؛ ڈیکسٹروز۔

grapevine, n. انگوری بیل ؛ وہ بیل جس پر انگور لگتے ہیں ؛ کوئی غیر مصدقّہ اور بے بُنیاد خبر ؛ افواہ ؛ لوگوں کے مابین اطلاع پہنچانے کا غیر رسمی طریقہ۔

graph, n. گراف ؛ ترسیم ؛ کئی نقطوں ، خُطُوط یا پٹیّوں کے ذریعے کم از کم دو اشیا کے مابین نسبت یا تعلق کا شکل کے ذریعے کاٹی گئی عبارت یا تصویریں وغیرہ چپکانا ؛ کتاب میں سے تصویریں وغیرہ کاٹ کر بے کار کر دینا۔

granite, n. گرینائٹ ؛ سنگِ حیوانی ؛ سنگ خارا ؛ سنگ صوان ؛ سنگ سماق ؛ ایک آتشی چٹان کا پتھر جو عموماً کوارٹز ، فلسپار اور ابرق کے دانوں یا قلموں پر بغیر کسی ترتیب کے مشتمل ہوتا ہے اور زمین کے قشر میں بکثرت پایا جاتا ہے ؛ کوئی شے جو اپنی پائیداری اور مضبوطی کی بنا پر معروف ہو۔

granitic, a. گرینائٹ کا ؛ سنگ خارا کا۔

granite paper, n. گرینائٹ کاغذ ؛ مختلف رنگوں کا گرینائٹ نما ریشہ دار کاغذ۔

graniteware, n. تام چینی کے برتن ؛ گرینائٹی خصوصیات کے حامل ظروف۔

granitoid, a. سنگ خارا نما ؛ گرینائٹ جیسا۔

granivorous, a. دانہ یا غلّہ خور۔

granny, grannie, n. (بول چال) دادی ؛ نانی ؛ کوئی بوڑھی عورت۔ (جنوبی امریکا) نرس یا دائی۔ (بول چال) کسی بوڑھی عورت کی طرح بڑبڑاہٹ اور گھبراہٹ کا اظہار کرنے والا۔

granny knot, n. گرہِ عجوزی ؛ ایک قسم کی دُہری گرہ جو غلط لگائی گئی ہو اور پھسل کر آسانی سے جام ہو جائے۔

granola, n. گرانولا ؛ مختلف چیزوں کے آمیزے پر مشتمل ہلکا ناشتہ جس میں عموماً جئی میوہ ، گری اور منقّیٰ شامل ہوتے ہیں۔

granolith, n. گرینولتھ ؛ گرینائٹ کی بجری جسے سیمنٹ میں ملا کر پٹڑی وغیرہ بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے۔

granolithic, a. گرینولیتھ کا ؛ سیمنٹ بجری کا۔

granophyre, n. خارا سماق ؛ گرینوفائر ؛ آتشی چٹانوں کی قسم کا کوئی پتھّر جس کی اساس میں کوارٹز اور فلسپار کے قلم ہوتے ہیں۔

grnophyric, a. خارا سماق کا ؛ گرینو فائر کا۔

grant, v.t. منظور کرنا ؛ دینا یا عطا کرنا (جیسے : to grant permission) ؛ عطیہ دینا ؛ ہبہ کرنا ، جیسے حق کا ، خصوصاً سرکاری طریقے سے ؛ منظور کرنا یا مان لینا جیسے درخواست کا ؛ قبول کرنا یا تسلیم کر لینا جیسے برائے دلیل و استدلال ؛ جائیداد کا تبادلہ یا انتقال اراضی کرنا ، خصوصاً تحریری طور پر۔ (اسم) ہبہ ؛ منظوری ؛ عطیہ ؛ جو شے ہبہ کی گئی ہو بطور رعایت ، حق ، رقم یا اراضی۔ (قانون) جائیداد کا انتقال بذریعہ معاہدہ یا رجسٹری ؛ امریکا کی ریاستوں مائین ، نیوہیمپشائر یا ورمانٹ میں سے کوئی قطعۂ زمین جو پہلے ریاست کی جانب سے کسی شخص یا ادارے کو عطا کیا گیا ہو۔

grantable, a. قابلِ تسلیم ؛ قابلِ منظوری ؛ قابلِ ہبہ۔

granter, grantor, n. ہبہ کرنے والا ؛ منظور کنندہ ؛ انتقال کُنِندہ۔

grantee, n. (قانون) مُوہوب الیہ ؛ عطیہ یاب۔

grant-in-aid, n. امدادی عطیہ ؛ اِمداد (سرکاری) ؛ زرِ امداد ؛ رقمِ اَمداد ؛ مرکزی حکومت کی جانب سے صوبائی حکومت یا مقامی حکومت کو تعمیر یا دوسرے عوامی پروگرام کے لیے دی گئی امداد ؛ ایسی امدادی رقم جو سرکاری یا نجی فنڈ سے کسی ادارے یا شخص کو تحقیق یا دُوسرے تعلیمی منصوبوں کے لیے دی گئی ہو۔

اظہار ؛ خُطوط کا نمونہ جو مختلف نقاط کو باہم مِلاتا ہو ۔ (ریاضی) کوئی خم یا شکل جو مساوات یا تفاعُل ظاہر کرے ۔ (فعل متعدی) (ریاضی) کسی مساوات یا تفاعل کو ظاہر کرنے کے لیے کوئی شکل بنانا جیسے منحنی ؛ ترسیم بنانا ؛ گراف بنانا ۔

graph, n. کسی حرف کی ترسیمی شکل ؛ کسی آواز یا خیال کی علامت ۔

grapheme, n. ترسیمہ ؛ حرف ؛ حُروفِ تہجّی کی سب سے چھوٹی تحریری اکائی ؛ تحریری اکائیوں یا حروف کا مجموعہ جو ایک صوتیہ کی صورت میں ظاہر ہوں ، جیسے top میں t یا hitting میں tt اور packed میں ed ۔

graphic, a ترسیمی ؛ صحت اور وضاحت کے ساتھ بیان کردہ ؛ زندگی کی مانند ؛ واضح طور پر پیش کردہ ؛ اشکال ، گراف یا ریاضی کے منحنی کے استعمال سے متعلّق ؛ تحریر کے بارے میں یا اس سے متعلق (جیسے : graphic symbols) ؛ تحریری یا طباعتی شکل میں ؛ منقش یا تحریر کردہ ۔ (ارضیات) آرتسامی ؛ نگارشی ؛ کسی چٹان کی بیرونی ساخت سے متعلق جو بظاہر بعض عناصر کی قلم سازی کے باعث تحریری علامتوں کی شکل کا لگے ۔ (ریاضی) اشکال پر راست پیمایش کے ذریعے مسئلوں کے حل سے متعلق (بجائے عام تحسیب کے) ؛ فنونِ ترسیمی کا یا ان سے متعلّق ۔

graphically, graphicly, adv. ترسیمی طور پر ؛ شرح و بسط سے ؛ وضاحت سے ؛ ہو بہو ؛ تحریر کے ذریعے ؛ اشکال کے ذریعے ۔

graphicness, n. ترسیمیت ۔

graphic, n. ترسیمی فن کی تصویری تخلیق ؛ کوئی چارٹ ، شکل یا نقشہ جو لیکچر اور وضاحت کے لیے استعمال کیا جائے ؛ غیر ابجدی یا عددی بصری مُظاہرہ جو کمپیوٹر کے ذریعے کیا جاتا ہے ۔

graphic arts, n., ترسیمی فنُون ؛ بصری فنُون جن میں پیش کش ، طباعت، تزئین یا تحریر مستوی سطحوں پر کی جاتی ہو جیسا کہ مصوّری یا ڈرائینگ میں ؛ اصل نمونوں کی نقل سے متعلّق فنون کی دو ابعادی تیّاری جیسے کَندہ کاری ، لیتھو گرافی یا کیمیائی کندہ کاری ۔

graphics, n., ترسیمیات ؛ علمِ ترسیم ؛ فنِّ ترسیم ؛ عِلمِ نقش کَشی ؛ فنِّ ڈرائینگ ؛ ڈرائینگ کا علِم یا فَن جو ریاضی یا انجینیری میں استعمال ہوتا ہو ؛ اشکال کے ذریعے حساب لگانے کا علِم ۔

graphite, n. سُرمان ؛ پنسل کا سُرمہ ؛ گرافیت ؛ گریفائٹ ؛ کاربن کی نرم قسم جو سُرمئی رنگ کی اور دھاتی چمک والی ہوتی ہے اور پنسل کے سُرمے ، کٹھالیوں اور چکناہٹ کے طور پر استعمال ہوتی ہے ۔

graphitic, a. گریفائٹی ؛ پینسل کے سرمے کا ۔

graphitize, v.t. سرمے میں بدلنا ؛ گریفائٹ میں تبدیل کرنا ، جیسے فولاد میں موجود کاربن کے حصّے کو ؛ گریفائٹ سے ڈھانکنا ، جیسے کسی چیز کی سطح کو ۔

graphitization, n. سُرمہ سازی ؛ گریفائٹ بنانے کا عمل ۔

graphology, n. علِمِ نگارشات ؛ تحریر شناسی ؛ تحریریات ؛ قیافہ بخط ؛ تحریر شناسی ؛ ارتسامیات ؛ تحریر کا مُطالعہ خصوصاً لکھنے والے کے کردار کے تجزیہ کے لیے ؛ فراست التحریر ؛ نظامِ ترسیم ؛ خط دیکھ کر سیرت پہچاننے کا عِلم ۔

graphologist, n. تحریر شناس ؛ ماہر تحریریات ۔

graphophone, n. ترسیم صوت ؛ گرافو فون ۔ (تجارتی نشان) (بعض اوقات بڑے G سے) فونوگراف مشین کی ایک قسم ؛ صوتی ترسیم رکھنے اور آواز پیدا کرنے والا ایک ابتدائی قسم کا باجا جس میں لاکھ سے بنے ہوئے توے کی مانند ریکارڈ استعمال ہوتے ہیں ؛ گراموفون ۔

graph paper, n. گراف پیپر ؛ ترسیمی کاغذ ؛ ایک قسم کا کاغذ جس پر عموماً عمودی اور اُفقی لکیریں ہوتی ہیں جس سے چھوٹے چھوٹے مربعے بن جاتے ہیں ، ان خانوں میں گراف اور منحنی بنائے جاتے ہیں ؛ قرطاسِ ترسیم ۔

grapnel, grapeline, graplin, n. قلاب ؛ پکڑنی ؛ چھوٹا لنگر ؛ ایک آلہ جس کے کئی ہُک ہوتے ہیں اور جو اشیا کو پکڑنے میں مدد دیتا ہے ؛ ایک چھوٹا لنگر جس کے چار پانچ کڑے یا پنجے ہوتے ہیں اور کشتیوں یا چھوٹے بحری جہازوں کو ٹھہرانے کے کام آتا ہے ۔

grappa, n. گریپا ؛ ایک قسم کی اطالوی برانڈی جو انگوری عَرق کی تلچھٹ سے بنائی جاتی ہے ۔

grapple, n. قلاب ؛ زنبور ؛ گرفت ؛ پکڑ ؛ آنکڑا ؛ کانٹا ؛ ایک قسم کا آنکڑا جس کے ذریعے ایک جہاز کو دوسرے جہاز کے ساتھ باندھ دیا جاتا ہے ؛ پکڑنے کا عمل ؛ گُتھم گُتھا جیسے کُشتی میں ؛ دست بدست لڑائی ۔ (فعل متعدی) پکڑنا ؛ جکڑنا ؛ آنکڑے کے ساتھ باندھنا ؛ پھنسانا ؛ اُلجھانا ؛ گُتھم گُتھا ہونا ؛ گُتھ جانا ؛ دست بدست لڑنا ۔ (فعل لازم) آنکڑے کا استعمال ہونا ؛ کسی شے کی مضبوطی سے پکڑ ہونا ؛ مقابل کا یا باہم ایک دوسرے کا مضبوطی سے پکڑے جانا جیسے کُشتی میں ؛ قابو میں لانے کی کوشش ہونا ، پورا کرنے یا حل کرنے کی کوشش ہونا (عموماً with کے ساتھ) ۔ (مجازاً) (جیسے : to grapple whith a difficult assignment) ۔

grappler, n. آنکڑے کے ساتھ پکڑنے والا ؛ مضبوطی سے پکڑنے والا ؛ قلاب کو استعمال کرنے والا ۔

grappling, n. قلاب ؛ پکڑ ؛ آنکڑا ؛ وہ شے جس سے کسی چیز ، خصوصاً جہاز کو گرفت میں لیا جائے یا ٹھہرایا جائے ۔

grappling iron, grappling hook, n. دیکھئے : grapnel ۔

grasp, v.t. پکڑنا جیسے انگلیوں کے ساتھ ؛ جھپٹا مارنا ؛ چنگل مارنا ؛ کسی چیز پر حریصوں کی طرح گرنا ؛ سمجھنا ۔ (فعل لازم) مضبوط پکڑنا ؛ گرفت میں لانا ؛ قابو میں لے آنا ۔ (اسم) قابُو ؛ قبضہ ؛ ہاتھ یا بازوؤں کی گرفت ؛ معانقہ ؛ پکڑ یا قابُو کرنے کی طاقت ؛ مہم ؛ ادراک ؛ عبور ؛ وُسعتِ نظر ؛ قبضہ یا غلبہ (جیسے : to wrest power from the grasp of a usurper) ؛ سمجھنے کی طاقت یا استعداد (جیسے : a subject beyond ones grasp) ؛ وسیع اور مکمّل ادراک ۔

graspable, a. قابلِ گرفت ؛ قابلِ فہم ۔

grasper, n. گرفت کرنے والا ؛ وسیع النظر ؛ فہیم ۔

grasping, a. لوبھی ؛ طامع ؛ لالچی ؛ حریص ؛ آزمند ؛ حرصی (جیسے : He is a grasping individual) ۔

graspingly, adv. حریصانہ ؛ لالچ سے ۔

graspingness, n. حرص ؛ طمع ؛ لالچ ؛ مضبوط پکڑ ؛ سخت گرفت ۔

grass, n. گھاس ؛ گیاہ ؛ کاہ ؛ ایسی بوٹیاں جنھیں چرنے والے جانور چرتے ہیں ؛ چری ؛ جڑواں تنوں ، نکیلے پتّوں اور خار

دار پھولوں والا کوئی پودا ؛ چراگاہ (جیسے : Half of the pasture is grass)؛ گھاس کا تختہ ؛ لان ؛ سبزہ زار ؛ ریڈار کے سکرین پر عمودی خطوط جو گھاس کے مشابہ ہوتے ہیں ۔ (عوامی) حشیش ۔ (فعل متعدی) اُگتی گھاس پر چرانا؛ گھاس لگانا ؛ دُوب لگانا ؛ گھاس اُگانا ؛ رنگ اڑانے کے لیے گھاس پر پھیلا کر دُوب دینا ۔ (فعل لازم) گھاس اُگانا ؛ گھاس سے ڈھک جانا ؛ اُگتی گھاس پر چرنا ؛ چرنا ۔

grassy, a. پُر گیاہ ؛ گیاہی ؛ گھاس دار ۔

grass cloth, n. گھاس چٹائی ؛ گھاس کے پتّوں یا دیگر مضبوط ریشوں سے بنی ہوئی چٹائی ۔

grass green, n. گیاہی رنگ ؛ گھاس کا زردی مائل سبز رنگ ۔

grasshopper, n. ٹڈّا ؛ ملخ ؛ پھننگا ؛ گھاس پر پلنے والا ، اُچھلنے والا ٹڈّا ۔ (بول چال) ایک قسم کا ہلکا ہوائی جہاز ۔

grassland, n. چراہ گاہ ؛ گیاہ زار ؛ مرغزار ؛ سبزہ زار ؛ ایسا قطعۂ زمین جو گھاس اُگانے کے لیے مختص ہو ۔

grass roots, grass-roots, n. اصل جڑ ؛ اصل بُنیاد ؛ جڑ بُنیاد ؛ امریکا کا خطّہ جس میں چھوٹے قصبے اور دیہی علاقے ہوں ؛ امریکی آبادی کا قیاسی طبقہ جو بڑے شہروں کے باہر رہایش پذیر ہے اور مضبوط ترین اور قابل تعریف قومی کردار کی خصوصیات کا حامل سمجھا جاتا ہے ۔

grass-roots, a. بُنیاد سے متعلّق ۔

grass tree, n. گیاہ شجر ؛ ایک قسم کا آسٹریلوی درخت جس کا مضبوط سخت لکڑی کا تنا ، پتّے گُچھوں کی شکل میں لمبے گھاس کی طرح اور پُھول گھنے ہوتے ہیں ۔

grass widow, n. گراس وِڈو ؛ ایسی عورت جو اپنے شوہر سے علیحدہ رہتی ہو خواہ طلاق کے باعث یا کسی اور وجہ سے ؛ ایسی عورت جس کا شوہر باہر گیا ہوا ہو ۔

grasswidower, n. ایسا شخص جو اپنی بیوی سے علیحدگی اختیار کر چکا ہو ۔

grate, n. جالی ؛ جنگلا ؛ متوازی یا آڑی ترچھی باہم کاٹتی ہوئی سلاخوں کا بنا ہُوا چوکھٹا جوحدبندی ، حفاظت یا پردے کے طور پر استعمال ہو ؛ آتشدان؛ بھٹّی ؛ سلاخدار چوکھٹا جو آتش دان میں لگا ہوتا ہے ؛ چولہا ۔ (کان کنی) کچدھات کو چھاننے کی جالی ؛ چھاننا ۔ (فعل متعدی) جنگلا لگانا ۔

grate, v.t. کُھردری سطح پر رگڑ کر ریزہ ریزہ کرنا ؛ کدوکش کرنا ؛ گِھس کر چھیلنا ؛ پیسنا ، جیسے دانتوں کا ؛ رگڑنا ؛ گھسنا ؛ ناگوار آواز کے ساتھ رگڑنا یا کُھرچنا ؛ ناگوار خاطر ہونا ؛ گراں گزرنا ۔ (فعل لازم) شور کے ساتھ رگڑا یا کُھرچا جانا ؛ سمع خراشی کرنا ؛ کرخت ہونا ؛ چرچڑانا (جیسے : The sounds of squeaking chalk grate on my nerves) ۔

grater, n. کدو کَش ۔

grateful, a. ممنون ؛ شُکر گزار (مہربانی کرنے یا مفاد پہنچانے کے لیے) ؛ احسان مند (جیسے : as a grateful glance) ؛ شاکر ؛ قابلِ قبول ؛ خوش گوار ؛ پسندیدہ (جیسے : grateful news) ؛ تسکین دِہ ؛ راحت بخش ۔

gratefulness, n. شکر ؛ احسان مندی ؛ شُکر گزاری وغیرہ ۔

graticule, n. چوخانہ ؛ مُربع خانوں میں منقسم ڈیزائن یا پلان تا کہ نقل کرنے میں آسانی ہو جیسے نقشہ کَشی میں ۔ (بصریات) شبکہ ؛ وہ باریک جالی جو دُوربین کے دہانے میں لگائی جاتی ہے ۔

gratification, n. احسان مندی ؛ ممنونیت ؛ تشکر ؛ تسکین ؛ طمانیت ؛ احسان مندی یا خوش کرنے کا کوئی کام ؛ ممنون احسان ہونے کی کیفیت ؛ جس چیز سے خوشی ، مسرت ، اطمینان اور تسکین حاصل ہو ۔

gratify, v.t. اطمینان بخشنا ؛ خُوشی دینا ؛ خواہشوں ، ضرورتوں یا تمناؤں کو پُورا کرنا ؛ کام آنا یا دلجوئی کرنا ؛ تسکین دینا ؛ پُورا کرنا ۔

gratifier, n. خُوشی دینے والا ؛ مسرّت دینے والا ؛ دِلجوئی کرنے والا ؛ خواہش پُوری کرنے والا ۔

gratifying, a. تسلّی دینے کے قابل ؛ تسکین دِہ ؛ مسرّت بخش ۔

gratin, n. گریٹن ؛ دو طرفہ آگ میں پکانے کا ایک طریقہ ۔

grating, diffraction grating, n. تکسیری جالی ؛ متوازی یا آڑھی تِرچھی سلاخوں والی چوبی یا دھاتی جالی یا جنگلہ جو کسی کُھلی جگہ کو بند کرنے ، علیحدہ کرنے یا ڈھانکنے کا کام دے ۔ (طبیعیات) پالش شُدہ دھات کی سطح یا شیشے کی سطح پر قریب قریب کھینچا گیا باریک متوازی خُطوط کا سلسلہ جو روشنی کو تحلیل کر کے طیف پیدا کرے ۔

grating, a. سمع خراش ؛ مکروہ یا کرخت جیسے آواز ؛ ناخوشگوار یا ناپسندیدہ اثر والی ۔

gratingly, adv. ناپسندیدگی سے ۔

gratis, adv. مُفت ؛ بلامعاوضہ ؛ بِلاقیمت ؛ بن داموں ۔ (صفت) بلا قیمت کیا گیا یا دیا گیا ۔

gratitude, n. ممنونیت ؛ تشکُر ؛ سپاس گُزاری ؛ شُکر ؛ شُکریہ ؛ شُکرانہ ؛ موصولہ مہربانی اور عنایت کی پُرجوش دوستانہ شکر گزاری ؛ احسانمندی ؛ مِنّت پذیری ۔

gratuitous, a. بے دام یا بلا معاوضہ دیا گیا ؛ مفت کا ؛ بلا قیمت ؛ بلا استحقاق ؛ بلاجواز (جیسے : a gratuitous assumption)؛ بے دلیل ؛ بے سبب ؛ ناحق کا ؛ خواہ مخواہ ۔

gratuitously, adv. مفت میں ؛ بے استحقاق ؛ ناحق ؛ خواہ مخواہ ۔

gratuitousness, n. بلا قیمت ؛ ناجوازیت؛ عدم استحقاق ۔

gratuitous contract, contract of beneficence, n. (قانون) یکطرفہ معاہدہ ؛ ایسا معاہدہ جس میں صرف ایک ہی فریق کو فائدہ پہنچے اور دُوسرے فریق کی کوئی تلافی نہ ہو ۔

gratuity, n. انعامیہ ؛ گریجویٹی ؛ انعام ؛ بخشیش ؛ زرِّ انعام ؛ وظیفہ ؛ عطیہ ۔ (برطانوی) انعام جو جنگ آزماؤں یا فوجیوں کو ریٹائرمنٹ پر یا سبُکدوش ہونے پر دیا جاتا ہے ۔

graupel, snow pellets, n. (موسمیات) نرم باریک اولے یا بجری اولے ۔

gravamen, n. (قانون) وزنی اِلزام ؛ وہ الزام جو مُلزم کے خلاف سب سے زیادہ وزنی ہو ؛ اصل اِلزام ؛ سب سے بھاری الزام ؛ شکایت ۔

grave, v.t. کھودنا یا کاٹنا ؛ دفن کرنا ؛ سپردِ خاک کرنا ؛ دفنانا ؛ کندہ کرنا ؛ ذہن پر اچھی طرح نقش کرنا ۔

graver, n. کندہ کار ؛ کھودنے والا ؛ کندہ کرنے والا ؛ چھینی جس سے تانبے وغیرہ پر کندہ کرتے ہیں ؛ منبّت کاری کا اوزار ۔

grave, n. قبر ؛ لحد ؛ مَدفن ؛ زمین کی کھدائی جس میں لاش کو دفن کرتے ہیں ؛ مزار ۔

grave, a. اہم ؛ ضروری ؛ وزنی ؛ قابلِ غور ؛ بڑا شدید ؛

grave, a. سخت ؛ بھاری یا سنگین ؛ سنجیدہ یا گمبھیر ؛ بھاری بھر کم ؛ تنقیدی یا دھمکی آمیز ؛ بے رنگ یا اُکتا دینے والا (جیسے رنگ) ۔ (موسیقی) کم امتداد والا ؛ کمتراوج والا ؛ دھیما (سُر) ۔

gravely, adv. اہمیّت سے ؛ سنجیدگی سے ۔

graveness, n. اہمیّت ؛ سنجیدگی ۔

grave, n. شدّ ؛ مدّ ؛ فرانسیسی زبان میں بعض حُروفِ علت پر مخصوص تلفُّظ کی نشاندہی، اعراب، جو ان حُروف کو مخصوص لہجہ دیتے ہیں ؛ بعض زبانوں میں ایسی علامت جو بعض آوازوں پر زور دینے کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔

grave, a., adv. (موسیقی) آہستگی اور سنجیدگی سے ۔

gravel, n. کنکر ؛ بجری ؛ مِلے جُلے چھوٹے پتھّر اور کنکر ؛ بجری اور ریت کا آمیزہ ۔ (امراضیات) ریگ ؛ حصات ؛ پتھری ؛ گُردوں یا مثانے میں چھوٹے کنکر کی موجودگی ؛ پتھّری کی بیماری ؛ سنگِ مثانہ ۔

gravel, a. کرخت،جیسے آواز؛ سمع خراش ۔

gravel, v.t. بجری بچھانا ؛ کنکر بچھانا ؛ کنکر پھیلانا ؛ حیرت میں ڈالنا ۔ (بول چال) برہم کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ چھیڑنا ۔

gravel-blind, a. جس کی نظر بہت ہی کمزور ہو ؛ قریب قریب اندھا ؛ تقریباً کور ؛ چُندھے سے زیادہ اور نپٹ اندھے سے کم اندھا ۔

gravelly, a. کنکریلا ؛ بجریلا ؛ کنکر بجری جیسا ؛ کرخت اور سمع خراش (جیسے : gravelly speech) ۔

graven, a. منقّش ؛ گہرے نقوش کا یا اس سے متعلّق ؛ تراشیدہ یا کندہ (جیسے : a graven image) ۔

gravestone, n. کتبۂ قبر ؛ سنگِ مزار ؛ لوحِ مزار ۔

graveyard, n. قبرستان ؛ گورستان ؛ دفن گاہ جہاں مردے دفنائے جائیں ۔

graveyard shift, n. (عوامی) شبینہ شِفٹ ؛ فیکٹری وغیرہ میں وہ شفٹ جو آدھی رات کو یا اس کے بعد شروع ہو ۔

gravid, a. حاملہ ؛ گابھن ؛ پیٹ سے ؛ گیابھن ۔

gravidity, gravidness, n. حمل ؛گابھ ۔

gravidly, adv. حاملہ کے طور پر ۔

gravimeter, n. ثقل پیما ؛ وہ آلہ جس کے ذریعہ ثقل نوعی کی پیمایش کی جاتی ہے ۔

gravimetric, gravimetrical, a. ثقلی ؛ ثقل پیمائی کا ۔

gravimetrically, adv. ثقل پیمائی سے ۔

gravimetry, n. ثقل پیمائی ؛ وزن یا کثافت کی پیمایش ؛ وزنِ مخصوص کی پیمایش

gravitate, v.i. کششِ زمین سے اثر پذیر ہونا ؛ ثقل کے زیر اثر حرکت میں ہونا ؛ نیچے کی جانب جُھکنا ؛ کھنچنا ۔ (مجازاً) کسی مُؤثّر قوّت کی سمت مائل ہونا ۔ (فعل متعدی) کششِ ثقل کے زیر اثر حرکت کرنا ۔

gavitater, n. کشش کرنے والا ۔

gravitation, n. کشش ؛ تجاذُب ؛ کھنچنے کا عمل ۔ (طبیعیات) تجاذب ؛ وہ قوت جس کے ذریعے مادّہ اشیا ایک دوسرے کو اپنی جانب کھینچتی ہیں ؛ کسی چیز کی طرف میلان یا کشش ۔

gravitational, a. متعلق بہ کششِ ثقل ؛ تجاذبی ۔

gravtationally, adv. کشش ثقل سے ؛ تجاذُب سے ۔

gravitative, a. کشش ثقل کا ؛ تجاذُبی ۔

graviton, n. جاذبون ؛ گریویٹون ؛ میدان جاذبہ کی توانائی کی فرضی اکائی ۔

gravity, n. کشش ثقل ؛ طور طریق ، چال ڈھال یا وضع قطع میں سنجیدگی ؛ بھاری بھر کم پن ؛ متانت ؛ اہمیت ؛ گمبھیر پن (جیسے : the gravity of an offense) ؛ خاموشی ؛ سنجیدہ وضعی ۔ (طبیعیات) وہ قوّت جو اشیا کو کسی شے کے مرکز خصوصاً زمین کے مرکز کی جانب کھینچتی ہے ۔ دیکھیے : centre of gravity , specific gravity ؛ جاذبہ ۔ (صفت) سنجیدگی ، متانت یا بھاری بھر کم پن کے بارے میں یا ان سے متعلق ۔

gravure, photogravure, rotogravure, n. عکس حکاکی ؛ ضیا میکانکی یا کسی دُوسرے عمل کے ذریعہ تیار کردہ پلیٹ سے کُھدے ہوئے نقش کی چھپائی ؛ ایسی پلیٹ سے تیار کردہ پرنٹ ۔

gravy, n. یخنی ؛ شوربہ ؛ آب گوشت ؛ پکاتے وقت گوشت سے نکلنے والا عرق یا روغن ؛ سبزیوں اور گوشت کے ساتھ ملا کر بنایا ہوا کھانے کا شوربہ ۔ (عوامی) آسانی سے یا غیرقانونی طور پر حاصل شُدہ دولت یا فائدہ ۔

gravy boat, n. کشتی ؛ کشتی نُما برتن جس میں آبِ گوشت یا یخنی ڈال کر کھانے کے لیے پیش کی جائے ؛ ڈونگا

gray, grey, a. خاکستری رنگ جو سیاہی مائل سفید ہوتا ہے اور اس کا کوئی مثبت رنگ نہیں ہوتا ؛ بھورا ؛ دھندلا (جیسے : a gray day) ؛ اداس ؛ جو چمکدار نہ ہو (جیسے : a gray existence) ؛ مزاج یا کیفیت میں دھندلا ؛ خاکستری رنگ کے کپڑوں میں ملبوس (جیسے : a gray friar) ؛ سفید بالوں والا ؛ پرانا یا قدیم ؛ کُہن سال ؛ بالغ جیسے تجربہ کار ؛ پختہ مغز ؛ غیر واضح ؛ نامعلوم ۔ (اسم) کوئی رنگ جو سفید و سیاہ کا آمیزہ ہو ؛ بُھورا رنگ ؛ خاکستری رنگ ؛ بھورے رنگ کی کوئی چیز جیسے کپڑا ۔ (فعل متعدی) بُھورا کرنا ؛ خاکستری کرنا ۔ (فعل لازم) بُھورا ہو جانا ؛ خاکستری ہو جانا ۔

grayish, greyish, a. بُھورا سا ؛ خاکستری سا ۔

grayly, greyly, adv. بھورا پن لیے ہوئے ۔

grayness, greyness, n. بھورا پن ؛ دُھندلا پن ۔

graybeard, greybeard, n. بوڑھا آدمی ؛ ضعیف ؛ عُمر رسیدہ پیر ؛ کُہن سال ؛ تجربہ کار ؛ جہاندیدہ ۔

grayfish, greyfish, n. سگ ماہی ۔

grayhound, n. دیکھیے : Greyhound –

graylag, greylag, n. بھوراہنس ؛ خاکي یا بُھورے رنگ کاجنگلی ہنس –

grayling, n. ٹراؤٹ قسم کی دریائی مچھلی جس کے صدری کھپرے لمبے ہوتے ہیں ؛ ایک قسم کی بُھوری یا بادامی رنگ تتلی ۔

gray matter, n. (تشریح الاعضا) مغز ؛ گودا ؛ حرام مغز اور دماغ کی عصبی بافت جو عصبی خلیوں اور عصبی ریشوں سے مل کر بنتی ہے اور خاکستری رنگ کی ہوتی ہے ؛ دماغ کا خاکستری مادّہ ۔ (بول چال) ذہانت ؛ فطانت ۔

Gray Panthers, n. گرے پینتھرز ؛ معمّر شہریوں کی تشدُّد پسند تنظیم جو

امریکا میں معمّر افراد کی قانونی ، معاشی اور سیاسی حالت کو بہتر بنانے کے لیے کوشاں ہے ۔

graywacke, n. سنگِ ریگ ؛ ایک گہرے خاکستری رنگ کا سنگِ ریگ جس میں مختلف معدنیات،مثلاً فلسپار ، کوارٹز وغیرہ کے ذرّے موجود ہوتے ہیں ۔

graze, v.i., v.t. اُگتی ہوئی گھاس پر چرنا/چرانا (مویشیوں کا) ؛ گلّہ بانی کرنا ؛ مویشیوں کو سبزہ زار میں لے جاکر چرانا ۔ (اسم) چرنے کا عمل یا چارا خوراکی ۔

grazer, n. چرنے والا جانور ؛ چرندہ ۔

graze, v.t., v.i. گزرتے ہوئے آہستہ سے چھو جانا یا مَس ہو جانا ؛ چھچھلنا ؛ مس کرنا ؛ خراشیدہ کرنا ؛ رگڑ لگنا ؛ گزرتے ہوئے چھلنا یا خراش کا لگ جانا ؛ چھُوتے ہوئے یوں نکل جانا کہ ہلکی سی خراش آ جائے ۔ (اسم) گزر سے پیدا ہونے والا لمس ؛ رگڑ یا خراش ۔

grazier, n. چرواہا ؛ مویشی فروش ؛ وہ شخص جو بیچنے کے لیے مویشی پالتا ہو ۔

grazing, n. چراگاہ ؛ گھاس والی زمین ؛ مرغزار ؛ سبزہ زار ۔

grease, n. گریس ؛ چکنائی ؛ چربی ؛ تیل ؛ جانوروں کی پگھلی ہوئی چربی ، خصوصاً نرم حالت میں ؛ عام طور پر چربی ؛ روغن ؛ کوئی گاڑھی چکنائی ؛ اُون جس کی چکناہٹ صاف نہ کی گئی ہو ۔ (بیطاری امراضیات) گھوڑوں کے ٹخنے پر ورم کی بیماری ۔

in the grease, ناصاف اُون یا پشم ۔

grease, v.t. چکنا کرنا؛ چکنانا ؛ چکنائی لگانا ؛ چپڑنا ۔ (مجازاً) آسانی سے چلنے میں مدد دینا ؛ معاونت کرنا ۔

greese the palm, رشوت دینا ؛ مُٹھی گرم کرنا ۔

greaser, n. مٹھی گرم کرنے والا؛ راشی ؛ چکنا کرنے والا ؛ چرب کار ۔

grease monkey, n. (عوامی)موٹر/جہاز مستری ؛ کوئی آٹو موبائل یا ہوائی جہاز کا مستری ۔

grease paint, n. گریس روغن ؛ گریس پینٹ ؛ ایک قسم کا گاڑھا روغن جو تھیئٹر کے اداکار میک اپ کے لیے لگاتے ہیں ۔

greasewood, n. روغن چوب ؛ مغربی امریکا کی ایک جھاڑی جس میں قلیل مقدار میں تیل ہوتا ہے اور ایندھن کے طور پر استعمال ہوتی ہے ؛ ایسی بیشتر جھاڑیوں میں‌سے کوئی ایک ۔

greasy, a. چکنا ؛ چربی دار ؛ چربی کا ؛ چکناہٹ والا ؛ چرب ؛ چربیلا ؛ شقاق زدہ ؛ چربی کی شکل کا ؛ چربی نُما ۔ (مجازاً) پھسلواں ؛ چرب زبان یا بے اعتبار ؛ غیر دِلکش ؛ نامرغُوب ؛ ناپسندیدہ ۔

greasily, adv. چکنے پن سے ؛ چرب زبانی سے ۔

greasiness, n. چکناہٹ ؛ چکنائی ؛ چرب زبانی ۔

great, a. عالی ؛ بزُرگ ؛ غیر معمولی طور پر یا مقابلتاً جسامت یا ابعاد میں بڑا (جیسے : a great fire) ؛ بڑا ؛ کلاں ؛ عظیم ؛ کبیر ؛ مہا ؛ غیر معمُولی ؛ فوق العادت ؛ حاملہ (جیسے : great with child) ؛ تعداد میں بڑا ؛ ان گنت/بے شمار ؛ غیر معمولی یا بہت زیادہ درجے میں ؛ زیادہ وقفے کا ؛ اونچا (جیسے : a great cry) ؛ معمول سے بڑھ کر جیسے حد ، گنجایش یا روش میں ؛ بہت اہم نتیجے کا ؛ پُر اہمیّت (جیسے : great issues at stake) ؛ بڑا افسر یا پرنسپل (جیسے : the great seal) ؛ مشہور یا معروف ؛ اعلیٰ ، جلیل یا ممتاز ؛ بڑے مرتبے ، سرکاری عہدے یا سماجی حیثیت کا حامل ؛ غیر معمولی قابلیت اور کارناموں والا (جیسے : a great poet) ؛ فوق العادت کمالات یا خوبیوں والا ؛ قابل تعریف یا کمال کا ؛ نیک منش ؛ بلند کردار ۔ (علم الانساب) ایک پُشت چھوڑ کر اس سے اوپر کی پُشت (تیسری پشت) (جیسے : great grand,father سے great-great-grandfather) ۔ (بول چال) اعلیٰ ؛ بہت عمدہ اور خوش کن (جیسے : a great time) ؛ انتہائی درجے میں (جیسے : great friends) ؛ ماہر یا قابل (جیسے : great at mathematics)؛ کثرت سے کسی چیز کا عادی یا خوگر (on کے ساتھ) (جیسے : to be great on finding fault) ؛ بہت زیادہ مستعمل یا پسندیدہ (جیسے : Humor was a great word with physiologists) ۔

greatly, adv. عالی ہمّتی سے ؛ فراخدلی سے ۔

greatness, n. بڑائی ؛ عظمت ؛ برتری ؛ بُلندی ؛ اہمیّت ۔

great, n. عظمیٰ ؛ مجموعی طور پر وہ سب جنھوں نے نمایاں کامیابی حاصل کی (جیسے : Quaid-e-Azam takes a rightful place among the great) ۔ (عموماً جمع) ایسا شخص جس نے امتیاز یا شُہرت حاصل کی ، جیسے عظیم سائنس دانوں میں سے کوئی ایک ۔

great ape, n. بڑا بُوزنہ ؛ چہار قسم کے انسانِ نُما بندروں ، گوریلا ، چمپنزی ، گبون اور آرنگوٹن میں سے کوئی ایک ۔

great-aunt, n. دادی ؛ نانی ۔

Great Bear, Ursa Major, Big Dipper, n. دُب اکبر ؛ بنات النعش کبریٰ ؛ شمالی آسمان میں ایک مجمع النجوم ۔

great circle, n. عظیم دائرہ ؛ کسی کُرے کی سطح پر ایسا دائرہ جس کا مستوی کُرے کے مرکز سے گزرے ؛ بڑا دائرہ ۔

greatcoat, n. (برطانوی) اوور کوٹ ؛ لبادہ ؛ فرغل ۔

Great Dane, n. گریٹ ڈین ؛ چھوٹے بالوں والا ، بہت بڑا ، طاقتور کتا ۔

Great Divide, n. گریٹ ڈیوائڈ ؛ راکی ماؤنٹین یا شمالی امریکا کے براعظم کو علیحدہ کرنے والے پتھریلے پہاڑ ۔ (مجازاً) کوئی بحران ؛ کوئی اہم یا نازُک فیصلہ ؛ موت و حیات کی حدّ فاصل ۔

great-hearted, greathearted, a. بلند حوصلہ ؛ اولُوالعزم ؛ بلند ہمّت ؛ فراخ دِل ؛ بڑے دل والا ؛ عالی ہمّت ۔

great-heartedness, greatheartedness, n. فراخ دلی ؛ عالی ہمّتی ؛ اولوالعزمی ۔

great-nephew, n. نسبی پوتا یا نواسا ؛ بھائی یا بہن کا پوتا یا نواسا ۔

great-niece, n. نسبی پوتی یا نواسی ؛ بھائی یا بہن کی پوتی یا نواسی ۔

great power, n. عظیم طاقت ، ہمہ مقتدر ؛ معاشی ، جنگی و فوجی اور سیاسی قُوّت کے لحاظ سے صفِ اوّل کی قوم ؛ سُپر پاور ۔

Great Russian, n., a. عظیم رُوسی ؛روس کے شمالی یا وسطی علاقوں کا باشندہ ؛ شمالی اور وسطی روس کے علاقوں کی سلاوی زبان ۔

great seal, n. (کبھی بڑے G سے) سرکاری مُہر ؛ مُہرِ اعظم ؛ شاہی مہر ؛ مہر کلاں ؛ کسی حکومت ، کارپوریشن یا سربراہِ مملکت کی مُہر جسے ثبت کرکے اہم دستاویزات کو مستند قرار دیا جاتا ہے ۔

great-uncle, n. دادا یا نانا کا بھائی ، دادی یا

نانی کا بھائی ۔

great year, platonic year, n. (فلکیات) افلاطونی سال ؛ وہ عرصہ جس کے دوران استقبالِ اعتدال مکمّل ہوتا ہے یا تقریباً ۲۶۰۰۰ برس ختم ہو جاتے ہیں ۔

grebe, n. بے دُم مرغابی ؛ گریب ؛ ایک قسم کا آبی پرندہ جس کے پنجے کھلے ہوتے ہیں لیکن ان کے کناروں پر جھلّی ہوتی ہے اور ٹانگیں اس قدر پیچھے ہوتی ہیں کہ خُشکی پر وہ پینگوین کی مانند ایستادہ حالت اختیار کر لیتا ہے ؛ گریب کے پر جو آرایش کے لیے استعمال ہوتے ہیں ۔

Grecian, a. یونانی ؛ یونان کے مُلک یا اس کے باشندوں سے متعلّق ۔ (اسم) یونانی شخص یا زبان ؛ یونانی زبان و ادب کا ماہر ۔

Grecism, Graecism, n. یونانیت ؛ یونانی زبان کا محاورہ یا خاصیت ؛ یونانی افکار ، آرٹ یا کلچر کی رُوح ؛ ان کی اپنائیت یا ان کی نقل ؛ یُونان پسندی ۔

Grecize, v.t. یونانیت گری کرنا ؛ کسی میں یُونانی خصوصیت پیدا کرنا یا شامل کرنا ؛ یُونانی زبان میں ترجمہ کرنا ؛ یونانی رنگ میں رنگنا ؛ یونانی قالب میں ڈھالنا ۔ (فعل لازم) یونانیوں کے مطابق ہونا ؛ یونانی طرزِ تکلُّم ، محاورات یا رسم و رواج اپنانا ۔

gree, v.t., v.i. (برطانوی بولی) مفاہمت کرانا یا مفاہمت کرنا ؛ ماننا ؛ موافق کرنا یا ہونا ؛ متفق ہونا ۔

greed, n. منفعت یا دولت کا لوبھ ؛ حرص ؛ طمع ؛ لالچ ؛ آز ؛ ہوکا ؛ دولت یا جائیداد کو ضرورت سے زیادہ حاصل کرنے کی خواہش ۔

greedy, a. لوبھی ؛ لالچی ؛ حریص ؛ طامع ؛ ضرورت سے زیادہ کی خواہش رکھنے والا ؛ کھاؤ ؛ پیٹو ؛ ندیدہ ؛ بے حد شائق ؛ کسی چیز کا بھوکا (جیسے : greedy for praise) ۔

greedily, adv. حریصانہ ؛ ندیدے پن سے ؛ بے حد شوق سے ؛ چاؤ سے ؛ طمع سے ؛ لالچ سے ؛ حرص سے ۔

greediness, n. ندیدہ پن ؛ لالچ ؛ حرص ؛ طمع ، آز ؛ ہوکا ؛ بے حد شوق ؛ چاؤ ۔

Greek, n. یُونانی ، قدیم یا جدید یُونان کا پیدایشی یاباشندہ ؛ یونانی نسل کا شخص ؛ یونانی کلیسا کا رُکن ؛ یونانیوں کی زبان ، جو سہولت کی خاطر قدیم یا کلاسیکی یونانی ، مؤخّر یونانی ، وسطانی یونانی ، جدید یا نئی یونانی زبانوں میں تقسیم کی جاتی ہے ، خصوصاً کلاسیکی یونانی ۔ (بول چال) کوئی ناقابل فہم شے جیسے گفتگو یا بیانات وغیرہ (جیسے : The letter, being in French,was Greek to him) ۔ (صفت) یونان سے متعلّق یا یُونانیوں کا یا ان کی زبان سے متعلّق ؛ یونانی کلیسا سے متعلّق ۔

Greek Catholic, n. یونانی کیتھولک ؛ مشرقی بنیاد پرست کلیسا کا رُکن ؛ یونانی بنیاد پرست کلیسا کا کُوئی رُکن ۔

Greek cross, n. یونانی صلیب ؛ ایک صلیب جو ایک عمودی تختی اور اُسی لمبائی کی اُفقی تختی پر مشتمل ہوتی ہے ۔

Greek fire, n. آتش یونان ؛ یُونانی آگ ؛ ازمنۂ وُسطیٰ میں یونانیوں اور دوسری اقوام کے جنگاہوں میں استعمال کرنے والے آتشیں گولے جو پچ ، اسفالٹ ، جلنے والے تیل یا گندھک کے بنے ہوتے تھے ۔

Greek Orthodox, a. یونانی بُنیاد پرست ؛ قدیم یونانی کلیسا کے بارے میں یا اس سے متعلّق ۔

green, a. سبز ، ہرا ، اخضر ؛ بُوٹیوں اور پتّوں کا دھانی رنگ ؛ طیف میں پیلے اور نیلے کے درمیان کا رنگ ؛ سبزی اور ہریاول سے ڈھکا ہوا (جیسے : green fields) ؛ ہریالی کی موجودگی سے متصف (جیسے : a green xmas) ؛ ہلکا یا متوسط (جیسے : a green winter) ؛ خوف ، حسد ، یا بیماری کے باعث زرد ، یا بیمار رنگ والا ؛ زرد ؛ بیماروں کا سا ؛ چاق و چوبند ؛ مضبوط (جیسے : green old age) ؛ چُستی ؛ چالاکی ؛ طاقت ؛ مردانگی ؛ کچا ؛ خام جیسے لکڑی ؛ نارسیدہ ؛ ناتجربہ کار ؛ تازہ ؛ خشک نہ کیا ہُوا ؛ ان پکا جیسے اینٹیں یا مٹّی کے برتن ؛ عمر یا فیصلہ کرنے میں ناپختہ ؛ ناتجربہ کار ؛ سادہ لوح ؛ تازہ یا نیا (جیسے : a green wound) ۔

greenly, adv. سبزہ سے ؛ ناپختگی سے ۔

green, n. نباتات ؛ ہریاول ؛ روئیدگی ؛ سبزی ؛ سبز رنگ ؛ سبزہ زار ؛ شہر یا قصبے کے ساتھ مشترکہ سبزہ زار ۔ (جمع) درختوں اور پودوں کی تازہ ٹہنیاں اور پتّے جو زیبایش کے لیے استعمال کیے جائیں ؛ پودوں کے پتے اور تنے، مثلاً پالک اور سلاد جو کھانے کے لیے استعمال ہوتے ہیں ؛ کچّی سبزی ، ترکاری ۔ (فعل لازم و متعدی) سبز ہو جانا یا کر دینا ۔

green alga, n. سبز رنگ کی الجی جس میں کلوروفل یا سبزۂ نباتی بکثرت ہوتا ہے ۔

green back, n. گرین بیک ؛ ریاستہائے متحدہ امریکا کا کرنسی نوٹ جس کی پشت سبز رنگ کی ہوتی ہے ۔

green bean, n. ریشہ دار لوبیا ۔

green belt, n. سبز پٹّی ؛ سبزہ پٹّی ؛ حلقۂ سبز ؛ منصوبہ بند علاقے کے ارد گرد پارکوں ، لانوں ، سبزہ زاروں اور درختوں کا حلقہ ؛ جوڈو کے کھلاڑیوں کو عطا کردہ بیلٹ جو انھیں مبتدیوں سے اُوپر والے درجہ کا مرتبہ دیتی ہے ۔

Green Berets, n. (عسکریات)سبز ٹوپیے ؛ گرین بیری ؛ ریاستہائے متحدہ امریکا کی افواج میں خصوصی تربیّت یافتہ ٹاسک فورس جو غیر معمولی طور پر خطرناک مہمّوں کو سر کرنے کی اہلیت رکھتی ہے اور جو سبز رنگ کی بیری ٹوپیوں کے باعث پہچانی جاتی ہے ۔

green brier, n. سبز سوسن ؛ سوسن کے خاندان کی سبز جھاڑی جو بیل کی مانند چڑھتی ہے ،اس کے سبز رنگ کے پُھول ، خار دار تنا اور موٹے پتّے ہوتے ہیں ۔

green corn, n. کچا سٹّہ ؛ بُھٹّا ؛ سبز خوشہ ؛ غلے کا نرم قابلِ خوردنی خوشہ ۔

green dragon, n. (نباتیات) گرین ڈریگن ؛ ایک پھولوں والی جھاڑی ۔

greenery, n. نرسری ؛ سبزی یا ہریاول ؛ پودوں کی نرسری ؛ پود گھر ۔

green-eyed, a. سبز چشم ؛ سبز رنگ کی آنکھوں والا ؛ حاسِد ۔

green finch, n. سبز سہرہ یا برقش ؛ خضیری ؛ سبز قبا ؛ یورپ کی عام ہلکے سبز رنگ کی چڑیا جس کے پروں اور دم کا رنگ سنہری مائل سبز ہوتا ہے ۔

greengage, n. گرین گیج ؛ ایک قسم کا آلوچہ جس کا چھلکا سبز یا زرد مائل سبز اور گودا رس دار اور سبزی مائل ہوتا ہے ۔

greengrocer, n. (برطانوی) سبزی فروش ؛ پھل فروش ؛ ترکاریوں اور پھلوں کا خُوردہ فروش؛ کنجڑا ۔

greengrocery, n. سبزی فروشی ؛ کُنجڑاپن ۔

greenhorn, n. نادان ؛ بیوقوف ؛ سادہ لوح ؛ جاہل ؛ ناتجربہ کار ؛ امریکا میں خصوصاً انیسویں صدی اور بیسویں صدی کے اوائل میں ، نووارد تارک وطن جو ابھی معاشرے میں گُھلا مِلا نہ ہو ۔

green house, n. پود گھر ؛ گرین ہاؤس ؛ سبز خانہ ؛ سبزی خانہ ؛ ایک شیشے کی گرم عمارت جس میں ننھے پودے لگائے جاتے ہیں اور بلالحاظِ موسم پودے اگا کر فروخت کے لیے تیّار کیے جاتے ہیں ۔

greening, n. ایک قسم کا سیب جس کا چھلکا پک کر بھی سبز رہتا ہے ۔

greenish, a. سبزی مائل ؛ کسی قدر بُھورا ؛ ناتجربہ کار ۔

greenishness, n. سبزیت ؛ بھولا پن ؛ ناتجربہ کاری ۔

green light, n. سبزبتّی ؛ راستہ صاف ہونے یا آگے بڑھنے کا اشارہ ، خصوصاً ٹریفک سگنل کی روشنی ۔ (بول چال) اجازت ۔

green manure, n. (زراعت) سبز کھاد ؛ ہری کھاد ؛ سبز پودوں کے کھیت میں ہل چلا کر انھیں کھاد کے طور پر زمین میں دبا دیا جاتا ہے تا کہ زرخیزی میں اضافہ ہو ؛ کھاد جو ابھی گلی سڑی نہ ہو ۔

green mold, blue mold, n. پھپھوندی جو روٹی،پنیر وغیرہ کو نیلا یا نیلاہٹ مائل سبز کر دیتی ہے ۔

greenness, n. سبزی ؛ ہرا پن ؛ ناتجربہ کاری ۔

greenockite, n. گرینوکائٹ ؛ ایک کمیاب معدن جس میں کیڈمیم سلفائیڈ ہوتا ہے اور جو قلمی یا قشر ارض کی صورت میں ملتا ہے ۔

green onion, n. سبز پیاز ؛ کچّا پیاز ؛ ایک قسم کا خوشبودار اور ذائقہ دارپیاز جو سلاد اور کھانا پکانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

greenroom, n. (تھیئٹر) آرام گھر ؛ گرین رُوم ؛ تھیئٹر میں اسٹیج کے قریب ایک کمرہ جس میں اداکار فارغ لمحات میں آرام کرتے ہیں ؛ اداکاروں کی خلوت گاہ ۔

greensand, n. ریگ اخضر ؛ سبز ریت ؛ گیلی سانچا مٹّی ؛ ریگِ سنگ کی ایک قسم جس میں گلوکونائٹ کے سبز ذرّات اسے سبزی مائل بناتے ہیں ۔

greensickness, n. (امراضیات) ہرا روگ ؛ یرقانِ ابیض ؛ نوجوان عورتوں اور لڑکیوں کی بیماری جس میں خون کی کمی سے رنگ پیلا اور سبزی مائل ہو جاتا ہے ۔

greensick, a. ہرا روگی ۔

green snake, n. سبز سانپ ؛ شمالی امریکا کا ایک قسم کا بغیر زہر کے سبز رنگ کا پتلا سانپ جو صرف حشرات پر گزارا کرتا ہے ۔

green soap, n. سبز صابن ؛ ویجی ٹیبل آئل اور پوٹاشیم ہائیڈرو آکسائڈ سے بنا ہوا صابن جس کا استعمال جلدی امراض کے علاج میں مفید ہوتا ہے ۔

greenstone, n. گردہ پتھر ؛ گہرے سبز رنگ کی مختلف آتشیں چٹانوں میں سے کوئی ایک جو اپنے اندر کلورائٹ رکھنے کے سبب سبز ہو جاتی ہیں ۔

greensward, n. سبزہ زار ؛ چمن ؛ ہری گھاس کا تختہ ؛ قطعۂ زمین جو گھاس سے ڈھکا ہوا ہو ۔

greenswarded, a. سبزہ سے بھرپور ۔

green thumb, n. مہارتِ گلکاری ؛ پودے اگانے،خصوصاً باغوں کے پُھولدار پودے اگانے میں اعلیٰ مہارت ۔

green turtle, n. سبز کچھوا ؛ ایک بڑا سبز خول والا کچھوا جو گرم پانیوں میں بکثرت پایا جاتا ہے اور جس کے انڈے اور گوشت رغبت سے کھائے جاتے ہیں ۔

green vegetables, n. سبزی ترکاری ؛ ساگ پات ؛ ترہ ؛ پتّے والے پودے ، کونپلیں اور دانے دار پھل،خصوصاً ان کے کھانے کے قابل سبز حصے جیسے بند گوبھی ؛ سبز مٹر ؛ ایسپرگس وغیرہ ۔

Greenwich Time, Greenwich Mean time, Greenwich Civil Time, گرینچ کا وقت ؛ معیاری وقت ؛ نصف النہار ؛ گرینچ کا وقت انگلستان میں معیاری وقت کے طور پر رائج ہے اور جو دنیا کے دُوسرے خطوں کے لیے ، معیاری وقت کے حساب کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

greet, v.t. سلام کرنا ؛ آداب کرنا ؛ تسلیمات کرنا ؛ خیر و عافیت پوچھنا ؛ مبارکباد دینا ؛ مبارک سلامت کہنا ؛ تہنیّت دینا ؛ خیر مقدم کرنا ؛ خُوش آمدید کہنا ۔

greeter, n. خوش آمدید ، سلام ، آداب وغیرہ کہنے والا ۔

greeting, n. سلام و آداب ؛ تہنیت یا تسلیمات وغیرہ جو غیر موجود شخص کی طرف سے بھیجی جائے ۔

gregarine, n., a. گریگرین ؛ پروٹوزوا کے گروہ میں سے ایک جو حشرات اور قشریوں کے طفیلی ہوتے ہیں ۔

gregarious, a. غولی ؛ گروہی ؛ غول میں چرنے والا ؛غول پسند ؛ مجلسی ؛ ملنسار ؛ صحبت پسند ۔ (نباتیات) بم رو ؛ ہم نمو ؛ جُھنڈ میں اُگنے والا ۔

gregariously, adv. صحبت پسندی سے ؛ ملنساریت سے ؛ غول پسندی سے ۔

gregariousness, n. بزم آرائی ؛ غول پسندی ؛ صحبت پسندی ۔

Gregorian, a. گریگورین ؛ گریگوری نام کے پادریوں یا ان کے شرکائے کار سے متعلّق ؛ خصوصاً پوپ گریگوری اوّل یا پوپ گریگوری سیزدہم کے بارے میں ۔

Gregorian calendar, n. گریگوری کیلنڈر ؛ پوپ گریگوری سیزدہُم کا اصلاح کردہ کیلنڈر جو ۱۵۸۲ء میں جولین کیلنڈر کی اصلاح کرنے کے بعد جاری کیا گیا اور اب تک مستعمل ہے ۔

Gregorian chant, n. گریگورین حمدیہ گیت ؛ سادہ طرز کا حمدیہ راگ جو رومن کیتھولک اور بعض دوسرے کلیساؤں میں گایا جاتا ہے ، اس پر پوپ گریگوری اوّل کی مذہبی اصلاحات کا اثر ہے ۔

greige, gray goods, n., a. کورا کپڑا ؛ گراژ ؛ بُنا ہوا کپڑا (بلیچنگ ، رنگائی وغیرہ کے عمل سے پہلے) ۔

greisen, n. گریسن ؛ سیکسونی کی قلعی کی کانوں میں پائی جانے والی قلمی چٹان جو بیشتر کوارٹز اور ابرق کی بنی ہوتی ہے ۔

gremlin, n. گریملن ، کوئی ناقابل وضاحت انتشاری اثر ؛ ایک فرضی بدروح جس کا اوّلین تذکرہ دوسری جنگ عظیم میں ہوابازوں نے میکانکی دشواریوں کے سلسلے میں کیا ۔

grenade, n. دستی بم ؛ نارنجک ؛ گرینیڈ ؛ ایک چھوٹا شیل یا بم کا رنجکی گولہ جو ہاتھ یا رائفل سے چلایا یا پھینکا جاتا ہے ؛ شیشے کا میزائل جس میں کیمیاوی اجزا بھر کر پھینکے جاتے ہیں ، عموماً آگ

to come to grief, برباد ہونا ؛ مصیبت میں مبتلا ہونا ؛ ناکام ہونا ؛ ہارنا ؛ نقصان اٹھانا ؛ شکست کھانا ۔

grief-stricken, a. پُراندوہ ؛ الم زدہ ؛ محزون وغیرہ ۔

grievance, n. شکایت ؛ شکوَہ ؛ رنج ؛ رنج کی وجہ ، اصل یا فرضی ؛ کوئی کام یا کیفیت جسے شکایت کے لیے مناسب سمجھ لیا جائے جیسے کام کرنے کے غیر معیاری حالات یا غیر منصفانہ قواعد ؛ رنج و ملال کا باعث جیسے غلط یا قدرے غلط ، اصلی یا محض خیالی ۔

grievant, n. شکایت کُنندہ ، جو اپنی شکایت کو فیصلے کے لیے کسی مقررّہ مجاز افسر کے سامنے ثالثی کے لیے پیش کرے ۔

grieve, v.t. رنج دینا ؛ رنجیدہ کرنا ؛ تکلیف دینا ؛ دل دُکھانا ۔ (فعل لازم) رنجیدہ ہونا ؛ محزوں ہونا ؛ ملُول ہونا ؛ متأسّف ہونا ۔

griever, n. رنج دینے والا ؛ غم کرنے والا ۔

grievingly, adv. پُرملال انداز میں ؛ رنجیدہ طور پر ۔

grievous, a. تکلیف دِہ ؛ ضرر رساں ؛ مُضِر ؛ جانگزا ؛ مُہلِک ؛ سخت ؛ شدید ؛ حد درجہ کا ؛ سنگین ؛ بڑا ؛ نہایت خراب ؛ المناک ؛ دردانگیز ؛ ملال انگیز ۔

grievously, adv. سختی سے ؛ شدّت سے ؛ تکلیف دِہ یا المناک طریقے سے ۔

grievousness, n. ضرررسانی ؛ المناکی ۔

griffin, griffon, gryphon, n. (کلاسیکی اساطیر) سِیمرغ ؛ عَنقا ؛ گرِفَن ؛ ایک خیالی جانور جس کے سر اور بازو عُقاب کے اور باقی جسم شیر کا تصُور کیا جاتا ہے ۔

griffon, n. گرِفَن ؛ ایک قسم کا شکاری کُتّا ، جس کے بال موٹے ہوتے ہیں ؛ بلجیئم کا اسکاٹ لینڈی ٹیریئر سے مشابہ چھوٹے قد کا تاروں جیسے بالوں والا پالتو کُتّا ۔

grift, n. (عوامی) بے ایمانی ، دھوکا دہی ؛ فریب یا ٹھگی وغیرہ سے دولت حاصل کرنے کے طریقوں میں سے کوئی ایک طریقہ ۔

grifter, n. دھوکا باز ؛ لُٹیرا ؛ ٹھگ ۔

grig, n. (بولی) ٹڈا ؛ جھینگر ؛ بام مچھلی ؛ خُوش باش آدمی ۔

grigri, n. دیکھیے : Gris-gris ۔

grill, v.t. لوہے کی انگیٹھی پر بُھوننا یا ایسی ہی کسی چیز پر بریاں کرنا ؛ کباب کرنا ؛ گرل کے نمونے کا نشان لگانا ؛ تکلیف دینا ؛ ایذا دینا ؛ جلا دینا ؛ بُھونک دینا ۔ (بول چال) مسلسل پُوچھ گُچھ کرنا ۔ (اسم) گوشت بُھوننے کی انگیٹھی ؛ سیخ دار انگیٹھی ؛ بُھنا ہُوا یا بریاں گوشت ؛ طعام خانے کا وہ کمرہ جہاں گوشت بریاں کیا جاتا ہے ۔

grill work, n. گوشت بریاں کرنے کا عمل ؛ پُوچھ گُچھ ۔

grillage, n. (فنِ تعمیر) شہتیروں کا بھاری ڈھانچا جو نرم زمین پر بُنیادوں کو بیٹھنے سے بچانے کے لیے بنایا جاتا ہے ۔

grille, grill, n. گرِل ؛ ایک دھات کی جالی یا جنگلہ ؛ زیبایشی جنگلہ ؛ جالی دار اوٹ ۔

grillroom, n. بریاں خانہ ؛ گرل رُوم ؛ ایسا ریستوران جو بُھنے ہوئے گوشت کے لیے مشہور ہو ۔

grim, a. سخت ؛ سنگدِل ؛ ظالِم ؛ بے رحم ؛ خوفناک ؛

بجھانے کے لیے ۔

grenadier, rattail, n. گرنیڈئر ؛ خصوصی رجمنٹ کا رُکن ، (جیسے : The Grenadier Guard of the British Army) ؛ ایک سپاہی جو دستی بم چلانے کا تربیت یافتہ ہو ؛ گہرے سمندروں کی مچھلیوں میں سے کوئی ایک جس کی نوکدار دم اور لمبا جسم ہوتا ہے ۔

grenadierial, a. گرنیڈئر کا ۔

grenadine, n. جالی دار ؛ کھلی بُنت کا کپڑا ، سادہ یا نمونے والا ، جو بہت سے دھاگوں جیسے نائلون ، ریشمی ، سُوتی یا اُونی سے بُنا ہُوا ہو ؛ انار کا بنا ہوا میٹھا شربت جو ملے جلے مشروبات میں مستعمل ہے ۔

Gresham's law, n. (معاشیات) گریشم کا قانون ؛ دو قسم کی کرنسیوں کے ایک ساتھ چلنے میں ، اعلیٰ کرنسی کی ذخیرہ اندوزی کی وجہ سے ، ادنیٰ کرنسی کی زیادہ گردش کا رُجحان ۔

gressorial, gressorious, a. (حیوانیات) رونـدہ ، بعض پرندوں کے پیروں کی چلنے کے لیے موزونیت ؛ چلنے والا ؛ چلنے کا ۔

grey, n., a., v.i., v.t. دیکھیے : Gray ۔

greyfriar, n. فرانسسکی راہب ؛ فرانسِس کے مسلک کا راہب ۔

greyhound, grayhound, n. گرے ہاؤنڈ ؛ تازی کُتّا ؛ ایک قسم کا شکاری کُتّا جو لمبا ، پتلا ، پُھرتیلا اور تیز نظر ہوتا ہے ؛ ایک تیز رفتار بحری جہاز ۔

greylag, n. دیکھیے : graylag ۔

gribble, n. گربِل ؛ خورد بحری قشریہ ؛ ایک چھوٹا بحری قشریہ جو پانی میں ڈوبی ہوئی لکڑی کے لیے نقصان دہ ہے ؛ متعلقہ قسم کا کوئی بھی قشریہ ۔

grid, n. کٹہرا ؛ جنگلہ ؛ انگیٹھی ؛ سیخ دار چُولھا (برق) ایک نالی دار یا سوراخ دار سیسے کی پلیٹ جو ذخیرہ برقی خانہ (اسٹوریج بیٹری) میں استعـمال ہوتی ہے ۔ (برقیات) خلائی نلی کے اندرونی اجزا میں سے ایک ، گرڈ ۔ (مساحت) اساسی خطُوط جو باہم زاویۂ قائمہ پر کاٹتے ہیں ؛ جالی ۔

griddle, n. توا ؛ ایک چپٹا عموماً بغیر کناروں کے فرائی پین جس میں ہر قسم کے کیک/روٹی پکائے جاتے ہیں ؛ کوئی گرم چپٹی سطح جو پکانے کے کام آئے ۔(فعل متعدی) توے پر پکانا ۔

griddlecake, n. ایک پتلا کیک جو توے پر پکایا گیا ہو ؛ روٹی ۔

gridiron, n. (فٹ بال) کھیل کا میدان ۔ (طبّاخی) گوشت بُھوننے کی متوازی سلاخوں والی لوہے کی انگیٹھی ؛ شیکارہ ؛ کوئی بھی ایسا جالی دار ڈھانچا ۔ (تھیٹر) تھیٹر کے اسٹیج کے اوپر ڈھانچا جس سے تھیٹر کے پردے گرائے جاتے ہیں ۔ (فعل متعدی) شیکارہ یا اس کے مطابق خطوط سے نشان لگانا ۔

grid leak, n. (برقیات) اخراجِ گرڈ ؛ گرڈلِیک ؛ ایک شدید مزاحمت کا آلہ جو گرڈ سے زائد برقی بار کو خارج ہو جانے میں مدد دیتا ہے ۔

gridlock, n. بھیڑ بند ؛ شہری علاقے میں بِھیڑ اور ٹریفک کی کثرت کے سبب راستے کا اس طرح بند ہو جانا کہ کوئی بھی کار کسی سمت حرکت نہ کر سکے ۔

grief, n. رنج ؛ ملال ؛ کلفت ؛ افسوس ؛ کسی شدید وجہ سے دُکھ یا تکلیف ، جیسے دُکھ یا موت پر گہرا غم ؛ گہری کلفت ؛ ایسی کلفت کی وجہ ؛ شدید اندوہ یا الم ؛ سوگ ۔

مہیب ؛ ہیبت ناک ؛ ڈراؤنا ؛ بھیانک ؛ کریہہ منظر ؛ وحشتناک ؛ کھسیانا ؛ تلخ ۔

grimly, adv. سنگدلی سے ؛ ہیبت ناک طور سے ۔

grimness, n. سنگدلی ؛ ڈراؤنا پن وغیرہ ۔

grimace, n. مضحک شکل ؛ چہرے کا بناوٹی انداز ؛ حقارت ، تکلیف ، نفرت ، ناپسندیدگی ، پیار یا دُوسرے جذبات کے اظہار کے لیے خاص انداز سے مُنہ بنانے کا عمل ؛ احمقانہ ہنسی ، بگڑا چہرہ ؛ تصنُع یا بناوٹ بھرا چہرا ۔ (فعل لازم) مضحک شکل بنانا ؛ بناوٹی صُورت بنانا ۔

grimalkin, n. پیر گربہ ؛ بُڈھی بلّی ؛ بدمزاج بوڑھی عورت ۔

grime, n. کالک ؛ میل ؛ میل کُچیل ؛ کلونس ۔ (فعل متعدی) میلا کرنا ؛ کثیف کرنا ؛ آلودہ کرنا ۔

Grimm's Law, n. (لسانیات) قانون گرم : اصل ہند یورپی زبانوں کے مطالعے سے ، جرمن زبان کے حُروف صحیح سے متعلق توضیح ۔

grimy, a. میلا ؛ کثیف ؛ گدلا ؛ مکدّر ؛ آلودہ ۔

grimily, adv. میلے پن کے ساتھ ؛ کثافت کے ساتھ ۔

griminess, n. گدلاہٹ ؛ تکدُر ؛ میل ؛ کثافت ؛ آلودگی ۔

grin, v.i. کھیسیں یا دانت نکال کر ہنسنا یا منہ کھول کر ہنسنا ؛ ہونٹ کھول کر دانت نکالنا جیسے غُراتا ہوا کُتّا یا درد میں مبتلا انسان کرتا ہے ۔ (فعل متعدی) ہنسی سے جذبات پیدا کرنا ۔ (اسم) ایسی ہنسی ؛ کھلا تبسم ؛ زہر خند ؛ بدتمیزی کی ہنسی ؛ حقارت آمیز یا کھسیانی ہنسی ۔

grinner, n. دانت نکال کر اظہار جذبات کرنے والا ؛ ایسی ہنسی ہنسنے والا ۔

grind, v.t. پیسنا ؛ چبانا ؛ گھسنا ؛ رگڑ کر ہموار یا نرم کرنا (جیسے : to grind a lens) ؛ تیز کرنا یا سان پر چڑھانا یا دھار رکھنا (جیسے: to grind one's teeth) ؛ چکّی چلانا یا چکّی پیسنا ؛ ستانا یا ظلم کرنا ؛ غیر دلچسپ انداز میں پڑھانا ؛ محنت سے مطالعہ کرنا یا پڑھنا ۔ (فعل لازم) گھسنا ؛ رگڑنا ؛ ملنا ؛ پس جانا ؛ گھس جانا ؛ سختی سے رگڑنا ۔ (عوامی) محنت سے مطالعہ کرنا ؛ کولھے مٹکانا ۔ (اسم) گھٹائی ؛ پسائی ؛ محنت سے مطالعہ ؛ شدید محنت ؛ تھکا دینے والا کام ۔ (عوامی) رٹّو ؛ گھوٹو طالبِ علم ۔

grinder, n. پیسنے والا ؛ آسیا ؛ سنان ؛ سان پر چڑھانے والا ؛ گھوٹنے والا ؛ چکّی ؛ پیسنے کا سامان ؛ سان کار ؛ سانندہ ؛ ڈاڑھ ۔ (عوامی) (جمع) دانت ۔

grindstone, n. سان پتھر ؛ سان ؛ ایک گھومنے والا پتھر جو اوزاروں کو رگڑ کر تیز کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔ (اناج کے لیے) چکّی ؛ آسیا ؛ سل ؛ سل بٹا ۔

keep one's nose to the grindstone, (عوامی) کسی خلل اندازی کے بغیر کام میں جُتے رہنا ؛ کام میں غرق رہنا ؛ کُھب کر کام کرنا ۔

گرنگو ؛ ہسپانیہ یا ہسپانوی امریکا میں کوئی غیر مُلکی ، خصوصاً کوئی انگریز یا امریکی ۔ عموماً تحقیر سے ۔

grip, n. قبضہ ؛ پکڑ ؛ گرفت ؛ قابو ؛ عبُور ؛ مہارت ؛ قوّت دست ؛ ہاتھ ملانے کا خاص انداز جیسے کسی خفیہ تنظیم کے ارکان کا ؛ ہاتھ ملانے کا طریقہ ؛ مشین کا ایک پُرزہ ؛ کلپ ؛ دستہ ؛ گرفت (جیسے : to lose one's grip on a situation) ؛ کسی مضمون پر عبور یا مہارت (جیسے : to have a grip of a subject) ؛ کوئی گرفت میں لینے والی شے ؛ دستہ یا قبضہ ؛ چھوٹا بٹوا ۔ (تھیٹر) اسٹیج کا رُکن ۔ (فعل متعدی) مضبوطی سے پکڑنا ؛ مُٹھی میں لینا ؛ تھامنا ۔ (مجازاً) دلچسپی برقرار رکھنا ؛ قابو میں رکھنا (ذہن کا) ؛ کسی کلپ وغیرہ کے ساتھ لگانا ۔ (فعل لازم) مضبوطی سے قابو میں لانا ؛ مضبوطی سے پکڑنا جیسے لنگر کا ؛ ذہن پر مسلط ہونا (جیسے : a story that grips the imagination) ۔

come to grips with, گُتھم گتھا ہونا ؛ مضبوطی سے نبٹنا ؛ عُہدہ بر آہونا ؛ منہمک ہونا ؛ مشغول ہونا ؛ مستغرق ہونا ۔

gripe, v.t. (بول چال) خفا کرنا ؛ تکلیف دینا یا پریشان کرنا ؛ درد قولنج پیدا کرنا جیسے تشنج سے ؛ صعوبت دینا ؛ زچ کرنا ۔ (قدیم) مضبوط پکڑنا ؛ بھینچنا ؛ مضبوط گرفت کرنا ؛ زور سے پکڑنا ۔ (فعل لازم) (بول چال) شکایت کرنا ؛ بڑبڑانا ؛ اُکتا دینے والے انداز میں خفگی یا عدم اطمینان کا اظہار کرنا ؛ اینٹھن ہونا ؛ درد قولنج ہونا ۔ (اسم) (بول چال) شکایت ۔ (جمع) پیٹ کی اینٹھن ۔ (قدیم) پکڑ ؛ گرفت ؛ ضبط ؛ دستہ ؛ قبضہ ۔

griper, n. گیرا ؛ پکڑنے والا ؛ گرفت کرنے والا ؛ درد قولنج پیدا کرنے والا ۔

grippe, grip, n. (امراضیات) انفلوئنزا ؛ وبائی زکام ۔

grippal, grippelike, a. انفلوائنزا سا ۔

gripsack, n. (بول چال) سفری بیگ ؛ دستی بیگ ۔

grisaille, n. خاکستری ؛ گریزی ؛ متنوّع خاکستری رنگ کی زیبایشی مصوّری کا ایک طریقہ جس سے موضوع نمایاں ہو ؛ ایسی مصوّری کا کوئی نمونہ ۔

griseous, n. نیلگوں خاکستری خاص کر سفیدی مائل خاکستری ؛ عموماً دھبّے دار ۔

grisette, n. [ایک خاکستری کپڑا] فرانسیسی مزدور عورت ؛ گرزٹ ؛ فرانس میں مزدور طبقے کی جوان محنت کش عورت ۔

gris-gris, greegree, grigri, n. چُھو چھا ؛ منتر جنتر ؛ گری گری ؛ افریقی تعویذ ، گنڈا یا منتر جو اپنی حفاظت یا دُشمنوں کو نقصان پہنچانے کے لیے کیا جاتا ہے ۔

grisly, a. خوفناک ؛ مُہیب ؛ ڈراؤنا ؛ ہیبت ناک ۔

grisliness, n. ڈر ؛ خوف ؛ ہیبت ناکی ۔

grist, n. چکیّ میں پسا ہُوا یا پسنے والا غلہ ؛ چکی کا کول ؛ پسان ۔

grist for one's mill, کوئی چیز جسے اپنے لیے فائدہ مند یا مفید بنایا جا سکے ۔

gristle, a. کُرکری یا چبنی ہڈّی ؛ نرم ہڈّی ؛ کُری ؛ غضروف ۔

gristly, a. کرکری ہڈّی کی طرح ۔

gristliness, n. کرکراہٹ ۔

grit, n. دلیا ؛ روا ؛ کنکری ؛ کنکر ؛ سنگ ریزہ ؛ باریک سخت ذرے مثلاً مٹی ، ریت ، کنکر یا غلّے میں کنکریلے ٹکڑے ؛ کھردرے ذرات والی ریتلی چٹان کا ٹُکڑا جیسے سنگ ریگ ؛ کھدرا پن یا ہمواریت کے لحاظ سے پتھر کی ساخت ۔ (مجازاً) کردار کی پختگی ؛

باعث نڈھال ؛ بیماری یا چوٹوں کی وجہ سے سرگراں ۔ (قدیم) شرابی ؛ متوالا ؛ لڑکھڑانے والا ؛ متزلزل ۔

groggily, adv. مدہوشی سے ؛ لڑکھڑاہٹ سے ۔

grogginess, n. مدہوشی ؛ میخواری ؛ لڑکھڑاہٹ ؛ تزلزُل ۔

grogram, n. گروگرم ؛ ریشمی اُونی کپڑا ؛ ایک قسم کا موٹا کپڑاجو ریشم اور مُہیر (انگورا کے بکرے کی اُون) یا ریشم اور اُون کو ملا کر بنتا ہے ؛ موٹا مضبوط ریشمی کپڑا ۔

groin, n. (تشریح الاعضا) چڈا ؛ جانگھ ؛ جنگاسا ؛ جسم کے دونوں طرف شکن یا خلا جہاں رانیں پیٹ سے آ کر ملتی ہیں ؛ بُن ران ۔ (فنِ تعمیر) متقاطع محرابوں کا کونہ ؛ ان کونوں کا سلسلہ ؛ اربیہ ۔

groin, v.t. (فنِ تعمیر) متقاطع محرابوں کی طرز پر تعمیر کرنا ۔

groining, n. (فنِ تعمیر) متقاطع محرابوں کا طرز تعمیر ۔

grommet, grummet, n. (میکانیات) کڑا ، واشر یا چھلا جو کسی سوراخ کو مضبوط کرنے کے لیے یا سُوراخ میں سے گزرنے والی شے کو محجوز کرنے یا بیٹھنے میں مدد دینے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔ (جہاز رانی) رسّی کا چھلا دھاتی کڑے کے ساتھ یا اس کے بغیر جو بادبانوں ، چھپوؤں وغیرہ کو باندھنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

gromwell, n. گروم ویل ؛ بالوں جیسا جھاڑ نما پودا ، جس کے پُھول سفید ، پیلے یا نیلے رنگ کے اور بیج سخت ہموار قسم کے ہوتے ہیں ۔

groom, n. دولہا ؛ گھوڑوں یا اصطبل کا مہتمم کوئی آدمی یا لڑکا ؛ انگریزی شاہی گھرانے کا ایک افسر ۔ (فعل متعدی) صاف ستھرا کرنا ؛ گھوڑے کو ملنا ؛ کھریرا کرنا ؛ تربیت دینا یا تیّار کرنا ، کسی مخصوص مقصد کے لیے ، (جیسے کسی اسامی ، ملازمت یا کام کے لیے) ؛ بنانا سنوارنا ۔

groomsman, n. شہ بالا ؛ دُولھے کا کنوارا دوست جو حسب رواج نکاح کے وقت اس کے ساتھ رہتا ہے ۔

groove, n. نالی ؛ جھری ؛ میزاب ؛ کھانچا ؛ دراڑ ؛ رخنہ ۔ (مجازاً) کسی کی زندگی کا معمول ؛ بندھا ٹکا کام ۔ (فعل متعدی) جھری بنانا ؛ نالی بنانا ؛ کھانچا بنانا ؛ کھودنا ؛ جوف بنانا ۔

groover, n. جھری بنانے والا ۔

groovy, a. زندگی اور رویے میں معمول کے طریقے کو مستقلاً اپنانے کی طرف راجع ؛ لکیر کا فقیر ؛ غیر متغیّر ؛ بغیر کسی انحراف کے ۔ (عوامی) نشاط انگیز یا ہیجان انگیز ؛ دلکش (جیسے : groovy performance) ۔

grope, v.i. ٹٹولنا ؛ کسی شے کو اندھوں کی طرح تلاش کرنا ؛ ٹٹول کر معلوم کرنا ؛ پریشان ہو کر ڈھونڈنا ۔ (فعل متعدی) ٹٹول کر راستہ معلوم کرنا (جیسے : They grope their way toward the exit) ۔

grosbeak, n. کبیر المِنقار ؛ ایک قسم کا چھوٹا پرندہ جس کی چونچ بڑی اور مضبوط ہوتی ہے ؛ چھوٹی چڑیوں کا کوئی جُھنڈ جو اپنی بڑی اور نوکیلی چونچ سے پہچانا جاتا ہے ۔

grosgrain, n. گف پٹی ؛ ایک قسم کا گاڑھا بُنا ہوا ریشم یا ریان کا کپڑا جس کی بنت کے تار بھاری ہوتے ہیں لیکن چمک بہت کم ہوتی ہے ، اکثر ربن کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

gross, a. کُل یا مجموعی ؛ کٹوتی کے بغیر کل رقم کا

ہمّت ؛ استقلال ؛ کس بَل ؛ جیوٹ ؛ خوش قسمتی ۔ (فعل متعدی) دانت کٹکٹانا ۔ (فعل لازم) کرکراہٹ کی آواز کا پیدا ہونا ؛ پیسنا (دانت کا) ۔

grits, hominy grits, n. دلیا ؛ مکئی کا موٹا آٹا ؛ موٹا آٹا جو دلیے کے طور پر پروٹین کی ضروریات کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

gritty, a. کنکریلا ؛ کرکرا یا کنکر دار ؛ کسکسا ؛ ریتلا ؛ باریک پتھریلے یا سخت ذرّوں والا ۔ (بول چال) باہمّت ؛ مستقل مزاج حوصلہ مند ؛ کس بل والا ۔

grittily, adv. ریتلے پن سے ؛ مستقل مزاجی سے ۔

grittiness, n. کرکراپن ؛ کسکساہٹ ؛ کس بل ۔

grivet, n. گریوٹ ؛ حبش کا ایک چھوٹا سبزی مائل بُھورے رنگ کا بندر ۔

grizzle, a. خاکستری ۔ (اسم) خاکستری رنگ ؛ خاکستری بال ۔ (فعل متعدی و لازم) خاکستری کرنا یا ہونا ؛ بال خاکستری رنگنا ۔

grizzle, v.i. (برطانوی) جھنجھلانا ؛ مُنھ پھلانا ؛ کُتّے یا بچےکی طرح رونا ، کُوکنا یا کرلانا ۔ (اسم) (برطانوی) زُود رنجی ؛ نازُک مزاجی ؛ تنک مزاجی ؛ چڑچڑا پن ۔

grizzled, a. خاکستری ؛ خاکی ؛ بھورا ؛ خاکی دھاریوں والا ؛ خاکی مُو ۔

grizzly, a. خاکستری ؛ خاکی ؛ بُھورا ۔

grizzly bear, n. بُھورا ریچھ ؛ شمال مغربی امریکا کا بڑا وحشی ، بُھورے بالوں والا ریچھ ۔

groan, v.i. کراہنا ؛ کراہ کر کہنا ؛ غم ، تکلیف اور ناراضگی کے اظہار کے لیے بلا الفاظ گہری آواز نکالنا ؛ آہیں بھرنا ؛ ہائے ہائے کرنا ؛ بہت اذیت میں ہونا (عموماً beneath یا under کے ساتھ) ؛ بہت دبا ہوا ہونا ۔ (فعل متعدی) کراہ کر بولنا یا بیان کرنا ؛ تڑپنا ۔ (اسم) کراہنے کی آواز ۔

groaner, n. کراہنے والا ۔

groaningly, adv. کراہتے ہوئے ؛ فریاد کے ساتھ ۔

groat, n. گروٹ ؛ چار پنس کا ایک پُرانا انگریزی سِکّہ ؛ کم قیمت والے مختلف یورپی سِکّوں میں سے کوئی ایک ۔ (مجازاً) حقیر رقم ؛ کوئی معمولی شے ۔

groats, n. جَو ، گندم یا کوئی اور اناج جس کا چھلکا اُترا ہُوا اور دانے چھوٹے چھوٹے ٹُکڑوں کی شکل میں کٹے ہوئے ہوں ؛ دلیا ۔

grocer, n. پنساری ؛ بقّال ؛ بنیا ؛ کھانے پینے اور گھریلو استعمال کی چیزیں فروخت کرنے والا ؛ کریانہ فروش ۔

gorcery, n. پنساری کا پیشہ یا دُکان ؛ کریانہ ۔ (جمع) پنساری کا سامان ۔

Groenendael, n. گرونَنڈال ؛ بیلجیم کا ایک سیاہ رنگ کا کُتّا جو مویشیوں کی رکھوالی کرتا ہے اور پہلے پہل بیلجیم کے شہر گرونَنڈال میں پالا جاتا تھا ۔

grog, n. گراگ ؛ خمر اب ؛ تیز شراب کے لیے عام اصطلاح ؛ ایک الکوحلی مشروب عموماً پانی ملی رَم ؛ ظروف سازی کا پسا ہوا مواد ۔

groggery, grogshop, n. (عوامی) شراب خانہ ۔

groggy, a. مدہوش ؛ عالم غنودگی میں ؛ بے خوابی کے

(برخلاف خالص رقم کے) (جیسے : gross income) ؛ کل آمدنی یا کل یافت ؛ مجموعی ؛ فاش یا کُھلی ؛ واضح ؛ سخت (جیسے : gross mistake, gross injustice) ؛ کثیف یا مکدّر ؛ غلیظ یا موٹا ؛ بھدا ؛ کثیر یا وافر ؛ لبریز ؛ مالا مال ؛ اُبھرا ہُوا ؛ پُھولا ہُوا ؛ میلا ؛ چکٹا ؛ مکروہ ؛ کند سُست ؛ بیہودہ ؛ غیر مہذّب ؛ ناشایستہ ؛ فحش ـ (فعل متعدی) کمانا جیسے کل رقم کا ، منافع کا بغیر کٹوتی کے ـ (اسم) مجموع ؛ مجموعیت ؛ کٹوتی سے پہلے کُل رقم نیز Gross income ـ (قدیم) بیشتر حصّہ یا کثرت ـ (اسم) گُرس = بارہ درجن = ۱۴۴ عدد ـ

grossly, adv. کُلی طور پر ؛ بہ شدت ؛ بہ نہایت ؛ صاف طور پر ؛ بدتمیزی سے ؛ بے شرمی سے ؛ پھوہڑ پن سے ـ

grossness, n. کُلیّت ؛ کثرت ؛ غلاظت ؛ بیہودگی ـ

gross income, n. جملہ آمدنی ؛ کسی شخص یا ادارے کے جملہ ذرائع ، مثلاً اجرت یا تنخواہ ، منافع جات ، فروخت سے یافت یا جائیداد کی فروخت ، سود وغیرہ ، کٹوتی سے پہلے ؛ خام آمدنی ؛ کُل آمدنی ـ دیکھیے : net income ـ

gross national product, GNP, G.N.P., n. (معاشیات) خام قومی پیداوار : خ ق پ ؛ کسی قوم کی ایک معیّن مدت ، عموماً ایک سال کے دوران ، اشیا کی پیداوار اور خدمات سے حاصل شُدہ کل آمدنی ؛ خالص قومی پیداوار ـ دیکھیے : net national product, net national income ـ

gross profit, n. (حسابداری) مجموعی نفع ؛ خام منافع ؛ کل منافع ؛ جُملہ منافع ؛ کسی کاروبار کی کل آمدنی جس میں سے فروخت شدہ مال کی قیمت کم کر کے ابتدائی اخراجات منہا کیے گئے ہوں اور ٹیکس وغیرہ کی کٹوتی نہ کی گئی ہو ـ دیکھیے : net profit ـ

grassularite, n. یاقُوت ؛ سرخ ، بھورا ، پیلا ، سبز یا سفید یاقُوت ـ

grot, n. (شاعری) غار ؛ کھوہ ـ دیکھیے : grotto ـ

grotesque, n. مضحک شے ؛ کوئی شے جو عجیب الخلقت یا بھدّی ہو ؛ بگڑی ہوئی شکل ؛ مضحک شکل ؛ آدھا تیتر آدھا بٹیر ؛ غریب الہیئت ـ (فن) ایک قسم کی نقاشی یا سنگتراشی جس میں انسان اور حیوان کی عجیب و غریب تصویریں اور پُھول پتیّاں ملی جلی ہوں ـ (صفت) بے ڈھنگا ؛ مضحک ڈیزائن یا شکل ـ

grotesquely, adv. مضحک طور پر ؛ بیہودگی سے ؛ بے ڈھنگے پن سے ـ

grotesqueness, n. بے ڈھنگا پن ؛ بے تُکا پن ؛ اضحوکہ ـ

grotesquery, grotesquerie, n. مضحک ؛ بے ڈھنگی ؛ بے تُکی چیز یا کام ؛ بے ڈھنگے کرداروں کا گروپ ؛ مضحک پن ؛ اضحوکہ ہونے کی حالت ـ

grotto, n. غار ؛ کھوہ ؛ سرداب ؛ مصنوعی غار ؛ خوبصورت غار یا کھوہ ؛ قدرتی غار ـ

grouch, v.i. (بول چال) افسردہ یا چڑچڑا ہونا ؛ بے اطمینانی کا ظاہر ہونا ـ (اسم) (بول چال) افسردگی ؛ چڑچڑا پن ؛ چڑچڑا آدمی ؛ افسُردہ آدمی ـ

grouchy, a. چڑچڑا ؛ بے اطمینان ـ

grouchily, adv. چڑچڑے پن سے ؛ افسردگی سے ـ

grouchiness, n. افسُردگی ـ

ground, n. زمین کی سطح ؛ استر ؛ زمین ؛ مٹی ، جھیل ، سمندر یا کسی قطعۂ آب وغیرہ کی تہ ؛ اراضی ؛ جاگیر/جائیداد ـ (بعض اوقات جمع) مخصوص مقصد کے لیے وقف زمین (جیسے : hunting ground) ـ (جمع) کسی عمارت کے گرد رقبۂ زمین جو کل جائیداد کا حصہ ہو ـ (بعض اوقات جمع) ایسی شے جس پر کسی چیز کا انحصار ہو ، وہاں سے اٹھے یا پُھوٹے ؛ بُنیاد ؛ اساس ؛ سہارا ؛ سبب ، جیسے کسی عقیدے یا دلیل کا ؛ عمل کے لیے وجہ یا محرک ؛ بحث کے لیے موضوع ؛ مضمون ـ (برق) ارضیہ ؛ زمین کے ساتھ موصل کے جوڑ کے لیے عام اصطلاح ؛ ارضی تار ـ (مصوّری) رنگ کی پہلی تہ جس پر دوسرے رنگوں سے نقش ابھارے جاتے ہیں ؛ ورق یا پس منظری شے جو ہر شے کی آب و تاب بڑھا دیتی ہے ـ (کندہ کاری) پلیٹ کی سطح پر پھیلایا ہوا مسالا جو پلیٹ کو تیزاب سے محفوظ رکھتا ہے اور جس پر نمونہ بنا کر تیزاب سے کھدائی کی جاتی ہے ـ (جمع) مائع کی تہ میں تلچھٹ ؛ گاد ؛ دُرد ؛ فضلہ ؛ شراب کی تلچھٹ ـ (فعل متعدی) زمین پر رکھنا یا مرتّب کرنا ؛ جہاز کا زمین پر چڑھا دینا ؛ کسی بُنیاد پر مضبوط یا مستحکم ہونا ؛ مضبوطی سے جوڑنا یا جمانا ؛ محدود کرنا ؛ بنا قرار دینا ؛ مدار رکھنا ؛ بُنیاد مضبوط کرنا ؛ ابتدائی اصول اچھی طرح سکھانا ؛ زمین مہیّا کرنا جیسے کسی تصویر کَشی کے لیے ؛ عناصر یا اصولوں میں پوری طرح تربیت دینا ؛ زمین پر موجود رہنے کی وجہ بننا جیسے کسی پائلٹ یا ہوائی جہاز کے لیے ـ (برق) زمین سے ملانا جیسے کسی برق کَش کا ـ (فعل لازم) جہاز کا خشکی پر چڑھ جانا ـ (بیس بال) گیند کو زمین پر مارنا ؛ زمین سے جا ٹکرانا اور ٹک جانا (جیسے : The ship grounded in two fathoms of water) ـ

break ground, پہلی کھدائی کرنا ؛ ابتدا کرنا ؛ کسی مہم میں پہلا قدم اٹھانا ـ

gain ground, بڑھنا ؛ ترقی کرنا ؛ رائج ہونا ؛ رواج پانا ؛ فائدہ اٹھانا ـ

give ground, پسپا ہونا ؛ فائدے سے دستبردار ہونا ـ

lose ground, پیچھے ہٹنا ؛ پسپا ہونا ؛ مقبولیت یا اثر کھو دینا ؛ زوال پذیر ہونا ـ

stand one's ground, اپنی دلیل یا ارادے پر قائم رہنا ؛ جھکنے یا پسپا ہونے سے انکار کرنا ـ

ground cherry, Chinese lantern plant, n. چینی لالٹین ؛ گراؤنڈ چیری ؛ بیر کی قسم کے پھل والا پودا جس کا پھل دھاری دار غلاف میں ہوتا ہے ـ

ground connection, n. (برق) ارضیہ ؛ ارضی تار ؛ موصل کا زمین کے ساتھ جوڑ ـ

ground cover, n. جنگل میں اُگنے والی چھوٹی جھاڑیاں اور پودے ؛ بیل کی مانند پھیلنے والا ایک پودا جو گھاس کی بجائے زمین ڈھانپنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ زمین گیر پودے ـ

ground crew, n. زمینی عملہ ؛ ہوائی جہاز کی دیکھ بھال اور مرمّت کا ذمہ دار زمینی عملہ ـ

ground effect machine, Hovercraft, n. ہوور کرافٹ ؛ ایسی گاڑی یا جہاز جو زمین یا پانی کی سطح سے تھوڑا سا اُوپر ہوا پر تیرتا ہے اور نیچے کی جانب پنکھوں سے پیدا کردہ ہوا کے دباؤ کے باعث قائم رہتا ہے ، عموماً افقی حرکت کے لیے علیحدہ نظام کے ذریعے چلتا ہے ـ

grounder, n. (بیس بال ، فٹ بال ، کرکٹ) پاؤں یا بلّے کی ضرب یا ہاتھ سے پھینکا گیا گیند جو زمین کے ساتھ لڑھکتا جائے ـ

ground floor, n. نچلی منزل ؛ زمینی منزل ؛ بُنیادی منزل ؛ کسی عمارت کی وہ منزل جواردگرد کی زمین کی سطح پر ہو ۔
in on the ground floor, اولین سرمایہ کار کی حیثیت سے بہترین موقع سے فائدہ اٹھانے کا عمل ۔

ground glass, n. دُھندلا شیشہ ؛ مُکدّر شیشہ ؛ ایسا شیشہ جس کی سطح کو ریگ مال کے ذریعے دھندلا کر کے نیم شفاف بنا دیا گیا ہو اور اسے بصری یا عمارتی مقاصد کے لیے استعمال کیا جائے ؛ نیم شفّاف شیشہ ؛ پسا ہوا شیشہ جو بطور ریگ مال یا پالش کرنے کے لیے استعمال ہو ۔

ground hog, n. امریکی گلہری ؛ ارض خُوک ؛ امریکی مارموت ۔
Ground-hog Day, یوم ارض خُوک ؛ دو فروری جب روایت کے مطابق ارض خوک سرمائی بے حِسی سے بیدار ہو کر بلوں سے باہر نکلتے ہیں اور اگر دھوپ والا دن ہو اور ارض خُوک اپنے سائے سے ڈر کر دوبارہ سرمائی بے حسی کی طرف لوٹ جائے تو سردی کے مزید چھ ہفتوں کی پیش گوئی کی جاتی ہے ۔

ground ivy, gill-over-the-ground, n. لتا ؛ زمینی بیل ؛ پودینے کی مانند بیل والا پودا جس کے گول پتے اور لاجوردی ، ارغوانی رنگ کے پُھول ہوتے ہیں ۔

groundless, a. بے سبب ؛ بے دلیل ؛ بے سروپا ؛ بے بنیاد ۔
groundlessly, adv. ناحق طور پر ؛ بے بُنیاد انداز میں ۔
groundlessness, n. بے بُنیادی ؛ بے سببی ۔

groundling, n. زمینی ؛ سطح زمین پر یا اس کے قریب قریب رہنے والے جانور ، پودے یا بیل ؛ ایک قسم کی مچھلی جو تہ کے قریب تیرتی ہے ؛ ادنیٰ مذاق کا شخص ،خصوصاً باذوق حلقوں میں ؛ تماشائی یا ناظر ؛ ایسا شخص جو تھیئٹر یااسٹیڈیم میں نچلے درجہ کی نشست پر بیٹھے ؛ ابتداً ایسا تماشائی جو تھیئٹر کے گڑھے میں کھڑا رہتا تھا ۔

ground loop, n. فوری گردش ؛ کسی جہاز کی اڑان یا اترتے وقت یا رن وے پر دوڑتے وقت کی روک سے بچنے کے لیے یا بے قابو ہونے کے باعث فوری طور پر ہونے والی گردش ۔

groundmass, n. (ارضیات) زمینی بافت ؛ قلمی ، دانہ دار یا چمک دار اساس جس میں زیادہ نمایاں قلمیں جڑی ہوتی ہیں ۔

groundnut, n. مُونگ پھلی ؛ مونگ پھلی کی قسم کا کوئی اور پھل جو زیرِ زمین نشوونما پائے ؛ گری دانہ ۔

ground pine, n. زمینی صنوبر ؛ یورپی پودوں کی ایک قسم یا رال کی خوشبو رکھنے والی پودینہ نُما جھاڑی؛ ایک قسم کا گرگ پا (club moss) پودا ۔

ground plan, n. عمارت کی کسی منزل کا نقشہ یا ابتدائی خاکہ ۔

ground plate, groundsel, groundsill, n. بُنیادی تختہ؛ ریلوے کی پٹڑی کے جوڑ کے نیچے والی تختی ؛ گراؤنڈ پلیٹ ۔ (برق) دھات کی تختی جسے زمین میں گہرا گاڑ کر کسی برقی سرکٹ کو زمین سے جوڑتے ہیں ؛ کسی چوکھٹے یا عمارت میں سب سے نچلا افقی شہتیر ؛ بُنیاد ۔

ground rent, n. کرایۂ زمین ؛ کسی دُوسرے کی زمین کو استعمال کرنے اور وہاں عمارت تعمیر کرنے کے حق کا کرایہ ؛ تہ بازاری ؛ زیر لگان ۔

ground school, n., a. گراؤنڈ اسکول ؛ ایسا تعلیمی ادارہ جس میں ہوا بازی کی تعلیم و تربیت کے دوران متعلّم نظری پہلوؤں کے بارے میں تربیّت حاصل کرتا ہے ۔

ground sel, n. گراؤنڈ سیل ؛ عام طور پر پیلے گچھے دار پُھولوں والا پودا ۔

ground squirrel, n. زمینی گلہری ؛ بلوں میں رہنے والی گلہری جیسے جانوروں میں سے کوئی ایک ، جیسےامریکی گلہری اور گوفر وغیرہ ۔

ground state, ground level, n. (طبیعیات) زمینی سطح ؛ کسی ذرّے یا ذروّں کے نظام کی مُمکنہ سب سے نچلی توانائی کی سطح ۔

ground swell, n. ساحلی چَھل ؛ تیز لہریں یا سمندر کا اُچھال جو سرِساحل سمندر میں دُور پیدا ہونے والے طوفان یا طوفانی ہواؤں سے اٹھا ہو ۔

ground water, n. زیر زمین پانی ؛ آبِ تحت الارض ؛ زمینی پانی ؛ زمین کی سطح کے نیچے تازہ پانی کا منبع جس سے کنویں ، چشمے وغیرہ کو پانی ملتا ہے اور جو سطح سے زمین میں رس رس کر جمع ہوتا رہتا ہے ۔

ground wave, n. زمینی موج ؛ ریڈیائی لہر جو سطح زمین کے ساتھ ساتھ یا اس کے قریب رواں رہتی ہے ۔

ground work, n. اساس ؛ بُنیاد ؛ ابتدائی کام جس سے داغ بیل رکھی جائے ؛ بِنا ۔

ground zero, hypocenter, n. زمینی صفر ؛ ایٹم بم یا ہائیڈروجن بم پھٹنے کے عین اوپر یا نیچے کا زمینی یا سمندری مقام ۔

group, n. گروہ ؛ گروپ ؛ چیزوں یا اشخاص کا کوئی مجموعہ ، جُھنڈ یا مجمع ؛ جتھا ؛ گُچھا ؛ پَرا ؛ ٹُکڑی ؛ اشخاص یا اشیا کا ایسا اجتماع جو کسی سائنسی ، قُدرتی یا دوسرے طریقے سے باہم اکٹھا سمجھا جائے ؛ جماعت ؛ فریق ؛ زُمرہ ؛ کسی معاشرے میں ایسے لوگ جو مشترک اقدار یا رشتوں سے باہم منسلک ہوں ، مثلاً نسل ، قوم یا پیشہ وغیرہ سے ۔ (فن) مرقّع ؛ مجموعہ ؛ اشکال کا باہم اکٹھا کیا ہوا مجموعہ جیسے کسی تصویر میں یا مجسمّے میں ۔ (ارضیات) کسی ارضیاتی عہد میں مختلف دفینوں کی تہوں کی درجہ بندی کا ایک حصّہ ۔ (کیمیا) گروپ ؛ کسی سالمے میں باہم ملے ہوئے ایٹم یا ان کی کوئی مخصوص ترتیب ؛ ایک اصلیہ یا ریڈیکل ۔ (حیاتیات) جانوروں یا پودوں کا گروپ جو مشترکہ خصوصیات کے باعث یا کسی خاص انداز میں باہم مشترک ہوں ؛ گروپ ؛ صنف ؛ جنس ۔ (امریکی فضائیہ) کسی ونگ کے تحت ایک یونٹ (گروپ) ۔ (امریکی برّی فوج) دو یا زیادہ بٹالین پر مشتمل فوج کی وحدت (ایک بریگیڈ) ۔ (فعل متعدی) جمع کرنا ؛ جماعت یا گروہ بنانا یا درجہ بندی کرنا ۔ (فعل لازم) گروہ تشکیل دینا ؛ کسی گروہ میں شریک ہونا ۔

groupage, n. گروہ بندی ؛ جماعت بندی ؛ صف بندی ۔

group dynamics, n. گروہی حرکیات ؛ کسی انسانی گروپ میں عامل قُوّتوں کا عمرانی مطالعہ ؛ ایسی متعامل قوتیں ۔

grouper, n. گروپر ؛ گرم پانیوں کی ایک قسم کی خوردنی مچھلی جو امریکا کے جنوب میں بحر اوقیانوس کے ساحلوں کے قریب پائی جاتی ہے (جیسے red grouper) ۔

grouping, n. گروہ بندی ؛ گروہ سازی ؛ ترتیبِ گروہ ؛ افراد ، اشیا یا حصص کی ان کے مطابق گروپ یا گروہوں میں ترتیب ۔

group insurance, n. گروہی بیمہ ؛ اجتماعی بیمہ ؛ ایسا بیمہ

(grown with corn)۔

grow up, سِن بلوغ کو پہنچنا ؛ جوان ہونا ؛ بڑھنا ؛ پھیلنا ؛ رواج پانا ؛ اُگنا ؛ نشوونما پانا۔

growable, a. پودے کی طرح ، ترقّی پذیر یا اگنے والا ؛ نمو پذیر۔

grower, n. اگانے والا ؛ بونے والا ؛ کاشتکار۔

growingly, adv. روز افزوں ؛ بڑھتے ہوئے۔

growing pains, n. دردِ بلوغت ؛ عصبی درد ؛ بچپن اور نوبلوغت کے دوران اعضا میں غیر متعین درد جس کو عموماً بڑھنے کے عمل سے منسوب کیا جاتا ہے ؛ نوبلوغت میں جذباتی دباؤ ؛ نئے کاروبار یا منصوبے سے متعلق عام مسائل۔

growl, v.i. غُرّانا ؛ غُصّے کی آواز نکالنا ، جیسے کوئی کتا یا ریچھ غُرّاتا ہے ؛ بُڑبُڑانا ؛ گرجنا ؛ چرچرانا ؛ گڑگڑانا۔ (فعل متعدی) بڑبڑا کر بات کرنا۔ (اسم) بڑبڑاہٹ ؛ غراہٹ ؛ شکایت ؛ گرج ؛ گڑگڑاہٹ ؛ غصے بھری آواز۔

growler, n. غُرّانے والا ؛ گرجنے والا ؛ چرچرانے والا۔ (کینیڈا ، جہاز رانی) اتنا بڑا برف کا تودہ (آئس برگ) جس سے جہازوں کو خطرہ لاحق ہو۔ (برق) برقی حلقے میں شارٹ سرکٹ کو تلاش کرنے والا۔ (عوامی) گھڑا یا دوسرا ایسا برتن جو کوئی خریدار بیئر کے لیے لے جائے۔

grown, a. نمویافتہ ؛ نمو میں آگے ؛ پورا پکا ہوا ؛ پُختہ (جیسے : a grown man) ؛ بالغ ؛ کاشتہ ؛ افزودہ۔

grownup, n. بالغ ؛ بلوغت رسیدہ ؛ پوری طرح عاقل و بالغ شخص۔

grown-up, a. بالغ کے لیے موزوں یا مناسب ؛ بالغانہ ؛ پختہ ؛ بالغ ؛ جسمانی یا ذہنی بلوغت تک پہنچا ہوا۔

grown-upness, n. بلوغت ؛ جوانی ؛ پھیلاؤ۔

growth, n. نمو ؛ نشوونما پانے کا کام ، طریقہ یا عمل ؛ تدریجی ترقی ؛ پیداوار ؛ حالت یا حاصل شدہ قد،خصوصاً بالغ ہونے پر (جیسے : to come to the full growth) ؛ کوئی بالیدہ ، روئیدہ یا افزودہ شے از خود یا قُدرتی عمل کے سبب سے (جیسے : the growth of a legend a growth of weeds)۔ (امراضیات) نسیج یا بافت کا غیر معمولی پھیلاؤ جیسے سلعہ ، رسولی ؛ نشوونما ؛ ترقی ؛ اضافہ ؛ زیادتی ؛ بالیدگی ؛ روئیدگی ؛ اپج ؛ بڑھوتری ؛ افزونی ؛ افزایش ؛ زراعت ؛ کاشت۔

growthless, a. بے نمو ؛ ترقی میں خام ؛ افزایش میں خام۔

growth stock, n. اضافہ پذیر اثاثہ ؛ گروتھ اسٹاک ؛ کسی کمپنی کا عمومی اثاثہ جس میں مستقبل میں اضافے اور منافع کے امکانات موجود ہوں۔

G.R.S, n. جی آر ایس ؛ ایک قسم کا مصنوعی ربڑ جو نسبتاً کم درجہ حرارت (قریباً ۴۱ درجے فارن ہائٹ) پر تیّار کیا جاتا ہے اور خاص طور پر ٹائروں میں استعمال ہوتا ہے۔

grub, v.t. کھودنا ؛ بیخ کَنی کرنا ؛ درختوں کو جڑوں سے کھود نکالنا ؛ کھود کر جڑیں باہر نکال پھینکنا۔ (عوامی) کھانا مہیّا کرنا ؛ کھلانا۔ (فعل لازم) کھودنا ؛ تلاش کرنا ؛ کھوج لگانا ؛ ڈھونڈ نکالنا ؛ مشقّت کی زندگی گزارنا ؛ جان مارنا ؛ محنت کرنا۔ (عوامی) کھانا لینا یا کھانا۔ (اسم) تتلی وغیرہ کا لاروا ؛ پھل روپ ؛ سُنڈی ؛ کرمک ؛ جُت کر کام کرنے والا ؛ خدمتگار ؛ غلاموں کی طرح

جس میں ایک ہی اسکیم کے تحت کسی ادارے ، محکمے یا تنظیم کے جُملہ ملازمین کا بیمہ ایک ساتھ ہو جائے ؛ ایک ہی عہدنامے کے تحت جو بیمہ پالیسی سب کے لیے ہو اور اس میں بیمہ شدہ یا بیمہ کرانے والے کی عمر اور تندرستی کا کوئی لحاظ نہ ہو۔

grouple, n. ۱۔ (عوامی) مشاہیر کا پیرو ، خصوصاً بیس سال سے کم عمر لڑکا یا لڑکی جو کسی راک اینڈ رول مغنی کی تقلید کرتی ہو۔ ۲۔ جنسی وابستگی کے لیے مشاہیر کی پیروی کرنے والی عورت۔

group therapy, n. (طبّ نفسی) گروہی علاج ؛ ذہنی مریضوں یا معاشرتی طور پر ناآسودہ لوگوں کے لیے علاج کا طریقہ جس میں وہ اپنے مسائل باہم مباحثے کے ذریعے حل کرتے ہیں۔

grouse, n. (حیوانیات) گراؤس ؛ قطات ؛ باقرقرہ ؛ بھٹ تیتر ؛ زمین کریدنے والے بہت سے شکاری پرندوں کا عام نام جو سُرخی مائل ہوتے ہیں۔

grouse, v.i. بڑبڑانا ؛ شکایت کرنا ؛ گلہ کرنا۔ (اسم) شکایت ؛ بڑبڑاہٹ ؛ گلہ بندی ؛ شکوہ ؛ گلہ۔

grouser, n. بڑبڑیّا ؛ عادتاً گلہ مند ؛ شاکی۔

grout, n. گچ ؛ کسی چنائی کے جوڑوں میں ڈالا جانے والا پتلا سیمنٹ کا مسالا ؛ پلاوا ؛ کسی سطح،مثلاً دیوار پر کرنے کی پلستر ؛ پتلا گچ ؛ استر کاری کا مسالا ؛ کوئی سادہ کھانا ؛ ایک قسم کی تیز شراب۔ (عموماً جمع) دُرد ؛ تلچھٹ ؛ رسُوب ؛ گاد۔ (فعل متعدی) گچ کرنا ؛ گچ پھیرنا۔

grouter, n. گچ کرنے والا ؛ استرکار۔

grove, n. کُنج ؛ جھنڈ ؛ بیشہ ؛ درختوں کا جُھنڈ، خصوصاً جب اس کے نیچے روئیدگی نہ ہو ؛ اخروٹ اور پھل دار درختوں کا باغ ؛ ایک چھوٹا سا جنگل۔ (کیمیا) نالی ؛ کھانچا۔

groved, a. کُنج دار۔

groveless, a. بے کُنج۔

grovel, v.i. زمین پر لیٹ جانا ؛ زمین پر منہ کے بل لیٹنا یا رینگنا ؛ ذلّت اختیار کرنا ؛ اپنے کو ذلیل کرنا جیسے خوف یا انکساری کے باعث۔ (مجازاً) خود کو ذلیل کرنا جیسے خوف سے یا فرومائیگی کے باعث ؛ ذلیل باتوں میں خوشی محسوس کرنا۔

groveler, groveller, n. اپنے آپ کو ذلیل کرنے والا ؛ ذلیل آدمی۔

grovelingly, grovellingly, adv. ذلت سے۔

grow, v.i. اُگنا ؛ بڑھنا ؛ نشوونما کے عمل سے گزرنا، خصوصاً بڑھنے (بلوغت) کی طرف ؛ زندہ رہنا ؛ زندگی برقرار رکھنا یا وجود میں ہونا (جیسے : The plant can grow under severe conditions) ؛ فطری تعامُل سے پیدا ہونا (جیسے پتّے یا پھل) ؛ کسی تخم ، بیج ، نسل یا اصل ماخذ سے پھوٹنا یا نکلنا (جیسے : Love grows out of friendship) ؛ فطری افزایش سے پھلنا پھولنا ؛ رفتہ رفتہ بڑھنا یا بڑا ہونا (جیسے : a fear, flood, or sum grows, heat or emotion grows) ؛ اثر و رسوخ یا تاثیر کا زیادہ ہونا (جیسے : a habit that grows on one) ؛ رفتہ رفتہ وابستہ یا متحّد ہو جانا (جیسے : to grow fast to a thing) ؛ بتدریج ہونا ؛ ہو جانا ، (جیسے : to grow old or rich)۔ (فعل متعدی) بڑھانا ؛ کاشت کرنا ، پیدا کرنا یا اگانا ؛ اُگنے دینا ، (جیسے : to grow a beard) ؛ بالیدگی سے ڈھک لینا (جیسے : a field

کام کرنے والا شخص ۔ (عوامی) خوراک ؛ غذا ؛ کھانا ۔

grubber, n. کھودنے والا ؛ محنت کش ؛ محنتی ؛ مزدور ؛ زمین کھودنے کا کُھرپا ۔

grubby, a. سُنڈی یا لاروے کا ؛ ایسے کیڑوں سے بھرا ہوا ؛ میلا ؛ گندہ ؛ غلیظ ۔

grubstake, n. مہم جو کی یافت میں حصّہ داری کے لیے اس کو دی جانے والی خوراک ، آلات یا رقم ۔ (فعل متعدی) ایسی رقم دینا ۔

Grub Street, n.,a. گرب اسٹریٹ ؛ لندن کی ایک سڑک جس کا موجودہ نام ملٹن اسٹریٹ ہے اور جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ ایک زمانے میں غریب ضرورت مند دوسرے درجے کے مصنفوں اور ادیبوں کی آماجگاہ تھی ؛ مجموعی طور پر ضرورت مند مصنفین/ادیب ۔ (مجازاً) کوئی ادنی بے احتیاطی سے لکھا ہوا ادب پارہ ۔

grudge, v.t. تأمُّل سے عطا کرنا یا دینا ؛ دریغ کرنا ؛ بُخل کرنا ۔ (فعل لازم) حسد ہونا ؛ رشک ہونا ؛ حاسد ہونا ؛ بُغض رکھنا ۔ (اسم) بخل ؛ کِینہ ؛ بیر ؛ لاگ ۔

grudger, n. بُغض کرنے والا ؛ کِینہ پرور ۔

grudgingly, adv. بے دلی سے ؛ بادل ناخواستہ ؛ تأمُّل سے ۔

gruel, n. پانی یا دودھ میں پکا ہوا دلیا ؛ دلیا ؛ آش ؛ حریرہ یا ایسی ہی کوئی غذا ۔

grueling, gruelling, a. صبر آزما ؛ ہمّت شکن ؛ برداشت آزما جیسے اتھلیٹکس یا طویل دوڑ ۔ (اسم) تھکا دینے والا تجربہ یا کارروائی ؛ سختی ؛ عقوبت ۔

gruesome, a. ڈراؤنا یا ہولناک ؛ مہیب ؛ نفرت انگیز ؛ مکروہ ؛ بھیانک ؛ پُرہول ؛ دہشت انگیز ۔

gruesomely, adv. مہیب طور پر ؛ ہولناک طریقے سے ؛ ہولناکی سے ؛ نفرت انگیز طور پر ۔

gruesomeness, n. بھیانک پن ؛ ہولناکی ؛ مکروہ پن ؛ کراہت ۔

gruff, a. اکھڑ مزاج ؛ اخلاقاً ترش رُو یا چڑچڑا ؛ بات کرنے میں تند یا رُوکھا ؛ اکھڑ ؛ اُجڈ ۔

gruffish, a. کُچھ تند مزاج ؛ ذرا اکھڑ ۔

gruffly, adv. اکھڑ پن سے ؛ اُجڈ پن سے ؛ سختی سے ؛ ترشی سے ؛ تندی سے ۔

gruffness, n. سختی ؛ تُرشی ؛ تُندی ؛ چڑچڑا پن ؛ اُجڈ پن وغیرہ ۔

grumble, v.i., v.t. شکایت یا بے اطمینانی کا اظہار کرنا ؛ عدم اطمینان سے بُڑبڑانا ؛ ہلکی آواز میں بولنا ؛ چرچرانا ؛ شکایت کرنا ؛ گلہ کرنا ؛ شکوہ کرنا ؛ غُرّانا ؛ شکایت کے طور پر کہنا ؛ شکایتاً کہنا ۔ (اسم) بڑبڑاہٹ ؛ غُرّاہٹ ؛ چرچراہٹ ؛ شکایت ۔

grumbler, n. بُڑبُڑانے والا ؛ شکایت کرنے والا ۔

grumblingly, adv. بڑبڑا کر ؛ شکایتاً ۔

grummet, n. دیکھیے : Grommet ۔

grumpy, grumpish, a. تُند مزاج ؛ غُصیلا ؛ چڑچڑا ؛ تُند خُو ؛ ترش رُو ؛ زُود رنج ؛ بدمزاج ۔

grumpily, adv. چڑچڑے پن سے ؛ بدمزاجی سے ؛ تندخُوئی سے ۔

grumpiness, n. بدمزاجی ؛ چڑچڑا پن ؛ تند خُوئی ؛ تُرش رُوئی ۔

grump, n. بدمزاج آدمی ؛ چڑچڑا آدمی ۔

grunion, n. گرونِین ؛ ساحل کیلے فورنیا سے دُور پائی جانے والی ایک قسم کی خوردنی چھوٹی مچھلی جو مد کے دوران زیر آب ریتی میں انڈے دیتی ہے ۔

grunt, v.i. سُور کی سی گہری آواز نکالنا ؛ غُرّانا ؛ غُرفَش کرنا ؛ بڑبڑانا جیسے عدم اطمینانی میں ۔ (فعل متعدی) غُرّا کر ناراض ہونا ۔ (اسم) سُور کے غُرّانے کی گہری آواز ؛ ایسی ہی کوئی صدا ؛ بعض سمندری مچھلیوں میں سے کوئی ایک جو پانی سے باہر نکالی جائے تو غُرّانے لگے ۔ (عوامی) پیادہ فوج کا غیر سرکاری سپاہی، خصوصاً ویت نام میں ۔

grunter, n. غُرّاتا یا بڑبڑاتا ہوا سُور یا خُوک ۔

gruntingly, adv. غُرّاتے ہوئے ؛ بُڑبڑاتے ہوئے ۔

Gruyere cheese, n. گروژر پنیر ؛ سوئٹزرلینڈ کی گائے کے دُودھ کا زرد رنگ سخت پنیر جس میں عموماً بہت کم مسام ہوتے ہیں ۔

gryphon, n. دیکھیے : Griffin ۔

G-string, n. تژاگی ؛ جی اسٹرنگ ؛ پتلی پٹّی جو عُریاں رقص کرنے والی رقاصائیں زیرجامہ کے طور پر استعمال کرتی ہیں ۔

G-suit, anti-G-suit, n. جی سوٹ ؛ ہواباز کا لباس جو اوپر کی جانب تیز پرواز کرتے وقت پیٹ اور جسم کے نچلے حصوں پر دباؤ ڈالتا ہے تا کہ دل کے نیچے خون کے اکٹھا ہونے کا رُجحان کم ہو یا رک جائے ۔

guacharo, oildbird, n. گواچارو ؛ طیرزیتی ؛ جنوبی امریکا کا ایک شب گرد پھل کھانے والا پرندہ جس کی قدروقیمت اس خوردنی تیل کی وجہ سے ہے جو اس کے بچّے کی چربی سے نکالا جاتا ہے ، یہ بکری کا دودھ چوس لینے والے پرندوں کی نسل سے تعلّق رکھتا ہے ۔

guaco, n. گواکو ؛ تریاق ؛ زہرمار ؛ ایک بیل جو استوائی امریکا میں پائی جاتی ہے ، اس کے دافع امراض پتّے یا ان سے حاصل کردہ مواد سانپ کے کاٹے کے علاج میں استعمال ہوتا ہے ۔

guaiacol, n. (کیمیا) گوائے کول ؛ ایک بے رنگ سیال جو روغن قطران کے مشابہ ہے اور گواکم کی لاکھ کی کشید سے حاصل ہوتا ہے ، طبّی طور پر بطور دوائے بیہوشی اور کھانسی کے علاج میں مستعمل ہے ۔

guaiacum, guaiac, n. گواکم ؛ پاک چوبہ ؛ خشب الانبیا ؛ جنوبی امریکا کا درخت جس کی لاکھ دوائیوں اور وارنش میں استعمال ہوتی ہے ۔

guanaco, n. اونٹ نُما جانور ؛ جنوبی امریکا کا ایک جنگلی ، جُگالی کرنے والا میمل جو پشم دار جانوروں سے متعلّق اور اونٹ سے ہمرشتہ ہے ؛ امریکی لامہ ؛ گواناکو ۔

guano, n. گوانو ؛ سمندری پرندوں کی بیٹ پر مشتمل قُدرتی کھاد ؛ اس قسم کی کوئی کھاد ۔

guarantee, n. گارنٹی ؛ ضمانت ؛ عہد یا یقین دہانی جو کسی چیز کی موزونیت ، عُمدگی یا دیرپائی کے بیان کردہ کوائف اور ذمّہ داریوں کو پورا کرنے کے لیے دی جائے ؛ جو چیز ضمانت کے طور پر دی جائے ؛ ضمانت ؛ ضامن ؛ جس شخص کو ضمانت دی جائے ؛ کوئی چیز بطور ضمانت یا اس کے متوازی جو مطلوبہ نتائج کی نشاندہی کرے یا انہیں یقینی بنائے ؛ ذمہ داری ؛ کفالت ؛ شے مکفولہ ؛ وہ شے جس کی ضمانت دی جائے ۔ (فعل متعدّی) ضامن بننا یا کسی کی ضمانت دینا ؛ کسی ضامن کے لیے اپنے آپ کو جوابدہ ٹھہرانا ؛ کسی کو حقوق یا

قبضه دلانے کی ذمّہ داری لینا ؛ تائید یا حمایت کرتے رہنا ؛ تحفّظ فراہم کرنا یا بری الذّمہ قرار دینا ؛ کسی کام میں لگنا ؛ ذمّہ داری لینا ؛ کفیل بننا ۔

guarantor, n. کفیل ؛ ضامن ؛ ذمّہ دار ۔

guaranty, n. ضمانت نامه ؛ کفالت نامه ؛ ضامن ؛ کفیل ؛ ضامن ہونے یا ضمانت دینے کا عمل ؛ ضمانت کے طور پر دیا گیا عہد ، وعدہ یا اقرار ؛ رسمی یا تحریری عہدنامه جس کے ذریعے کوئی فرد یا اداره ذمه داریاں قبول کرنے یا سامان تجارت کی حفاظت کا ضامن بنے ۔ (فعل متعدی) ضمانت دینا ؛ کفیل ہونا ۔

guard, v.t. نُقصان یا حمله سے حفاظت کرنا ؛ بچاؤ کرنا ؛ دفاع کرنا ؛ حفاظت کے لیے نظر میں رکھنا ؛ توجُّہ اور نگاہ میں رکھتے ہوئے لے چلنا ؛ گہری نگرانی میں رکھنا جیسے قیدیوں کو ؛ قابو میں رکھنا (جیسے : to guard one's tongue) ؛ چوکسی کرنا ؛ پاسبانی کرنا ؛ رکھوالی کرنا ؛ خبرداری کرنا ؛ تحفظ دینا ؛ حفاظتی ہتھیار مہیّا کرنا ۔ (کھیل) عمل کو روکنا (جیسے مخالف کے) ؛ حفاظت کرنا (جیسے گول کی) ۔ (فعل لازم)پناه دینا ؛ نگران ہونا ؛ مُحتاط ہونا ، (عموماً against کے ساتھ ، جیسے : to guard against errors) ۔

guard, n. تحفّظ یا دفاع ؛ بچاؤ کا انداز (جیسے مکه بازی ، تیغ بازی میں) ؛ ایسے انداز میں مستعمل ہتھیار یا اسلحه ؛ پوری نگہداشت یا توجّہ ؛ چوکی پہره جیسے قیدی یا قابو کیے گئے شخص پر ؛ مُحتاط چوکسی ؛ سنتری ؛ گارد ؛ چوکی دار ؛ محافظ فوج کارُکن ۔ (فٹ بال) حفاظتی لکیر کے پاس متعین کھلاڑی جو جارح کھلاڑیوں سے بال چھین کر اپنے گول کی حفاظت میں مدد دے ۔ (باسکٹ بال) حمله کے وقت ، وه کھلاڑی جو گیند کو میدان کے اُوپر کے حصّے میں لائے اور کھیل کو رُخ عطا کرے ؛ دفاع کے وقت وه کھلاڑی جو حمله آور کھلاڑی سے دفاع کرے ۔ (برطانوی) ریل گاڑی کا گارڈ ؛ کنڈکٹر ۔ (جمع) (بڑے G کے ساتھ) برطانوی فوج میں بعض شاہی حفاظتی گھریلو دستے ؛ ایسے لوگ جو کسی شخص یا مقام کو حملے سے بچانے پر مامُور ہوں ؛ قیدیوں کے ہمراہی یا نگرانی کرنے والا فرد یا افراد ؛ کوئی آله یا ترکیب یا تشکیل جو حفاظت یا دفاع کے لیے بنائی گئی ہو ۔

off one's guard, n. حفاظت سے غافل ؛ بے خبر ؛ غیر تیّار ؛ غیر آماده ؛ نه تیار ۔

on one's guard, on guard, n. حفاظت پر مستعد ؛ حالت مستعدی میں ؛ ہوشیار ؛ چوکس ۔

guarded, a. چوکنّا ؛ چوکس ؛ محفوظ ؛ محتاط (جیسے : guarded behavior) ؛ احتیاط سے بولا یا بنایا ہوا ۔

guardedly, adv. محتاط انداز میں ؛ احتیاط کے ساتھ ؛ دبی زبان سے ۔

guardedness, n. حفاظت ؛ چوکسی ؛ احتیاط ۔

guard hair, n. محافظ مُو ؛ حفاظتی بال ؛ بعض جانوروں کے بیرونی لمبے بال جو اندرونی نرم کھال کی حفاظت کرتے ہیں ۔

guardhouse, n. گارڈ ہاؤس ؛ سنتری خانه ؛ جنگی قیدیوں کا کمره ۔

guardian, n. مُربّی ؛ محافظ ؛ سرپرست ؛ ولی ؛ فرانسسکن خانقاه کا ناظم ۔ (قانون) سرپرست ؛ قانونی طور پر ولی ؛ وه شخص جسے قانونی طور پر کسی نابالغ یا/اور کسی ایسے شخص کی املاک و جائیداد کا انتظام کرنے کا حق دیا گیا ہو جسے خود اس کا نااہل سمجھا گیا ہو ۔ (صفت) محافظ ۔

guardianship, n. سرپرستی ؛ ولایت ؛ حفاظت ؛ امانت ؛ محافظت ۔

guardsman, n. پہره دار ؛ گارد کا سپاہی ؛ نیشنل گارڈ کا رُکن ۔

Guarnerius, n. [اطالوی وائلن ساز کے نام کی رعایت سے] گوارنیری یا اس کے خاندان کے کسی فرد کا تیّار کرده وائلن ۔

Guatemalan, a. گوئٹے مالائی ؛ ایسے کسی شخص ، جگه یا شے کے بارے میں جس کا تعلّق شمال وسطی امریکا کی جمہوریه ریاست گوئٹے مالا سے یا اس کے دارالحکومت گوئٹے مالا سٹی سے ہو ۔ (اسم) گوئٹے مالا یا گوئٹے مالا سٹی کا باشنده ۔

guava, n. امرود کا درخت ؛ امرود ؛ گرم یا نیم گرم علاقوں میں اُگنے والے درختوں یا جھاڑیوں کا پھل جو جیلی اور مربّا بنانے کے کام بھی آتا ہے ۔

guayule, n. گوایُول ؛ ربڑزاشجر ؛ ربڑ جھاڑی ؛ ٹیکساس اور شمالی میکسیکو کی بہت زیاده شاخوں والی ایک جھاڑی جس سے ربڑ حاصل ہوتا ہے ؛ اس پودے سے حاصل کرده ربڑ ۔

gubernatorial, a. گورنر کا ؛ گورنری کے بارے میں یا اس سے متعلّق ۔

guck, n. (عوامی) کوئی کراہت آمیز ، رسنے والی لجلجی سی شے ۔

gudgeon, n. چھوٹی تازه پانی کی مچھلی جو یورپ میں پائی جاتی ہے ، اسے بآسانی پکڑا جا سکتا ہے اور کانٹے میں چارا لگانے کے لیے بکثرت استعمال ہوتی ہے ؛ متعلقه مچھلیوں جیسے منو اور بربوط میں سے کوئی مچھلی ۔ (مجازاً) بھولا یا زُود اعتقاد آدمی ؛ ترغیب یا تحریص ۔ (فعل متعدی) دھوکا دینا ؛ فریب دینا ۔

gudgeon, n. دُھرا ؛ چُول ؛ مانی ؛ چرخی کاپِن ؛ دھاتی پن یا ایسی کوئی شے جو شہتیر کو سہارا دینے کے لیے چوبی چھڑ کے آخری سرے پر لگا دی جاتی ہے ؛ چول کا خانه یا گھر ؛ لوہے کا کڑا جو دو پتھروں کو جوڑتا ہے ۔

gudgeon pin, n. (برطانوی) دیکھیے : wrist pin ۔

guelder-rose, n. (نباتیات) گل بداغ ؛ ایک قسم کی یورپی جھاڑی جس میں سفید پھُولوں کے گچھّے لگتے ہیں ۔

guenon, n. گی نان ؛ افریقه کا پُھرتیلا لمبی دُم والا بندر جس کا تعلّق سبز بندر کی نسل سے ہے ۔

guerdon, n. معاوضه ؛ صله ؛ انعام ۔ (فعل متعدی) انعام دینا ؛ صِله دینا ۔

guernsey, n. (بڑے G سے) گورنسی ؛ رُودبار انگلستان میں واقع جزیره گورنسی کے ڈیری فارموں میں تیّار کی گئی مویشیوں کی ایک نسل ؛ اُون کی بنی ہوئی چُست قمیص ۔

guerrilla, guerilla, n. چھاپه مار ؛ گوریلا ؛ آزاد سپاہیوں کے دستے کا کوئی ایک سپاہی جو دشمن کو ہراساں کرنے کے لیے اس پر جھپٹتا ہے ، اچانک حمله کرتا ہے اور اکثر دُشمن کے دفاعی مورچوں کے پیچھے مختصر اور تیز جھڑپ کر کے دُشمن کو ہراساں کرتا ہے ؛ بے قاعده لڑائی لڑنے والا ۔ (صفت) چھاپه ماروں یا ان کی چالوں سے متعلّق ۔

guess, v.t. قیاس کرنا (شہادت کے بغیر یا اتفاقیه طور پر) ؛ معمولی شہادت یا واقعه کے بغیر حقیقی معلومات کے بارے میں صحیح

اندازہ لگانا ، نتیجہ اخذ کرنا یا قیاس آرائی کرنا ، (جیسے : to guess an answer) ؛ قیاساً بتانا ؛ رائے قائم کرنا ؛ صحیح انداز کرنا (جیسے : صحیح جواب کا اندازہ کرنا) ـ (بول چال) خیال کرنا یا یقین کرنا ـ (فعل لازم) تاڑ لینا ؛ معلوم کر لینا ؛ علم ہونا ـ (اسم) قیاس ؛ اندازہ ؛ مفروضہ ؛ سرسری تخمینہ ـ

guesser, n. قیاس کرنے والا ؛ اندازہ لگانے والا ـ

guesswork, n. محض قیاس آرائی ؛ مفروضہ ـ

guesstimate, v.t. (عوامی) ضروری معلومات کے بغیر جانچنا ؛ اندازہ لگانا ؛ قیاس کرنا ؛ آنکنا ـ (اسم) قیاسی تخمینہ ؛ کچّا تخمینہ ـ

guest, n., a. مہمان ؛ ضیف ؛ ایسا شخص جس کی کسی دوسرے کے مکان میں یا کاروباری ادارے میں بطور دوست ، ملاقاتی ، سرپرست ، گاہک یا خریدار وغیرہ مفت یا رہایش کے کرایہ پر میزبانی کی جائے ؛ سرائے ؛ ہوٹل وغیرہ کا مستقل مہمان ؛ مقیم مسافر ؛ کسی تھیئٹر وغیرہ میں باقاعدہ فنکار کا قائم مقام ـ (حیوانیات) کوئی نامیہ جو کسی دوسرے نامیہ پر پلے بڑھے ؛ طفیلی یا الحاقی نامیہ ـ

guff, n. (عوامی) گپ ؛ خالی خولی باتیں ؛ خالی گفتگو ؛ بے معنی باتیں ؛ لغو باتیں ؛ فضول بکواس ـ

guffaw, n. اچانک اور زور دار قہقہہ ـ (فعل لازم) قہقہہ لگانا اچانک اور زور دار آواز سے ـ

guggle, v.i. غُرغُرانا ؛ قل قل کرنا ؛ تنگ نلی میں سے پانی نکلنے کی آواز کے مطابق آواز نکالنا ؛ غرارے کرنا ـ (اسم) اس قسم کی آواز ؛ صدائے قلقل ؛ غرغرانے کی آواز ؛ غرارہ ـ

guidance, n. رہنمائی ؛ رہبری ؛ نصیحت یا ہدایت کرنے کی خدمت یا عمل ؛ پیشہ ورانہ رہنمائی جو کسی اُستاد پیشہ یا کاریگر کی طرف سے مہیّا کی گئی ہو ؛ کسی تعلیمی ادارے کا پروگرام جو معائنہ ، تشخیص اور علاج معالجے کی خدمات بہم پہنچائے ؛ کسی مشین کے عمل کی رہنمائی کے لیے اندرونی طور پر ترتیب دیا گیا کوئی نظام ؛ کوئی مشینی ترکیب یا کوئی ساختہ آلہ ؛ کسی میزائل کی اڑان کے راستے کو متعیّن کرنے کا عمل ؛ راہ نمودی ـ

guide, v.t. کسی راستے میں راہنمائی یا رہبری کرنا ؛ قیادت کرنا ؛ راستہ دکھانا ؛ ہدایت کرنا ؛ تنظیم دینا ؛ محرک ہونا (واقعات کا) ؛ رُخ پھیرنا ؛ عمل یا رویے کو متاثر کرنا ؛ ہدایت دینا ؛ تربیّت کرنا ؛ نگرانی کرنا ـ (فعل لازم) راہنما ہونا ـ (اسم) راہنما ؛ رہبر یا لیڈر ؛ مخصوص علاقوں میں سیّاحوں کی راہنمائی کرنے والا ؛ گائیڈ ؛ ڈائریکٹر ؛ ناظم ؛ کسی کے رویے یا طرز زندگی میں رہنمائی کرنے والا ؛ کوئی راہنما کتاب ؛ کسی حوالے کی کتاب میں آسانی کے لیے اشاریہ یا بڑھے ہوئے اشاراتی عنوانات ؛ ہدایت نامہ؛کسی متعیّن راستے یا حرکت کو برقرار رکھنے کے لیے کوئی ترکیب یا کل ؛ کسی مارچ کرنے والی یُونٹ کا رکن جو یُونٹ کی ترتیب اور رُخ کی تنظیم کرتا ہے ـ

guidable, a. راہنمائی کے قابل ؛ قابلِ انصرام ؛ تعلیم پذیر ؛ ہدایت پذیر ـ

guideless, a. بے ہادی ؛ بغیر راہنُما ؛ بے رہبر؛بے استادا ؛ بے پیر ـ

guider, n. ہادی ؛ رہبر ؛ پیشوا ؛ قائد ؛ راہنُما ؛ راہنمائی کرنے والا ؛ مرشد ـ

guidebook, n. راہنُما کتاب ؛ گائیڈ بُک ؛ ایسی کتاب جو مسافروں یا سیّاحوں کو ان کے سفر کے مقامات کے بارے میں معلومات فراہم کرے ـ

guided missile, n. رَہ نمودہ میزائل ؛ منضبط میزائل ؛ ایسا راکٹ یا میزائل جس کی اڑان کا راستہ وغیرہ اس کے اندر موجود آلات یا ریڈیو اشاروں سے متعیّن ہو ـ

guidepost, n. رہنما کھمبا ؛ گائیڈ پوسٹ ؛ ایسا کھمبا جس پر مسافروں کی راہنمائی کے لیے تختہ لگا ہوتا ہے ـ

guidon, n. گاؤ دُم جھنڈا ؛ نشان ؛ پھریرا ؛ ایسا جھنڈا جو فوجی دستے نشان لگانے یا اشارہ کرنے کے لیے لے جاتے ہیں ؛ ایسے جھنڈے کو لے جانے والا افسر ـ

guild, n. گلڈ ؛ قُرون وسطیٰ میں تاجروں یا اہلِ حرفت کی تنظیم ؛ ہم پیشہ یا ہم مفاد لوگوں کی انجمن جو عموماً امداد باہمی کے لیے بنائی جائے ـ (ماحولیات) پودوں کا ایک گروہ جن کی زندگی کا مخصوص انداز ہوتا ہے اور وہ طفیلی یا ایک حد تک دوسرے پودوں پر انحصار کرتے ہیں ـ

guildship, n. برادری ؛ جتھا پن ـ

guildhall, gildhall, n. ٹاؤن ہال ؛ بڑا کمرہ جہاں گلڈ یا کارپوریشن کے اجلاس منعقد ہوتے ہوں ـ

guild socialism, n. نقابتی اشتراکیت ؛ گلڈ اشتراکیت ؛ بیسویں صدی میں،خصوصاً برطانیہ میں اشاعت پذیر یہ نظریہ کہ حکومت کے صنعتی اداروں کا انتظام تنظیموں یا مزدور انجمنوں کے ہاتھ میں ہونا چاہیے ـ

guile, n. فریب ؛ دغا ؛ مکر ؛ عیّاری ؛ حیلہ سازی ؛ دغا بازی ؛ جُل ؛ حیلہ ؛ دھوکا ؛ چالاکی ؛ چالبازی ؛ چال ؛ چکمہ ؛ چھل ـ

guileful, a. فریبی ؛ مکّار ؛ عیّار ؛ دغا باز ـ

guilefully, adv. دغا بازی سے ؛ حیلہ سازی سے ـ

guilefulness, n. دغا بازی ؛ حیلہ سازی ـ

guileless, a. سیدھا سادا ؛ بھولا بھالا ؛ بے ریا ؛ صاف ـ

guilelessly, adv. بھولپن سے ؛ سادگی سے ؛ صفائی سے ؛ بے ریائی سے ؛ بھولے پن سے ـ

guilelessness, n. صفائی ؛ بے ریائی ؛ بھولپن

guillemot, n. گلی موط ؛ تنگ منقار آک ؛ شمالی بحرِ اوقیانوس کے سواحل کا آک خاندان کا دریائی پرندہ جس کی چونچ نسبتاً پتلی ہوتی ہے ـ

guilloche, n. گلوش ؛ عمارتی گل کاری ؛ ایک قسم کی تعمیری گلکاری جو آڑھے ترچھے خطوط یا دھاریوں سے جھالر یا کوئی اور نمونہ بنائے ـ

guillotine, n. گلو قاطع ؛ گلوٹین ؛ گردن زن ؛ آدمیوں کا سر کاٹنے کی مشین جس میں بلیڈ لگے ہوتے ہیں اور جب انہیں چھوڑا جاتا ہے تو وہ دو عمودی ستونوں کے درمیان نیچے کو گرتے ہیں ، جلاد مشین ؛ اسی طرح پر بنی ہوئی کاغذ کاٹنے کی مشین ـ (برطانوی) قطع بحث ، پارلیمنٹ میں آئین سازی کی بحث کو وقت کی قید میں محدود کر کے مختصر کرنے کا طریقہ ـ (فعل متعدی) گلوٹین سے سر کاٹنا ـ

guilt, n. جُرم ؛ تقصیر ؛ قانون کی خلاف ورزی یا اخلاقی اقدار کے منافی کسی غلطی کا ارتکاب ؛ گُناہ ؛ قُصور ؛ خطا ؛

پاپ ؛ کسی گناہ کے سلسلے میں حقیقی یا خیالی ذاتی ذمّہ داری کے خیال سے ندامت یا گناہ کا احساس ؛ قصور واری ؛ خطا واری ۔

guiltless, a. بے قصور ؛ بے گُناہ ؛ معصُوم ؛ بے خطا ؛ بے علم ؛ ناتجربہ کار (of کے ساتھ مستعمل ہے) ۔

guiltlessly, adv. معصومی سے ؛ انجانے پن سے ؛ لاعلمی سے ۔

guilty, a. قُصُوروار ؛ مُجرِم ؛ خاطی؛ گُنہگار ؛ مُجرمانہ ؛ خطاکارانہ ؛ کسی جُرم کا خطاکار ٹھہرایا گیا ؛ گناہ سے متعلق ، (عموماً of کے ساتھ مستعمل ہے ، جیسے : guilty of a misdemeanor) ؛ گناہ کی نشاندہی کرنے والا (جیسے : a guilty look) ۔

guiltily, adv. قصور واری سے ؛ مُجرمانہ انداز سے۔

guiltiness, n. قصور واری ؛ خطا کاری ؛ تقصیر ؛ کوتاہی۔

guimpe, n. گمپ ، گیمپ ؛ زیبِ گلو ؛ ریشم یا سُوت کی بٹی ہوئی ڈوری جس کے بیچ میں تار ہوتا ہے ؛ لیس کا موٹا حاشیہ جو کھلے گلے والے لباس میں گلو کے قریب لگایا جاتا ہے ۔

guinea, n. (برطانوی) گِنی ؛ پہلے یہ ایک سونے کا سِکّہ ہوتا تھا لیکن اب اس کی قیمت ۲۱ شلنگ کے برابر ہے ۔

guinea fowl, n. چتکبرا مرغ ؛ گِنی فاؤل ؛ غوغو ؛ مرغِ فرعون ؛ بوقلمون ؛ چُنیا بطخ ؛ ایک افریقی پرندہ جو مور وغیرہ کے خاندان سے ہے اور جس کے پروں کا رنگ سرمئ اور ان پر سفید چتیاں ہوتی ہیں ، کھانے کے لیے آج کل دنیا بھر میں پالا جاتا ہے ؛ اس نوع کا کوئی بھی پرندہ ۔

guinea hen, n. چتکبری مرغی ۔

guinea pig, n. گنی پگ ؛ خُوکِ ہندی ؛ کابی ؛ امریکی چوہا ؛ چھوٹے کانوں ، کوتاہ دم عموماً سفید ، سیاہ اور بھورے رنگ والا کاؤس نسل کا امریکی چوہا جو حیوانی تجربات میں بکثرت استعمال ہوتا ہے ؛ موضوع تجربات ۔

guinea worm, n. گنی کیچوا ؛ نارُو ؛ ناروا ؛ رشتہ ؛ ایک قسم کا کیچوا یا جونک جو انسانوں اور جانوروں میں بیماری پیدا کرتی ہے اور گِنی کے ساحل اور افریقہ و ایشیا کے دُوسرے گرم خطّوں میں پائی جاتی ہے ۔

guipure, n. مختلف بھاری جھالروں میں سے کوئی ایک جس میں نمونے کو جالی دار یا مُشبّک بنانے کی بجائے سلائیوں یا موٹے ٹانکوں کے ذریعے جوڑا جاتا ہے ۔

guise, n. ظاہری وضع قطع ؛ لباس ؛ پوشاک ؛ بنائی ہوئی یا مصنوعی شکل ؛ بھیس ؛ بہروپ ۔ (قدیم) کردار ؛ انداز ۔

guitar, n. چھتارا ؛ قیطار ؛ گٹار ؛ آلۂ موسیقی جس کی کھونٹوں والی قطار کی لمبی گردن اور گٹار نُما جسم ہوتا ہے اور عموماً انگلیوں یا مضراب کے ذریعے تار جو تعداد میں چھ ہوتے ہیں ، چھیڑنے سے بجتا ہے ۔

guitarist, n. گٹار نواز ؛ ستار نواز ؛ ستار بجانے والا۔

gular, a. عظمِ گلو ؛ گلوئی ؛ پیش حلقہ ؛ گلے کا ، اس سے متعلّق یا گلے پر واقع ۔

gulch, n. گھاٹی ؛ نالہ ؛ گہری کھائی یا گھاٹی جو پانی بہنے سے بنی ہو ؛ کسی ندی کا خُشک راستہ ۔

gulf, n. خلیج ؛ کھاڑی ؛ سمندر کا حصہ جو خشکی کے اندر تک چلا گیا ہو (جیسے خلیجِ بنگال) ؛ ایک گہرا خلا ، قعر یا گڑھا ؛ بہت گہرا غار ؛ قعر زمین ؛ سمندر ؛ وسیع فاصلہ یا فرق (جیسے معاشرتی ، تعلیمی یا معاشی سطح میں) ؛ ایسی شے جو اپنی لپیٹ میں لے لے ؛ بھنور یا گرداب ۔ (فعل متعدی) غرق کر دینا ؛ نگل جانا ؛ خلیج کی طرح اپنی لپیٹ میں لے لینا یا جیسے خلیج کا اپنی لپیٹ میں لے لینا ۔

gulfy, a. خلیجی ۔

Gulf States, n. خلیجی ریاستیں ؛ خلیج کی ارد گرد کی ریاستیں جیسے امریکا میں الباما ، فلوریڈا، مسی سپی،لوسیانا اور ٹیکساس اور خلیج فارس کی سواحلی ریاستیں ، مسقط ، اومان ، کویت ، دبئی وغیرہ ۔

Gulf Stream, n. گلف سٹریم ؛خلیجی سیل/رو ؛ گرم سَمُندری رَو جو خلیج میکسیکو سے شمال کی جانب امریکا کے مشرقی ساحل کے ساتھ بہتی ہے ۔

gulfweed, n. صوف البحر ؛ کائی ؛ بحری گھاس یا نرسل ؛ ایک بُھورے رنگ کی سمندری گھاس جو استوائی امریکی پانیوں میں پائی جاتی ہے، اس میں بیری کی مانند ہوا کی تھیلیاں ہوتی ہیں ۔

gull, v.t. بیوقوف بنانا ؛ احمق بنانا ؛ دھوکا دینا ؛ جُل دینا ؛ اُلّو بنانا ۔ (اسم) وہ، جو آسانی سے اُلو بنایا جا سکے ؛ احمق ؛ بے وقوف ؛ سیدھا سادا ؛ دھوکا کھانے والا ۔

gull, n. نورزہ ؛ یاغو ؛ مرغابی ؛ آبی پرندوں کی ۴۰ اقسام میں سے کوئی ایک جن کے پر بڑے ، ٹانگیں پتلی اور پنجے جال نُما ہوتے ہیں ۔

Gullah, n. گُلا ؛ سمندری جزائر ، جنوبی کیرولائنا ، جارجیا اور شمال مشرقی فلوریڈا کے ساحلی علاقوں میں رہنے والے حبشیوں (نیگرو) میں سے کوئی ایک ؛ ان لوگوں کی انگریزی بولی ۔

gullet, n. نرخرا ؛ حلقوم ؛ حلق ؛ ٹیٹوا ؛ وہ نالی جس میں سے پانی اور غذا معدے میں جاتی ہے ؛ غذا کی نالی ؛ گلا یا اس کے مشابہ کوئی شے ؛ نالی ؛ نالہ ؛ گھاٹی ؛ پانی کا راستہ یا تنگ درّہ ۔

gullible, a. سادا مزاج ؛ سادا دِل ؛ سیدھا سادا ؛ بھولا ؛ کم فہم ؛ ابلہ ؛ مورکھ ؛ سادہ لوح ؛ جو آسانی سے بیوقوف بن سکے ۔

gullibility, n. بھولپن ، سادا لوحی وغیرہ ۔

gullibly, adv. بھولپن سے ؛ سادا لوحی سے وغیرہ ۔

gully, n. زمین میں پانی کی لہر سے بنی ہوئی نالی یا بَد رو ؛ گھاٹی ؛ خندق ؛ قعر آب ۔ (اسکاٹ لینڈ، برطانوی بولی) ایک بڑا چُھرا ۔ (فعل متعدی) پانی سے درّہ یا گھاٹی بنانا ؛ نالی بنانا ۔

gulosity, n. بیٹو پن ؛ پُرخوری ؛ شکم پُری ؛ حِرص ۔

gulp, v.t. ہڑپ کر جانا ؛ جلدی جلدی بڑے بڑے نوالے نگلنا ؛ ایک ہی سانس میں پی جانا (عموماًdown کے ساتھ)؛ مشکل سے نگلنا جیسے بدّقت حلق سے اُتارنا ۔ (فعل لازم) سانس لینا ، جیسے نگلتے وقت ؛ لمبا سانس لینا جیسے ہچکی دور کرنے کے لیے ۔ (اسم) بڑا سا نوالہ یا گھونٹ لینے کا عمل ؛ جلدی سے نگلنے یا پینے کا عمل ؛ نگلنے کا عمل ؛ نگلی ہوئی شے کی مقدار ۔

gulper, n. نگلنے والا ؛ ہڑپو۔

gum, n. مسوڑا؛ جبڑوں کا گوشت والا وہ حصّہ جو دانتوں پر غلاف کا کام دیتا ہے اور جس میں دانت گڑے ہوتے ہیں ۔ (فعل متعدی) چبانا ، خصوصاً دانتوں کے بغیر ؛ پیس کر شکل بنانا جیسے آرے کے دندانوں کی سی ۔

gumboil, n. مسوڑے کا ورم ۔

gum, n. گوند ؛ صمغ ؛ سریش ؛ پانی میں حل پذیر چپکنے والا مادّہ جو بعض پودوں اور درختوں سے خارج ہوتا ہے اور ہوا لگنے پر گاڑھا یا سخت ہو جاتا ہے ؛ پودوں سے خارج ہونے والا ایسا ہی مادّہ جیسے کہ بیروزہ/لاکھ/رال ؛ رال دار درخت ؛ لعابِ اشجار ؛ ڈاک کے ٹکٹ پر لگی ہوئی گوند ؛ چیونگ گم ۔ (فعل متعدی) گوند لیسنا یا گُوند سے سخت کرنا ؛ گوند یا گوند جیسی کسی چیز سے جوڑنا ۔ (فعل لازم) گوند نکلنا ؛ گوند بننا ؛ لیسدار مادّے سے چپ چپا ہو جانا ۔

gum up, (بول چال) خراب کرنا ؛ گڑبڑ کرنا یا تباہ کرنا ۔

gum ammoniac, ammoniac, n. آشق ؛ گلخ ؛ گندہ بیروزہ ؛ ایک ایرانی جھاڑی سے نکلنے والی سریش جو ادویات ، چینی کے برتنوں کے سیمنٹ اور بعض خوشبویات میں استعمال ہوتی ہے ۔

gum arabic, n. صمغ عربی ؛ کِیکر گوند ؛ گوند ببول ؛ کیکر کی مختلف اقسام سے حاصل ہونے والا گوند جو ہوا لگنے پر سخت ہو جاتا ہے ، دوائیوں ، روشنائیوں ، سریشوں اور بعض غذاؤں میں بطور مغلّظ استعمال ہوتا ہے ۔

gumbo, n., a. گمبو ؛ بھنڈی کا پودا یا خوردنی بھنڈی ؛ بھنڈی کے ذریعے گاڑھا کیا ہُوا سُوپ یا یخنی جو اکثر دُوسری سبزیوں، گوشت ، مرغی یا سمندری خوراک کے ساتھ بنائی جاتی ہے ؛ ایک قسم کی باریک چکنی مٹّی جو جنوبی اور مغربی امریکا کے علاقوں میں پائی جاتی ہے اور گیلی ہو کر بہت ہی لیس دار ہو جاتی ہے ۔ (اکثر بڑے G کے ساتھ) ایک قسم کی بولی جو بعض نیگرو اور کریولز لُوسیانہ میں بولتے ہیں ۔

gumdrop, n. میٹھی گولیاں ؛ کیکر گوند اور جیلاٹین وغیرہ کی شکر اور خوشبو ملا کر بنائی ہوئی میٹھی گولیاں ۔

gum elastic, n. دیکھیے : Rubber ۔

gum elemi, n. دیکھیے : Elemi ۔

gummite, n. گمائٹ ؛ گوندل شکل کی کچدھات جس میں یورینیم ، تھوریم اور سیسے (lead) کے آکسائیڈ موجود ہوتے ہیں ۔

gummosis, n. (نباتیات) صمغیت ؛ پودوں کی غیر معمولی حالت (جس میں گوند کا اخراج بڑھ جاتا ہے) ۔

gummy, gummous, a. گوند والا ؛ گوند دار ؛ گوند پیدا کرنے والا ؛ چیپ دار ؛ لیس دار ؛ چپچپا ؛ گوندل ۔

gumminess, n. لیس ؛ چپچپا پن ؛ چیپ ؛ سوجن ؛ ورم ؛ چپچپاہٹ ۔

gumption, n. (بول چال) بہادُری ؛ منچلا پن ؛ سمجھ بوجھ ؛ کاربراری کا مادّہ ۔

gum resin, n. کہربا ؛ صمغ الصنوبر ؛ ایک طرح کا لاکھ ؛ گوند اور سریش کے قُدرتی مرکبّات جو بعض پودوں سے حاصل ہوتے ہیں ۔

gumshoe, n. ربڑ پاپوش ؛ ربڑی پاپوش/غلاف ؛ الاسٹک یا ہندی ربڑ کے بنے ہوئے جوتے ؛ جوتے پر چڑھا ہوا ربڑ کا غلاف ۔ (عوامی) سُراغرساں ۔ (فعل لازم)(عوامی) دھیرے سے چلنا ؛ دبے پاؤں چلنا ۔

gum tree, n. گوند درخت ؛ کیکر یا ایسا کوئی اور درخت جو گوند خارج کرے جیسے سفیدا ؛ کڑوا گوند یا میٹھا گوند ۔

gun, n. بندوق ؛ توپ : دھات کی ایک نالی، اسٹینڈ یا ٹھیلے اور دیگر لوازمات کے ساتھ ، جس سے بھاری گولے ، آتش گیر مادّہ کے زورسے ، پھینکنےجاتے ہیں ۔ (عسکری) اسلحہ کا حصّہ،خصوصاً لمبی توپ یا خودکار ہتھیار ؛ کوئی نقل پذیر آتشیں اسلحہ ، جیسے رائفل ؛ کوئی مماثل مشین جس سے کوئی چیز پھینکی جائے (جیسے a cement gun) ؛ قرابین ؛ تفنگ ؛ رائفل ؛ توپ کی آواز جیسے سلامی کے وقت یا سگنل کے لیے ۔ (عوامی) پیشہ ور بندوقچی یا قاتل ؛ گلے کا پھندا ۔ (فعل لازم و فعل متعدی) بندوق سے مارنا ؛ بندوق سے شکار کرنا ؛ بندوق کے ساتھ زخمی کرنا یا مارنا یا زخمی ہونا یا مرنا ، (عموماً down کے ساتھ) ۔ (عوامی) گیسولین (پٹرول) کی مقدار بڑھانا جیسے کسی انجن میں ۔

gunboat, n. توپ دار کشتی ؛ گن بوٹ ؛ ایک چھوٹا مُسلّح جنگی جہاز جو چھوٹی بندرگاہوں اور دریاؤں کی نگہبانی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

gun carriage, n. توپ گاڑی ؛ گاڑی جس پر توپ لادی جاتی ہے اور جہاں سے چلائی جاتی ہے ۔

guncotton, n. بھک رُوئی ؛ بارُود پنبہ ؛ سلولوز نائٹریٹ کی اعلیٰ نائٹروجن والی ایک قسم جو رُوئی کو شورے اور گندھک کے تیزاب کے آمیزے میں بھگو کر تیّار کی جاتی ہے اور بغیر دھوئیں والے بوڈر بنانے میں استعمال ہوتی ہے ؛ بھک سے اڑنے والی روئی ؛ بندوق رُوئی ۔

gun dog, n. بندوق شکار کُتّا ؛ وہ کُتّا جسے بندوق سے شکار میں معاونت ، جیسے شکار کی نشاندہی یا بازیابی وغیرہ ، کی تربیّت دی جائے ۔

gunfight, n. بندوقی جنگ ؛ بندوق کے ذریعے لڑائی ، خصوصاً دو اشخاص کے درمیان ۔

gunfighter, n. بندوقچی ؛ بندوق سے لڑنے والا ۔

gunfire, n. توپ یا توپیں داغنے کا عمل ۔ (عسکری) دیگر اسلحہ اور تدبیرات سے قطع نظر جنگ میں بڑی یا چھوٹی توپوں کا استعمال ۔

gunflint, n. بندوق چقماق ؛ چقماق کا ٹُکڑا جو چقماقی لبلبی کے ساتھ لگا ہوتا ہے اور دھماکا کرنے میں کام آتا ہے ۔

gunk, n. (بول چال) بدبُو دار مواد ؛ چپچپا ؛ چکنا یا لجلجا مواد جو بعض اوقات بدبُو پیدا کرتا ہے ۔

gunlock, n. بندوق قُفل ؛ لبلبی قفل ؛ بندوق کی کل جس سے لبلبی کو کنٹرول کیا جاتا ہے اور بندوق داغی جاتی ہے ۔

gunman, n بندوقچی ؛ بندوق سے مسلّح شخص ؛ کرائے کا بندوقچی ؛ ایسا شخص جو بندوق چلانے میں ماہر ہو ؛ توپچی ۔

gun metal, n. بندوق دھات ؛ توپ دھات ؛ مختلف بھرتوں میں سے کوئی جس کا رنگ سرمئی ، سیاہ یا سیاہی مائل ہوتا ہے اور زنجیروں ، پیٹی کے بکسوؤں وغیرہ کے بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ سرمئی سیاہ رنگ قدرے نیلگوں جھلک والا ؛ کانسی جو پہلے توپ بنانے میں استعمال ہوتی تھی ۔

gun-metal, a. بندوق دھات کا ؛ کانسی کا ؛ سرمئی سیاہ رنگ کا ۔

gun moll, n. (عوامی) مجرمہ ؛ مجرم ٹولی کے کسی رُکن کی عورت ساتھی ، دوست یا محبوبہ ۔

gunnel, n. گنل ! ایک قسم کی مچھلی جو بام سے مشابہ ہوتی ہے اور شمالی بحر اوقیانوس میں پائی جاتی ہے ۔

gunner, n. توپچی ؛ بندوقچی ؛ امریکی بحریہ کا وارنٹ افسر جو اسلحہ سے منسلک یا اس کا منتظم ہوتا ہے ؛ بندوق کو شکار کے لیے استعمال کرنے والا شخص ۔ (برطانوی) (عسکری) توپچی ؛

گولنداز۔

gunnery, n. بندوق چلانے یا متعلقہ اُمور کا فن ؛ توپ خانے کا علم ؛ (مجموعی طور پر) توپخانہ۔

gunnery sergeant, n. گنری سارجنٹ ؛ ایک نان کمیشنڈ امریکی بحریہ کا افسر جس کا عہدہ ماسٹر سارجنٹ سے اوپر لیکن فرسٹ سارجنٹ سے نیچے ہوتا ہے۔

gunny, n. [اردو] گنی ؛ سن کا ٹاٹ ؛پٹ سن کا ٹاٹ جس سے بوریاں یا تھیلیاں بنتی ہیں۔

gunny-bag, gunnysack, n. پٹ سن کی بوری ؛ پٹ سن کا تھیلا۔

gunpowder, n. بارُود ؛ پوٹاشیم نائٹریٹ ، سلفر اور کوئلے کا دھماکا خیز آمیزہ جو آتش بازی ، دھماکا کرنے اور بعض اوقات بندوقوں میں بھی استعمال ہوتا ہے۔

gun room, n. توپچی خانہ ؛ بندوقچی خانہ ؛ اصل میں برطانوی جنگی جہازوں میں توپچی اور اس کے ساتھیوں کے رہنے کا کمرہ ہوتا تھا لیکن اب جونیئر افسروں کے کوارٹر کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

gunrunner, n. اسلحہ اسمگلر ؛ بندوقوں اور اسلحہ کا غیر قانونی کاروبار کرنے والا۔

gunrunning, n. اسلحہ کا غیر قانونی کاروبار یا دھندا ؛ اسلحہ کی اسمگلنگ۔

gunshot, n. توپ گولہ ؛ توپ سے چلایا ہوا گولہ ؛ آتشین اسلحہ چلانے کا عمل ؛ فاصلہ جہاں سے توپ یا بندوق کی مار نشانے پر لگے۔ (صفت) بندوق کے چھرّے سے پیدا شُدہ (جیسے : gun-shot wounds)۔

gun-shy, a. بندوق سے خوفزدہ ، خصوصاً بندوق چلنے کی آواز سے ؛ انتہائی خوفزدہ ، ڈرپوک یا بے اعتماد۔

gunslinger, n. (عوامی) بندوقچی ؛ بندوق کے ساتھ لڑنے والا۔

gunsmith, n. بندوق ساز ؛ چھوٹے آتشیں اسلحہ بنانے یا مرمّت کرنے والا۔

gunstock, n. بندوق کا کُندہ ؛ قنداق ؛ لکڑی کا دستہ جس میں بندوق کی نالی لگی ہوتی ہے ؛ توپ کا اعرابہ۔

Gunter's chain, n. [برطانوی ریاضی دان ایڈمنڈ گنٹر سے منسوب] گنٹر زنجیر ؛ پیمایش زنجیر ؛سرویئر کی زنجیر جو ٦٦ فٹ لمبی ہوتی ہے۔

gunwale, gunnel, n. (جہاز رانی) جہاز یا کشتی کا بالائی کنارا۔

guppy, n. گپی ؛ دیدنی ماہی ؛ ایک قسم کی چھوٹی رنگ برنگ مچھلی جو اکثر مچھلی گھروں کی زینت بنائی جاتی ہے۔

gurge, n. (قدیم) بھنور ؛ گرداب۔

gurgitation, n. ابال ؛ قلقل ؛ تمُوج ؛ غرغر کی آواز جیسے پانی کی۔

gurgle, v.i. غرغرانا ؛ قلقل کرنا ، جیسے بوتل میں سے پانی نکلنے کی آواز ؛ قلقل کی آواز کے ساتھ بہنا۔ (فعل متعدی) غرغری انداز میں بات کرنا ؛ غرارہ کرنا۔ (اسم) قلقل (صدا) ؛ غرغر (کی آواز) ؛ غرارہ ؛ تنگ راستے میں پانی کے بہاؤ کی آواز۔

Gurkha, Ghurka, n. گورکھا ؛ نیپال کا باشندہ جس کا تعلّق ایسے راجپوت قبیلے سے ہے جو سپاہیانہ خاصیتوں کی وجہ سے مشہور ہے ؛ ہندوستانی فوج کی گورکھا رجمنٹ کا رکن۔

gurnard, n. سُرخ ماہی ؛ گرنارڈ ؛ ایک قسم کی سمندری مچھلی جس کا سر خاردار اور سینے پر شعاعوں کے تین جوڑے ہوتے ہیں ؛ ایسی مچھلیوں میں سے کوئی ایک۔

guru, n. گُرو ؛ گورو ؛ ہندوستان میں، خصوصاً ہندوؤں کا مذہبی اُستاد یا رُوحانی پیشوا۔

gush, v.i. اچھل کر بہ نکلنا ، جیسے رُکے ہوئے پانی کا ؛ اچانک اور بھاری مقدار میں بہنا ؛ بہت زیادہ اور پُرجوش انداز میں جذباتی ہونا۔ (فعل متعدی) اچانک تیزی سے بکثرت یا زور سے خارج کرنا ؛ طُوفان کی طرح اُٹھنا۔ (اسم) فوارہ ؛ بہت زیادہ مقدار میں قوّت کے ساتھ مائع کے بہنے کا عمل ؛ جوش و خروش ؛ جذبات کا اظہار۔

gusher, n. جوش سے تقریر یا کام کرنے والا ؛ طوفان اٹھانے والا ؛ تیل کنواں جس میں سے تیل ابلتا ہو ؛ جذبات کا پُرجوش اظہار کرنے والا شخص۔

gushing, a. جوشیلا ؛ طُوفانی۔

gushingly, adv. جوش و خروش سے ؛ طُوفان کی طرح۔

gushy, a. پرجوش گفتگو یا کردار سے مخصوص ؛ انتہائی جذباتی ؛ انتہائی گرمجوش ؛ طُوفان خیز۔

gushily, adv. طُوفان خیزی سے۔

gushiness, n. طُوفان خیزی ؛ گرمجوشی وغیرہ۔

gusset, n. بند آہنی ؛ بند گوشہ ؛ عام طور پر (تھگلی) تکونی گوشہ جو کپڑے کو مضبوط یا اسے بڑھانے کے لیے لگایا جاتا ہے ؛ چکوٹی ؛ شکل اور کام میں ایسے کپڑے کے مشابہ کوئی شے جیسے فولاد کے ڈھانچے کو جوڑنے والا بند ؛ لوہے کا بریکٹ۔ (فعل متعدی) تکونی گوشہ لگانا ؛ چکوٹی لگانا ؛ آہنی بند لگانا۔

gust, n. ہوائے تُند ؛ طُوفان باد ؛ آندھی ؛ جھکڑ؛ ہوا کا تیز جھونکا ؛ آگ ، پانی ، آواز یا ایسی ہی کسی شے کا تندوتیز دھارا ؛ جذبات کا ہیجان۔ (فعل لازم) جھکّڑ چلنا۔

gustily, adv. جوش کے ساتھ ؛ آندھی کی طرح۔

gustiness, n. جھکڑ پن ؛ جوش و خروش۔

gusty, a. زور کا ؛ پُرجوش ؛ طوفانی۔

gustatory, gustative, a. ذائقی ؛ ذوقی ؛ ذائقے سے متعلّق ؛ ذائقے کا یا ذائقے کے بارے میں۔

gusto, n. ذوق ؛ ذوق و شوق ؛ چاشنی ؛ جوش ؛ ذائقہ ؛ چاؤ ؛ ذاتی ذوق یا پسند ؛ وافر طبیعی توانائی ؛ وافر جوش۔

gut, n. آنت ؛ گٹ ؛ قنات ہاضمہ ؛ معدے سے مقعد تک کی نالی ؛ جانوروں کی آنتیں جو آلاتِ موسیقی ، ٹینس کے ریکٹ اور ایسی ہی چیزوں کے تار بنانے کے کام آتی ہیں ؛ ریشم کی ایک قسم جو بنسی کے ساتھ کانٹا لگانے والی ڈوری بنانے کے کام آتی ہے ؛ نالی یا راستہ۔ (جمع) انتڑیاں یا اندرونی حصّہ۔ (جمع) (عوامی) ہمت یا جُرأت ؛ حوصلہ۔ (فعل متعدی) انتڑیاں نکالنا ؛ آلایش نکالنا ؛ صاف کرنا ؛ جھاڑو پھیر دینا ؛ کھوکھلا کر دینا۔

gutless, a. بے جگرا ؛ بے ہمّت ؛ خُود اعتمادی سے عاری ؛ ہمّت یا عزم کے بغیر۔

gutta, n. بوندی ؛ قطرۂ تیل ؛ چھینٹا ؛ خالیۂ صغیر ؛ قطرہ (دوا) ؛ قطرہ نما کوئی شے ؛ دھبہ ؛ چتّی۔ (فن تعمیر) آویزاں زیبایش کا کوئی سلسلہ ، عموماً مقطوع مخروط جو محراب یا کارنس سے ڈوری

(Doric) طرز تعمیر کے مطابق لٹک رہا ہو۔

gutta-percha, n. گٹا پرچا ؛ الاستک ؛ ملائشیا کے درختوں سے نکلنے والا جما ہُوادودھیا رس جو برقی آلات کو غیر موصل بنانے اور دندان سازی کے کاموں میں استعمال ہوتا ہے۔

guttate, a. (نباتیات) بُوندی دار ؛ دھبے دار ؛ چتی دار۔

gutter, n. موری ؛ بدرو ؛ آب راہ ؛ نالہ ؛ سڑک یا گلی کے کنارے یا بیچوں بیچ نالی جس میں سڑک کا پانی بہ کر نکل جائے ؛ عمارت کے کناروں یا چھت پر سے بارش کا پانی بہنے کے لیے پرنالہ ؛ کوئی سی نالی ، جھری ، موری یا نکاس وغیرہ جس میں سے پانی بہے ؛ بہتے پانی سے بنی ہوئی جھری یا نالی۔ (باؤلنگ) باؤلنگ کے راستے کے دونوں جانب جھری۔ (طباعت) کتاب یا رسالے کے آمنے سامنے والے صفحات کا درمیانی خالی حصہ۔ (مجازاً) انتہائی غربت میں زندگی گزارنے کی حالت ؛ سب سے نچلے طبقے کے لوگوں کی رہائشی بستی ؛ کچّی آبادی۔ (فعل متعدی) نالی یا جھری بنانا ؛ پانی کا رستہ بنانا۔ (باؤلنگ) گیند کو جھری میں لڑھکانا۔ (فعل لازم) نالی کا بننا (جیسے پانی بناتا ہے) ؛ نہروں میں بہنا ؛ دھارے میں بہنا ؛ ایک ہی رو میں بہنا پگھل کر (جیسے پگھلی موم بتّی کا)۔

guttersnipe, n. کچّی آبادی کا باشندہ ؛ کوئی شخص،خصوصاً بچّہ ، پست ترین معاشی یا معاشرتی طبقے کا ، عموماً کسی شہری کچّی آبادی کا باسی ؛ لاوارث لڑکا ؛ آوارہ لڑکا۔

guttural, a. حلقی ؛ حلق سے نکلنے والا ؛ حرف حلقی۔ (اسم) حلق سے نکلنے والی آواز ؛ حُروف کو حلق سے ادا کرنے کا اصول۔

gutturally, adv. حلقی تلفّظ کے مطابق۔

gutturalness, gutturalism, gutturality, n. حلقومیت ؛ حلقی بنانے کا رجحان ؛ حلقومیت داری ؛ حروف کو حلقی بنانے کا اصول ؛ تلفّظ کی حلق سے ادائیگی ؛ حلقومی ادائیگی۔

gutturalize, v.t., v.i. حلقومی بنانا ؛ حلقی بنانا ؛ حلق سے ادا کرنا۔

gutturalization, n. حلقومی یا حلقی بنانے کا عمل ؛ لفظ کو حلق سے ادا کرنے کا طریقہ۔

gutty, a. دِلاور ؛ دلیر ؛ شُجاع ؛ جری ؛ حوصلہ مند ؛ بہادر ؛ انتہائی طاقتور ؛ باہمت ؛ اُولوالعزم ؛ قُوّت آزما ؛ ناگُزیر ؛ جَلی جیسے بیّن تفصیلات۔

guv, n. (برطانوی ، عوامی) باپ یا اپنے سے برتر کے لیے مستعمل اصطلاح ؛ لفظ گورنر کا اختصاریہ۔

guy, n. زنجیر ؛ طناب (خیمہ) ؛ رسّی یا زنجیر جو اُوپر اٹھنے یا نیچے آنے والی کسی چیز کو ٹھیک رُخ پر رکھنے اور مضبوط کرنے یا اپنی جگہ بدلنے والی کسی شے کو قائم و مضبوط کرنے کے لیے استعمال کی جائے ؛ آلہ جرّثقیل کی زنجیر۔ (فعل متعدی) اس زنجیر یا خیمے کی طناب سے مضبوط کرنا۔

guy, n. (بول چال) کوئی آدمی یا لڑکا ؛ کوئی شخص۔ (عموماً بڑے G سے) (برطانوی) گائی فوکس کا بے تُکا پُتلا یا گُڈا جو ماضی میں پانچ نومبر کو گائی فوکس یوم پر جلایا جاتا تھا۔ (برطانوی ، عوامی) مُضحک شکل کا کوئی شخص۔ (فعل متعدی) (بول چال) کسی پر آوازے کسنا یا مذاق اڑانا ؛ بنانا ؛ تمسخُر اڑانا۔

guzzle, v.i., v.t. حریصوں کی طرح بہت زیادہ پینا ؛ چڑھا جانا۔

guzzler, n. بہت پینے والا ؛ بَلا نوش۔

gym, n. (بول چال) جمنازیم یا جمناسٹک کا اختصاریہ۔

gymkhana, n. (برطانوی) جِم خانہ ؛ کوئی عمارت یا جگہ جہاں ورزشی کھیلیں اور ان کے مقابلے منعقد ہوتے ہوں ؛ جمناسٹک کا تربیتی ادارہ۔

gymnasiast, n. کسرتی ؛ جمناسٹک کا ماہر ؛ ورزش کا ماہر۔

gymnasium, n. جمنازیم ؛ ایسی جگہ یا عمارت جس میں ورزشی مقابلوں کا انعقاد کیا جائے ؛ جمناسٹک کی تربیت کے لیے اسکول۔

gymnasium, n. جمنازیم ؛ براعظم یورپ میں ثانوی اسکول جس میں یونیورسٹی میں داخلہ کے لیے تیّاری کرائی جاتی ہے۔

gymnast, n. کسرتی ؛ جمناسٹک کا ماہر ؛ جمناسٹک مہارتوں کی تعلیم دینے والا۔

gymnastic, gymnastical, a. ورزش کا ؛ جمناسٹک کے بارے میں ؛ ذہنی ورزش یا مشق کا یا اس کے بارے میں۔

gymnastically, adv. جمناسٹک مشق کے طور پر ؛ کسرت کے طور پر ؛ کھیلوں کے انداز سے۔

gymnastics, n., جمناسٹک ؛ کسرت ؛ ورزش ؛ کسرتی مشقیں خصوصاً ایسی جو جمنازیم کے سازوسامان پر کی جائیں۔ (ساخت میں واحد) بعض اتھلیٹک مشقیں کرنے کا فن۔

gymnosperm, n. (نباتیات) عریاں تُخم ؛ برہنہ تخم ؛ ایسا پودا جس کے بیج بیضہ دان میں نہ ہوں ، جیسے صنوبری درختوں میں (چلغوزہ وغیرہ)۔

gymnospore, n. (نباتیات) عریاں بذرہ ؛ برہنہ بذرہ ؛ بذرہ جس پر حفاظتی غلاف نہ ہو۔

gynaeceum, n. حرم ؛ زنانخانہ ؛ قدیم یُونانیوں میں رہائشی عمارات کا وہ حصّہ جو خواتین کے لیے مخصوص ہوتا تھا۔

gynandromorph, n. (حیاتیات) ہیجڑا ؛ مخنّث ؛ خُسرا ؛ نرمادہ شکلہ ؛ خواجہ سرا ؛ ایسا شخص جس کے طبعی خدوخال دونوں صنفوں کے عکّاس ہوں۔

gynandrous, a. (نباتیات) زربقچی ؛ مادنری ؛ نرمادہ ہیئت ؛ مزدوج ؛ وہ پھول جن کے حامل زر اور گردن بُقچے جُڑے ہوئے ہیں۔

gynandry, n. مادنری ؛ کسی پودے یا جانور کی وہ خاصیّت جس میں نر اور مادہ دونوں تناسلی اعضا موجود ہوں۔

gynecocracy, gynarchy, n. زنان شاہی ؛ حکومتِ نسواں ؛ عورتوں کا سیاسی یا انتظامی راج ؛ عورت راج ؛ تریا راج۔

gynecoid, a. زنانہ ؛ عورت نُما ؛ نسوانی۔

gynecologist, gynaecologist, n. (طِب) گائنی کولوجسٹ ؛ ماہرِ امراض نسواں۔

gynecology, gynaecology, n. (طِب) عِلمِ امراض نسواں ؛ طِب کی وہ شاخ جو نسوانی امراض ، خصوصاً افزائشِ نسل کے بارے میں امراض سے متعلّق ہے۔

gynoecium, a. (نباتیات) مادہ کوٹ ؛ بُقچۂ گُل۔

gyp, n. (عوامی) دھوکا بازی ؛ دھوکا باز ؛ لٹیرا۔ (برطانوی) برطانیہ میں کالج کا خدمت گار۔ (فعل متعدی) دھوکا دینا ؛ لُوٹنا۔